مخزن مفردات و مرکبات

معروف بہ

خواص الادویہ

(جلد اول معہ ضمیمہ جدید)

جسکو منشی غلام نبی صاحب محکمہ سفری ڈاکخانہ لاہور
مصنف کتاب میزان الاکبر۔ خوان نعمت انگلستان جدید اور ٹیلی گرافی
دنیا کی عجائبات۔ جوہر قسمت یعنی ہفت احباب۔ لاگبازی کی نایاب کتابیں
پہلی دوسری تیسری۔ تاش بیتیسی ناٹک وجبرہ وغیرہ نے تیار کیا۔

اور نراین داس جنگلی مل تاجر کتب دہلی نے

بار چہارم باضافہ و ترمیم ضروری نہایت صحت کے ساتھ

سنہ ۱۹۰۵ء

مطبع افتخار دہلی میں منشی محمد ابراہیم کے اہتمام سے چھپائی

حسب ضابطہ رجسٹری ہوئی

قیمت [illegible]

[illegible] اُردو قیمت [illegible]

[illegible]

تریاق استسقا اُردو ۶ر

اسمیں ... استسقا ... بیان کرکے بہت مجرب اور بہت نسخے طلا معجون خمیرے وغیرہ لکھے ہیں جن کو حکما اپنے سینوں میں پوشیدہ رکھتے تھے۔ اسکا ہر نسخہ خاصیت اکسیر رکھتا ہے۔ خوبی ایک نظر دیکھنے سے معلوم ہوگی ؀

تریاق اکبر مع تریاق فاروقی اُردو ۸ر

اسمیں ہر قسم کے زہریلے ... اور کل زہریلے جانوروں کے کاٹنے کے تریاق بیان کئے ہیں تمام سمیات کے کھانے اور کاٹنے سے جو ہزاروں جانیں تلف ہوتی ہیں ... اس کتاب سے محفوظ رہینگے ؀

کیمیا عشرت معروف بہ تریاق ۸ر

اسمیں ... ہزاروں نسخے درج ہیں ... [illegible]

[illegible] مظہری معروف بہ علاج المساکین اُردو

[illegible]

[illegible]

فرس نامہ منظوم اُردو با تصویر قیمت [illegible]

اس میں وہ نایاب اور نادر مجرب نسخے درج ہیں جو گھوڑوں کے معالجات میں خاصیت اکسیر رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں گھوڑوں کے تمام وصف کو خوب بیان کیا ہے تخمیناً سو گھوڑوں کی تصویریں مع بھوری گل وغیرہ کے نہایت عمدہ طور پر درج ہیں۔ آخر میں نقش و تعویذ مجرب تحریر کئے ہیں۔ یہ کتاب اپنی خوبیوں کے باعث امیر و غریب دونوں کے کام کی ہے ؀

مجربات الٰہیہ ۸ر

اسمیں تمام بیماریوں کا علاج جو اکثر ہوتی رہتی ہیں ... اور ہر مطلب خوبی یہ کہ ہر نسخہ مجرب۔ قابل دید کتاب ہے ؀

گلشن حکمت ۸ر

[illegible]

[illegible]

ان الحکم والحکمۃ للہ جمیعا

للہ الحمد کہ یہ مجربوں کا مجموعہ مختار آمد الطبا یونانی مصنفہ و مرتبہ صاحب تجارب معالجات ماہر حقایق
مفردات و مرکبات جناب منشی غلام نبی صاحب ملازم محکمہ سفری ڈاکخانہ لاہور اعنی

مخزن مفردات و مرکبات

معروف بہ

خواص الادویہ

حسب فرمایش نظرن داس جنگلی مل تاجر کتب دہلی بازار دریبہ کلاں اندرون کٹرہ مشرو
بصحت تمام وسعی مالک الکلام برائے افادہ خاص و عام بزبان اردو سلیس درمیان سنہ ۱۹۰۵

در مطبع افتخار دہلی زیور طبع پوشید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد کے لایق وہی حکیم برحق ہے کہ جسکی تشخیص محیط ہر دا ہے - اور تعریف کا مستحق وہی شافی مطلق ہے کہ جسکا نام گناہوں کے مہلک مرض کی دوا ہے - عجیب طبیب اجل ہے کہ جس کا نسخہ خود دوا ہے - اور نرالا ہے حکیم کامل کہ جسکی دوا محض شفا ہے - واہ واہ صنعت کاملہ کا پھولوں کے لکلوں کو طیبہ رائحہ سے تیار کیا - اور حبوب فواکہ کو جابجا قرینہ سے دھرا - سبحان اللہ کیا مطب محیط عالم ہے کہ جس میں ہر مرض کی دوا اتم ہے - کہیں قمر کی قرص کافوری - کہیں جلال کا شربت بزوری - کہیں تربوزوں کا میٹھا دھرا ہے - کہیں سنگتروں میں عرق بہار بھرا ہے - اور نعت کا سزاوار وہ رسول مقبول ہے کہ جسنے مریضان مرض گمراہی کو اُس طبیب حاذق کی خبر دی - اور گناہوں کے بدپرہیزوں کو غذائے فقہ بتائی گر وہ پناہ اُمت ہم پر کرم نہ فرماتا تو پھر کوئی مرض ضلالت سے نجات نہ پاتا ؂

امابعد بندہ احقر العباد غلام نبی ملازم محکمہ سفری ڈاک خانہ لاہور بخدمت جملہ ناظرین کتاب ہذا عرض پرداز ہے کہ اگرچہ آجکل بہت سے رسالے مفردات کے خواص میں چھپکر شایع ہوئے ہیں مگر سب ایک ہی طرز کے کہ جن میں سوائے چند ادویہ یونانی کے ہندی اور انگریزی دواؤں کا بالکل ذکر نہیں - یا اگر کسی میں ہے تو بالکل ناکمل کہ اُنکا عدم وجود علی السویہ ہے - لہٰذا اس خاکسار نے حسب ایماء دوست صمیم جناب منشی امام الدین صاحب ملازم محکمہ سفری ڈاک خانہ لاہور کے اس کتاب جامع خواص مفردات و مرکبات کو تالیف کیا - اور ہندی دواؤں کے اندراج سے مکمل بنایا - اسمیں علاوہ خواص مفردات کے مرکبات کا خواص و قدر خوراک مع ترکیب ساخت درج ہے - اور چند اعمال عجیبہ کہ جنکو اسرار صدری کہنا زیبا ہے مزید برآں ہیں یہ اسرار صدری اپنے سریع التاثیر ہونے میں ید بیضا ہیں اور لطف یہ کہ سہل الحصول بھی پرلے درجہ کے - علاوہ ازیں یونانی اور ہندی وزنوں کی کیفیت بھی واضح طور پر مرقوم ہے اور اخیر میں سب قسم کی مشترکہ اور ہم جنس ادویہ کے اسامی علیحدہ علیحدہ کر دیے ہیں ؂

الغرض یہ کتاب اپنے طور پر بالکل نئے ڈھنگ کی ہے کہ جسکے آگے پھر کسی مخزن یا قرابادین کی ضرورت نہیں رہتی - اُمید کہ شایقین اسکے مطالعہ سے فائدہ اُٹھائیں گے اور بندہ کو دعائے خیر سے یاد فرمائینگے ؂

بر رسولاں بلاغ باشد و بس

علم طب کی اصطلاحوں کی تشریح و اصول۔ انہیں اُصولوں پر نسخہ کا نام ہوتا ہے

نام عربی	اُردو معنی	تفصیل وکیفیت	مدعا یہ کہ یہ عمل کیوں کیا جاتا ہے؟
آبزن	پانی میں بیٹھنا	نیم گرم پانی میں مریض کو بٹھانا خواہ اُس پانی میں دوائیں جوش دی ہوئی ہوں یا نہ ہوں	پٹھوں کو نرم کرنے کے واسطے یا مسامات پر اثر پہنچانے کو
اکتحال	سرمہ لگانا	سرمہ یا کوئی اور دوا باریک پیس کر سلائی سے آنکھ میں لگانا۔	آنکھ یا آنکھ کے متعلق مرض کے واسطے۔ بعض اوقات بالکل غیر تعلق عضو یا جزو کا علاج بھی کرتے ہیں جیسے سرمہ لگانا اور بخار کا اُتر جانا۔ یا سوزاک وغیرہ دفع ہونا +
انکباب	بھپارہ	چادر اوڑھ کر دواؤں کے نیم گرم جوشاندہ کا بخار بدن کو یا کسی عضو کو پہنچانا۔ تاکہ مسام کی راہ دوا تاثیر کرے +	اکثر امراض سرد زکام یا ریاح بدن وغیرہ میں۔
بخور	دھونی	دوا آگ پر رکھ کر دماغ۔ ناک یا کسی عضو کو دھواں دینا	اکثر دماغ کے مرض میں یا جلدی بیماریوں وبواسیر میں کارآمد ہے
برود	پوٹلی	چند دوائیوں کے کپڑے کپڑے میں باندھ کر بذریعہ پانی یا عرق تر کرکے آنکھ پر پھیرنا	دُکھتی آنکھ میں سرخی دور کرنے کو۔
پاشویہ	پاؤں دھونا	دواؤں کے نیم گرم جوشاندہ سے مریض کے پاؤں پر پنڈلیوں کی طرف سے پاؤں کی طرف کو ہاتھوں سے ملنا اور بعد عمل پنڈلیوں کے کسی کپڑے سے ڈھکنا ہوا سے بچانے کے لئے +	تاکہ انجرات سر سے پاؤں کی طرف اُتر آئیں۔ سخت اور دیرپا بخار میں مستعمل ہے +
تدھین		کسی عضو پر تیل لگا کر ملنا۔ خواہ تیل سرد یا نیم گرم ہو +	عضو یا پٹھوں کو نرم کرنے اور ورم اُتارنے کو +

نام عربی	اردو معنی	تفصیل وکیفیت	مدعا یہ کہ کیوں عمل کیا جاتا ہے
تمریخ	مالش	کسی نرم شے کی بدن پر مالش کرنا	ذکثر امراض جلدی میں اعصاب اور مسامات پر اسکی تاثیر جلد ہوتی ہے
تعلیق	لٹکانا	گلے یا کسی عضو پر دوا لٹکانا جیسے علاج فیل وحجر شیب دل پر خفقان میں عود صلیب گلے میں صرع کے لئے ۔ وغیرہ وغیرہ	یہ عمل بعض دواؤں سے تعلق رکھتا ہے +
حقنہ	عمل کرنا	ادویہ مسہلہ کو پانی میں پکا کر پچکاری کے ذریعہ پاخانہ کی راہ امعا میں پہنچانا	تا کہ سدہ کھولے ۔ پاخانہ آوے ۔ قولنج وغیرہ میں یہ عمل کیا جاتا ہے
حمول	اٹھانا	فرج یا دبر میں دواؤں کا رکھنا خواہ گولی بنا کر خواہ کپڑے میں لپیٹ کر	سیلان رحم دور کرنے کو ضیق فرج کے واسطے مثانہ صاف کرنے کو
ذرور	چھڑکنا	خشک پسی ہوئی دوا کسی زخم یا دنبل یا بثور یا عضو پر چھڑکنا	تر زخم کے خشک کرنے کو ۔ اکثر پاؤں ۔ زبان ۔ حلق کے زخموں اور دانوں کے اوپر چھڑکتے ہیں +
سعوط	ناک میں ٹپکانا	تر دوا ناک میں ٹپکانا	درد سر رفع کرنے کو ۔ رعاف بند کرنے کو ۔
سکوب	دھار باندھنا	کسی نرم اعضا پر دوا کا جوشاندہ اونچے سے ٹھیر ٹھیر کر ڈالنا	تا کہ عضو مشوش شدہ اصلی حالت میں آجاوے
سنون	منجن	کوئی دوا پیس کر دانتوں پر ملنا	دانتوں کو صاف کرنے اور مسوڑھوں کے مضبوط کرنے کو
شافہ	بتی یا بیضوی شکل کی	دواؤں کی سلائی بنا کر آنکھ میں لگانا یا بتی یا گولی بیضوی شکل کی بنا کر فرج یا دبر میں رکھنا +	آنکھ ۔ فرج اور دبر کے صاف کرنے کو
شموم	سونگھنا	کوئی چیز تر یا خشک سونگھنا	اصلاح دماغ و اعصاب کے واسطے
ضماد	لیپ	تر قدرے گاڑھی دوا بدن یا عضو پر لگانا	کسی خاص عضو پر کوئی خاص تاثیر دینے کو +

نام عربی	اُردو معنی	تفصیل وکیفیت	مدعا یہ کہ یہ عمل کیوں کیاجاتا ہے
طلا	پتلی دوا یا تیل	رقیق دوا یا تیل مرکب لگانا	کسی خاص عضو پر کوئی خاص تاثیر دینے کو
عطوس	چھینکنا	تیز دوا ناک میں ٹپکانا	نزلہ زکام و امراض دماغی کے رفع کرنے کو
غرغرہ	کلی کرنا	دوا کا جوشاندہ موٗنھ میں چند لحہ رکھکر گرا دینا	واسطے تنقیۂ دماغ۔ دفع خناق ورم گلو و درد دنداں و موٗنھ کے
فتیلہ	بتی	کپڑے کی بتی بناکر دوا میں لت کرکے ناصور یا زخم یا کسی اور جگہ رکھنا	جہاں سوراخ تنگ ہو اور اُنگلی وغیرہ نہ جاسکے اُس جگہ دوا اس ذریعہ سے پہنچاتے ہیں ÷
فرزجہ	لتہ	دوا میں کپڑا تر کرکے فرج میں رکھنا	سیلان رحم کے دفع کرنے کو اور فرج کے صاف کرنے کو
قطور	ٹپکانا	دوا کا عرق کان یا ناک میں یا ایسے ہی کسی اور سوراخ میں ڈالنا	تنگ اور دراز سوراخوں میں رقیق دوا پہنچانے کا یہی ذریعہ ہے
کاجل	کاجل	چند دواؤں کی بتی بناکر کاجل اُتارنا	امراض چشم میں زیادہ تر مستعمل ہے ÷
کحل	سُرمہ	دیکھو تشریح اکتحال کی	
کماد	سینک	کسی اینٹ یا پتھر کو گرم کرکے ٹکور کرنا یا گرم پانی بوتل میں بھرکر ٹکور کرنا	ورم تحلیل کرنے کو چوٹ کی گرہ کھولنے کو مضرب سے جمے ہوئے خون کے گردش دینے کو
لخلخہ		دوا سے تر یا خشک شیشی وغیرہ کسی برتن میں ڈالکر سونگھنا۔ شموم عام ہے اور لخلخہ خاص ۔	دیکھو شموم کو ۔

نام عربی	اردو معنی	تفصیل وکیفیت	مدعا یہ کہ یہ عمل کیوں کیا جاتا ہے
مغلی	جوشانده	دواؤں کو ملا کر پانی میں جوش دینا	دواؤں کی تاثیر پانی میں سب آجاوے اور بسبب گرم کرنے دوادوں کی تاثیر پانی میں سب آجاوے اور بسبب گرم کرنے کے لطیف ہوجاوے اور جلد معدہ سے گذر جاوے +
مضمضہ	چبانا	کسی دوا کو دیر تک دانت کے تلے دبا رکھنا یا آہستہ آہستہ چبانا خواہ لعاب نکلا جاوے یا نہیں +	دانت کے مرض میں اکثر اور چھالے کے مرض میں کار آمد ہے بسبب آہستہ چبانے کے تاثیر دیر تک رہتی ہے +
نشوق	سڑھکنا	تر دوا بذریعہ نلکی کے ناک میں چڑھانا	بذریعہ نلکی اور دم کشی کے عرق ناک میں خوب پہنچتا ہے +
نطول	ترڑا دینا	ترا در نیم گرم عرق دوا کا اونچے سے کسی عضو پر متواتر ڈالنا	دیکھو عمل سکوب کو
نفوخ	پھونکنا	خشک پسی ہوئی دوا بذریعہ نلکی ناک یا کسی اور زخم و سوراخ میں پھونکنا	جہاں پسی ہوئی دوا صرف ڈالنے سے نہ جاسکے وہاں پھکنی سے پہنچاتے ہیں۔ جیسے حالت غشی اور سکتہ میں دوا دماغ میں پہنچاتے ہیں
نقوع	خیسانده	دوا بھگو کر ملکر صاف کرکے پینا	اسکو تبرید میں استعمال کرتے ہیں +
وجور	حلق میں ڈالنا	کسی تر دوا کا حلق میں ڈالنا	خناق اور ورام لہات کے واسطے +

دواؤں کے اصطلاحی ناموں کی جدول مع اُنکی تشریح و اسامی و خواص کے درج ذیل ہے

نام	لفظی معنی	مطلب	نام ادویہ
اکال	عضو کو کھاجانیوالی فناکرنیوالی	بوجہ اپنی تیزی اور قوت تحلیل کے عضو و یا جو ہر عضو کو ۔	زنگار ۔ انزروت ۔ نمک ۔ اشنان ۔ سیندور ۔ سیپی جلی ہوئی ۔ کوڑی جلی ہوئی ۔ ستوتیا ۔ بُرادہ تانبا ۔ مُردار سنگ ۔ نورہ ۔ گرم خشک ہیں ۔ نمک ۔ تیزاب ہر قسم ۔
جاذب	کھینچنے والی	اپنی لطافت اور گرمی سے کسی خلط یا سموم کو اپنی طرف یا ظاہر جلد کی طرف جذب کرلیتی ہے ۔	اود بلاؤ کے خصیے ۔ تافیسا ۔ کوڑی یا گھنگچی کا گوشت ۔
جالی	پاک کرنیوالی	بوجہ اپنی تیزی کے لیسدار رطوبت کو چھیلکر الگ کردیتی ہے ۔	لائی ۔ شہد ۔ شورہ ۔ نمک ۔ ہڑتال ۔ زرفت ۔ طباں کے بیج ۔ بنفشہ کی جڑ ۔ ادہیرا ۔ نوشادر پھٹکری ۔ مصری ۔ سرکہ ۔ لیموں کا عرق ۔
جامد	جما دینے والی	رقیق خلط کو گاڑھا کردے بوجہ لیسدار ہونے یا خشک ہونے کے	(گرم) موم ۔ گیرو ۔ خراسانی اجواین ۔ (سرد) کہربا ۔ کتیرا ۔ نشاستہ ۔ ملتانی مٹی ۔ گوند ببول ۔ گوند ۔ لہسوڑہ ۔ شیر برگد ۔
حالق حلاق	بال مونڈنیوالی	اپنی تیزی اور جلن سے بالوں کو اُکھاڑتی ہے	نورہ ۔ ہڑتال ۔ چونہ ۔ راکھ ۔ اپنی [illegible] ۔ جدگرم
حکاک محکک	کھجلی پیداکرنیوالی	بوجہ اپنی تیزی اور گرمی کے مساموں میں گھس کر کھجلی پیدا کرتی ہے ۔	(گرم) انگن ۔ کیکچ ۔ چھپیا گھاس ۔ کونچ ۔ (سرد) بھنکدہ ۔ بھنڈی اور شیری کی پتی

عربی	اردو ترجمہ	خواص	نام ادویہ
خاتم	بھرا کرنیوالی	زخم پر کھرنڈ لاتی ہے	لائی چونہ دھویا ہوا۔ توتیا۔ ایلوہ۔ سیپی جلی ہوئی۔ پھٹکریہ۔ گھیکوار سبز
دابق	چپکنے والی	بسبب لیس کے بدن میں چپکتی ہے +	شہد۔ سریش۔ لاکھ۔ شیرہ گوند ببول کا۔
دافع خمار	نشہ کو دور کرنیوالی	بوجہ روکنے تبخیر کے نشہ کو منع کرتی ہے۔ اور آمارتی ہے +	عرق لیمو۔ املی۔ آلو بخارا۔ انار کھٹا۔ عرق گلاب۔ شربت قند۔ ہر قسم کی کھٹائی۔ گلاب کا پھول سونگھنا۔ ادویہ معطسہ یعنی چھینک لانیوالی +
رادع	لوٹا دینے والی	بوجہ قوت قابضہ کے مواد یا غلط ردی کو عضو ماؤف پر گرنے سے روکتی ہے +	کو۔ اسپغول۔ گلنار۔ سپاری۔ دھنیا۔ خطمی۔ السی۔ ملتانی گیرو۔ املتاس۔ سفیدی بیضہ۔ گوگل۔ ریٹھہ۔ کوکنی۔ کالی زیری۔ بجلا کا لیپ۔ بھلانوہ کا لیپ +
عاصر	نچوڑنے والی	بوجہ قوت قابضہ اور کیلے پن کے معدہ میں مٹھکر عضو کو اینٹھتی ہے جسکی وجہ سے عضو سمٹتا ہے	املی کے بیج۔ ہڑ۔ آنولہ۔ انار کے چھلکے اور چھال۔ جامن کی گٹھلی۔ ببول کی پھلی +
غسال	دھونے والی	اپنی قوت سے اخلاط کو سطح عضو سے دھو دیتی ہے۔	نیم گرم پانی۔ آش جو۔ ماء العسل +
قاتل	مار ڈالنے والی	اپنی سمی خاصیت سے اور قوت ضدیت سے ہر سہ ارواح کو فنا کر دیتی ہے +	سنکھیا۔ افیون۔ افربیون۔ تیلیا۔ سینگیا۔ ہیرا۔ پارہ۔ شیر کی موچھ کا بال۔ ہڑتال۔ دھتورہ۔ بجلا۔ حسن یوسف۔ مردار سنگ

عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
قاتل دیدان و دود	پیٹ کے کیڑے مارڈالنے والی		بابڑنگ کابلی - کمیلہ - کلونجی - پودینہ - زوفاے خشک - شفتالو - ترمس - عنبر بید مشک بلاس پاپڑہ - کوکر بھنگرہ - سرسوں - کرویا - درمنہ ترکی - برگ شفتالو +	
قابضات	روکنے والی	بسبب خشکی یا بوجھل یا کسیلا ہونے کے طبیعت بند کرتی ہے +	ترنج - زرشک - بنسلوچن - گلنار - سماق بارتنگ - اذخر - جامن کی گٹھلی - چاول مائیں - مازو - بلوط - پستہ کا چھلکا - زرشک باقلا - بیر کا مغز - ہیرادوکھی یعنی دم الاخوین حب الآس - طباشیر +	مسور - مصطگی - چنا - حب الآس ترمس - سنگدان مرغ کا +
قاشر	چھلکا اُتارنیوالی	بوجہ شدت جلاکے عضو کو صاف کرے	جو بریاں - خشخاش +	زراوند کالے تل +
کاوی	داغ دینا	بوجہ اپنی تیزی اور سوزش کے عضو میں گھس کر جلادے اور داغ دے		سفیدا - قلطنار - ادرک - لہسن - تیزاب - رائی - بالون +
کاسر الرّیاح	ریاح دور کرنیوالی	اپنی گرمی کے باعث ریاح کو توڑکر دور کرے		تتلی کے بیج - ادرک - سونٹھ - کالا نمک - سونف پودینہ - اجوائن - بکو - زیرہ - چوکا - ہڑ کا مربا
لاذع	خراش پیدا کرنیوالی	اپنی تیزی اور عضو کے اندر دھس جانے سے عضو کو کاٹے اور خراش پیدا کرے	سرکہ - لیموں - نمک شور	رائی - جامن کا تیزاب - انگور - سکنجبین سنقے

عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
لزج	چپکنے والی	بسبب اپنی لیس اور خشکی کے عضو سے چپک جاوے	چاول۔ بعض قسم کی مچھلی۔ خبازی۔ موگرا	مسور
مانع رؤیٔ الاحلام	خواب پریشان منع کرے	چونکہ دماغ کو فضلے سے پاک کرتا ہے اور ابخرات کو اثر کرنے سے روکتا ہے +	پھٹکری سرہانے رکھنا۔ بورکا پتھر	حفر قرن۔ سونا۔ روغن زیتون کی لکڑی گلے میں لٹکانا +
مانع نزف نفث الدم	خون کا جانا عضو سے اور منہ و دستوں کو بند کرنیوالی	بجاہئی خشکی یا لعابیت کے رگوں میں سدہ پیدا کرکے یا اندرونی زخموں پر کھرنڈ باندھ کر خون کا جانا موقوف کرے +	ہیرادوکھی۔ دھنیا خشک۔ رشک۔ بہت کافور۔ بیخ انجبار۔ گیرو۔ جفت بلوط۔ [illegible]۔ بارتنگ۔ کہربا۔ نشاستہ۔ گلنار۔ مازو۔ کندر۔ ریشہ برگد۔ چھوٹی مائیں۔ گل ارمنی۔ تخم میتھا۔ جوز السرو۔ جھاؤ کا پھل +	مصطگی۔ زیرہ۔ پودینہ۔ تج۔ زیرہ خراسانی۔ جنگلی تلسی۔ ریوند چینی۔ مصطگی۔ مسور۔
مبرد	سرد کرنیوالی	چونکہ خود سرد ہے اعضا کو بھی سرد کر دیتی ہے	کافور۔ کاہو۔ صندل۔ آڑھل کا پھول۔ نیلوفر۔ خوشبودار مٹی۔ کاسنی +	
مبہی	مادہ پیدا کرنیوالی	بسبب اعتدال گرمی اور رطوبت فضلیہ کے اعصاب کو طاقت دیکر اور اعضائے تناسل میں ریاح پیدا کرکے مادہ منی کا اور خواہش جماع کی پیدا کرتی ہے +	کیترا۔ باقلا۔ کوکھرو۔ خشخاش۔ موتی۔ سونٹھ۔ چڑیا۔ چڑیا کا مغز و انڈہ۔ انگور۔ تخم گاجر۔ جائفل۔ مغز بادام۔ اخروٹ۔ چلغوزہ۔ چند سر یعنی۔ بالوں۔ خولنجان۔ بربری۔ بیخ	کھجور۔ چھوارہ۔ تیتر۔ بٹیر۔ مرغ۔ بیضۂ نیمبرشت۔ کالے تل۔ جاوتری۔ شلجم۔ گوشت۔ دارچینی۔ پنیرمایہ۔ شتراعرابی۔ بینگ۔ پستہ۔ خصیۃ الثعلب۔ کٹ۔ چنا۔ لوبیا۔ سقنقور۔ ستاور۔ بہمن سرخ

عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
	؍؍		بہمن سفید - موصلی سیاہ و سفید - تودری سرخ تودری سفید +	کھوپرا - پیاز کے بیج - مولی کے بیج - سنبل کا مصلا
مجفف	خشک کرنیوالی	اپنی خشکی سے اعضائی رطوبت کو بھی خشک کریں	سنگجراحت - سپاری جلی ہوئی - کتھ - گیرو	سیپی جلی ہوئی - چھوارے کی گٹھلی جلی ہوئی مردارسنگ - ایلوا - چونہ دھویا ہوا - توتیا پھٹکری - گھوڑے اور گدھے کے سم جلے ہوئے
محرق	جلادینے والی	بوجہ قوت نفوذ وسخت گرمی کے رطوبت اعضا کو جلا دیتی ہے		فرفیون - ہڑتال - تیزاب چاندی - زنگار نیلا تھوتھا - چونہ - نورہ - آگ مدار کا دودھ
محلمات ردیہ	بدخوابی کرنا	بسبب بخرہ زیادہ اُٹھنے کے خواب پریشان دکھلائی دیں	آلو - کرنبھی - باقلا - چیت سونا - سوداوی غلیظ غذا کھانا	شراب کچی پیاز - بیگن - گندنا - لوبیا -
محلل	حل کردینے والی	بوجہ اپنی حرارت کے فساد خلطوں کو اور مواد کو تحلیل کر دیتی ہے یا بخارات بناکر فنا کر دیتی ہے یا اپنے دباؤ سے مواد کو اوپر اُٹھنے نہیں دیتی بلکہ اندر کو دھکیلتی ہے +	باقلا - گل خیرو - سرکہ - السی - برزہ	زراوند دراز و گرد - دونا مروا - اور بلاؤ کے چھلکے ناخونہ چنبیلی کے پتے - نرگس لبنانی - ترمس یا ونہ خطمی - عنبر بید - پرسیاوشاں - تگر - کرنجوہ - گندھا بیج - پودینہ جنگلی - کریلہ - اشق - پیاز جنگلی - جاوشیر - انزروت - غافث - زرفت - صمغ بلطم - لادن - حاشا جرانکس - رائی - برنجاسف - ہلدی - دارچینی - گیگو آسویہ - کو - انجیر - چھڑیلہ - جھاؤ - منڈی - اتحوان

عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
محمّر	سرخ کرنیوالی اکثر رخسارہ پر لگاتے ہیں	بوجہ گرمی اور قوت جاذبہ کے خون کو ظاہر جلد کی طرف کھینچتی ہے اور عضو کو سرخ کردیتی ہے یا اپنے رنگ سے سرخ کرتی ہے	لالہ کا پھول - نارنگی کے چھلکے	رائی پودینہ - انجیر - جوانکس - دارچینی - نمک چھریلہ - بالچھڑ - زعفران - حسن یوسف - مجیٹھ
مخدّر	بے حس کرنیوالی	بوجہ اپنی سردی خشکی و قوت قابضہ کے مسام اور مجاری عضو کو کثیف کردے کہ روح نفوذ نہ کرسکے یا خود روح کو ایسا کثیف کرے کہ حرکت نہ کرسکے +	افیون - شاہترہ کی جڑ - دہتورہ - بشوکران کا بیج - پچھنا - پچھنی +	اسبغول - بچلہ - تماکو کی پتی اور بیج - کندر - لونگ اجواین خراسانی +
مخرجات جنین ومشیمہ	بچہ نکالنے والی	بوجہ اپنی قوت ملینہ اور مسہلہ کے اعضا اور اعصاب کو نرم کرکے بچہ نکالے یا قوت قابضہ کے اعصاب کو بقدر تنگ کرے کہ اخراج بالعسر ہو +	السی کا شافہ - مازو پیس کے پینا - مہندی سبزہ بانس کے پتے پینا -	کنکول مرچ - زراوند - بیج - کالی مرچ - بوزیدان پرسیاوشاں - کٹکی - کالازیرہ - انکا شافہ لینا - کلونجی پیسکر پینا - املتاس جوش دیکر پینا - زعفران ایک تولہ ہاتھ میں لینا اور بقدر چار رتی پینا -
مخشن	کھردرا کرنیوالی	بوجہ اپنی خشکی و قوت قبض کے اعضا کو ناہموار کردے	آنولہ - جامن کی گٹھلی - املی کے بیج	رائی - اکلیل الملک - بھلاواں - آبنہ کی گٹھلی
مدرات بول	پیشاب لانیوالی	بوجہ لطافت اور گرمی کے غذائی مائیت یا فضلہ سیال کو دفع کرے یا بسبب سردی اور کسی پانی کے اجزے کم اٹھنے دے اسواسطے بول زیادہ آوے +	گوکھرو - کھیرا - ککڑی کے بیج - گل خیرو - کاسنی کا شیرہ - خرفہ کے بیج - چرچرہ کے بیج - لوکی کا پانی کھیرے کا پانی - تربوز کا پانی - کاسنی کے بیج	گاجر کے بیج - پرسیاوشاں - بالچھڑ - املتاس کا چھلکا سولف - کباب چینی - کٹ میٹھا - زعفران - بیج رندلی زوفائے خشک - تتلی - بنگر - اگر - ہوبیر - بلسان

عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
مدرات بول	ایضاً	ایضاً	آش جو۔ لیموں کا عرق۔ پٹ کوا۔ اسی	کنکول مرچ۔ اجمود۔ کلونجی۔ پودینہ۔ عود۔ اجواین دیسی۔ خبازی۔ انیسوں۔ مغز کرٹہ۔ بربجاسف۔ چنے کا زلال +
مدرات حیض	حیض جاری کرنیوالی	بوجہ لطافت وسبکی وگرمی کے خون بستہ کو گھلاوے اور غیر معتدل کو اعتدال پر لاوے یا خون زیادہ پیدا کرکے ازراہ قبل نکالے +		پرسیاوشاں۔ کباب چینی۔ تج۔ برنگ کابلی۔ کلونجی۔ کنکول مرچ۔ کٹ میٹھا۔ بہمند۔ جنگلی تلسی۔ پکھان بید۔ اگر۔ جاؤشیر۔ زعفران۔ بابونہ۔ زوفاے خشک۔ ہو بیر چنے کا زلال۔ تتلی۔ املتاس کے چھلکے۔ ناگرموتھ۔ آم۔ اجمود۔ چھڑیلہ۔ دونا مروا۔ جند بید ستر۔ اجواین دیسی۔ بھٹواس۔ فراسیون۔ بن عود صلیب۔ تل کا آب زلال۔ بنولہ۔ کپاس کے پتے اور پھول کا کاڑھا۔ بربجاسف۔ برنگ کابلی۔ منڈی۔ حبۃ الخضرا +
مدرات منی	منی کو جاری کرنے والی	بسبب اپنی تیزی اور گرمی کے منی کو رقیق کرکے جاری کرتی ہے +	بھٹ کٹائی کا کھانا۔ باقلا	اجمود۔ اکاس بیل۔ سونف۔ بھٹوانس۔ درمنہ ترکی۔ تماکو کا کھانا +

عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
مدرات لبن	دودھ جاری کرے	بوجہ اپنی رطوبت فضلیہ کے دودھ پیدا کرتی ہو اور بسبب گرم کے اسکو بہاتی ہے	گوند ببول سنگجراحت ۔ سرمہ کتیرا ۔ گوند ۔ آلو گلنار ۔ رال	ستاور ۔ موصلی سیاہ و سفید ۔ سفید تل ۔ زیرہ سفید
مدمل	زخم کو بھرنیوالی	بوجہ اپنی خشکی کے زخموں کی رطوبت کو خشک کرتی ہے اور گوشت بھرتی ہے ۔	ملتانی مٹی ۔ نارنگ کا شیرہ کتھ ۔ دم الاخوین نیم کا تیل ۔ السی خطمی ۔ کرم کلہ کے پتے بہیدانہ	ایلوا ۔ سفید کیرہ ۔ موم سفید ۔ مرزاوند ۔ گائے کا گھی دہلد ہوا ہوا بادل ۔ رنگ برت ۔ ایرسا ۔ زیرہ ۔
مرخی	اعضا کو سست کرنیوالی	اپنی قوت حرارت و رطوبت کی وجہ سے اعضا کو اور انکے مسام کو نرم کرتی ہے		سوار روغن گل ۔
مرطب	اعضا کو تر کرنے والا	بوجہ اپنی قوت رطوبت کے یا دہنیت کے اعضا کو تر کرے اور خشکی دور کرے	لوکی ۔ تربوز ۔ اسبغول ۔ دودھ گائے کا کتیرا کھیرا ترئی ۔ بھنڈی	خربوزہ ۔ گھی ۔ موصلی ۔ روغن بادام دنارجیل
مرقق	خلطوں کو پتلا کرنیوالی	بوجہ اپنی تیزی لطافت ۔ حرارت اور رطوبت کے اخلاط کو رقیق کرتی ہے +	سرکہ ۔ عرق لیموں	شہد ۔ شکر ۔ پودینہ کا عرق
مزلق	چکنے والی	عضو باطنی کی سطح کو ملین کرکے خلط چسپیدہ کو الگ کر دیتی ہے	آلو بخارا ۔ پرانی املی ۔ تخم ریحاں	ترنجبین ۔
مسدد	سدہ پیدا کرنے والی	بوجہ اپنی خشکی اور کثافت کے سدہ پیدا کرتی ہے یا مجاری میں پھنسکر اخراج کو روکتی ہے	خشخاش سفید ۔ جامن کی گری ۔ اسبغول املی کے بیج ۔ کیلہ کی پھلی ۔	اجوائن دیسی ۔ سو بخان تلخ +

عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
مسکر	جلد نشاط لانیوالی	بسبب اپنی سمیت یا سرور کے نشہ میں مدد کرتی ہے	بھنگ	کڑوا بادام ایک د۔ زعفران۔ جاوتری۔ چھڑ بیٹن دو دانہ شراب پی کر کھانا کان کا میل بقدر ایک خشخاش ایک بوتل شراب میں ڈالنا +
مسکن	درد کو تسکین دے	بوجہ اپنی سردی اور قوت قابضہ کے درد کو تسکین دیتی ہے اور اخلاط اور ارواح کو حرکت غیر طبعی سے باز رکھتی ہے	افیون۔ پوہنا۔ جھاؤ کی جڑ۔ مرغی کے انڈے کی سفیدی۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ گوند بول کا +	بیخ کی چربی
مسبت	بہت نیند لانے والی	چونکہ اعضائے نفسانی کو تجمیس کرتی ہے اور دماغ کو ابخرات سے بھاری کرتی ہے اسواسطے نیند آتی ہے +	کاہو۔ گل لالہ	زعفران۔ سوا۔ سیب۔ تلسی۔ پودینہ کوہی۔ بابونہ اصطرک +
مسمن بدن	موٹا کرنیوالی	بسبب رطوبت فضلیہ اور کثیر الغذا ہونے کے بدن کو موٹا کرتی ہے	چاول۔ دودھ خشخاش۔ مکھن۔ کیلہ	خوب کلاں۔ تل سفید۔ ستاور۔ آم۔ شراب
مسہر	نیند نہ لانیوالی	بسبب اپنی خشکی یا تیزی یا سوزش کے	سرکہ۔ کافور۔ سونگھنا +	چائے۔ رائی۔ کالی مرچ۔ مشک۔ نمک۔ لونگ سر پر لگانا۔ پودینہ۔ ایارج۔ فیقرا۔ چمگادڑ اور خارپشت کی بیٹ سر پر لگانا +

عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
مسہل	دست لانیوالی	بوجہ اپنی حرارت اور تیزی کے مواد فاسد کو رقیق کرکے نکالے +	ہر ایک دوا کا خلاصہ ذکر آگے آئیگا +	
مسہل ولادت	جلد بچہ پیدا کرنے والی	بوجہ شدید قبض ہونے کے یا گرمی کے بچہ کو باہر لاتی ہے +	گلنار۔ اندراین کا چھلکا۔ نیلوفر کی جڑ۔ عصارۂ بارتنگ۔ خشخاش سیاہ کا ترکیا ہوا کپڑا۔ مونگا دائیں ران میں باندھنا۔	گوگل۔ رتج۔ میتھی۔ دارچینی کھانا۔ زعفران ایکتولہ ہاتھ میں لینا۔ چمک پتھر بائیں ہاتھ میں دینا
مصدع	دردسر پیدا کرنے والی	بوجہ تبخیر کے۔	السی۔ ترنج۔ توت۔ پالک کا ساگ۔ گلنار گل خیرو۔ بلوط۔	اجواین خراسانی۔ لوبان۔ گندنا۔ لوا۔ لہسن۔ پیاز مسور میتھی۔ کھجور۔ خاکسی۔ بیگن۔ چکور کا گوشت۔ رام تلسی۔ جوزبوا۔ جرانکس۔ مولی۔ بارسنگار
مصلب	سخت کرنے والی	بوجہ اپنی خشکی اور قبض کے جوہر عضو یا مواد کو سخت کردیتی ہے۔		
مصلح	اصلاح کرنیوالی	بسبب افعال التضاد کے دوا کی اصلاح کرتی ہے +	کتیرا۔ باقی کل ادویہ کی مصلح اُنکے ساتھ فہرست خواص میں درج ہیں +	زعفران۔ شہد۔
مضر	نقصان پہنچانے والی	بوجہ اپنے برخلاف افعال کے نقصان کرتی ہے +	ہر ایک مضرات کا آگے مفصل طور پر مذکور ہوگا +	

نام عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
مطفی	بجھانیوالی	بسبب اپنی سردی اور رطوبت کے گرمی اور تیزی اور حرارت کو بجھاتی ہے	کافور - کاہو - مغز کدو - نیلوفر - کاسنی - دریائی ناریل - پالک کا بیج - کھیرے و کدو کا پانی سرد پانی - کاسنی - آلو بخارا -	گاؤزبان
معدلات	بدل دینے والی	بوجہ اپنے برخلاف افعال کے خلط کو حرکت غیر طبعی سے باز رکھتی ہے	ہرایک معدلات کا خلاصہ ذکر آئیگا	
معرق	پسینا لانیوالی	بوجہ اپنی حرارت کے بند رطوبت کو مسامات کی راہ سے نکالتی ہے	پانی پینا - کل مدہ اشیاء	خوب کلاں - گرم کپڑے پہن لینا - گرمی -
معطس	چھینک لانیوالی		کافور	مرچ - پیپل - تخم مہاور - تخم سرس - سرسوں - کینر کی جڑ و پھول اسپند سیاہ و سفید - موٹھ - گھونگچی - ہینگ - سونٹھ - تمباکو - نکچھکنی - کشمیری پتہ - منگوٹ کے پھول - تارا - ناگرموتھا
معطش	پیاس لگانیوالی	بوجہ اپنی گرمی خشکی یا تیزی کے پیاس لگاتی ہے	سرکہ ایکھ کا رس - سنگترہ - چاول - مچھلی تمام خشک اور تیز اشیاء	مرچ - نمک - میوہ - چنا - گوشت - ارہر - باجرہ - دھوپ تمام گرم اشیاء
معفن	سڑانیوالی	مزاج عضو یا روح کو فاسد کرکے سڑا دیتی ہے	کچا کتا - پھوٹ - کیلے کے کچے پھل - تازہ خوبانی چھالیہ سبز +	ہڑتال - شافیسا - گندھک کا تیزاب - سنکھیا - مہر کا گوشت لہسن خام - گوشت کوا و چیل +

نام عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
مسدّد	چپکنے والی	بوجہ لیس کے آنتوں اور رگوں کے مونہوں میں چپک کر سدہ پیدا کرتی ہے	کتیرا - گوند - سنگجراحت	دہویا ہوا چونہ
مغثی	غشی پیدا کرنے والی	بوجہ حرارت کے دل کو صدمہ پہنچا کر اور نفخ اور ریح پیدا کر کے غشی ظاہر کرتی ہے		انیسون - اکاس بیل - جاوتری - گاجر کے بیج - بہنہالو - جاوشیر - پیپلامول - زیرہ - مرچ سیاہ - سونٹھ - نرکچور - زراوند - بتنی - لوبان - حاما - اجمود - اجواین دیسی - ناگرموتھہ - صعتر +
مغلظ	گاڑھا کرنیوالی	بوجہ اپنے عمل یا خشکی کے منی یا اخلاط یا قوی کو سخت کرتی ہے +	کل بادی ترکاریاں - اسپغول کی بہوسی - بھنڈی - املی کے بیج - جامن کی گٹھلی - لیسوڑا - گوند - سنگھاڑہ - ببول کی پھلی - مرجان کشتہ - زنگ - تالمکہانہ - سلاجیت - کالا چنا - تخم نیلوفر	کل گوشت نیم بریاں - بہمن - تودری - موصلی - سینبہل - موصلا - سونٹھ - منڈی - ترگندڑی - چہوارا - کل سہاگ پات
مفتت	پھوڑنیوالی ٹکڑے کرنیوالی	گردہ یا مثانہ کے پتھر کو ریزہ ریزہ کرتی ہے +	گوکھرو - کالا چنا - کشتہ بلور - آلو	سوگندہ بان - تلسی - بچھو کی راکھ - حجر الیہود - سنگ سرماہی - خربوزہ کے بیج - پرسیاوشاں - کنکڑل - کڑوا بادام - سوئف - ناگرموتھہ - کلتھی
مفتح	کھولنے والی	اپنی حرارت لطیفہ سے آنتوں رگوں اور مساموں کو کھولتی ہے اور سدہ دور کرتی ہے	شاہترہ - باقلا مصری	جراکس - غاریقون - بادیان رومی - شاہ بیج - بنفشہ - کبابہ - اگر - اکاس بیل - سوف - ساترہ - جاوتری - اجمود - جاوشیر - کہاں - بیدانجیر - کرانی - دیسی اجواین - بابونہ - خاکسی - دارچینی - زعفران - سونٹھ - تخم کدو - بلی لوٹن - معلگنی - بگو گل - مرہ - ہڑ سیاہ - ہڑ بہینی - ہوفا - اسطوخودوس +

نام عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
منی	کچا رکھنے والی	حرارت کو اپنے فعل سے باز رکھکر ہضم کو ناقص اور خلط کو خام رکھتی ہے	اسپغول - تخم ریحاں	سوسن کی جڑ - دار فلفل - تیلنی - دونا مروا - زراوند گول
مفجرات اورام	ورم کو پھاڑ دینے والی	بوجہ اپنی حرارت کے	نیم کے پتے	جنگلی پیاز - سفیدہ - ہیرا کسیس - ہڑتال - کبوتر کی بیٹ - بالم - چونہ - صابون - کٹ - قلقطار - رتن جوت - تھوہڑ کا دودھ - بنگن - رائی - سہاگہ - فرفیون - مٹی کا تیل - سرسوں - صابون - سجی - ذراریح - یعنی تیل +
مفرح	فرحت دینے والی	بسبب خوشبو یا طراوٹ کے دل کو تقویت اور فرحت دیتی ہے	کافور - صندل سفید - امرود - ترنج - انار - آلو - سبز لیموں - مونگا - املی - طباشیر - موتی - نیلوفر - ورق نقرہ - سیب - بانگہ - زہرمہرہ - لاجورد - مغسول - یشب	زعفران - ابریشم - لونگ - مشک - جھنجھ - بالچھڑ - بادیان - بسفایج - گلاب - اگر - پودینہ - یاقوت - عنبر - ورق سونا - مغز پستہ - بہمن - انجیر - ترنبی - دار چینی - الائچی +
مقرح	زخم کرنیوالی	جمی ہوئی رطوبت کو ہٹاکر ہر عضو میں زخم پیدا کرتی ہے بسبب اپنی تیزی کے		ہڑتال - سفیدہ - لہسن - پیاز - بالم - کبوتر کی بیٹ - چونہ - کٹ - پودینہ - صابون - مٹی - فرفیون - راسن - رتن جوت - رودہاری - درختوں کا دودھ +
مقی	قے لانیوالی	بسبب تیز کیلے پن کے یا غیر موافق طبع اخلاط کو ابھارکر موہنہ کی راہ نکالتی ہے	انکا ذکر آگے آئیگا	

نام عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
مقوی	قوت دینے والی		اسکا ذکر بھی آگے آئیگا	
ملطف	لطیف کرنیوالی	گاڑھے خلطوں کو نرم کرکے دفع کرتی ہے	چوکہ - سرکہ	اسقیل - دونا مروا - جرائس - مرمکی - تخم انگلکن - بنفشہ کی جڑ - انجیر - بابونہ - پودینہ - تخم ملسان - اور بلاؤ کے چھلکے - شورہ - مرسل - عنبر بید - اسپند - رائی - دارچینی - زوفا خشک - نلی لیسن - پیاز - زراوند - ساتر - عقرقرحا - کرنہ - اجوائن دیسی - پودینہ جنگلی - بچ - شکاع الشیخ - کٹ - بلی لوٹن - ناگرموتھ - سونٹھ - مالم - کندل - قوہ - سوسن - حلوہ - سپاری - سنوں
ملینات اورام	ورم کو نرم کرنیوالی	بوجہ قوت محللہ اور اپنی گرمی کے مواد کو تحلیل کرتی ہے ✤	السی - مہندی - خطمی - اسپغول - سک یعنی ازلہ کا عصارہ - بکری کی نلی کا گودا ۔	بنفشہ کی جڑ - ماخوذ - بلغم کا گوند - علما - عنبر - سکر - بول - سوم - ناگرموتھ - ارنڈی کا تیل - مکی کی چربی - اگول - ستہ - کاتین - [illegible]
ملینات بطن	پیٹ نرم کرنے والی	بوجہ اپنی لطافت اور گرمی اور دہنیت کے نرم کرتی ہے	گنے کا رس - سرکہ - خرفہ کا ساگ - پالک کا ساگ - بکری و بھیڑ کا دودھ - املی - آلو بخارا - بہیدانہ	جرو بچی - گرنب - بنولے کا مغز - شہد - شفتالو - سونف - قرطم - گلاب - ترنجبین - سونف کی جڑ - گلقند - بنفشہ - ملٹھی - بادام - گھیکوار - مولی - چقندر - خیار شنبر ✤
ملذذات	لذت دینے والی	بسبب خوشبو و دہنیت یا تیزی کے رحم کو جماع کی لذت دیتی ہیں اسلئے وقت جماع لذت آتی ہے ✤	آدمی کے سر کے بال جلائے ہوئے - کافور	لونگ - دارچینی - کبابہ - عاقرقرحا - مشک - سونٹھ - شہد - جیرا - پارہ - زعفران - کبوتر کی بیٹ - کیمیں - سہاگہ - ہمن - گوگل - مرچ سیاہ - عطر ہر قسم - سلاجیت - صابون و لیموں کا مرکب

نام عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
ممسک	روکنے والی	بوجہ خشکی یا لطیف گرمی یا لسدہ کے منی کو انزال سے ہونے ۔	اسپغول - دھتورہ - گل خیرو - سونٹھ - کافور - ببول کے پھول - صمغ عربی - بھنگ	جوزبوا - بیر بہوٹی - گوگل - اجواین خراسانی - لونگ کالی مرچ - جاوتری - زعفران - چھلکے - دارچینی - سونٹھ - مشک عنبر - کلو کاسنت - گوماں کا پھل - کچلہ - اسپند - تخم ریحاں -
معظمات قضیب			کیچوے - جونک	زرنت رومی - عاقرقرحا - کینر کے چھلکے - بیر بہوٹی - عشق پیچہ - لونگ - جوزبوا - دارچینی - زعفران - چنبیلی کا تیل - روغن زیتون - کر مش کے جوشاندہ سے بار بار ملکر دھونا - بھیڑیے کی چربی -
مضیقات قبل	عورت کی فرج کو تنگ کرے	بسبب خشکی کے تنگ کریں	بکاین کی چھال - ارکی چھال - مولسری کی چھال - ماجو پھل - کافور - گوکھرو - املی کے چھال - ببول کے کل اجزا	شہد - کاٹے تل - بیر بہوٹی - موابادل
منفخات	اپھارا پیدا کرنا	بسبب اپنی رطوبت فضلیہ کے تحلیل ہونے سے باز رہتی ہے اور ریح بنکر پیٹ پھلاتی ہے	باقلا - لوبیا - گوبھی - جامن کی گری - کرم کلہ - پٹالو - بھنڈی - سنگھاڑا - قند - توتیا - سمندر سوکھ	سونٹھ - بیگن - شلجم کے پتے
منبت اللحم	گوشت بھرنے والے	اپنی قوت نامیہ سے گوشت پیدا کرکے زخم بھرلاتی ہے	کتیرا - دم الاخوین - رال	
منبت الشعر	بال اگانیوالی	بسبب اخراج کرنے ابخرات دخانی اور بڑہانے رطوبت زایدہ کے ۔	خطمی - بیر کے پتے - ماش کی دال	چیونٹی کے انڈے - ناریل کا تیل - دہی کا لگانا

نام عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
منوم	نیند لانیوالی	بوجہ تری یا لطیف گرمی کے یا نشہ یا اٹھانے ابخرات، اور تبخیرات کے	افیون خشخاش۔ ہرا دھنیا۔ آش جو روغن نیلوفر کا ہو۔ قبر کی خاک سوتی پر چھڑکنا	سو یا زعفران۔ کسم۔ سیب۔ حماما۔ بنفشہ۔ شیرہ بادام روغن بادام گل روغن بابونہ۔ بابونہ (سب گرم) دنطول خشخاش کا۔ گل لالہ سونگھنا۔ روغن نیلوفر کا ہو ساگ سب سرد (اعضا کا ملوانا۔ بدن دبوانا چکی اور پانی کی آواز)
مولدات منی	منی پیدا کرنیوالی	بسبب کثیر الغذا ہونے یا لعابیت رکھنے یا رطوبت زائد کے منی کو بڑھاتی ہے		سہرنجان شیریں۔ کچی پیاز۔ بہمن۔ بوزیدان۔ بادام۔ میدہ لکڑی چھڑیلہ۔ شلجم۔ حنا۔ ہالون۔ ناریل۔ تودری۔ سونٹھ۔ مشک۔ زعفران گندنا کے بیج۔ گوشت بریاں۔ شقاقل۔ بستاور۔ مغز کرہ۔ شیر گاؤ و شتر گوشت بط و مرغ +
مہزل	دبلا کرنیوالی	بسبب اپنی خشکی اور کم غذائیت کے بدن کو دبلا کرتی ہے +		لاکھ
مہیج	اٹھانیوالی	کسی خلط یا قوت کو برانگیختہ کرتی ہے	گنے کا رس اور تر خوبانی صفرا کو اور ترشیاں بلغم کو	فواکہات۔ خون کو۔ میوہ جات
منشف	رطوبت کو جذب کرنے والی	بسبب قوت جاذبہ کے اور اپنی یبوست کے بہتی ہوئی رطوبت کو جذب کر لیتی ہے +	کوری ٹھیکری۔ زہر مہرہ۔ پسی ہوئی چینی کا برتن کتھہ۔ سنگ جراحت۔ سرمہ۔ سفید چھالیہ کی راکھ +	چونہ۔ موا بادل +

نام عربی	ترجمہ	خواص	ادویہ سرد	ادویہ گرم
ہاضم	ہضم کرنیوالی	بسبب اپنی تیزی اور گرمی کے غذا کو گلا کر جزو بدن کردیتی ہے +		رام تلسی - دیسی - اجوائن - نرکچور - پیپلا مول - شہد - گڑ - گل سٹھائیاں - شراب - پودینہ - فلفل ہر قسم - سونف - چیتہ - مدار پھول - سونٹھ - تیزاب - گندک وکبیس +
مسکرات	نشہ پیدا کرنیوالے	بوجہ اپنی دہنیت اور لزوجت کے	بھی - دہنیا - شراب پی کر کھانا	شراب پیکر بادام شیریں یا مغز نارجیل کھانا +
منضجات اورام	ورم کو پکانیوالی	بسبب اپنی گرمی کے	تخم خطمی - السی	اکلیل الملک - ایرسا - کرنب - گوند بطم کا عنبر - لادن - سپستان - موم - پیاز - بیگن - سونٹھ - سہاگہ +

ذکر ان دواؤں کا جو رسایَن ہیں رسایَن اُس دوا کو کہتے ہیں جو جوانی برقرار رکھے مقوی تمام اعضا اور قوی کی ہو اور مرض مہلک کو دور کرے - وہ یہ ہیں (گرم) کلسترہ پان - چوبچی - مالکنگنی - بستا ور بسنا - املتاس - چوب چینی - شقاقل - اسگندہ - منڈی - گندک - پاپچی - باراہی کند - بھنگرا - سلاجیت - شال پرنی +

دواؤں کے مزاج اور درجوں کا بیان

مزاج عبارت ہے کیفیت عنصری سے جو کیفیت بسیط مختلفہ کی حاصل شدہ اجزاؤں کے تشابہ ہوا اگر اُسکا اطلاق دوا پر ہے تو اُسکو طبع کہتے ہیں اور وہ نو کیفیتوں سے خالی نہیں ہوتی جن میں سے چار مفرد اور چار مرکب ہیں اور ایک اعتدال فرضی - مفرد یعنی گرم سرد خشک تر - مرکب یعنی گرم تر - سرد تر - گرم خشک - سرد خشک اور یوں کیفیت معتدل ہے - اور معلوم رہے کہ درجے چار ہیں یعنی جب دوا انسان معتدل المزاج یا ذکی الحس کے بدن میں وارد ہو کر اپنا فعل کرتی ہے تو کیفیت حرارت تحریزی کی یا تو کم یا زیادہ پائی جاتی ہے - اگر دوا معتدل مزاج ہے تو محسوس نہیں ہوتی - اور اگر غیر معتدل مزاج ہے تو کیفیت محسوس ہوتی ہے - اور اگر اُسکی کیفیت محسوس ہے مگر چنداں نہیں تو درجہ پہلا ہے - اگر خوب محسوس ہے اور نقصان نہیں تو دوسرا درجہ - اگر نقصان کیا ہو مگر موجب ہلاکت یا فنا ہی جوہر اصلی نہ ہو تو تیسرا درجہ - اگر نقصان کرے اور جوہر اصلی کو فنا کردے چوتھا درجہ - چونکہ ہر دوا کا مزاج بموجب درجوں کے معلوم کرنا مشکل ہے لہذا ہم مئاث اور ذائقہ وبو سے سمجھتے ہیں مگر یاد رہے کہ یہ قواعد کلیہ نہیں بلکہ عموماً ہیں

واضح ہو کہ ہمیشہ مثل حرارت کی بو کم یا تیزی یا پھیکی دلیل سردی کی ہو علاوہ دلیل اعتدال کی (مخفی نہ رہے) کہ رنگ سیاہ گرم خشک۔ سفید سرد تر۔ زرد گرم خشک۔ سبز سرد خشک۔ سرخ معتدل۔ اب ذائقہ سے خواص کا حال لکھتے ہیں +

نام ذائقہ	معنی	مزاج مع عنصر	خواص ادویہ
تفوح	کہٹی	معتدل سرد و لطافت کثافت میں	پیاس اور گرمی کو بجھاتی ہے۔ دفع کرنیوالی جوش خون اور صفرا کی۔ کہونیوالی سختی سینہ کی اور باہ کی
حامض	کہٹی	سرد خشک لطیف ہے / کا عنصر غالب ہوتا ہے	صاف کرنیوالی۔ کہولنے والی سدوں کی جاری کرنیوالی۔ لطیف کرنیوالی۔ جلا دینے والی۔ دور کرنیوالی صفرا و جوش خون اور شہوت کو خشک کرنیوالی بدن کی۔ بطن کو حبس کرنیوالی۔ حضرت امام شافعی رہ کا قول ہے کہ چار اشیاء بدن کو موٹا کرتی ہیں۔ یعنی گوشت کہانا۔ خوشبو سونگہنا۔ غسل کرنا اور کتان کا کپڑا پہن لینا۔ اور چار اشیاء بدن کو لاغر کرتی ہیں یعنی کثرت جماع۔ کثرت غم۔ نہار پانی بکثرت پینا۔ اور کہٹائی بہت کہانا +
حریف	تیز	گرم خشک لطیف ہے ہوا / آگ کا عنصر غالب ہوتا ہے	تنقیہ کرتی ہے۔ سدہ کہولتی ہے۔ ورم اور غلظوں کو تحلیل کرتی ہے۔ جلد کو کہردرا کرتی ہے۔ لیپ کرنے سے اور مسام میں پہنچ جاتی ہے۔ گاڑہے خلطوں کو رقیق کرتی ہے۔ اعضا کو گرم کرتی ہے۔ اعضا میں ... پیدا کرتی ہے۔ جلا دیتی ہے منی کو خشک کرتی ہے۔ جوڑوں کو سست کرتی ہے +
حلو		معتدل مائل بحرارت لطیف / تری اور ہوا کا عنصر غالب / ہے +	معدہ کو سست کرتی ہے۔ اخلاط کو نضج دیتی ہے۔ اور ملین کرتی ہے اور رقیق کرتی ہے۔ اور جس عضو کا غلبہ چاہتا ہے اسی میں لگاتی ہے بالخصوص خون میں جلد مستحیل ہو جاتی ہے۔ پیاس لگاتی ہے۔ زبان کی سطح کو کہردرا کرتی ہے۔ کثیر الغذا ہوتی ہے یعنی جان ... چہرہ کے رنگ کو مفید ہے۔ طبیعت کو زیادہ مرغوب ہوتی ہے۔ قوت جاذبہ اور روح اسکو محبت کرتی ہے لیکن خنازیر اکثر پیدا ہوتا ہے +

نام ذائقہ	معنی	مزاج مع عنصر	خواص الادویہ
وسم	چکنی	معتدل - لطیف	اعضا کو سست اور گرم کرتی ہے - تلیین کرتی ہے - تراوت بخشتی ہے - ورم کو پکاتی ہے - جو غلط غالب ہو اسمیں ملجاتی ہے - معدہ میں ثقل پیدا کرتی ہے +
عفص	کسیلی	سرد خشک - کثیف مٹی اور ہوا کا عنصر	سکتی - رکتی ہے - کھرکھرا کرتی ہے - مواد کو اندر دھکیلتی ہے - صلب کرتی ہے - حبس کرتی ہے - رطوبت کو بہنے سے روکتی ہے - زخم بھرتی ہے - عاصر ہے یعنی دست لاتی ہے - اینٹھن کے سبب
قابض	گل گھوٹو اور زبان اینٹھنے والی	سرد خشک - معتدل - کثافت اور لطافت میں	قبض کرتی ہے - بدن دبلا کرتی ہے - خشکی لاتی ہے - سوداوی خون - پیدا کرتی ہے - بطن کو حبس کرتی ہے مواد کو پیچھے ہٹاتی ہے - بھوک بڑھاتی ہے - مغلظ ہے +
مالح	نمکین	گرم خشک - کثافت اور لطافت میں معتدل پانی اور آگ کا عنصر غالب ہوتا ہے	حل کرنیوالی - جلا کرتی ہے - غسال - سدہ کھولتی ہے - گرم کرتی ہے - لطیف کرتی ہے غلیظ اخلاط کو مقطع اخلاط کو سڑنے نہیں دیتی - بدن کو دبلا کرتی ہے - خشک کرتی ہے +
مر	کڑوی	گرم خشک - کثیف - ہوا اور سما کا عنصر غالب ہوتا ہے	زبان کو پاک اور کھردری کرتی ہے - خشکی لاتی ہے - [illegible] ہے - لطیف اور رقیق کرتی ہے - اخلاط کو سڑنے نہیں دیتی قبض کرتی ہے +

فہرست دواؤں کی انکے درجوں ورمزاجوں کے موافق

تفصیل درجوں و مزاجوں کی	نام دواؤں کا
ادویہ معتدل	ریشم - چھڑیلہ - روپا ماکھی - کابلی ہڑ - پرسیاوشاں - بتھوے کا بیج - السی - کاسنی - پان - رسوت - گیہوں - مرغی - جوار - انار - بول - زہرمہرہ - لہسوڑہ - سنگ تیغال - شیرخشت - گوند ببول - عناب - کتیرا - امرود - کہربا - نیلز - ہرج - لحیۃ التیس - لعل - کیلہ - موم - یاقوت - سونے کے ورق +
ادویہ گرم تر بلا قید درجہ	تخم خطمی - چوب چینی - چقندر - شاہترہ - گل لالہ - عرق گلاب - ناریل دریائی +

تفصیل سبعون اور مزاجوں کی	نام دواؤں کا
ادویہ گرم تر بغیر قید درجوں کے	پالک - جوہی - سرخی بجنگرف - سنگدان - کشمش - گل مہندی - بھیڑ کا دودھ - باد اللحم - حریرہ - کلہ پاچہ
ادویہ گرم تر درجہ اول میں	بالنگو - بزرالطلب - ترنجبین - تمر چنا - خصیۃ الثعلب - املتاس - لسوڑے - منقی - گھی - انڈے کی زردی - کوکڑ - تیل - گاوزبان - بادام شیریں - بریارا - السی کا تیل - مکھانہ - بڑھل پختہ +
گرم تر درجہ دوم میں	دنبہ - برگد - سرکھوکہ - چقندر - اسفیداج - آبنہ - اسقنقور - خربزہ - نبولہ - شقیقہ - پستہ - منڈی - حب الزلم - ناگدون کے بیج +
گرم اول میں تر دوم میں	اڑد - خربزہ کے بیج - پلول - سیب - میٹھا توت - انجیر - شقاقل - سونی - گنہ - اروی - کھرنی - لوبیا +
گرم دوم میں تر اول میں	بزرالمرو - تودری - چرونجی - خوب کلاں - جلنجبین - گور - کھجور - جھینگا - شکر سرخ - شلغم - بالنگو - ساگودانہ +
گرم سوم میں تر اول میں	تخم شلغم
گرم خشک اول میں	اڑوسہ - سریش - اکلیل الملک - بادآورد - بندق - ماہیں - ملیٹھی - گلو - گیہوں کی بھوسی - نسرین - ہوا - تال مکھانا
گرم خشک دوم میں	آبنوس - رتن جوت - لنکول - اسلق جراکس - اسارون - کبر کی جڑ - پیپل کی جڑ - ناخونہ - انجدان - سوسن کی جڑ - پاپھڑ - بیگن - بادیان خطائی - برنگ کابلی - برنجاسف - کچری کا بیج - تخم انجود - اسبند - بزرالبنج - لاالفضا - تخم گندنا - تخم پیاز - جاوتری - چھوکر سول - بوزیدان - بندق - بہمن - فید بھگرہ - چاکسو - خطائی - جلد - بین پھل - جالیں - بلکاین کے بیج - چلغوزہ - مٹر - ارنڈ کے بیج - خولنجان - دارچینی - دارفلفل - ہلدی - ریوند چینی - زراوند - مدہرج - زرنب - تر کچور - شنگرف - زوفائے خشک - سوتھہ - سانپ کی کینچلی - تج - پاپھڑ - سندروس - ابہر - سویر کے بیج - شکاعی - چینہ - پیازی - ابوالصعتر - حالبسفر - شہد - چڑیا - بلیلج - کتم - کرویا - منڈی - لکروندہ - اندرجو - روباماہی - مشط الغول - مصطگی - کالا نمک - اندرائن - مک - موصلی - ناگ لیہ - تارمشک - نفع - نمک - سانبھر - وسمہ - الکورا - ہتھاجوڑی - یاسمین - پلاس پاپڑہ - سرسوں - آنبہ ہلدی - سلاجیت - افسنتین - سریش ماہی - کسونجی +
گرم خشک بلاقید درجہ	حب الکتم - بزرالنجام - جنگلی بیگن - تخم کرم کلہ -

تفصیل درجوں اور مزاجوں کی	نام دواؤں کا
گرم خشک درجہ سوم میں	اجواین دیسی - سونچل کھی - شورہ - اونٹ کٹارہ - امربیل - اونٹنگن - پنیر مایہ - تتلی کا بیج - اجواین خراسانی - بخور مریم - پیاز - بندال - بورہ ارمنی - بہمن سرخ - پھپیہ - پیارانگا - بسوت - توبال - تافیا - لہسن - جاؤشیر - جدوار - پکھان - بید - پستہ - کالادانہ - سرسوں - حماما - کشکی ہر قسم - درونج عقربی - کیر ملیساں کا تیل - دیودار - سولف - راج زرد - ہرتال - سمندر جھاگ - سکبینج - ہینگ - سہاگہ - گلوگی - دارشیشہ ترکی - صابون - عقرقرحا - ہلدی - عشبہ - عود ملساں - فطراسالیون یعنی کرفس پہاڑی - فلفل سفید - کالی مرچ - کچلہ - قردمانا - لونگ - بارہ سنگا - کوٹھ - قنطوریون صغیر - قیصوم - رال کالی زیری - کباب چینی - گندک - کریلا - لگرونده - کرنجوا - بابچی - رسکپور - بیر المسلیس +
گرم خشک چہارم میں	پیٹھا تیلیہ - زنگار - بینلہ تھوتھہ - جمال گوٹہ - حب یوسف - رائی - جنگلی تتلی - فرفیون - سجی - بیسل - مازریون - نفط
گرم اول خشک دوم	ترنج - اسطوخودوس - اسفنج - اسقولوقندریون - افسنتین رومی - زر الکشوت - تخم ریحان - تخم سنگترہ - کاسنی کی جڑ - لبد - سیلگری - باقلا - حجر الیہود - سنگ مقناطیس - کالفل - کانچ - عاریقون - غافث - چھوٹی الائچی - لورہ تیل +
گرم اول میں خشک سوم میں	کاکڑا سینگی
گرم دوم خشک اول	کندر - میتھی - سولف کی جڑ - ازرورت - بابونہ - تلسی - ترہ تیزک - بسفائج - لطح - اخروٹ - حب الکلی - سرشف - کبوتر - حنظل فوقی - حی العالم - سولف - زعفران - سرخس - سنا مکی - عنبر - کسنبھ کندر - لوبان - دوامروا - بید لکڑی - سکبینج - ناریل +
گرم سوم میں خشک اول میں	گاجر کے بیج - بھلاواں - بادام تلخ +
گرم دوم میں خشک سوم میں	انیسون - لوبا - پھٹکری - عود ہندی - فراسیون - زیرہ کرمانی - لاکھ - بیل - جائفل +
گرم سوم میں خشک دوم میں	بابونہ جنگلی - مولی کا بیج - پیاز - جلید سنز - کلونجی - اسپند - گاجر جنگلی - ریوند طویل - زرنب - حنظل - سونٹھ - تیز پات - سقمونیا - سورنجان شیریں - شیرم گھونگچی - بہروزہ - گندنا - بالنگو - مشک - گوگل - سلہارس +

تفصیل درجوں اور مزاجوں کی	نام دواؤں کا
گرم سوم میں خشک چہارم میں	پتنگ
گرم چہارم میں خشک دوم میں	ہینگ - شحم حنظل
سرد تر اول میں	پالک - ریشۂ خطمی - تخم خبازی - میٹھا انار - بہی کاسنی - کدو - باقلا - برھل خام - پوی - بید مشک -
سرد تر دوم میں	اناناس - ککڑی و کھیرا و تربوز کا بیج - چولائی - بھنڈی - بہدانہ - تخم بیٹھ - دودہ - چکوترہ - آڑو - سرطان - بسیسہ - کاہی - ککڑی - کھیرا - کدو - کیرو - کنول گٹہ - گل نیلوفر - عورت کا دودہ - ماش - مشمش یعنی خوبانی - توری
سرد تر سوم	نطر
سرد اول تر دوم	آلو بخارا - بنفشہ - مچھلی -
سرد سوم تر دوم	اسپغول - خرفہ - کلفہ کا ساگ
سرد تر بلا قید درجہ	دماغ روس - سنگھاڑہ سبز
سرد دوم تر اول	کدو کے بیج - خشخاش
سرد دوم تر سوم	پارہ
سرد خشک اول	جو کے بال - لونگ - گل کلفہ - نشاستہ - چاندی کا ورق - آلو - انار دانہ - چاندی کا میل - کاغذ -
سرد خشک دوم میں	ابارہ - ابنر باریس - ببول - گل لیکا - زیرہ - کاہو - بزرالسان الحمل - چاول - املی - تیواج - گل انار - ماشا - حب الآس - حجر الیتب - انگور کا پانی جما یا ہوا - حلزون - خرنوب - ضمان صغیر - انار کھٹا - ریباس - سعیدہ کاشغری - سماق - سیب - گل مختوم - طین مغرہ - عقیق - سپاری - پستہ کا چھلکا - نسپال - انڈے کا چھلکا - کاکنج - کتھہ - موتی - مامیثا - مونگا - سنگ جراحت - ہاتھی دانت - مشک دانہ

تفصیل درجوں اور مزاجوں کی	نام دواؤں کا
سرد خشک سوم میں	بیخ انجبار - بھنگ - کشتہ قلعی - تخم خشخاش سیاہ - سرو کا پھل - بنا - بلکتھہ - بچھو - لفاح +
سرد خشک چہارم میں	افیون - بیرا - دہتورہ - خانق النمر -
سرد اول خشک دوم	جھاؤ - مورد - جو کا کا بیج - بلوط - بہیڑہ - توتیاے کرمانی - باجرا - مہندی - خلروخن - بہی کہٹی - گل ارمنی - رسوت - ہڑ چیلی - ہڑ سیاہ
سرد اول خشک سوم	اقاقیہ - مردار سنگ +
سرد دوم خشک اول	امراہ - بردی - پوست خشخاش - توت کہٹا - زعرور - لیموں ۔+
سرد سوم خشک اول	فالسہ - عصی الراعی
سرد دوم خشک سوم	سرمہ - آنولہ - تخم دھنیہ - ہیرا دکھی - مائیں - جامن - سرکہ - زمرد - شہدانہ - عدس مغسول - صندل سرخ - طباشیر - موچرس - سیندور
سرد سوم خشک دوم	برف - جنگلی خشخاش - صندل سفید -
سرد خشک بلا قید درجہ	بیر کا جی - چولائی کا بیج - بزر خسک - نیلوفر کے بیج - حصرم - حب الریاس - سنگھاڑہ خشک - انار کی جڑ کا چھلکا - عبار الراعی - گوبھی

یہاں سے ادویہ مفردہ کا بیان شروع ہوتا ہے جو اٹھائیس باب پر منقسم ہے

واضح ہو جن دواؤں پر + نشان ہے وہ ادویہ غذائیہ ہیں اور جن پر یہ ✱ علامت ہے وہ بطور مصالح یا ذائقہ ہیں

باب الالف (ا)

مشہور نام	فارسی میں	عربی میں	ماہیت رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
آبنوس	آبنوس	آبنوس	ایک درخت ہے بڑا سیاہ رنگ ذائقہ پھیکا مع تلخی	گرم خشک	معدہ	صمغ عربی و شہد	بیری لکڑی	۱۰ ماشہ	لطیف کرنیوالی پیشاب لانیوالی۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے طحال کا سدہ کھولتا ہے خون کا جوش بجھاتا ہے۔ جذام اور کھجلی دور کرے۔ زخموں کا خون بند کرے۔ سیلان منی دفع ہو۔ سرمہ اسکا سونف کے ساتھ رتوندہ اور سفیدی آنکھ کی کھوتا ہے +
آبیل	.	آبیل	جڑ ہے مشابہ بیخ سوسن پتے ہم شکل اسپست اور بیج شکل گاجر کے خوشبودار	گرم خشک				۷ درم تک	پیشاب جاری کرتی ہے۔ تلی کے واسطے مجرب ہے یہ ایک جڑ ہے مشابہ جند فوقا کے موسم بہار میں ندی کے کنارے پیدا ہوتی ہے۔ اور جو خشک زمین میں پیدا ہوتی ہے وہ قاتل ہے +
آب جو	جو برہنہ جو گندم	سلت	جو کی قسم سے ہے	گرم خشک اول میں گرم دوم میں تر	معدہ	سونف چربی و شیرینی			دودھ کے ہمراہ پکا کر کھانا بدن کو فربہ کرتا ہے۔ اسکی روٹی گرم کھانا ملین طبع ہے اور خلط صالح پیدا کرتا ہے۔ اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ کلف اور نمش کو دفع کرتا ہے +
آچین		آچین	ایک بڑا درخت ہے	گرم خشک	.	.	.		اسکی جڑ کا پوست مسہل قوی ہے۔ آتشک اور زخم خبیثہ کو نافع ہے۔ اگر دست زیادہ آویں اور گرمی کرے تو دہی پلادیں۔ لیپ اسکا سخت ورموں کو تحلیل کرتا ہے +
آدمی	مردم	انسان	مشہور و معروف ہے جوان قوی الاعضا صحیح المزاج تام الخلقت سب سے بہتر ہے	مختلف	.	.	.	.	اسکے کان کے میل کا ضماد کرنا شقیقہ کے واسطے مفید ہے۔ پتا جلی ہوئی ہڈی کا تین قدر ہر روز ساڑھے چار ماشہ ہموزن شکر کے ساتھ۔ صرع۔ عرق النساء اور مفاصل کے لئے مجرب ہے۔ اسکے موئنہ کا لعاب جھائیں۔ قرح اور سفیدی آنکھ کو دور کرتا ہے اور چڑیا کی بیٹ کے ساتھ مسوں کو کاٹتا ہے۔ فصد اور حجامت کا خون طلا کرنے سے

اسم دوا	فارسی نام	عربی نام	ماہیت شناخت وغیرہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
آدمی	//	//	//	//	//	//	//	//	نقرس اور مفاصل کے درد کو تسکین ہوتی ہے اور حیض کا خون طلا کرتا درد سر کو تسکین دیتا ہے اور ناسور کو بھرتا ہے - پینا زہر ہے اور اسکا حمول مانع حمل ہے اور حیض کے کپڑے کی دہونی تپ لرزہ کو مفید - منی اسکی برص - بہق - کلف کو نافع - اسکے پیشاب کا نمک جو تانبے کے برتن میں جوش کرکے بناتے ہیں جھائیں اور آنکھ کی سفیدی دور کرتا ہے مجرب ہے +
آذربو یا آذربویہ	چوہ عباغان		جڑ ہے ایک گہاس کی سیاہ رنگ مشابہ شلجم شاخ و پتے ہمشکل کرنب پھول زرد رنگ	گرم خشک ۳	خناق خشیان قوی		تخم اترج زراوند طویل و تودری	ایک مثقال سے تین مثقال تک	جلا کرتا ہے - پیاس لاتا ہے ہچکی کو بند کرتا ہے - مدر بول وحیض اور مسقط جنین ہے - پتھری کو توڑتا - ورم کو تحلیل کرتا ہے - دماغی فضلات کو جذب کرتا ہے - درد مفاصل کو نافع ہے - اپنی تریاقی قوت کے باعث حیض کو بند کرتا ہے اور ہوام کے کاٹنے کو تسکین دیتا ہے سرفہ بارد اور رطوبی کو مفید ہے موں اسکا بواسیر تنقیہ رحم کے واسطے نافع سرکہ کے ساتھ لیپ کرنا تلی و عرق النسا کو دفع کرتا ہے +
آرغیس	پوست بیخ زرو شدہ	عود الریح	زرشک کی جڑ کے متابہ ہے	گرم ۱ خشک ۲	کھانسی	شہد	مامیراں و رسوت	۲ مثقال	اسکے جوشاندہ سے غرغرہ کرنا دانتوں کے درد کے واسطے مفید ہے - اسکے باریک پیس کے آنکھ میں لگانا مقوی باصرہ ہے +
آزنگل			ایک بڑا درخت ہے	سرد خشک	•	•	•	-	جلا کر ہوا لا - لیپ اسکا سوجن کو دور کرتا ہے - مرہم اسکا زخموں اور دنبلوں میں گوشت پیدا کرتا ہے +
آرپا			خیار کی قسم سے ہے	سرد تر	مولد بیت عفونت	سرکہ	..	-	بلغم اور ریاح کو پیدا کرتا ہے اور ثقیل ہے +

نام ہندی	نام فارسی	نام عربی	پہچان یعنی شناخت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
آڑو	شفتالو	خوخ	ایک درخت کا پھل ہے رنگ سبز یا قدر مائل بسرخی۔ ذائقہ شیریں یا ترشی دار +	سرد تر ۲	رطوبت پیدا کرتا ہے اور جلد سڑ جاتا ہے۔	شہد اور ادرک کا مربہ	کشمش	۴ عدد	طبیعت کا نرم کرنیوالا۔ گرم بخاروں کو تسکین کرے۔ پیاس صفرا اور خون کے جوش کو ہٹاوے۔ باہ بڑھاوے۔ اسکا شگوفہ ایک دانگ پینا بچہ کو پیٹ سے گراتا ہے پتے پینے سے پیٹ اور آنتوں کے کیڑے مرجاتے ہیں۔ زخم پر لگانے سے زخم کے کیڑے مرتے ہیں۔ اسکے تخم کا تیل کان کے درد اور بہرے پن کو مفید ہے +
آسیوس	نمک چینی	آسیوس	ایک نمک ہے سفید مائل بہ زردی جو دریائے شور کے کنار مشابہ نوشادر پیدا ہوتا ہے	گرم خشک ۲ اور بقولے ۳	سورش سج	صمغ عربی		ایک دانگ سے تا نیم دام	شہد کے ہمراہ چٹنی بنا کر چاٹنا واسطے زخم ریہ ضیق النفس بلغمی کہنہ کے نافع ہے۔ منجن اسکا قاطع خون دندان۔ اور سرکہ کے ساتھ ورم تلی یا گردہ پر لیپ کرنا مفید ہے اور ورم لطیف کے گوند کے ساتھ ضماد کرنا خنازیر کو تحلیل کرتا ہے شہد اور مرہم روغن کے ساتھ زخموں کو صاف کرتا اور پھیلنے سے روکتا ہے
آش جو	کشک جو	ماء الشعیر	مشہور غذا ہے جو کے چھلکے دور کرکے چودہ حصے پانی ڈالکر دھیمی آنچ پر پکاتے ہیں اور کف اتارتے جاتے ہیں	سرد تر	آنتوں کو	گلقند		حسب قوت	امراض حارہ میں بہت مفید ہے اور منضج اور مستفرغ اخلاط محرقہ اور منقی معدہ ہے اور بدن میں آسانی سے پہنچتا ہے اور لذیذ اور معتدل غذا ہے۔ اور پیاس کو بجھاتا ہے اور باوجودان صفائی کے منضج اخلاط فاسدہ نہیں ہے۔ اور معدہ میں نفخ اور زیادتی پیدا نہیں کرتا خصوصا جبکہ عمدہ پکے
آگ یا مدار	خرک	عشر	زہریلے دودھ والا درخت رنگ سبز سفیدی مائل تلخ مزا	دودھ گرم خشک ۴ پھول گرم خشک ۲	جگر و پھیپھڑا	روغن	شبرم	۳ ماشہ	دودھ اسکا جلد میں زخم ڈالتا ہے اور سوزش پیدا کرتا ہے۔ دست لاتا ہے اور بلغم نکالتا ہے اسکے پتے سرد ورم کو تحلیل کرتے ہیں اور درد کو آرام دیتے ہیں اور کھانے سے پیٹ کے کیڑے مرتے ہیں۔ پھول اسکے ہاضم اور مفید معدہ کی بیماریوں کو اکسیر ہیں +

مشہور نام	فارسی میں	عربی میں	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
آکاہولی	-	-	ایک سبیل ہے سرخی مائل	گرم خشک	چھوٹوں کو	شہد	ساگ خرفہ	۲ تولہ	گرم اور بہم صفرا کے فساد کو دفع کرتا ہے ✦
آل	نکم	بقم	ایک جڑ ہے سرخ رنگ ذائقہ تلخ	گرم ۳ خشک ۲	قاتل	شے کرنا اور گھی پینا	مجیٹھہ	مت کھاؤ	اسکا زور یعنی دھوڑ پرانے قرح اور زخم میں گوشت بھرتا ہے اور خون کو بند کرتا ہے زخم سے رطوبت خشک کرتا ہے اسکے پانی سے مونھ دھونے سے رخسارہ کا رنگ صاف نکلتا ہے۔ اسکے پانی سے غسل کرنا اعضا کو قوی کرتا ہے ✦
آلسن	-	خشبنشہ انجات	نبات ہے	گرم اول خشک آخر ۲	جگر گرم	کتیرا	حب الغار نانخواہ	۳ درم	شہد کے ساتھ اسکا لیپ کرنا کلف کو دور کرتا ہے۔ کھانا اسکا مقوی باہ ہے
آلو	آلو	-	ایک پھل ہے گول۔ رنگ بھورا ذائقہ پھیکا	سرد خشک ۱	دیر ہضم مغلظ معدہ	گوشت گرم مصالحہ	اروی	بقدر ضرورت	منی کو غلیظ کرتا ہے۔ باہ اٹھاتا ہے۔ مثانہ کو طاقت دیتا ہے۔ سرمہ لگانا مقوی چشم اور دفع کرنیوالا آنکھ کی سفیدی کا ہے ✦
آلو بخارا	آلو بخارا	اجاص	پھل ہے ترش مشہور	سرد ۲ تر ۲	دماغ معدہ	عناب مصطگی گلقند	املی	۱۰ دانہ حد ہو وا	طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ صفراوی اور دموی بخار کھوتا ہے۔ خون اور صفرا کے جوش کو بٹھاتا ہے۔ بدن کی خارش کو دور کرتا ہے ✦
آلو بالو	-	قراصیا	پھل ہے چھوٹا سرخ رنگ کھٹمٹھا۔ گول	بعضے گرم تر ۲ بعضے سرد خشک	بخار پیدا کرتا ہے	سکنجبین	آلو بخارا	۹ عدد	جلد مسام میں گھس جاتا ہے۔ حلق کی سختی کو دور کرتا ہے۔ پھیپھڑے اور معدہ کو طاقت دیتا ہے طبع کو نرم کرتا ہے۔ دست آور ہے۔ صفرا کی حرارت اور پیاس اور قے کو دور کرتا ہے
املیلس	-	آملیس	نبات ہے	مرکب القوی	-	-	-	-	نہایت قابض ہے۔ مقوی جگر و طحال ہے۔ استسقاء کو نافع ہے یرقان کو دفع کرتا ہے

نام مشہور	نام ہندی	نام عربی	ماہیت رنگ ذائقہ	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
آنب	انبہ	انبج	ایک پھل ہے مشہور رنگ سبز سرخ سونہلا ذائقہ شیریں اور چاشنی دار	خام سرد خشک۲ پختہ گرم خشک۲ پھول سرد خشک۲	خلل غذا کو مضر گرم مزاج کو	سکنجبین سے اچار و کو پانی	.	حسب قوت	معدہ اور گردہ اور آنتوں اور مثانہ اور سوچ اور باہ کو بڑی طاقت دیتا ہے۔ قلمی آنب ثقیل اور دیر ہضم ہوتا ہے۔ اسکے پھول کا سفوف خون اور بلغم کے فساد دفع کرتا ہے اسکی گٹھلی منی کو گاڑھا اور دست بند کرتی ہے۔ پتا حقہ میں پینا بواسیر کو مفید کچا آم آگ میں پکا کر پانی میں نچوڑ کر مصری میں ملا کر پینا لو یعنی باد سموم کو از حد مفید ہے ÷
[illegible]	دارچوبہ	[illegible]	ایک چیز ہے مشہور زرد مائل بسرخی کڑوی قدرے تیز	گرم خشک۲	دل	نیمچ	بابچی	۳ ماشہ	ریح کو تحلیل کرتی ہے۔ مواد کو اندر کی طرف دھکیل کر لوٹا دیتی ہے خلو کرنے سے جلد ہضم ہوتی ہے پتھری کو توڑتی ہے پیشاب کھولتی ہے من کی خارش کو مفید ہے چوٹ اور سوجن اور ورم کو اسکا لیپ مفید ہے دانتوں کو اسکا منجن مفید ہے۔ منہ میں خوشبو پیدا کرتی ہے۔ منہ کا ذائقہ عمدہ کرتی ہے ÷
آنول	انول	.	درخت ہے	سرد تر	.	.	.	.	جذام کو مفید ہے چشم کو جلا دیتا ہے۔ خون کے غلیان کو ساکن کرتا ہے ÷
آنولہ	آملہ	املج	پھل ہے مشہور کھٹا قدرے مزہ۔ رنگ بھورا زردی مائل	سرد۲ خشک۳	طحال اور قولنج کو پیدا کرتا	شہد روغن بادام	ہلیلہ کابلی	۱۰ ماشہ	قبض کرتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کو مواد سے پاک رکھتا ہے خلطوں کو سڑنے نہیں دیتا سودا کو نکالتا ہے۔ دل کو طاقت دیتا ہے۔ فرحت بخشتا ہے۔ اور ایسے ہی آنکھ دماغ اور اعصاب یعنی پٹھوں کو اور بالخاصہ باہ کو حرکت دیتا ہے ÷

ردیف الف مقصورہ

نام مشہور	نام فارسی	نام عربی	ماہیت یعنی شناخت وغیرہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ابابیل	پرستوک	خطاف	مشہور جانور ہے	گرم خشک	ریہ	سکنجبین	معمولا	حرام ہے	اسکا گوشت گردہ مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے اور یرقان کو دفع کرتا ہے اور طحال کو کھولتا ہے اسکے خون کا ضماد چھائیں اور داغ اور چہرہ کی بدرنگی کو دور کرے پتے کی نسوار سفید بالوں کو سیاہ کرتی ہے۔ گوشت اسکا بیخوابی لاتا ہے ؛
ابرک	ستارۂ زمین	طلق	ایک جسم ہے معدنی۔ شفاف بلور جیسا دو قسم کا سفید و سیاہ	سرد ۲ خشک ۳	طحال اور گردہ	کتیرا شہد روغن	طین قیمولیا	ایک ماشہ	مناسب دواؤں سے ملاکر پینا خونی دست اور جگری دست اور خون کے گرنے کو مفید ہے اور مثانہ کی پتھری کو پھوڑتا ہے۔ اسکا طلا سینہ کے زخم اور چھاتیوں کی سوجن کو مفید ہے (قریباً زہر ہے) ؛
اترڑی	سعدہ	ہعا	مشہور	سرد خشک ۳	مولد قولنج	جوارش دکونی	•	•	دیر ہضم ہے خلط بارد کو پیدا کرتی ہے اور اسکو زعفران اور سرکہ اور ادویہ گرم کے ساتھ پکاکر کھانا جس معدہ میں صفرا سے رقیق پیدا ہوتا ہو مفید ہے
اتیس	-	•	ایک گھاس کی جڑ ہے رنگ سرخ گہرا	گرم ۲ خشک	قابض ہے	-	•	۴ رتی	باہ کو بڑھاتی ہے طعام ہضم کرتی ہے دست بند کرتی ہے بلغم بواسیر اور استسقاء یعنی جلندھر کو دور کرتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ قے بند کرتی ہے
اجموو	کرفس	کرفس	تخم ہے مشابہ انیسوں کے سیاہ رنگ۔ ذائقہ تیز چرپرا	گرم خشک ۲	اکثر مرگی پیدا کرتی ہے	انیسوں اجواین خراسانی	اجواین خراسانی	۳ ماشہ	دمہ اور تنگی نفس اور احشا کی سردی کو مفید ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ طحال اور جگر کا سدہ کھولتی ہے پیشاب لاتی ہے۔ باہ و بھوک پیدا کرتی ہے اسکی تمام جڑ بلغمی بیماریوں کو کھوتی ہے استسقاء بھی دور ہو جاتا ہے۔ تخم سے زیادہ قوی ہے ؛

ہندی نام	فارسی نام	عربی نام	پہچان رنگ و ذائقہ	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
اجوائن دیسی	تانخواہ	کمون ملوکی	تخم ہیں بہت چھوٹے کسیلے۔ بھورے سیاہی مائل	گرم خشک	دردسر پیدا کرتی اور عناب دور کرتی	دھنیا عناب شکر	کلونجی زیرہ سیاہ	۲ ماشہ	طعام ہضم کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے بلغم اور استسقا اور اپھارہ کو دور کرتی ہے۔ سدہ جگر اور طحال کا کھولتی ہے پیشاب لاتی ہے۔ باہ اور بھوک کو حرکت دیتی ہے۔ حیض جاری کرتی ہے۔ پتھری توڑ بہاتی ہے (زیادہ استعمال سم ہے)
اجوائن خراسانی	تخم بنگ	بزر البنج	تخم ہے چھوٹا تین قسم کا سیاہ سفید سرخ	سفید سرد خشک سیاہ سرد خشک	سفید خناق سیاہ قاتل	سفید کو شہد سیاہ کو قے	افیون	۳ ماشہ	نزلہ اور رطوبت کو بند کرتی ہے کان کے درد کو مفید ہے کھانسی اور خون کے تھوکنے کو نافع ہے۔ رطوبت خشک کرنیوالی۔ اعضاء کو سست کرنیوالی نیند لانیوالی ہے۔ اور بالخاصہ قبض پیدا کرتی ہے (کالی زہر ہے)
اخروٹ	چارمغز گردگان	جوز	ولایتی میوہ ہے۔ رنگ بھورا ذائقہ پھیکا لذیذ مغز	گرم ۲ خشک	گرم مزاج	انار کا پانی	چرونجی چلغوزہ	تولہ سے دو تولہ	لطیف۔ طبع نرم کرتا ہے۔ تحلیل کرتا ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ تخمہ کو مفید۔ اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتا ہے اسکا مغز بھونا ہوا سرد کھانسی کو مفید ہے۔ اسکا تیل گراں ہے مگر بلغم اور باد کو دور کرتا ہے۔ باہ کو مفید۔ بال بڑھاتا ہے
ادرک	زنگبیل تر	زنجبیل رطب	ایک جڑ ہے بھورا رنگ۔ ذائقہ تیز چرپرا	گرم ۲ خشک	گرم مزاج	روغن بادام	دارفلفل	تولہ	ہاضم اور ریح پیٹ کی کھولتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ بلغم و معدہ کی رطوبت کو کھوتا ہے معدہ جگر کو طاقت دیتا ہے۔ اسکا مربا سرد مزاج کو مفید ہے
ہرمرکے بیج	تخم مورد	حب الآس	ایک درخت کا پھل ہے بھورا سیاہی مائل۔ کڑوا	مرکب القویٰ	دردسر پیدا ہو	گل بنفشہ	اقاقیا	۶ ماشہ	گرم کھانسی کو مفید۔ کسیلے پن کے سبب دست بند کرتی ہے۔ پیشاب لاتی ہے۔ سنگ گردہ اور مثانہ کو توڑتی ہے۔ دل کو طاقت دیتی ہے۔ خون حیض وغیرہ کو روکتی ہے۔ اشربوں کے

مشہور نام	فارسی میں	عربی میں	ہیئت رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
و	.	"	اور پھیکا ذائقہ .	.	.	"	"	"	صدر درد اور سر کے چکرانے کو مفید ہے ہچکی کو رفع کرتی ہے اور معدہ و روح کو طاقت دیتی ہے
ارتگان	ارتگان	.	سنگریزے سرخ اور زرد رنگ کے ہوتے ہیں	سرد خشک	.	قے	..	ت کھاؤ	زخم میں گوشت بھرتا ہے۔ بثور اور دنبلوں کو اچھا کرتا ہے۔ سوجن دور ہوتی ہے جلا کرتا ہے۔ مدرات کے ساتھ پتھری کی گرانی کو مفید ہے +
ارجن	.	.	ایک بڑا درخت ہے بھورا رنگ ذائقہ پھیکا	گرم خشک	گرم مزاج اپھارا کرتا ہے	.	.	.	بلغم اور صفرا کے فساد کو مفید۔ پینا اور لگانا چوٹ کو نافع۔ سفوف اسکا جریان کو مفید ہے باہ پیدا کرتا ہے۔ زخم کو میل سے پاک کرتا ہے۔ ہڈی کو جوڑتا ہے (سم ہے)
ارغوان	ارغوان	ارجوان	ایک سرخ رنگ درخت ہے	گرم آمائل طرف اعتدال	اسکی جڑ قے لاتی ہے	عناب کے پتے	لال چندن		لعابدار خلطوں کو نکالتا ہے۔ معدہ اور گردہ کی سردی کو دفع کرتا ہے۔ آلات تنفس کو صاف کرتا ہے۔ اسکی راکھ خون تھوکنے کو مفید ہے۔ اسکے بیج امراض چشم میں قائم مقام چاکسو کے
ارنڈ	بید انجیر	خروع	ایک درخت ہے خاردار اسکے تخم کا تیل جلاب ہے رنگ سبز و بھورا و سیاہ تلخ مزا	گرم خشک	معدہ کو سست کرتا ہے قے اور غشی و کرب لاتا ہے	کتیرا و مصطگی	جمالگوٹہ	عدد	حل کرنیوالا سودا کا چھیچھڑوں کو نرم کرتا ہے۔ سرد خلطوں کو خوب نکالتا ہے۔ فالج۔ لقوہ۔ عرق النسا قولنج گٹھیا جلندھر کو دور کرتا ہے اسکے پتوں کا پانی آگ سے جلے ہوئے کو مفید ہے اسکے بیج کا مغز اور پارہ خوب دست لاتا ہے۔ اسکے پتے دھتورہ کے زہر کو تریاق ہیں تخم اسکے کوٹ کر دہی میں ملا کر لگانا کھجلی کو مفید۔ اسکا تیل بلین اور معدہ و عوارت کی فرج کو سودا سے پاک کرنیوالا ہے۔ منی بڑھاتا ہے۔ استسقا۔ ورم خصیہ۔ درد کمر اور گردہ کو رفع کرتا ہے رخسارہ پر رنگ پیدا ہوتا ہے +

نام دوا	نام فارسی	نام عربی	ماہیت رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ارلو	.	.	پہاڑی درخت ہے	گرم خشک	گرم خشک کو	روغن بادام		تولہ	بلغم کرم شکم اور جذام کو دفع کرتا ہے۔ قبض کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے
ارنہ	گاو میش صحرائی	جاموش بری	جنگلی بھینسا مشہور ہے	گرم خشک	اپھارا کرتا	کباب چینی		۵ تولہ	چلا جو شخص ہر روز دبلا ہوتا جاتا ہے اسکو مفید ہے
ارنی			ایک درخت ہے مثل اڑوسہ	گرم تر	معدہ	سرکہ لیموں		مہاشہ	چکنا ثقیل۔ ضعف جگر و قبض و معدہ کے مرض کو مفید۔ بھوک لگاتا ہے
ارہر +	شاغل	شاغل	غلہ ہے مشہور زرد رنگ	گرم خشک ۲	دیر ہضم اپھارا لاتی ہے	روغن و ترشی	مسور	.	صفراوی دست۔ سنگرہنی اور بلغم و خون و زہر کے فساد کو مفید ہے۔ اسکے پتوں کا جوشاندہ لیکر غرغرہ کرنا دانت کلہر دکھنے کیلئے بہت اچھا ہی لاتا ہے
اروی +		قلقاس	ترکاری ہے مشہور	سرد ۲ تر ۲	حنجرہ اور بلغمی مزاج آدمیونکو	گرم مصالحہ ترشی	بھنڈی	۴ تولہ	بلغم۔ ریح اور اپھارا پیدا کرتی ہے۔ صفراوی مزاج کو مفید ہے۔ منی غلیظ کرتی ہے جریان دور کرتی ہے۔ بدن کو موٹا۔ کھانسی اور باہ کو پیدا کرتی ہے دست اور مروڑ کو مفید ہے۔ اسکے پتے جلندھر کو مفید ہیں اور پیشاب لاتی ہے و غیرہ بھی ہے
اڑد +	ماش	ماش	ایک قسم کا غلہ ہے سبز سیاہی مائل۔ ذائقہ پھیکا مع رطوبت	گرم ۱ تر ۲	دیر ہضم و اپھارا کرتا	مرچ۔ اور ہینگ	لوبیا	.	باہ پیدا کرتا ہے منی کو غلیظ کرتا اور بڑھاتا ہے۔ اعضا کو قوت دیتا اور پستان میں دودھ پیدا کرتا ہے۔ اسکا آٹا خمیر کر کے سر پر رکھنا نکسیر بند کرتا ہے تازہ تازہ لگانا برص کو مفید ہے
اڑوسہ	.	.	ایک بوٹی ہے دو گز اونچی پتے مانند بید کے۔ پھول سفید پتے سبز مزا پھیکا	گرم خشک ۱ پھول سرد	-	-	-	۲ ماشہ	اسکا پھول دق اور صفرا کی تیزی کو خون کے جوش پیشاب کی جلن کو دفع کرتا ہے۔ اسکی جڑ دمہ کھانسی تپ بلغمی پرسو یرقان قے۔ ستی۔ جذام کو مفید ہے پتوں کا جوشاندہ درد دندان کو نافع اسکی تازہ چھال کی بقدر بیر چنگی آتشک کو مفید ہے اڑوسہ کے کھانے سے حیض جاری ہوتا ہے

نام دوا	فارسی نام	عربی نام	ماہیت یعنی پہچان	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
اژدہا یا اجگر	اژدہا	تنین	ایک جانور ہے بحری اور بری بھی ہوتا ہے سر پر دست باہوں کا مثل کا کل ہوتا ہے	-	-	-	-	-	اسکو جلا کر اور راکھ کو شہد میں ملا کر لگانا قاطع بواسیر اور دافع برص و بہق ہے اگر اسکا گوشت اسکے کاٹنے کی جگہ باندھیں تو زہر کو چوستا ہے اسکی تکلیف کو رفع کرتا ہے اسکے کاٹے ہوئے کا علاج مثل قروح خبیثہ کے ہے بحری سانپ کی طرح دم سے کاٹتا ہے اور بحری بچھو کی مانند دم سے کاٹتا ہے ۔
اسپند	اسپند	حرمل	تخم سیاہ کالے رنگ کے رائی کے برابر بو دار کڑوے	گرم ۳ خشک ۲	درد سر پیدا کرتا ہے	ربوب اکسی	تلی حب	۳ ماشہ	آنتوں کی ریح کو تحلیل کرتا ہے۔ مرگی و استسقا یرقان اور دمہ اور قولنج کو دفع کرتا ہے۔
اسپرکا	اکلیل الملک	-	پھلی باریک مثل ناخن کے ہوتی ہے	سرد خشک ۱	مضر گرم مزاج	سکنجبین	تخم مولی	-	تمام سرد امراض کو مفید ہے۔ حیض جاری کرتا ہے خون صاف کرتا اور پسینہ لاتا۔ اور ... لیپ کرنے سے سوجن کو تحلیل کرتی ہے۔ اور پکاتی ہے۔ کھانا خلطوں کو نرم کرتا ہے بدن موٹا کرتی ہے منی زیادہ ہوتی جذام دور ہوتا ہے
اسبغول	اسبغول	بزرقطونا	ایک تخم ہے سرخ و سفید مائل بہ سیاہی ذائقہ پھیکا	سرد ۳ تر ۲	بھوک کم اور معدہ سست کرتا ہے	شہد	بہدانہ کنوچہ	۱۱ ماشہ سے ۱ تولہ	پیاس گرمی تپ اور خون کا جوش ہٹاتا ہے حلق سینہ اور زبان کی سختی اور طبع کو نرم کرتا ہے پیچش مروڑا اور آنتوں کے زخم کو مفید۔ بھونا ہوا قابض کوٹا ہوا ... اسکا مضر ... اسکا ضماد درد سر اور ورم گرم کو مفید ...
اصل کند	-	-	ایک جڑ ہے	سرد تر	سرد مزاج	شہد	-	-	بلغم پیدا کرتی ہے۔ صفرا اور خون کے فساد کو دور کرتی ہے۔
اصل منی	-	-	ایک قسم کا کنول ہے	سرد خشک					خون اور قے دست و تپ کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی میں	عربی میں	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
۱ اسگنگا	.	.	.	سرد	سرد مزاج	ادرک	.	.	بلغم پیدا کرے باہ اور اعضا کو طاقت دے ۔ صفرا اور خون کا فساد دور ہو ۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہو +
۱۱ اسفنج	ابر مردہ یا اسفنج	اسفنج	ایک جسم ہے جو دریائے شور کے کنارے پتھر پر پیدا ہوتا ہے سفید رنگ	گرم ۱ خشک ۲	احشا	آب انگور یا ریباس	کاغذ سوختہ	۲ ماشہ	محلل ہے قروح کو خشک کرتا ہے ۔ رگوں کے منھ کو کھولتا ہے پرانے زخموں کو بھرتا ہے خصوصاً جس عضو سے کہ خون جاری ہو قطع کرتا ہے جس پانی میں شراب ملی ہوئی ہو اسکو اسمیں ڈالیں فوراً پانی کو جذب کریگا اور شراب باقی رہجائیگی +
اسطوخودوس	.	اسطوخودوس	ایک گھاس ہے جسکے پتی ساتر جیسے ہوتے ہیں تخم اسکے ریزہ ریزہ	گرم ۲ خشک ۲	ریہ اور گرم مزاج والوں کو	کتیرا	افتیمون	۷ ماشہ	حل کرنیوالا ۔ جلا کرنیوالا ۔ لطیف کرنیوالا ۔ سدہ کھولتا ہے ۔ طاقت دینے والا ۔ بدن دل دماغ اور احشا کو ۔ فرحت بخشنے والا روح کو ۔ سینے کے امراض کھونے والا ۔ بلغم کو نکالتا ہے ۔ گٹھیا دور کرتا ہے ۔ دماغ کی جھاڑو ہے +
اسگند	اسگند	.	ایک جڑ ہے اندر سے زرد	گرم خشک ۳	گرم مزاج	کتیرا	کوٹھ سورنجان	۵ ماشہ	کھانسی ۔ دمہ ۔ سوجن اور گٹھیا کو مفید ہے ۔ بلغم دور کرتا ہے ۔ بدن کمر اور رحم کو طاقت پہنچاتا ہے +
۱۱ اسوت	.	.	.	سرد	دیر ہضم	سرکہ			مقوی باہ ۔ ریح کو دور کرتا ہے +
اشٹ برگ			ایک ہندی مرکب دوا ہے	سرد	.	.	.	.	ایک مرکب دوا ہے ۔ ردہ بردہ ۔ کاکولی بچھیر کاکولی ۔ میدہ مہامیدہ جیوک ۔ رکھبک منی ۔ باہ اور دودھ پیدا کرتی ہے صفرا اور معدہ کی جلن دور کرتی ہے +

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت و رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
اشٹ گن		.	ایک ہندی ترکیب ہے	.	.	.	.	.	مونگ ایک حصہ چاول دس حصہ پانی میں پکا کر اس پانی میں نمک ہینگ۔ دھنیا۔ سونٹھ۔ مرچ [illegible] ملاتے ہیں خون صاف کرتی اور بھوک لگاتی۔ تپ اور بُرے خلطوں کو دور کرتی ہے
اشق	اوشخہ	اشق	گوند ہے مشہور اور معروف پیلا کر تیز خوش رنگ ہے	گرم ۲ خشک	معدہ و گردہ	انیسوں زوفا	سکنجبین جاؤشیر	۳ ماشہ	تحلیل کرنیوالی مجفف۔ ملین۔ جالی جگر اور تلی کے سدے اور رگوں کے منہ کو کھولتا ہے مسہلات کا مصلح ہے اور فالج اور مرگی و خدر و لقوے اور امراض چشم کو نافع ہے
اشنان	غاسول	.	ایک گھاس ہے جسکی بجی بنتی ہے سبز پھیکی	گرم خشک	مثانہ	شہد	صابون	۲ ماشہ	جلا کرنیوالی صاف کرنیوالی۔ سدہ کھولنے والی حیض اور پیشاب جاری کرنیوالی غلیظ مواد کو حل کرنیوالی سونٹھوں پر منجن کرنے سے دانت صاف ہوں۔ زیادہ سم ہے
اظفار الطیب	ناخن پریاں	اظفار الطیب	ایک جسم ہے سخت مثل ناخن کے رنگ سفید سرخی مائل۔ بقول بعض ایک دریائی جانور کا کان ہے	گرم خشک	دردسر پیدا کرتی ہے	گل ارمنی سکنجبین	چرائتہ	۱ ماشہ	مدر فضلات و حیض ہے۔ اخلاط غلیظ کو لطیف کرتا ہے۔ سکتہ۔ مرگی۔ خفقان۔ [illegible] معدی و دردسر۔ جگر سدہ۔ اختناق رحم اور تمام امراض باردہ رحم کے واسطے نافع ہے اور گرم پانی کے ہمراہ دو درم پینا گردہ و مثانہ کے خون بستہ کو پگھلاتا ہے اور سرکہ کے ساتھ محلل اور ملین شکم ہے۔ جذام۔ امراض باطنی اور سوداوی۔ جریان منی۔ خارش [illegible] سم زخم اور زہر کے دفع کرنے کے واسطے مجرب ہے
افتیمون	.	افتیموں	ایک نبات ہے سرخ رنگ مثل سوت کے باریک بے تخم	گرم خشک ۳	مورث غشی و کرب	کتیرا رفع ضرر اور روغن	[illegible] لاجورد	تولہ	محلل ملطف مفتح۔ مسہل سودا و بلغم و صفرا امراض دماغی و عصبانی و صرع و مالیخولیا کابوس و فالج و لقوہ و خدر و وسواس و درد جوڑ اور جمیع امراض سوداوی اور نفخ و کرم معدہ و سرطان کو

نام	[illegible]	[illegible]	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
افیتمون	•	•	میں پیدا ہوتی ہے اس پاس لپٹتی ہے	"	پیاس ہے	بادام ... مربیکوا	حجر ارمنی	•	پورا نافع ہے - ایک ہفتہ ہر روز ۳ تولہ یا ۵ سیر تازہ دودھ میں بھگوئیں اور سکنجبین میں ملا کر استعمال کریں درد سر سوداوی اور مالیخولیا و تشنج امتلائی و توحش و خفقان کے دور کرنے میں مجرب ہے
افسنتین	مردہ	خترق	ایک گھاس ہے غبار آلود سبز رنگ تلخ ذائقہ	گرم خشک ۲	معدہ دماغ درد سر	انیسون مصطگی نیلوفر	اسگند و جعدہ	۷ ماشہ	سدہ کھولے - بھوک پیدا کرے - خون حیض جاری کرے صفرا سودا اور بلغمی بیماریاں پیشاب کی راہ نکالے محلل ریاح - قاتل کرم شکم - مفید بخارات عفنیہ پتے اسکے مقوی معدہ ہیں
افیم	•	لبن الخشخاش	پوست میں سوئی چبھو کے دودھ نکالتے ہیں	سرد خشک ۴	قوائے باطنی ظاہری	زعفران دارچینی	اجواین خراسانی	ایک رتی	سست کرنیوالی - قبض کرنیوالی - نیند لانیوالی - درد اور سرعت انزال کو مفید ہے - آنکھ کے امراض کو اسکا لیپ نافع ہے - سم ہے
اقاقیا	•	اقیا	عصارہ ہے ایک قسم کی ببول کا سیاہ و سبز - ذائقہ تلخ و خوشبودار	ٹھہرا ہوا سرد خشک ۲ اور خشک ۲ لیے دماغ سر	سدہ پیدا کرتا ہے	روغن بادام	صندل رسوت	۳ ماشہ	خشک کرتا ہے - قبض کرتا ہے - مواد کو دباتا ہے خون تھوکنا رفع کرتا ہے معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے - استرخاء معدہ کے واسطے پینا مفید ہے لیپ اسکا آنکھ کے درد کو دور کرتا ہے اور آنکھ کو طاقت دیتا ہے
اکاس بیل یا امر بیل	درخت پیچاں	افتیموں	ایک بیل ہے بے پھول پتے کے زرد تلخ مزا درختوں پر لپٹتی ہے	گرم خشک ۳	کرب غشی لاتی ہے ... گرم مزاج کو مضر	زعفران ... روغن بادام	لاجورد ... ہیرک ...	۹ ماشہ تا ... تولہ	حل کرنیوالی - لطیف کرنیوالی - سدہ کھولنے والی - سودا اور بلغم کو دست کی راہ نکالنے والی ... سوداوی کا ... اور دماغ کے مرضوں کو مفید ہے خون صاف کرتی ہے ... اکثر نفع ... افتیمون کے مشابہ ہے

مشہور نام	فارسی میں	عربی میں	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	خاصیت
اکرکرا	عاقرقرحا	عاقرقرحا	ایک جڑ ہے تند مزا و تیز بو اور سیاہ رنگ	گرم خشک ۳	ریہ	کتیرا منقی	سونٹھ شہد وار فلفل	۳ ماشہ	معدہ کھولے دماغ کو فضول سے صاف کرے لقوہ فالج استرخاء کزاز رعشہ درد سینہ عرق النسا اور سکتہ کو مفید ہے حیض جاری کرے سرد مزاج کی باہ کو طاقت دے سرکہ میں جوش دیکر غرغرہ کرنا مفید ہے اور خراب دانتوں کو مفید ہے۔ سفوف اسکا زبان پر ملنا لکنت دور کرتا ہے ✦
اکلیل الملک	کیلاقیہ	اکلیل الملک	ایک گھاس ہے مثل ناخن سخت رنگ زرد مائل بسفیدی۔ مزہ پھیکا	گرم خشک ۱	انثیین	شہد انجیر مویز	قراسیوں و انجیر	.	ورم کو تحلیل کرتا ہے افسنتین رومی کے ساتھ ضماد کرنا ورم جگر و طحال کو نافع ہے شراب میں جوش دیکے پینا ورم معدہ کو مفید ہے۔ جوشاندہ اسکا کان میں ڈالنا درد کو تسکین دیتا ہے اور نیز ضماد اسکا ورم مقعد اور خصیہ کو فائدہ کرتا ہے اور روغن گل کے ساتھ ضماد کرنا درد سر کو مفید
اگر	:	عود غرقی	ایک خوشبودار بھورے رنگ کی لکڑی جو پانی میں ڈوب جاتی ہے	گرم ۲ خشک ۲	گرم مزاج	کافور گلاب کا پھول	دارچینی لونگ زعفران	۳ ماشہ	لطیف کرنیوالی سدہ کھولنے والی۔ فرحت بخشنے والی پٹھوں کو قوت دینے والی دماغ جگر معدہ اور احشا کو طاقت بخشنے والی۔ باہ پیدا کرنیوالی۔ ریاح کو تحلیل کرنیوالی۔ خفقان اور رحم کی سردی کو مفید ہے ✦
اکت	.	.	پھول سفید سرخی مائل	سرد خشک ۲	مولد ریح	.	.	.	صفرا اور حرارت کو گھٹاتا۔ قوت شامہ کو طاقت دیتا ہے اور تونڈ کو دور کرتا ہے ✦
اگنی جھار	.	.	.	گرم ۳	.	.	.	.	چھاتی اور بلغم اور سنپات کی بیماریوں کو مفید ہے۔ گٹھیا کو دفع کرتا ہے ✦
[illegible]	.	.	ایک گھاس ہے ... کیمیاگر اسکو تلاش کرتے ہیں	گرم خشک	جگر کو نقصان کرتا ہے	مرد سنگ روغن گاو	.	۲ رتی	گندک کو اسکے عرق میں تر کرکے ۳ روز دھوپ میں رکھیں اور بقدر دو رتی پان کے ہمراہ کھایا

[illegible]	فارسی	عربی	ماہیت یا پہچان	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
الائچی خورد	ہیل بوا	قاقلہ صغار	خوشبودار لطیف پہاڑی پھل ہے پوست سفید دانہ سیاہ	گرم خشک	چھاتی کو	طباشیر کتیرا	الائچی بڑی	۲ ماشہ	فرحت دیتی ہے۔ لطیف کرتی ہے۔ جلا کرتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے چھاتی۔ حلق اور معدہ کی رطوبت کو خشک کرتی ہے۔ دل اور معدہ کو طاقت دیتی ہے خفقان۔ قے۔ متلی اور موںھ کی بدبو دور کرتی ہے +
الائچی کلاں	ہیل کلاں		پہاڑی پھل ہے بہت خشک۔ دانے اور پوست سیاہ	گرم ۲ خشک	انتیں و ریہ	کتیرا و قند	کبابچینی و الائچی	۵ ماشہ	فرحت دینے والی معدہ کو طاقت بخشنے والی۔ طعام ہضم کرنیوالی۔ باہ اور بھوک زیادہ کرنیوالی پیٹ بند کرنیوالی۔ متلی اور معدہ کی ریاح دور کرنیوالی۔ اسکا دانہ مسوڑوں کو طاقت دیتا ہے اور موںھ سے رال کا جانا بند کرتا ہے +
السی +	بزرک	بزرکتان	ایک خوشہ کے بیچ میں غلہ کی طرح پیدا ہوتا ہے سرخ رنگ ذائقہ پھیکا	گرم خشک	آنکھ خوطہ اور ہاضمہ کو مضر ہے	دہنیا سکنجبین شہد	میتھی	۱۰ ماشہ	اسکا سوق بلغمی کھانسی کو مفید ہے۔ چھاتی کو صاف اور طبع کو نرم کرے۔ گردہ مثانہ کے قرحہ کو مفید ہے پیشاب لاتی ہے۔ منی کو غلیظ کرتی ہے۔ گردہ کی پتھری کو توڑتی ہے۔ باہ پیدا کرتی ہے۔ پسینا حیض اور دودہ کو رواں کرتی ہے اسکا تیل بھوک اور صفرا پیدا کرتا ہے اور اعضا کو طاقت دیتا ہے۔ بلغم کے فساد کو دور کرتا ہے۔ آنکھ کی روشنی کو طاقت دیتا ہے۔ آنتوں کے زخموں کو مفید ہے۔ داد پہ لگانا فائدہ مند ہے +
الو	جغد	بوم	مشہور جانور ہے	گرم خشک	-	•	•	حرام ہے	اسکا گوشت کھانے سے بیوقوفی پیدا ہوتی ہے۔ اسکے پتے اور خون کا پینا سلس البول اور بول فی الفراش کو نافع ہے +

نام دوا	ہندی	عربی	ماہیت یا شناخت دوا	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
امرس	.	.	آم کا عوض جو ذکر نہ سکتے ہیں ایک پھل ہے جیسے آم کی شکل کا	گرم تر آ سرد تر	معدہ	سکنجبین	.	.	صفرا کو دفع کرتا ہے۔ دل کو فرحت دیتا ہے بھوک پیدا کرتا ہے۔ شکم اور آلات صدر کو لاغر دیر ہضم۔ ثقیل۔ اسہال کرنیوالا صفرا اور صفراوی دست کو روکتا ہے۔ اسکے درخت کی چھال بکری کے تازہ دودھ سے رگڑ کر تین روز پینا ناک کے امراض کو مفید ہے
امرود	امرود	کمثری	مشہور میوہ ہے شیریں یا ترش رنگ زرد و سفید	سرد تر مائل بحرارت	معدہ کو کمزور کرتا ہے نفاخ ہے	سونٹھ کا مربا اور سونف	بہی	.	فرحت بخش۔ مقوی۔ جلا کرنیوالا ساتھ قوت قابضہ اور نرم کرنیوالی کے دل معدہ اور دماغ کو طاقت دینے والا خفقان دور ہو۔ طعام کے پہلے کھانا قبض کرتا ہے اور بعد کھانا دست لاتا ہے۔ اسکا شگوفہ مفرح۔ مقوی اور خون کے گرانے کو مفید اسکے پتے دستوں کو بند کرتے ہیں اور زخموں کو بھر دیتے ہیں اور جلے ہوئے پتے نیلا تھوتھا کا کام دیتے ہیں
امل بید گلگل	.	.	لیمو جیسا پھل ہے اسمیں ترشی سوئی چبھجاتی ہے مزا ترش	سرد تر	بلغم	لونگ کالی مرچ	.	سہ ماشہ	دل کی بیماریوں کو دور کرتی ہے۔ صفرا کو نکالتی ہے۔ ہاضمہ کو قوت دیتی ہے۔ ملین ہے خون کا جوش ہٹاتی ہے۔ باؤ گولہ اور پیٹ کی ریاح کو دور کرتی ہے
املتاس	خیار شنبر	خیار شنبر	پھلی ہے دراز اسمیں سے گودہ نکالکر کام میں لاتے ہیں رنگ سیاہ مزا شیریں بودار	گرم تر آ بعضوں کے نزدیک معتدل ہے	مضر معدہ غشی لاتا ہے مروڑ پیدا کرتا ہے	روغن بادام مصطگی اس کا پانی کدو	تین حصہ ترنجبین	۲ تولہ سے ۸ تولہ تک	سینہ اور طبع کو نرم کرتی ہے۔ خون کا جوش ہٹاتی ہے۔ گرم ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ ایسا لطیف جلاب ہے کہ حاملہ عورت اور بچہ بھی پی سکتا ہے۔ دودھ کے ساتھ ملا کر غرغرہ کرنا خناق کو مفید ہے پتے اسکے ورم کو تحلیل کرتے ہیں۔ لیپ کرنے سے۔ اُبالنے سے اسکی قوت جاتی رہتی ہے

نام	نام عربی	نام فارسی	ماہیت اصلی پہچان	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
آل جانگری	•	•	ایک ہندی درخت کا پھل ہے ترش برابر کوہ کے	گرم خشک	گرم مزاج کو صفراوی کو	سرکہ	•	•	ہضم کرنے والا غذا بھوک لگانے والا۔ دست روکتا ہے سنگرہنی۔ بواسیر جذام۔ بلغم خون اور پیچ کا فساد دفع کرتا ہے ؛
املی	تمر ہندی	جلدا	بقدر بالشت کے ایک پھلی ہوتی ہے اسکے درخت کے پھول و پتے ترش ہوتے ہیں رنگ سرخ کہنہ سیاہ	معتدل سرد و خشک ۲	آواز کھانسی	عناب بنفشہ	آلو بخارا	اسم تولہ سے ۵ تولہ تک	لطیف تر۔ دل اور معدہ کو طاقت دیتی ہے ماشی کو بند کرتی ہے۔ طبع کو نرم کرتی ہے صفرا کو اسہال سے نکالتی ہے۔ سڑے ہوئے فضلوں کو پاخانہ کی راہ خارج کرتی ہے خون کا جوش بجھاتی ہے سر کا چکر اور گرم خفقان کو دور کرتی ہے سوا اور وبائی سمیت کو دفع کرتی ہے اسکے پتوں کا غرغرہ کرنا خناق کو مفید۔ اسکا بیج قابض اور ممسک۔ اسکا پھول قابض اور تسکین دینے والا ؛
انار میٹھا	انار شیریں	رمان الحلو	مشہور میوہ ہے رنگ سرخ و سبز ہوتے سفید اور سرخ ۔	سرد و تر	معدہ کو گرم اور ڈھیلا کرتا اور نفاخ سرد مزاج کو	انار کھٹا سونٹھ بتاشا	انار ترش	تولہ سے سو تولہ تک	قلیل الغذا عمدہ خون پیدا کرتا ہے۔ اپھارا لاتا ہے جلا کرتا ہے پیٹ نرم کرتا ہے پیشاب لاتا ہے جگر کو طاقت دیتا ہے۔ پیاس بجھاتا ہے باہ اور اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔ اسکا عرق اور چھلکا دست بند کرتا ہے۔ نسیاں کی را لکہ کھانسی کو مفید ہے ولایتی انار ہندی [illegible]
انار کھٹا	انار ترش	انار میخوش	مثل شیریں ہے	سرد و تر	سرد مزاج	سونٹھ	انگور خام	ایک یا دو	اسکا پانی نچوڑ کر مصری ملا کر پینا صفراوی دست یرقان کھجلی صفراوی قے اور ہچکی کو مفید ہے معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے ہر قسم کے انار کا بیج مقوی معدہ ہوتا ہے اور سب خواص میں موافق انار کے چھلکا ورم گرم کو مفید ہے مسوڑھوں کو طاقت دیتا ہے اس [illegible] کرنا چاول اور جو ملا کر پیچش و درد دست کو مفید اسکے پانی سے استنجا کرنا خون بواسیر اور کانچ نکلنے کو روکتا ہے

مشہور نام	فارسی میں	عربی میں	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
انار کھٹا +	انار ترش	رمان حامض	مثل شیریں کے	سرد و خشک قوت قابض	سرد مزاج و معدہ کو	انار شیریں	انار شیریں	ایک عدد	معدہ جگر اور دل و سینہ کی حرارت بجھاتا ہے اور خون کا جوش بٹھاتا ہے۔ پیت والی قے اور دست اور یرقان صفراوی کو بھی نافع ہے *
ابنوق	•	•	ایک قسم کا سنگ ہے	•	•	•	•	•	خواص تحقیق نہیں ہوئے *
انبغنان			ایک درخت ہے لمبا	سرد خشک	•	•	•	•	قبض کرتی ہے۔ بلغم اور صفرا کے فساد کو کھوتی ہے گلے کے کل امراض کو مفید ہے پھل اسکا گرا ان ریح اور بلغم کے کل فساد کو مفید ہے *
انجن	سرمہ	اثمد	ایک پتھر ہے نرم رنگ سیاہ سفید و نیلگوں بدمزا	سرد ۲ خشک ۲	اعضاء صدریہ	کتیرا شکر	انار	مت کھاؤ	قبض کرتا ہے خشک کرتا ہے۔ آنکھوں کی حفاظت کرتا ہے طاقت بینائی دیتا ہے حرارت رطوبت اور آنکھ سے میل دور کرتا ہے زخم کو اچھا کرتا نکسیر جریان حیض اور خروج مقعد کو روکتا ہے حمول کرنے سے رحم کی سختی نرم کرتا ہے کھانے سے اور [illegible]
انجیر	انجیر	تین	میوہ ولایتی ہے شیریں رنگ سرخ و سیاہ	گرم ۱ تر ۲	جگر معدہ	بادام صعتر	چلغوزہ و مویز	۵ دانہ سے ۱۰ عدد تک	لطیف حل اور جلا کرنیوالی مرگی فالج اور امراض بلغمی کو مفید طبع کو نرم کرے دست آہستگی سے لاوے سدہ اور ورم طحال پیشاب کا مشکل سے آنا اور گردہ کا ڈھیلا ہونا ان سب کو مفید ہے اسکا شربت کھانسی کو نافع ہے تازہ سوکھی سے زیادہ قوی ہے *
انجبار	•	انجبار	درخت ہے قد آدم ملک شام میں مع شاخ سرخی مائل	سرد خشک ۲	سرد مزاج	سونٹھ	زرشک یا گل ارمنی	۶ ماشہ یا ۷ ماشہ	سب جگہ سے خون نکلنا بند کرتا ہے خصوصاً ریہ اور سینہ سے خون اور صفرا کی سوزش کو تسکین دیتا ہے بواسیر کا خون اور پیچش و جگری و صفراوی دست کو بند کرتا ہے قے اور نزلات کو روکتا

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	خاصیت
اندرجو	زبان گنجشک	لسان العصافیر	مشہور ہے۔ سرخی مائل پھیکا اور کڑوا	گرم خشک ۲	گرم مزاج والوں کو درد سر لاتا ہے	دہنیا	تودری سرخ بہمن جائفل	.	غلیظ ریاح کو تسکین دیتا ہے۔ پسلی اور تہیگاہ درد اور رحم اور کمر کے درد کو اور پرانی کہانسی اور دمہ کو آرام دیتا ہے۔ خفقان اور تبخیر کو مفید۔ پتھری کو توڑتا۔ باہ کو بڑھاتا اور کر کو طاقت دیتا ہے زعفران اور شہد سے ملا کر فرزجہ لینا بعد پاک ہونے حیض کے حمل ہونے میں مدد دیتی ہے +
اندرائین کا پھل	خربزہ تلخ	حنظل	ایک پھل ہے نارنج سا چھوٹا۔ سفید و سرخ رنگ	گرم خشک ۳	کرب پیدا کرتا ہے	صمغ عربی کتیرا نشاستہ	کالادانہ محمودہ	ایک ماشہ تا ۳ ماشہ	سواد کو حل اور قطع کرنیوالا۔ بلغم اور سودا سے غلیظ کو دست کی راہ نکالنے والا۔ خلطوں کو بدن کے اندر سے باہر کو جذب کرنیوالا۔ سرد امراض کو مفید ہے۔ جیسے مرگی رعشہ لقوہ استسقاء۔ دماغ کو پاک کرتا ہے۔ کدودانہ اور پیٹ کے کیڑے نکالتا ہے۔ جگر۔ معدہ اور امعا کی بیماریوں کو مفید ہے۔ قولنج بلغمی اور ریحی کو دور کرتا ہے + قریب سم ہے
انڈا مرغی کا	تخم مرغ	بیض الدیک	مشہور ہے سفید رنگ ذائقہ پھیکا اور خفیف شور	زردی گرم تر مرکب القوی سفیدی سرد تر	مضر معدہ اور پتھری اور قولنج پیدا کرتی ہے	نمک گرم مصالحہ	جہینگا مچھلی تازہ	۵ عدد سے ۲ عدد تک	نیمبرشت۔ صالح الکیموس۔ کثیر الغذا۔ قلیل الفضول۔ دل و دماغ اور بدن کو طاقت دیتا۔ باہ پیدا کرتا ہے۔ گرم نزلہ کو سینہ پر گرنے سے روکتا ہے۔ چھاتی کی خشونت۔ معدہ کی تلخی اور خون تھوکنے کو دفع کرتا ہے۔ نیمبرشت بچوں کو بجائے دودھ کے ہے اسکی زردی کا تیل مقوی باہ اور بال اگنے میں مدد دینے والا +
انزروت	کنجدہ	انزروت	درخت خاردار کا گوند ہے رنگ سرخ و سفید مائل	گرم ۲ خشک ۱	ورم امعا پیدا کرتا ہے	روغن بادام و کیکر کا گوند	ایلوہ و نشاستہ	۲ ماشہ	ملین ہے ریاح غلیظ کو تحلیل کرتا ہے۔ اور سدہ کو کھولتا ہے۔ رطوبات قروح کو خشک کرتا ہے۔ بلغم کا مسہل ہے۔ عمق بدن و مفاصل سے بلغم کو جذب کرتا مخصوصاً بلید اور بیکنجا[illegible]

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
"	"	"	یہ زردی اچھا ہوتا ہے ذائقہ پھیکا		قاتل ہے	"	"	"	اور لسوت کے ساتھ صفرا کا مسہل ہے پیناس کا ارنڈی تیل کے ساتھ تنقیح استقائی کے واسطے مفید ہے۔ خصوصاً آنکھ کے مرضوں کے واسطے نہایت نافع ہے امراض چشم میں اسکا استعمال بغیر بھونے جائز نہیں ۔
اکول	.	.	ایک درخت ہے جسکے پتے ارڈ جیسے ہوتے ہیں رنگ سبز و بھورا	گرم تر	بلغم زیادہ کرتا ہے	.	.	.	رنج کا فساد دور کرتا ہے سوجن اور پیٹ کا درد دفع کرتا ہے پیٹ کے کیڑے مارتا ہے مقوی دل ہے اسکی جڑ کا چھلکا کالی مرچ سے بقدر ایک ماشہ ملا کر کھانا بواسیر کو مفید ہے اسکی جڑ میں تانبا سفید کشتہ ہوتا ہے۔
انگدان	انگدان	انجدان	ایک گھاس ہے چار قسم کی جسکے بیج گیہوں جیسے ہوتے ہیں	گرم خشک	جگر مثانہ	زرشک کتیرا	رائی	۳ ماشہ	حل کرنیوالا لطیف کرنیوالا صاف کرنے والا حیض اور پیشاب جاری کرنے والا سدہ کھولے معدہ اور باہ کو طاقت دے اندر کے درد کو آرام دیتا ہے۔
انگور	انگور	عنب	مشہور ہے زرد و سیاہ شیریں و چاشنی دار	پکا گرم تر کچا سرد خشک	معدہ کی ملوسیہ	سوانف گلقند	منقی		جلد ہضم ہو جاتا ہے اور معدہ میں اتر جاتا ہے کثیر الغذا عمدہ اور صاف خون پیدا کرتا ہے بدن موٹا کرتا ہے۔ سودا سے خون کو صاف کرتا ہے جلا کرتا ہے اور پختہ کرتا ہے
انناس	.	.	ایک میوہ ہے شریفہ کی شکل کا باہر سرخ اندر زرد	سرد تر ۲ نزد بعض گرم تر ۲	گلو اور آلات تنفس	شکر سونٹھ بنائی ہوئی	سیب	.	فرحت بخش دل و دماغ اور جگر کو طاقت دینے والا خفقان دور کرنے والا گرم مزاج اور سرد مزاج والوں کو طاقت دینے والا صفرا کی حرارت کو دور کرنے والا

نام مفردات	فارسی	عربی	ماہیت	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
اونٹ کٹارا	اشترغار	اشترغار	ایک نبات ہے کانٹے دار مانند بادآورد کے زرد وسفید رنگ تلخ ذائقہ	گرم خشک ۳	دماغ گردہ	سرکہ و شربت عنزہ و ریباس	انجدان	ایک ماشہ	سدہ کھولے۔ معدہ گرم کرے۔ بھوک لگاوے کھانا ہضم کرے۔ پیشاب لاوے۔ یرقان دفع کرے۔ گٹھیا کھووے۔ ہرایک سرد زہر کو تریاق ہے اسکی جڑ باہ پیدا کرتی ہے اسکا عرق گردہ اور طحال کو مفید ہے۔ اسکی تازی جڑ کا چوبا بقدر ایک ماشہ پان سے کھانا مقوی باہ ہے کھانسی دفع کرتا ہے
اونٹنی کی مینگنی					انثیین اور معدہ مقعد گردہ	کتیرا	[illegible]	[illegible]	[illegible] بلند [illegible] آلات نفس کو مفید ہے۔ تلی کا ورم ہٹاتا ہے گردہ کو مفید ہے سینہ اور پھیپھڑے کو صاف کرتا ہے مقوی باہ بلغم کو دست کی راہ نکالتا ہے۔ شہد میں ملاکر [illegible] کو متحرک کرتا ہے۔ اسکی جڑ جابجا غلیظ خلطوں کو لطیف کرتی ہے اعضا میں [illegible] ہے۔ سخت ورم کو حل کرتی ہے۔ پیشاب دودھ اور حیض بہاتی ہے
اونٹ	شتر	[illegible]	مشہور جانور ہے	گرم خشک	”	”	”	حلال	[illegible] میں اسکی [illegible] پیکر لگانا مرگی کو مفید۔ مقوی جگر۔ اس کا گوشت غلیظ ثقیل دیر ہضم۔ سوداوی خون پیدا کرنے والا بواسیر کو مفید۔ اسکی [illegible] کا مغز ریشم میں لپیٹ کر حمول کرنا حمل رہنے پر مدد کرتا ہے اس کا پیشاب جلندھر کو مفید ہے اسکے پتہ نہیں ہوتا اسکا دودھ پیاس لگاتا ہے۔ دودھ کا مصلح شکر ہے۔ دودھ جلا کرنیوالا۔ پکانیوالا۔ حل کرنیوالا مقوی جسم۔ سدہ کھولنے والا۔ اندر کے ورم کو حل کرنیوالا۔ قے اور دمہ کو ہٹانے والا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
انیسون	بادیان رومی	انیسون	ایک گھاس کا تخم ہے سونف سے چھوٹا رنگ سبز [illegible]	گرم ۳ خشک ۲	مضر احشا	سونف رب السوس خشخاش گرم مزاجوں کو	سونف تخم سویہ تخم کشنیز	۲ ماشہ	محلل و ملطف ہے۔ ریاح کو تحلیل اور درد دون کو ساکن کرتا ہے۔ مدر بول و حیض اور دودھ و عرق ہے۔ رخساروں کے رنگ کو نکھارتا ہے اصحاب فالج اور لقوہ اور استرخاء و صرع کی غذاؤں میں داخل کرتے ہیں بخور و نسوط اسکا درد سر بارد و درد شقیقہ اور دوار و سدد و نزلات بارده اور کان کے درد کو نافع ہے اور منجن اسکا دانتوں کو صاف کرتا ہے منہ کی بدبو دور کرتا ہے چبانا اس کا درد سر بارد و شقیقہ و درد سینہ و کھانسی و ضیق النفس و خفقان بارد کو مفید ہے مجاری تنفس کو صاف کرتا ہے۔ فم معدہ کو تقویت دیتا ہے اور اسکی رطوبت کو دفع کرتا ہے
اوجھڑی	شکنبہ	کرس	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	.	خلط غلیظ پیدا کرتی ہے اور مورث بلادت اور سکتہ اور مرگی اور تاریکی چشم ہے
اود بلاؤ	سگ آبی	[illegible]	دریائی جانور ہے	.		.	.	.	سر سہ اور ضماد اسکے دماغ کا تاریکی چشم کو دفع کرتا ہے
اوگرہ									تشنگی و سوزش و تپ پیدا کرتی ہے اور جو دہی اور چھاچھ سے بناویں بھوک لگاتی ہے تپ اور زبان کی بدمزگی کو زایل کرتی ہے۔ زنان حاملہ کو بہت مرغوب ہے
ایکھ یا گنا یا پونڈا	نیشکر	قصب السکر	مشہور نہایت شیریں سفید و سیاہ رنگ	گرم ۱ تر ۲	ریہ کو مضر نفاخ و مرطوب	انیسون	.		خون کو لطیف کرے۔ سدہ کھولے سینہ کی خشونت سکھانسی و درد مہ کو دفع کرے بدن کو موٹا اور رطوبت کو جلا کرے۔ پیشاب لگائے مثانہ صاف اور پیٹ نرم کرے باہ اٹھائے سوزش [illegible]

نام ہندی	فارسی	عربی	ماہیت مع شناخت یا انتخاب	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
اولا	تگرگ یا ژاله	جلید	مشہور و معروف ہی	سرد ۳ خشک ۲	٠	٠	٠	٠	سب فعال ہیں مانند برف کے ہے اگر اوله کو کپڑے پر پہیلا کرے تب سلعه کی گردن پر باندہیا تو اسکو تحلیل کرتا ہے جلے ہوے عضو پر ملنے سے درد اور سوزش کو تسکین ہوتی ہے اور جو اوله کو زمین پر ڈالیں کہ پانی ہو جاے اسکی مٹی دل پر ملنے سے سوزش یا درد کو ساکن کرتا ہے اور اسکی مٹی کا غله بنا کر سکہائیں اور وقت حاجت کے اس کو پانی میں بہگو کر ضماد کریں بہی اثر رکہتا ہے ⁂
[illegible]	ایل خیرپیا	طراشیث	یہ بوٹی سرخ و سفید چنے کے کہیت میں ہوتی ہے	سرد خشک	ریه	کتیرا و شکر	صمغ عربی مازو پوست انار	۳ ماشہ	قبض کرے خون کی جلن کہوئے۔ خون کا جانا بند کرے مقوی معدہ و جگر۔ گرم مواد کو اندر دہکیلتا ہے ⁂
ایلوا	صبر	صبر سقوطری	عصارہ گہیکوار رنگ سیاہ نہایت تلخ اور بدمزہ	گرم خشک	انتڑیوں کو اور معدہ کو ڈہیلا کرتا ہے	کتیرا گل سرخ مصطگی	دستو تکو تربد و مم اور سوت	۴ ماشہ	جگر کا سدہ کہولے۔ ریاح نکالے ہر خلط کو مسہل قوی۔ معدہ کو بڑے خلطوں سے پاک کرے۔ مقوی البصر۔ زخم جگر کو اچھا کرے قے خون کا فساد اور جذام کو مفید پیشاب بہت لائے
ایل پاپک	٠	٠	ایک نبات ہے سبز بدمزہ اور تیز	سرد	٠	٠	٠	۵ ماشہ	جرب و جذام کو دفع کرتا ہے۔ پیٹ کے کیڑے مارتا ہے۔ پیاس۔ قے۔ بلغم اور صفرا کا فساد ہٹاتا ہے۔ خون کا فساد کہوتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے ⁂
اینٹ	خشت	آجر	مشہور ہے۔ سرخ و سیاہ	گرم خشک ۲	معدہ گرم	سرکہ کتیرا	صدف	۶ ماشہ	بہت خشک کرنیوالا۔ حابس خون استحاضہ شکر کے ساتھ۔ اگر اسکو گرم کرکے اور ادپر سرکہ

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
״	״	״	مٹی جیسا مزا	״	،		ٹھیکری	״	چھڑک کر دنبل پر کہیں تو اسکو اندر بٹھا دیتا ہے رقت منی دور کرے۔ پرانی حیض اور ... کے واسطے مجرب ہے ✦
اینگر	شنگرف	زنجفر	معدنی چیز ہے سرخ رنگ بدمزا	گرم ۲ خشک ۳	مورث کرب	روغن گاؤ و دودھ	مردارسنگ	مت ہاد	قبض کرے۔ جذب کرے گرم ورم کو دبائے۔ خون کا گرنا بند کرے۔ خارش کھجلی۔ جذام اور آگ سے جل جانے کو مفید ہے۔ جلدی امراض میں کم مقدار کھانا جائز ہے جیسے آتشک ✦

باب بائے عربی

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
بابونہ	بابونج	بابونہ	ایک بوٹی ہے مشہور اس کے پھول کام میں آتے ہیں پھیکی خوشبودار	گرم ۳ خشک ۳	درد سر کرے گرانی سر ہو مضر حلق	نیلوفر کا پھول شربت انار	برنجاسف اکلیل الملک	۴ ماشہ	گرم کرنے والا قوتی کا تحلیل کرنے والا جگر کا سدہ اور رگوں کا مونہہ کھولتا ہے لطیف کرتا ہے حیض۔ دودھ۔ پسینا اور پیشاب لاتا ہے۔ قولنج اور درد مثانہ کو مفید ہے یرقان اور دمہ کو دفع کرتا ہے۔ لیپ کرنے سے ورم کو نرم کرتا ہے۔ آنکھ کو طاقت دیتا ہے اور نزول کو روکتا ہے سرمہ کے طور پر لگانے سے اسکی جڑ تخم سے زیادہ قوی ہے۔ مجرب تحقیقی ہے ✦
بابچی یا بکچی	•	•	تخم ہے مشہور گول اور چپٹا	گرم خشک ۳	اپھارا کرتا ہے	سونف گھی		۲ ماشہ	نرم کرے بھوک بڑھائے کھانے اور لگانے سے برص بہق۔ کھجلی۔ جنون اور جذام کے فساد کو دور کرے۔ بلغمی تپ کو مفید ہے۔ گرم مادے اور پیشاب گاہ کے زخموں کو صاف کرتی ہے ✦

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	خاصیت
بابرنگ	برنگ کابلی	برنج کابلی	دانہ ہے کالے رنگ کا گول تلخ و تیز	گرم خشک	آنتیں	کتیرا مصطگے	ترشی کمیلہ	۱۰ ماشہ	بلغم اور سوداوے غلیظ لیسدار خلطوں کو جوڑوں سے نکالتی ہے۔ سوزن کی تمام رطوبت کو خشک کرتی ہے۔ معدہ اور آنتوں کے اور کیسہ کے کیڑوں کو ہلاک کرتی ہے۔
باتھوا یا بتھوا	بزر القطف	تخم سرمق	سیاہ رنگ کے مشہور تخم ہیں۔ ذائقہ پھیکا	گرم تر ۱	گرم مزاج کو مضر ہے	لیموں [illegible]	۶ ماشہ		جلندھر اور عسر البول۔ ضعف گردہ اور احشا کی سوزش اور یرقان اور بجار ضعف کو اسکا لگانا مفید ہے۔ لگانے سے ورم کو تحلیل کرتا اور پکاتا ہے اور پھاڑتا ہے۔ ملین ہے باہ اور بھوک کو بڑھاتا ہے بواسیر اور کرم شکم دور کرتا ہے۔ حمل گرا دیتا ہے۔
باجرا	گاورس	جاورس	ایک قسم کا غلہ ہے سفید رنگ ذائقہ شیریں	گرم خشک	[illegible] پیاس لگاتا ہے سودا	روغن زرد و شکر	چاول کنگنی	۰	بدن [illegible] معدہ اور باہ کو طاقت دیتا ہے۔ رطوبت دفع کرتا ہے۔ قبض کرتا ہے خشک کرتا ہے۔ قلیل الغذا ہے اسکی روٹی حراری اسہال بند کرتی ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ کچھ پیٹ سے گراتا ہے اسکی ٹکور بواسیر کے درد کو مفید ہے اور معدہ کی ریح کو دور کرتی ہے۔
بادام کڑوا	بادام تلخ	لوز المر	ولایتی میوہ ہے سرخ و سفید [illegible]	گرم ۳ خشک ۲	آنتوں کو مضر ہے	شکر مصری	محلب	۳ ماشہ	حل کرنے والا۔ جلا کرنیوالا اور غلیظ خلطوں کے تنقیہ میں بے عدیل۔ دردسر پسپھڑے کی کھانسی سینہ کا ورم جگر یرقان کے مرضوں کو مفید۔ پتھری کو توڑتا ہے۔ ایک درم شہد میں ملا کر چاٹنا باولے کتے کے کاٹے کو مفید ہے۔
بادام شیریں	بادام شیریں	لوز الحلو	ولایتی میوہ ہے باہر سرخ اندر سفید شیریں خوش ذائقہ	گرم تر ۱ و معتدل	[illegible] ثقیل	شکر	چلغوزہ	۳ تولہ	سدہ کھولے۔ طبع نرم کرے۔ قوت اور دماغ کے جوہر کی حفاظت کرے جلا کرے۔ آنکھ کو طاقت بخشے۔ حلق اور سینہ کو نرم کرے۔ قے پیدا کرے۔ خشک کھانسی کو مفید ہے۔

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت رنگ مزہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
″					دیر ہضم				مثانہ اور پیشاب کی جلن دور کرے۔ بدن موٹا کرے۔ باہ پیدا کرے۔ قولنج دفع کرے اور تیل نیند لاوے۔ طبع نرم کرے۔ دماغ کو طراوت بخشے آواز صاف کرے۔ ادویہ مسہلہ کے نقصان دور کرے۔ معدہ اور اعصاب کو طاقت بخشے۔ احشا کو مضر ہے۔ اسکا مصلح مصطگی اور بدل روغن خشخاش ہے مقدار خوراک اسکے تیل کی چھ ماشہ ہے
بادآورد	بادآورد	شوکۃ البیضا	گھاس ہے مثل درخت کی اسکے تخم سفید درخت سبز	گرم خشک ا	[illegible]	کشنیز	شاہترہ	۹ ماشہ	غلیظ بلغم اور سودا کو دستوں کی راہ نکالتا ہے معدہ کو طاقت بخشتا ہے سدہ کھولتا ہے پیشاب بلاتا ہے۔ حل کرنیوالا۔ دانتوں کے درد عسر البول اور پرانی بلغمی اور سوداوی تپ اور جلندہر کو مفید ہے
بادیان رومی	بادیان رومی	انیسون	تخم ہیں سونف سے چھوٹے تلخ مزہ سبز رنگ سفیدی مائل	گرم ۲ خشک ۲	آنتیں و دردسر گرم مزاج	سونف سکنجبین	سویا سونف	۷ ماشہ سے ۹ ماشہ	لطیف کرنے والا ریاح کو تحلیل کرنے والا درد کو تسکین دیتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے اور لقوہ اور جلندہر تپ بلغمی سیلان رحم یرقان کو دفع کرتا ہے پسینا اور پیشاب لاتا ہے دودھ جاری کرتا ہے باہ کو بڑھاتا ہے اسکا عمول حمل رہنے کو مدد دیتا ہے
بادیان خطائی	بادیان خطائی		ایک پھل ہے خوشبودار چوپہلا رنگ بھورا شیریں اور تیز مزا	گرم خشک ۲	پھیپھڑے اور [illegible]	[illegible]		۷ ماشہ	تحلیل کرنے والا سدہ کھولنے والا معدہ اور ہاضمہ کو طاقت بخشتا ہے۔ ریح اور کھانے کی سستی کو دور کرتا ہے۔ احشا کے درد کو دفع کرتا ہے۔ بلغم کو حل کرتا ہے۔ پیشاب اور [illegible] باہ کو بڑھاتا ہے۔ درد اور پیاس پیدا کرتا ہے

نام دوا	فارسی	عربی	ماہیت یعنی شناخت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بادمنلہ	۰	۰	جوار کو بھونکر پانی میں پکاتے ہیں اور اوپر سے پانی نتھار لیتے ہیں	سرد خشک	۰	۰	۰	۰	قبض کرے پسلی کی چبھن اور پیٹ کا درد تینوں خلطوں کے فساد کو دور کرے آگیا پل خوبانی کا پھل ہے اور قدرے چاول اور سیاہ مرچ پیسکر ملاویں تو بلغمی مریض کے واسطے عمدہ غذا ہے۔ ہاضمہ اور بھوک پیدا کرتی ہے ❖
بارتنگ	بارتنگ	لسان الحمل	گھاس ہے مشابہ زبان بکری کے سبز رنگ تلخ ذائقہ	سرد خشک	ریہ طحال	شہد بنفشہ مصطگی	چوکا کے پتے	۵ تولے	اسکا عرق سب اعضائے باطنی سے خون کے جانے کو بند کردیتا ہے۔ سرد ورم جلا کر نیوالا تعمیر کرتاہے مواد کو اندر کی طرف دباتا ہے۔ جگر کو طاقت بخشتا ہے۔ اسکا عصارہ سل اور دق اور پیشاب کی جلن کو ازحد مفید ہے اسکا عرق قوت اسکے کو قوت دیتا ہے۔ اسکے بیج پیاس بجھاتے ہین۔ حمی عفنی دور کرتے ہیں امعا کو طاقت دیتے میں اسہال و زحیر کو مفید ❖
بارا	۰	۰	۰	سرد خشک	۰	۰	۰	۵ ماشہ	رکت پت کا فساد دفع کرے۔ ہاضمہ اور بھوک زیادہ کرے۔ بلغم اور صفرا کو دور کرے اعضا کی جلن۔ دمامیل شور اور چوٹ کو مفید ❖
باراہی کند	۰	۰	جڑ ہے کسی درخت کی	گرم خشک	محرور	سرکہ و شربت نیلوفر		۵ ماشہ	بھوک لگاوے باہ اور اعضا کو طاقت دے۔ صفرا کو اٹھائے۔ بلغم اور باد کا فساد دور کرے۔ سوزاک اور کرم دفع کرے۔ اسکی سبزی چہرہ کی زردی اور جذام کو دور کرے۔ طلا کرنے سے ورم اور دامیل کو تحلیل کرے ❖
بارود	باروت	بارود	مرکب ہے گندھک شورہ قلمی	گرم خشک	گردہ	کتیرا	۰	۰	جالی اور مقطع سدہ ہے۔ تلی اور درد پشت کو نافع ہے۔ درد راس کا تازہ زخموں کے لئے

نام اردو	فارسی	عربی	ماہیت یا جائے پیدائش	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	حلال و حرام	خاصیت
״	،	״	مداریا ارنڈ وغیرہ کے کوئلوں سے باتقاع حاصل	،	پھیپھڑہ	شہد	״	״	ہم خون کو اسی وقت بند کرتا ہے اور جو درد مفاصل کی جگہ کاٹنے سے کو چے دیکر اسے دو کو نرم پیسکر اس پر لیپ درد کو دور کرتی ہے ؛
بارہ سنگا	گوزن	ایل	مشہور جانور	گرم خشک	گرم مزاج کو تلی چھچھ	دھنیا	شتر مرغ	حلال	اسکا سینگ شربت کے ساتھ پینا لذت جماع پیدا کرتا ہے ۔ جلا کر دانت پر ملنا مجلی ہے اسکا گوشت دیر ہضم مقوی باہ و اعصاب ہے اسکا خون سم ہے ۔
باز	باز	جرّہ	جانور مشہور	گرم ۲ خشک ۲	قولنج پیدا کرے	گرم مصالح	۔	حرام	اسکا پتہ آنکھ میں لگانا نزول الماء کو مفید ۔ اسکی بیٹ شہد سے لیپ کرنی ورم کو کھو دیتی ہے گوشت ردی الغذا دیر ہضم ۔ ورم کو تحلیل کرنے والا ۔ اسکا پر جلایا ہوا زخم کو جلد اچھا کرتا ہے ۔ اسکی بیٹ بدن کے داغ کو کھوتی ہے ۔
باشہ	باشہ	باشق	مشہور جانور ہے	گرم خشک	۔	۔	۔	۔	اسکا مغز بادرنجبویہ یا گلاب کے ساتھ حل کر کے متواتر دینا خفقان والے کو بہت مفید ہے
باکلا	باکلا	باقلا	تخم ہے بقدر ایک انگشت کے پھلی ہوتی ہے اسمیں سے نکلتا ہے رنگ سیاہ اور ذائقہ پھیکا ہوتا ہے	سرد تر ۱	عقل کو خراب کرتی ہے تخمہ لاتا ہے	نمک کالی مرچ ہے چھیلنا چاہیے	لوبیا	۔	حل کرنیوالا پکانیوالا معدہ سے جلد گذرنے والا کھانسی کو آرام دے پرانے دستوں اور ہاتھوں کے زخم کو مفید ۔ مقوی باہ ۔ خنازیر کو تحلیل کرتا ہے جھائیں اور بدن کے داغ کو کھوتا ہے ۔ اسکے بیج سرد و خشک دماغ کو خراب کرتے ہیں اسکا مصلح دار چینی ہے یہ تخم کھانسی سینہ کی خشونت اور حلق کو مفید ہیں جلا کرنے والے جلبس کرنیوالے ورموں کو تحلیل کرنیوالے ضماد کرنے سے منہ پر لگانے سے چہرہ کو صاف کرتے ہیں زخم کا نشان

نام اردو	نام فارسی	عربی	ماہیت یا پہچان	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	حلال یا حرام	خاصیت
"	"		"	"	"	"	"	"	تا دور کرتا ہے۔ اگر لہسن کھاکر اوپر سے کھاؤ تو لہسن کی بدبو جاتی رہے۔ اسکا شگوفہ اگر پکایا کریں تو طعم پیدا ہوتا ہے ؛
باگھ	شیر	اسد	جانور درندہ مشہور ہے	گرم خشک	.	.	.	حرام	اسکی کھال پر بیٹھنا بواسیر اور خونی تپ کو مفید۔ اس کا گوشت دیر میں ہضم ہوتا ہے بیماری لاتا ہے۔ اسکی چربی نولوں سے تڑوں اور پھوڑوں پر لگانے سے خواہش اور قوت جماع کی ہوتی ہے۔ اسکی چربی خنازیر اور ورم سخت کی تحلیل کرتی ہے اسکی مونچھ کا بال بالخاصہ مہلک ہے
بال	مو	شعر	مشہور و معروف ہے	سرد و خشک	اعضاء اندرونی اور کھانسی اور قے لاتا ہے				اسکو جلاکر زخموں پر چھڑکنا خشک کرتا ہے۔ شہد کے ساتھ طلا کرنا بھی یہی اثر رکھتا ہے مرداسنگ اور شہد کے ساتھ جرب اور حکہ چشم کو مفید ہے۔ روغن زیتون یا پانی کے ساتھ آگ سے جلے ہوئے کے واسطے مفید ہے۔ سرکہ میں پیکر ثالیل اور بثور کے تحلیل کرنے اور باولے کتے کے کاٹنے کے واسطے نافع ہے۔ بکری کے گھی کے ہمراہ مونھ کا ورم دفع کرتا ہے اسکا ذرور کا نخ نکلنے نہیں دیتا بلکہ کلنخ کو دور کرتا ہے۔ روغن گل کے ہمراہ کان میں ٹپکانا کان کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ حمول اسکا سیلان رحم کو نافع اور رحم کی رطوبت خشک کرتا ہے۔ پانی اسکا جو ٹپکانے سے حاصل ہوتا ہے داء الثعلب اور بالوں کے جھڑنے کے واسطے مجرب ہے ؛

نام ہندی	نام فارسی	نام عربی	ماہیت یعنی پہچان کا طریقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بالنگو	تخم بالنگو	•	ایک بیج ہے کالا اور لیسدار	گرم تر ۱	معدہ	نبات آب سیب	ریحان ابریشم	۳ ماشہ	دل کو قوت بخشے۔ خفقان کو مفید۔ خون اور معدہ کے دستوں کو مفید۔ عرق گلاب کے ساتھ کھانا روده کی ریح اور زحیر کو نافع۔ شکر کے ساتھ کھانا پیاس دور کرے ؛
بالوط	بالوط	بلوط	پھل ہے کوئی لمبا اور کوئی چپٹا	سرد ۱ خشک ۲	سدہ سودا پیدا کرتا ہے	مصری سکنجبین	کلکی گلنار	۷ ماشہ	قبض کرے۔ دستوں کو روکے۔ خون گرنا بند کرے۔ موہنہ سے خون جانا روکے انتوں کے درد زخم اور پیچش۔ خفقان اور جی متلانے کو مفید ہے ؛
بالو	ریگ	رمل	مشہور	سرد ۱ خشک ۳	پھیپھڑہ	•	خاکستر	•	رطوبت کو جذب کرے اور استسقا کے لئے باندھنے میں مجرب ہے اور اسکا حمول یعنی کپڑا الست کیا ہوا مانع حیض و حمل ہے۔ اور اگر بدمزہ یا بدبودار پانی کے مٹکے میں رکھیں تو پانی کو اچھا اور خوش مزا کرتا ہے ؛
بالچھڑ	سنبل ہندی	سنبل الطیب	ایک گھاس ہے بے پھول و بے پھل سیاہ ذائقہ تیز	گرم خشک ۲	گردہ	کتیرا طباشیر	تیزپات حرائس	۴ ماشہ	جگر و معدہ اور دماغ کو طاقت بخشے۔ قوت ماسکہ کو مقوی۔ سدہ کھولے۔ ادرار کرے پتھری توڑے۔ خفقان۔ استسقائے لحمی۔ یرقان اور باطنی ورموں کو مفید۔ معدہ اور سینہ کی رطوبت خشک کرے۔ سرمہ لگانے سے آنکھ کی بینائی کو طاقت دیوے ؛
بالکا	دستنبویہ	•	ایک قسم ککڑی کی ہے	کچا سرد ثقیل پکا گرم سبک	صفرا انگیز	•	•	•	رکت پت دفع کرے۔ کھانے کی خواہش پیدا کرے ؛
بام مچھلی	ماہی	حریث	مشہور	•	•	•	•	حلال	آواز صاف کرے۔ اسکے پتے کی نسوار جنوں کو مفید ؛

نام ہندی	فارسی	عربی	ماہیت یعنی شناخت اسکی	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بامنی	•	حردون	ایک جانور ہے چھپکلی کی شکل کا۔	گرم خشک	کھانا مولد فالج	•	•	•	سکا دل نکالکر لٹکانا چوتھیہ بخار کو دور کرتا ہے۔ اس کا خون آنکھوں میں لگانا مقوی باصرہ ہے اسکی بیٹ پھنسی اور چھائیں کو مفید اور آنکھ کی سفیدی دور کرتا ہے
باندا	خرقان	خرقان	پودا ہے سبز و سرخ - درختوں پر پیدا ہوتا ہے	گرم خشک ۱ سرد خشک ۲	•	•	•	•	ہوا بلغم ریح سودا اور سوجن کو دور کرے اسکا منہ میں رکھکر چوسنا مسوڑھوں اور دانتوں کے درد کو مفید جس درخت پر ہو اسی کی خاصیت اس میں ہوتی ہے
بانس	نے	قصب	مشہور ہے سبز زردی مائل ذائقہ پھیکا	سرد خشک ۱	ریہ	کتیرا	•	•	اسکے پتے شہد میں ملا کر کھانے کھانسی کو مفید۔ بلا شہد فضول جنین دفع کرے بواسیر سوزاک اور صفرا کی حرارت دور کرے اسکی جڑ کا لیپ جوڑوں کے درد کو مفید اسکو جلا کر چھڑکنا گنج دور کرتا ہے
ببر	ببر	بر	ایک بڑا شیر ہے	گرم خشک ۲		•	•	حرام	اسکا پتا پانی میں ملا کر سرسام یا برسام والے کے سر پر رکھنا از حد مفید ہے
ببول یا کیکر	مغیلان	ام غیلان	مشہور درخت ہے پتے اور پھلی سبز پھول زرد مزا پھیکا اور کسیلا قدرے تلخ	سرد خشک	دماغ مقعدہ سعدہ	بنفشہ کتیرا بہی	ڈہاک	۵ تولہ	فضلوں کو بند کرے اور اندر کی طرف لوٹا دے۔ گرم خفقان کو دفع کرے اعضاء کو طاقت دے پتوں کا جوشاندہ دست بند کرے۔ سدہ کھولے بیس تولے چھلکے آبال دھویا ہوا دست آور ہے خوب لاتا ہے اسکی چھال پتے پھول گوند سب کا سفوف کثرت انزال جریان اور پتلی منی کو مفید ہے اسکا گوند سینہ پھیپھڑا۔ قصبۃ الریہ حلق اور آواز کی سختی اور جوڑوں کو مفید سینہ اور چھاتی کو نرم کرے قابض معدہ اور امعاء کو طاقت دے

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت حالات و شناخت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بٹیر		سمانی	مشہور پرند ہے	.	قابض	گھی	چوزہ مرغی کا	حلال	دق اور تینوں خلطوں کا فساد دفع کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے کمزوروں کے مزاج کے موافق ہے ❖
بجورا ❖	ترنج	اترج	مشہور ہے ذائقہ ترش رنگ زرد سرخی مائل	چھلکا گرم خشک ۲ بیج گرم خشک ۳ جز ترش سرد تر ۲	جگر گرم مزاج۔ دردسر پیدا کرے	بنفشہ انجیر کا شربت	سنگترہ یا لیموں کا عرق		لطیف کرے دلکو طاقت دے قبض کرے صفراوی قے بند کرے خون اور صفرا کا جوش کم کرکے خفقان پیاس صفراوی دست رفع ہوں۔ روح کو صاف کرے [illegible] بخارات اوپر چڑھنے نہ دے۔ بھوک لگاوے اسکے بیج بچھو کے کاٹنے کو از حد مفید ہیں
بجو	کفتار	ضبع	ایک حیوان ہے درندہ مردار خوار	گرم خشک ۲	ردی	شہد	بنولا	حرام	اسکا پتہ تینوں خلطوں کو دستوں کی راہ نکالے اسکا گوشت معدہ کی سردی اور ریاح کو دور کرے آبزن اسکے گوشت کا نمک سویہ اور گھی [illegible] کو مفید ہے۔ اسکی بیٹ کھانے سے جنون پیدا ہوتا ہے۔ سم ہے ❖
بجیارا	.	.	ایک اونچا درخت ہے	گرم خشک ۲	باہ کھو دیتا ہے	حب الصنوبر	بوزیدان	۳ ماشہ	تحلیل کرنیوالا۔ لطیف کرنے والا۔ غلیظ بلغم کو اسہال کی راہ نکالے خام۔ پیٹ کے کرم۔ خون اور صفرا کا فساد دور کرے ❖
ترنج	.	.	مشہور ہے	گرم ۳ خشک ۳					بھوک لگائے۔ گلا صاف کرے۔ مرگی۔ بلغم۔ نسیان اور جنات کے فساد کو دور کرے رطوبات بلغمی کو جذب کرے ❖

نام ہندی	انگریزی	عربی	ماہیت	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بچھ یا گھوڑ بچ	اکرس کی	وج	جڑ ہے گرہ دار	گرم ۳ خشک ۳	سرد خون	سنبل سکنجبین	زراوند لونگ ریوند	۳ ماشہ	لطیف اور جلا کرنیوالی۔ سدہ کھولنے والی۔ بلغم دور کرے۔ ریاح نکالے۔ دماغ کا تنقیہ کرے فالج۔ استرخا۔ سن بہری اور زبان کی لکنت دور کرے۔ معدہ۔ دماغ اور اعضاء کی رطوبت کو خشک کرے معدہ اور جگر کو طاقت بخشے۔ دانتوں کے درد، درد آنکھوں کے امراض کو مفید (عجیب سی ہے)
بچھناک	ندسپر	بیش	جڑ ہے سیاہ رنگ از قسم زہر	گرم خشک ۴	قاتل	فرنجی دواء المسک		۲ ماشہ	اگر اصلاح کرکے استعمال کیا جائے تو آتشک جذام۔ برص۔ دمہ کو مفید ہے۔ سم ہے
بچھو	اسکارپین	عقرب	حشرات الارض مشہور زہریلا جانور	سرد خشک ۲	اسکی راکھ پتھری کو مفید	گل رمنی	کچھوا	جلایا ہوا ۳ ماشہ	اسکے تیل کا طلاء۔ فالج لقوہ اور کسی عضو کے ڈھیلا ہوجانے کو مفید ہے جلا ہوا پتھری اور سنگ گردہ کو مفید ہے۔ قضیب پر اس کا طلا لگانا مقوی باہ ہے (سم ہے)
بجوز مریم	٠	بخور مریم	ایک بوٹی ہے اسکے پتے کیلہ کے مشابہ ہوتے ہیں	گرم خشک	مقعد	کتیرا	کچھکنی	۷ ماشہ	سدہ کھولے۔ تحلیل کرے۔ جذب کرے۔ دودھ۔ حیض۔ پیشاب اور پسینہ لاوے تلی اور جگر کا سدہ کھولے۔ اسکے بیج جلا کرنے والے بچہ مسقط جنین ہے
بدھارا	٠	٠	بوٹی کی جڑ ہے پتے لال سیاہی نما ہوتے ہیں	گرم خشک	٠	٠	سگند	۳ ماشہ	نرم کرنیوالی باہ پیدا کرنے والی۔ فساد باد۔ بلغم عفونی۔ سوزاک۔ سوجن۔ گٹھیا کو دور کرتی ہے زیادہ استعمال سم ہے
بردہ	٠	٠		سرد	٠	٠	٠	٠	منی زیادہ ہو۔ کھانسی دق اور خون کا فساد دور ہو

نام ہندی	فارسی	عربی	ماہیت و شناخت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
برف	برف	ثلج	مشہور ہے سفید شفاف	سرد ۳ خشک ۳ گرم خشک ۲	احشا و مرطوب مزاج	لونگ شہد	۰	۰	بے حس کرنے والی - پیاس لگانے والی - دانتوں کی گرمی کا درد دور کرے - حلق سے خون لگانے - گرم معدہ کا ہاضمہ زیادہ کرے - گرم تپ کو دور کرے - خارش اور کھجلی دفع ہو سر پر اسکی ڈلی رکھنے سے نکسیر بند ہو ۔
برگد	درخت ریشہ	ذات الذوب	ایک بڑا درخت ہے پتے بڑے پھل فندق سے تیرب اور پھیکا رنگ سرخ	گرم تر	گرم مزاج	کتیرا	دم الاخوین	ماشہ	حابس شکم - باد و صفرا کا فساد دور کرے - پھنسیاں - گلٹیں - ورم کو بٹھائے باہ پیدا ہو رقت منی - سرعت انزال - جریان اور کثرت احتلام دور کرے - ممسک ہے اعضاء رئیسہ کو طاقت بخشے ۔
برگیل			ایک جانور ہے چڑیا کی ہم شکل	گرم خشک ۲	۰	۰	۰	حلال	زود ہضم - خون عمدہ پیدا ہو - مقوی باہ - صفرا اور بلغم کا فساد دور ہو - کمزور دل کے مزاج کے موافق ہے ۔
برم ڈنڈی	۰	۰	گھاس ہے سبز روئی مایل تلخ مزا	سرد خشک			منڈی سلیکھی		خون صاف کرے - قرحوں کو مفید - منی کا جماؤ بند کرے - عقل اور حافظہ کو طاقت دے لیپ کرنے سے رخسارہ خوبصورت ہو جلد کے مرض کو مفید ۔
برنا	۰	۰	ایک ہندی درخت ہے اسکے پھل سخت و گول ہوتے ہیں رنگ بھورا	گرم خشک					نرم کرے - بھوک لگائے - خون - بلغم اور باد کا فساد دور کرے - عصبانیوں کو رفع کرے سنگ مثانہ توڑے لاغری - گولہ - کرم شکم دور کرے ۔

نام ہندی	نام عربی	نام فارسی	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
برنجاسف	بوی مادران	برنجاسف	ایک گھاس ہے پتے چھوٹے شاخیں پتلی پھول تخمدار مثل سوئے کے زرد و سفید رنگ اور بعض مائل بہ کبود یعنی نیلگوں ذائقہ تلخ	گرم خشک	گروہ	انیسون	امراض بارد سر میں بابونہ ہموزن دینا اور دیگر امراض میں افسنتین	ایک تولہ [illegible]	سدہ کھولتی ہے۔ مدر ہے۔ پتھری کو کھوتی ہے۔ سات ماشہ اسکے پھول کو شہد میں ملاکر کہانا معدہ کے کیڑوں کو خارج کرتا ہے۔ احتباس حیض و بول و عسر ولادت واورام رحم کو مفید ہے۔ جنین اور مشیمہ کو خارج کرتی ہے۔ بخار اور غشی اور زکام کو بہت مفید ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ کو خارج کرتی ہے اور قروح رحم کو پاک کرتی ہے۔ بقدر سات ماشہ پانی میں بھگوکر اسکا پینا تپ کو نافع ہے اسکا لیپ ہر قسم کے درد کو مفید۔ دماغ کے سدہ کو کھولتا ہے۔ نیز مقوی دماغ ہے۔ سرسام بلغمی اور سبات کو فائدہ کرتا ہے درد سینہ کے واسطے مفید ہے اور اسکو جلاکر زخموں پر چھڑکنا زخموں کو خشک کرتا ہے اور بڑھنا دکرنا اسکی جڑ کا پیٹ کے نیچے پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہے
برہمی	سرود بستانی	زرنب	گھاس ہے خوشبودار مثل نارنگترہ کی بو کے	گرم خشک	گرم مزاج	دھنیا صندل	دارچینی کبابچینی	۱ ماشہ	لطیف کرنیوالا۔ فرحت بخشنے والا۔ معدہ۔ جگر اور دماغ کو طاقت دے۔ کھانسی دور ہو آواز صاف ہو۔ بلغم کھولے۔ پٹھوں کی بیماری دور ہو عسر البول کو مفید
برہ میلرا			ایک گھاس ہے مشہور سبز سفیدی مائل اور زرد	گرم تر ۲	.	.	.	.	مفید چتون والے کے سفید پتے لیکر پانی ملکر دینے سوزاک۔ جریان اور پتھری کو مفید ہے کوٹکر پانی نکالا ہوا سانپ کے کاٹے کو نفع بخشتا ہے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ درد کو ہٹاتا ہے

ہندوستانی	فارسی	عربی	ماہیت یعنی شناخت دوا	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بڈھا	۔	۔	جنگلی درندہ جانور ہے	گرم خشک	۔	۔	۔	۔	اسکا گوشت ثقیل ۔ بلاد اور ۔ آنکھوں کے امراض کو دفع کرے اور گلے کو صاف کرے دانت اور گوشت پیسکر آنکھوں میں لگانا پھولا دور کرتا ہے ۔ دانت بچوں کے گلے میں لٹکانا نظر بد لگ جانے سے محفوظ رکھتا ہے +
بڑھل +	۔	۔	بڑا درخت ہے اسکا پھل نارنجی ہوتا ہے ذائقہ ترش	کچا سرد تر ۲ پختہ گرم تر ۲	نفاخ معدہ و کمزور کر نیوالا	سکنجبین		۔	کچا ثقیل ۔ بلغم پیدا کرنیوالا صفرا دور کرنیوالا ۔ پکا مقوی معدہ و دل ۔ اسکے بیج ماں کے دودھ کے ساتھ بچہ کو دینے طبع کو نرم کرتے ہیں ۔ اسکا دودھ بلغمی بخار پیدا کرتا ہے بچوں کو اسکے دودھ سے دست آنے لگیں
بسفایج فستقی	بسفایج فستقی	اضراس الکلب	ایک جڑ ہے گرہ دار	گرم ۲ خشک	سینہ و گردہ	زرد بیڑ [illegible]	افتیمون	۔	سودا اور بلغم کا اسہال لاوے اپھارا تحلیل کرے ۔ معدہ میں دودھ جما ہوا پگھلاوے قولنج کو مفید ۔ سودا اور جذام اور سوداوی مرض کو مفید ۔ آنتوں کو صاف دمہ دور ہو
بسکھپرہ	دلوا بست	جندقوقا	گھاس ہے جس کے پتے لمبے اور چوڑے مانند پالک کے ہوتے ہیں	گرم ۲ خشک پھول	قابض مولد ریاح	۔	ایجور	۲ ماشہ تا ۹ ماشہ	نرم کرنیوالا ۔ بلغم صفرا خون ۔ ریح اور پھنسیوں کا فساد دور کرے ۔ بھوک لگاوے سوجن دور ہو +
بسنتی			پھول ہے اسم بامسمی بسنتی رنگ کا	سرد خشک ۲	۔	۔	۔	۔	تینوں خلطوں کا فساد اور بدن کی بدبو دور کرتا ہے اس میں قدرے خوشبو بھی ہے ۔ نازک پھول ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	شناخت اور آزمایش	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	حکم شرعی	خاصیت
بطخ	اروک	بط و قاز	مشہور ہے	گرم ۲ خشک آ	مصدع سریع التعفن	سرکہ گرم مصالح	فاختہ	حلال	کثیر الغذا۔ ریاح حار دفع کرے۔ مقوی باہ۔ مولد منی ہے۔ بدن و گردہ۔ اسکی بیٹ سیاہ داغ کو کھوئے جلے ہوئے پر خضاب کو تحلیل کریں۔ چربی ہاتھ پاؤں پھٹنے کو مفید۔ اگر اسمیں موم ملا کر مونھ پر ملیں تو چہرہ کو جلا دیوے ؞
بکاین	آزاد درخت	بان	ایک درخت ہو بڑا جسکی لکڑی بہت نرم ہوتی ہے پھل کم ہوتا ہے۔ پتے سبز پھول زرد۔ ذائقہ تلخ	گرم ۳ خشک آ	جگر و معدہ	سونف	تج	بکتولہ	سدہ کھولے۔ تحلیل کرے۔ ادرار کرے۔ جلدی بیماریوں اور قروح کے امراض کو اور جذام وبرص و خنازیر ورم کو دفع کرے۔ پینے سے خون صاف ہو۔ لیپ سے ورم ہٹے منجن کرنے سے دانت قوی ہوں۔ اسکا پھل سات ماشے کھلانے سے جگر کا سدہ کھلے بلغم اور سودا کا اسہال ہو۔ تلی اور بواسیر کا درد موقوف ہو۔ خارش کھجلی اور جگر کی سختی دفع ہو۔ اسکا تیل تشنج کو مفید ہے
بکرا یا بکری	بز	ماعز	مشہور	گرم تر ۲	سوداوی مزاج	بادام ناریل	بھیڑ	حلال	صالح الکیموس۔ لطیف خون پیدا ہو۔ گرم مزاج والے کو مفید۔ اسکی پنڈلی کا شوربا مرطب قوی ملین دماغ ہے۔ بزغالہ۔ کمزوروں کے موافق ہے کیونکہ اس میں حرارت کم ہوتی ہے پتا ر توندے کو مفید۔ اسکا دودھ مونھ سے خون تھوکنے کو بند کرتا ہے۔ کھانسی۔ سل اور قرحہ ریہ۔ حلق و مثانہ اور خناق کو مفید ہے ؞
بکھن	۔	۔	ایک گھاس ہو جسکے پتے	گرم خشک	۔	۔	۔	۔	اسکے پتوں کا پینا حمیات مزمنہ اور بلغمی اور سرد کھانسی کو مفید ہے پیشاب کے بند ہونے

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت رنگ بو ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار	خاصیت
"	"	"	چھوٹے گر بوٹے کنگرودار اور بیلدار ہوتے ہیں	"	"	"	"	"	مثانہ کی جلن اور پتھری کو دفع کرے۔ لیپ کرنے سے سوجن اور گنٹھیوں کو تحلیل کرے اور پکاوے۔ پینے سے خون کو صاف کرے
بگلا	بوتیمار غم خورک	مالک الحزین [illegible] البری	مشہور پرند	گرم خشک	سرد مزاج کو مولد ریاح	دھنیا	۔	حلال	گوشت بدن کو موٹا کرے۔ بہت خلط پیدا کرے۔ قوت باہ کو طاقت دے۔ فالج والے اور لنگڑے آدمیوں کو مفید اور موافق ہے۔ قوت حافظہ بڑھائے۔ سیاہ [illegible] چربی کا لیپ بواسیر کے خون کو قطع کرے
بگھلا	۔	۔	ایک گھاس ہے جس کی شاخ بہت باریک پتے چھوٹے نوکدار پھول سفید	سرد خشک					زہر کا فساد اور بلغم و صفرا دور کرے۔ عسر البول کو کھولے۔ سنگ مثانہ کو توڑے۔ اعضا کی جلن مفید۔ بیہوشی دفع کرے (غیر سمی ہے)
بلائی کند یا باراہی کند	۔	۔	جڑ ہے گول بہت بڑی تیز۔ زیادہ میٹھی	۔	صفرا انگیز		۔	۔	بھوک لگائے۔ مقوی اعضائے رئیسہ اور باہ۔ باد اور بلغم کا فساد۔ پرمیہ اور کیڑے پیٹ کے دفع کرے۔ اگر ہرا ہو تو بھوک لگائے۔ جذام کو کھوئے۔ ورم کو لیپ کرنے سے تحلیل کرے فضلات کو جذب کرے
بلبل	ہزار داستان	عندلیب	مشہور پرند	گرم ۲ خشک ۱	مصدع گرم مزاج	سرکہ	فاختہ	حرام	اس کا گوشت و انڈے اور مغز محرک باہ ہے۔ بیٹ بدن کے داغ کھوتی ہے۔ رخسارہ کا رنگ عمدہ کرتی ہے۔ چھائیں اور پروال کو رفع کرتی ہے

ہندوستانی نام	فارسی	عربی	پہچان یا ماہیت	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بوسیکھیہ			بیل کا مغز جسمیں بیج نہ ہوں	.	.	.	.	.	قابض۔ باد اور بلغم اور قولنج اور درد شکم کو دور کرے +
بیلا ہوٹا	.	.	.	گرم خشک	.	.	.	.	زہر۔ بلغم اور صفرا کا فساد اور پیشاب کا بند ہو جانا دور ہو جس کے پاس ہو مغز زد سے محفوظ ہو
بلور	بلور	حجر البلور	ایک قسم کا صاف پتھر ہے سفید بد جڑا	سرد خشک	.	.	.	.	اسکا سرمہ آنکھوں کی کیچلی۔ ڈھلکا اور سفیدی کو مفید ہے اسکے لٹکانے سے دل کا دھڑکنا بند ہوتا ہے۔ خواب میں چونک اٹھنے کو بالخاصیت نافع ہے +
بلّی	گربہ	سنور	مشہور جانور	گرم خشک با رطوبت غالب	سل اور لاغری پیدا ہو	.	.	حرام	گوشت بوڑھوں کو موافق۔ سرد مزاج کو مفید۔ رطوبت والی گٹھیا اور نقرس اور فوطہ کے اتر جانے کو نافع۔ گردہ کو گرم کرے بواسیر اور پشت کا درد دور ہو۔ چمڑا گرم خشک بدن کو گرم کرنے والا کالی بلی کا پتہ روغن زنبق سے ملا کر اور بالوں کے سیاہ کرنے کو مفید ہے +
بلی لوٹن	بادرنگبویہ تره گربہ	بادرنجبویہ	مشہور	گرم خشک ۲	پھیپھڑا	صمغ عربی	ریشم	۱۰ ماشہ	دل۔ دماغ۔ حواس۔ ذہن و معدہ کو طاقت بخشے۔ مفرح۔ دماغ کا سدہ کھولے۔ لطیف کرے۔ بلغمی اور سوداوی امراض کو خفقان اور وسواس کو مفید ہے۔ لیپ کرنے سے دل کو طاقت بخشے +
بجندر	لوزنہ	قیرد	مشہور	گرم خشک ۲	.	.	.	حرام	اسکا خون لگا بال نہیں اگنے دیتا۔ اسکا گوشت دم بھر میں آدمی کو بے عقل اور گنگ بنا دیتا ہے۔ اسکی بیٹ باہ پیدا کرتی ہے +

اسم ہندی	فارسی	عربی	ماہیت یا پہچان دوا	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بندال	.	.	پھل ہے گول خاردار انجیر کے برابر	گرم خشک	گرم مزاج کو مضر	.	.	زہر	اہل ہند استسقاء اور یرقان کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔ کھانسی۔ تپ اور دمہ کو مفید۔ اسکے بیج شکر میں ملاکر کھانے سے ادرار حیض ہوتا ہے +
بن پوستہ	ملاشاسرح	دقشاقی	جنگلی ڈوڈے کا پھول	گرم خشک	.	.	.	.	تحلیل کرنیوالا۔ آنکھوں کے زخم کو صاف کرنے والا۔ موتھہ سے رال جانے کو مفید +
بنسلوچن	تباشیر	طباشیر	مشہور ہے	سرد ۲ خشک ۳	باہ و ریہ	حساب مصطگی زعفران	تخم خرفہ تخم کاسنی صندل سفید	۲ ماشہ	فرحت بخش۔ معدہ۔ جگر۔ اور دل کو طاقت دیتا ہے معدہ کی جلن اور پیاس بجھاتا ہے صفرا اور خونی دست دفع کرتا ہے۔ خشک کرتا ہے خفقان اور تمام گرم بخار دور کرتا ہے موتھہ کے چھالے اور رال کے ٹپکنے کو اسکا چھڑکنا مفید ہے +
بن	بُن	حب الخضرا	درخت بطم کا پھل ہے سفید سرخی مائل پھیکا و تھوڑے تلخ	گرم خشک ۲	سیداری مولد درد سر	کتیرا بہی گلسرخ	بادام کڑوا پستہ	۲ ماشہ سے ۹ ماشہ	آواز اور سینہ کو صاف کرے۔ سدہ کھولے۔ درد کو تسکین کرے۔ جگر طحال اور گردہ اس کو طاقت بخشے۔ مفرح۔ باہ پیدا کرے اور اسکو اکسائے خلطوں کو صاف کرے۔ نفخ کو رفع کرے۔ پیشاب لائے۔ فالج۔ لقوہ۔ مالیخولیائے مراقی اور استسقاء کو دور کرے
بن بیل بن نواڑی	. .	. .	راے بیل کا پھول ہے نواڑے کا پھول ہے	گرم خشک ۳ معتدل ایک	قبض	گلقند	.	.	قبض کرتا ہے۔ سنگ مثانہ توڑتا ہے۔ باد اور بلغم کا فساد اور عسر البول کو دفع کرے۔ تینوں خلطوں کا فساد۔ آنکھ کان۔ ناک کے امراض دور ہوں۔ ذہن بڑھے +
بنفشہ	بنفشہ	بنفسج و فرفیر	ایک پہاڑی گھاس ہے سبز سیاہی مائل پھول اسکے	سرد ۲ تر ۲ اور برد خشک	دل کو ضعیف	رب سوس	نیلوفر خماری	۶ ماشہ	بالخاصہ صفرا کو دست کی راہ نکالتا ہے۔ پیاس کو آہستہ آہستہ بجھاتا ہے۔ اور اسی طرح خون کی تیزی سینہ اور حلق کی خشونت کو آرام دیتا ہے۔ باندھنے سے ورم کو تحلیل ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
«	«	«	پھول اور پتے کام آتے ہوتے ہیں	گرم خشک ۲	کرتا ہے کرب ہے	گلسرخ بھی	«	«	کم کرتا ہے۔ مثانہ کی جلن اور کھانسی کے واسطے نہایت مفید ہے۔ اسکے زیادہ تر استعمال سے نیند آتی ہے ۔
بنولہ	پنبہ دانہ	حب القطن	تخم ہے مشہور باہر سفید۔ اندر سیاہ مزا قدرے تلخ	گرم تر ۲	گردہ	خمیرہ بنفشہ اور گڑ	تخم قرطم	۷ ماشہ	باہ اور امساک بند کرنے والا۔ محلل سینہ اور شکم کو نرم کرنے والا۔ گرم کھانسی اور حلق رحم دور کرے۔ منی کو گاڑھا کرے۔ دودھ زیادہ کرے ذکر پر طلا کرنا باعث لذت اسکا تیل ترکھجلی اور جھائیں کو مفید ہے۔ اسکے پتے ابال کر چھاچھ ملا کر آنکھ پر باندھنا مدد کو مفید ہیں ۔
بوٹی فرید	.	.	گھاس ہے لعابدار سبز رنگ و ذائقہ پھیکا	گرم	دیر ہضم	.	.	.	باہ کو اکساوے۔ بلغمی بخار اور معدہ کے درد کو جو رطوبت سے ہو مفید ہے۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑتی ہے
بوا پھڑا	چرم بوا	بلغار	مشہور ہے	سرد خشک ۱	باہ	مصطگی	جلا ہوا ریشم	مست کھاؤ	جلا ہوا زخم پر چھڑکنا زخم کو خشک کرتا ہے۔ اگر بوا چمڑے میں پانی پیا جاوے تو بالخاصہ خفقان کو دور کرتا ہے
بوزیدان	بوزیدان	ستبجلہ	جڑ ہے سفید۔ لمبی۔	گرم خشک ۲	قوطہ	رائی شہد	بہمن وچ	۱ ماشہ	باہ پیدا کرتی ہے جماع کی حاجت ہوتی ہے۔ گٹھیا اور نقرس دفع ہوتے ہیں جگر اور مثانہ کا سدہ کھولتی ہے۔ معدہ صاف ہو سقط جنین معدہ کے کرم مریں سرد زہر کی تریاق ہے۔ بواسیر اور جلند حر کو مفید۔ بالخاصہ صفرا کا اسہال کرتی ہے ۔

نام اردو	فارسی	عربی	ماہیت یعنی شناخت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار	خاصیت
بول	.	مرکی	اسکی لکڑی کا تیزہ بناتے ہیں گوند ہے سرخ رنگ ذائقہ تلخ پھیکا	گرم ۳ خشک ۲	گرم مزاج مثانہ	شہد	ایلوا کوٹھ کڑوا	۱۱ ماشہ	جلا کرنیوالا۔ خشک کرنیوالا قبض کرنیوالا۔ ریاح اور سرد ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ سونگھنے سے دماغ کو صاف کرتا ہے۔ ادرار اور اخراج کرنیوالا۔ چھیلنے والا۔ پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں درد گردہ وگٹھیا۔ دمہ و کھانسی اور بلغمی مروڑ زہر و اسہال کو دفع کرتا ہے
بولسری	مولسری	.	درخت ہے بڑا مشہور	سرد خشک ۲		.	.		صفرا اور بلغم کا فساد دور ہو۔ دانت اور مسوڑھوں کے امراض کو مفید۔ پھل قابض مسکن لعاب چبانا دانتوں کو مضبوط کرتا ہے ؎
بوٹی	.	.	ایک قسم کی چھوٹی مچھلی	سرد تر	معدہ	دارچینی	.	حلال	بلغم زیادہ کرتا ہے۔ دیر ہضم۔ کھانسی اور فساد ہے سرہ خلط دور ہو۔
بوش دہندی	.		بوش دہندہ ایک گھاس ہے سبز اسکے پتے ہندی جیسے ہوتے ہیں	سرد خشک ۱	.	.	رسوت		مواد کے نیچے بٹھائے۔ آنکھوں کے درد کو مفید ملین۔ گرمی کے ورم اور درد کو مفید۔ گرم درد سر کو اسکا طلا کرنا ازحد مفید ہے ؎
بونٹ	نخود سبز	غفز حمص	مشہور	سرد خشک ۱	نفاخ	نمک	.	.	خون۔ بلغم اور صفرا زیادہ کرتا ہے۔ بدن و باہ کو طاقت بخشے منہ کو خوشبودار کرے گندہ دہنی دور کرے ؎
بوئی مادران	بوی مادران	برنجاسف	سوسے کے مانند بوٹی ہے	گرم خشک ۳	گردہ	انیسوں	بابونہ افسنتین	۶ ماشہ	لطیف کرنے والا سدہ کھولنے والا۔ بول اور حیض کا ادرار کرتا ہے۔ پتھری پھوڑتا ہے۔ معدہ کے کرم دور کرتا ہے۔ ورم کو خصوصاً ورم رحم کو مفید ہے ؎
بھبر تھوا	.	.	جانور ہے پرندہ	گرم خشک	.		چمگادڑ	.	اسکا گوشت باد و بلغم دفع کرتا ہے ؎

ہندی	فارسی	عربی	ماہیت یعنی شکل و رنگ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بہروزہ	بارزد	قنہ	ایک درخت کا دودھ ہے سفید رنگ اور رقیق ہوتا ہے۔ آگ پر پگھلتا ہے۔ دس سال تک قوت قائم رہتی ہے مزہ بعض گوند	گرم ۳ خشک ۲	گرم مزاج کو شہد اور نفس گیر میں اور دماغ کو مضر	روغن بنفشہ و کافور	سکبینج و جاوشیر	ایکتولہ ایکماشہ	محلل و ملین۔ پرانی کھانسی اور عسر نفس۔ خناق۔ رحم۔ ا سپر مرگی۔ ضعف معدہ و جگر و طحال۔ و امراض بلغمی و عصبانیہ کو مفید ہے۔ مدر حیض۔ مسقط جنین۔ مخرج مشیمہ۔ سدۂ جگر کھولتا ہے۔ سموم کو جذب کرتا ہے۔ اسکا لیپ گوازہ درد پہلو اور کمر کو مفید ہے۔ روغن سوسن کے ساتھ کان میں ٹپکانا درد سر بلغمی اور درد گوش کے لئے مجرب ہے۔ دمامیل اور خنازیر کو تحلیل کرتا ہے۔ دانت کرم خوردہ پر رکھنا باعث تسکین ہے
بہری	بحری	۔	شکاری پرندہ	گرم خشک ۲	گرم مزاج	۔	۔	حرام	خشک کرتی الا مرطوب مزاج کو مفید۔ سودا پیدا کرتا ہے
بھڑ	کلنز	زنبور	مشہور ہے رنگ سرخ اکثر صفات میں مثل شہد کی مکھی کے نر کے ایک مادہ کے دو ڈنک ہوتے ہیں ۔	گرم خشک	۔	۔	۔	۔	برص اور بارد ورموں کو اسکا طلا شہد اور نمک کے ہمراہ نہایت مفید ہے۔ کاٹنا اسکا امراض باردہ عصبانیہ کو نافع ہے۔ اسکے کاٹنے سے سوزش اور ورم ہو جاتا ہے سب سے بہتر علاج اسکا کسی چیز سے شگاف دیکر چوسنا ہے یا برف میں کپڑا تر کرکے رکھنا کا گل ارمنی اور سرکہ کے ساتھ مالش کرنا اور ریل کا تازہ گوبر بھی ملنا مفید ہے خرفہ اور خبازی اور مکوی کا لیپ بھی نافع ہے مکھی کو پیسکر اسکے کاٹے پر لیپ کرنا نہایت مجرب ہے
بہمن	بہمن	بہمن	ایک مشہور جڑ ہے بہکی قدرے شیریں۔ اسکا	گرم و خشک ۲	گرم مزاج	عناب کتیرا	تودری اندرجو	۵ ماشہ	باہ منی۔ اور بدن کی موٹائی زیادہ کرتا ہے۔ دل کو طاقت بخشتا ہے۔ بلغم اور ریاح تحلیل کرتا ہے۔ یرقان کو نافع ہے سنگ گردہ مثانہ کو توڑتا ہے۔ رحم کو صاف کرتا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت شناخت رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
״	״	״	رنگ سرخ و سفید ہوتا ہے	״	״	״	״	״	معین سرخ مقوی دل و دماغ ہے۔ خلطوں کو صاف کرتا اور اسفل کو مضر ہے لیکن مصلح اینسون ہے
بھلاواں	بلادر	حب الفہم و حب القلب	پہاڑی درخت کا پھل ہے کسیقدر گول اور لمبا اسکے بیج کی گری مثل بادام کے ہوتی ہے تلخ تازہ سبز خشک سیاہ	گرم خشک	خون کو جلاتا جذام ہوجاتا ہے	کھوپرہ تازہ کہ چھلے ہوئے آش جو	بلسان کا تیل فندق	½ ماشہ	گرم کرنیوالا حل کرنیوالا۔ لطیف کرنیوالا۔ مقرح بلد۔ سرد امراض کو جیسے فالج۔ لقوہ رعشہ۔ بار بار پیشاب آنے کو مفید۔ باہ والا۔ ریاح اور [illegible] کو دور کرے۔ اچھا لیپ ہے۔ سنگرہنی۔ باؤگولہ۔ تپ اور برص کو مفید۔ منی کو خشک کرے۔ نزلہ دور کرے۔ اسکا تیل ہر سے خلط کے فساد کو دور کرے۔ بگڑا ہوا خون اور جذام دور ہو۔ پیٹ کے کیڑے چربی کی زیادتی دور ہو۔ اسکے تیل کا بدل روغن زیتون ہے۔ قریب سم ہے +
بھنڈی	.	بامیہ	ترکاری ہے سر تیز سفید چھلکی لعابدار	سرد تر	سرد مرطب مولد بلغم	گرم مصالحہ	تخمی جڑ گل عباسی	.	قلیل الغذا۔ اصفرا دور ہو۔ منی کو پیدا اور گاڑھا کرے۔ سوزاک۔ جریان اور پیچ دفع کرے مقوی باہ ہے +
بھنگرا			گھاس ہے تلخ و تیز۔ رنگ سبز	گرم خشک	.	.	ارنڈ کے پتے	.	اسکا پانی باہ اور بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ رطوبت اور طحال کی سختی۔ جذام و تولیج دفع کرتا ہے۔ بال سیاہ ہوں۔ ورم اور دانتوں کے درد کو مفید۔ دو قسم کا سیاہ و سفید۔ سیاہ [illegible]
بھوپھلی	.	.	پھلی ہے مشہور	سرد خشک	.	.	.	.	مقوی باہ۔ منی کو پیدا اور گاڑھا کرے۔ سوزاک و جریان کو مفید ہے۔
بھوئیں آنولہ	.	.	بوٹی ہے مشکل آنولہ سرپات میں رنگ سبز	سرد	سرد مرطب	فاسل سیاہ	آنولہ	دو ماشہ	اسکا پانی نکالا ہوا قروح خبیثہ اور ناصور پر لگانا جلد آرام کرتا ہے۔ چوٹ کو مفید ہے۔ نمک کے ساتھ داد اور خارش کو فائدہ کرتا ہے۔
بھٹکٹیا	بادنگان دشتی	بادنجان بری	درخت ہے خاردار تلخ تیز سبز پھول زرد و سفید ہوتے	گرم خشک	مکرب	سکنجبین	اوٹ کٹارا	دو ماشہ	اسکے پھل کا لیپ بلغمی ورم کو مفید۔ اسکا کھانا کھانسی اور دمہ کو مفید جالوں کے کرم دور کرے۔ محذر ہاضم اسکے پتے بواسیر کو مفید +

نام ہندی	فارسی	عربی	ماہیت یا شناخت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بھیڑیا	گرگ	ذئب	جنگلی جانور	گرم خشک ۳	-	-	-	حرام مت کھاؤ	اسکا جگر جگر کے امراض کو اس طرح مفید ہے کہ سکنجبین کے ساتھ [illegible] ہو۔ اور کرفس کے پانی کے ساتھ ضعف جگر کو مفید۔ اسکا پتہ ایک چنے کے برابر چینی لے پکے ہوئے پانی سے کھانا مقوی باہ ہے۔ طلا اسکا مفید ہے تشنج اور مرگی کو مفید ہے جو ہڈی اسکے سرگین میں ہو وہ بالخاصہ درد گردہ اور قولنج کو دفع کرتا ہے ✦
بھوسی	سبوس	نخالہ	گیہوں کی چھان	گرم خشک ۱	جگر	نشاستہ	جو کا آٹا	-	ورم پر لگانا تحلیل کرتا ہے۔ صاف اور جلا کرتا ہے۔ سینہ و شکم کو نرم کرتا ہے سینہ کی خشکی اور پرانی کھانسی دمہ اور غلیظ ریاح دور کرتا ہے۔ نمک سے ملا کر نکور کرنا درد کی تحلیل کرتی ہے ✦
بہیڑہ	بلیلہ	بلیلج	ایک پھل ہے مثل بڑ کے بھور از زردی مائل ذائقہ کسیلا بکھٹا	سرد آ خشک ۲	مقعد	شکر شہد	آملہ کالی ہڑ	۱۰ ماشہ	لطیف کرے۔ قبض کرے۔ مقوی معدہ واشتہا بالخاصہ [illegible] اسہال کرے پرانے دستوں۔ درد سر اور بواسیر دفع ہو۔ مقوی چشم [illegible] سفوف اسکا اسہال مزمن کو مفید ہے
بہی	بہدانہ	سفرجل	ولایتی میوہ ہے اور شیریں میٹھی مسدود اور چاشنی دار رنگ زردی	[illegible]	قولنج	شہد [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible] مقوی معدہ و دل و دماغ مسرت بخش مقوی الاروح حیوانی اور نفسانی کا خفقان [illegible] دمہ کو مفید۔ بلغم زیادہ ہو اور اسقاط حمل نہ ہو ✦
بھوج پتر	توز		کشمیری درخت کے چھلکے کے پتے	سرد خشک	-	-	-	-	[illegible] کرے کان کلودا اور اسید کا خلل دور کرے ✦

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بھویں ملک	-	-	آونلے کو درخت کے پتے شاخ ہوتا ہے	سرد تر آ	-	-	-	-	پیاس کھانسی صفرا بلغم اور خون کا فساد دفع کرے۔ ضربہ سقطہ اور پینڈ روگ دور کرتا ہے۔ مصفی خون اور مطفی حرارت ہے
بھارنگی	-	-	کسی پہاڑی درخت کا چھلکہ ہے	گرم خشک	-	-	-	-	بھوک لگاوے [illegible] دفع ہو۔ سوزش کھانسی اور باد و بلغم کا فساد تپ اور درد قولنج اور تنگی نفس دور ہو
بھینس	گاومیش	جاموش	مشہور چوپایہ	گرم خشک	[illegible]	[illegible]	گو سالہ	حلال	غلیظ دیر ہضم [illegible] اور ہزال گردہ والوں کو مفید۔ اسکی چربی [illegible] مفید اسکے بچے کا گوشت نقصان کم کرتا ہے
بھیڑ	میش	ضان	مشہور	گرم تر	[illegible]	[illegible]	گوسالہ	حلال	جلد ہضم [illegible]۔ مقوی اور بدن کو موٹا کرنیوالا۔ اسکی چکنی ورم اور جلد عرقی کو تحلیل کرتی ہے اسکا دودھ نفخ قولنج پیدا کرتا ہے جو ہر دماغ اور حرام مغز اور باہ و قرحۂ امعا اور خون تھوکنے اور زحیر کو مفید ہے۔ اسکا بدل شیر عورت اور مصلح روغن بادام و شہد ہے
بھانگ	بنگ	ورق الخیال قنب	گھاس ہے مشہور سبز رنگ تلخ و تیز۔ اسکے پتے استعمال ہیں	سرد خشک	درد سر پیدا کرتا	قے شربت	-	[illegible]	مجفف ممسک منی کو خشک کرے لیپ کرنے سے ورم تحلیل ہوں پینے سے سوء مزاج ہو معدہ کی رطوبت جھاڑ دیتا ہے اسکے بیج معدہ کو مضر ہیں اور حابس شکم۔ باہ کو قطع کرتی ہے نظر کو ضعیف کرتی ہے

مشہور نام	فارسی میں	عربی میں	ماہیت شناخت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
بیدانہ	بیدانہ	حبت السفرجل	بہی کے بیج چھلکے لسدار سیاہ و سرخ	سرد تر	معدہ کو ڈھیلا کرتا ہے	سونف اور شکر	اسبغول	۳ ماشہ	معدہ اور تپ کی گرمی کو رفع کرتا ہے۔ زبان اور سونھ کی جلن اور خشکی دفع کرتا ہے سِل اور امراض صفراوی کھوتا ہے۔ اسکا لعاب کھانسی اور حلق کو نہایت مفید ہے پیاس بجھاتا ہے۔ نزلہ کو بہا دیتا ہے۔
بیجبند	.	.	تخم ہیں مشہور	سرد خشک	نفاخ دیر ہضم	شکر	تخم اشک	۳ ماشہ	منی کو بڑھاتا ہے اور امساک لاتا ہے۔ پشت کو طاقت بخشے +
بیجاسار	.	.	ایک درخت ہے بڑا مشہور	گرم	.	.	.		بدن کے دانوں - پھنسیاں - پیٹ کے کیڑے اور فساد خون کو مفید ہے +
بید مشک	بید مشک بہرامج	خلاف بلخی	درخت ہے مشہور پتے اسکے بید کے سے رنگ ذائقہ تیز	سرد تر			عرق بید		تحلیل اور لطیف کرتا ہے۔ دماغ کے سدہ کھولے درد سر گرم کو تسکین بخشے۔ دل احشا اور روح کو طاقت دیتا ہے۔ اسکا عرق سب طرح سے قوی تر ہے +
بید سادہ	بید سادہ	خلاف	درخت ہے سادہ اسکے پتے سبزہ ... بید جو پانی کے کنارہ ہوتا ہے سرسبز و سفید تلخ مزہ اور تیز	سرد خشک	کمر	گلاب شکر	گل بنفشہ نیلوفر	۵ ماشہ عرق تا ۱ تولہ	تلطیف کرے دل اور دماغ کو طاقت بخشے جگر کا سدہ کھولے اور خفقان اور پیاس محرقہ بخار اور دق دور ہونے۔ دست بند کرنے کو مفید۔ عرق اسکا سب طرح قوی تر ہے +
بیر بہوٹی	کرم عروسک	کاعنہ	ایک برساتی کیڑا ہے نہایت سرخ اندر و باہر مدور	گرم خشک	سسقط جنین	روغن	کیچوا	ایک	بلغمی بیماریوں - فالج اور لقوہ کو مفید ہے۔ اسکا لیپ قوت باہ - امساک اور قضیب کے موٹا کرنے میں مجرب ہے - حرام ہے
بیر	کنار	سدر نبق	ایک درخت کا پھل ہے اسکا درخت خاردار ہوتا ہے رنگ زرد سبز و سرخ ذائقہ ترش و شیریں	سرد خشک	سرد مزاج دماغ و معدہ	سکنجبین و گلقند	سیب	.	قلیل الغذا معالج الکیموس ہے حرارت کو بجھاتا ہے۔ کھٹا بیر بخارات کو دماغ کی طرف نہیں جانے دیتا صفرا دور کرتا ہے پیاس بجھاتا ہے۔ اسکا پانی جگر کا سدہ کھولتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کے کیڑے مارتا ہے۔ اسکی لکڑی کا برادہ مرض خون جانے اور آنتوں کے زخم اور اسہال کو مفید ہے اسکے پتوں کا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت سے رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
	"	"	"	"	"		"	"	پتوں کے جوشاندہ کا پاشویہ بخرہ کو دماغ کی طرف چڑھنے سے روکتا ہے +
بیگن	باذنگان	باذنجان	مشہور ترکاری سیاہ سفید زرد ... مزا پھیکا	گرم خشک	سوداوی بواسیر [illegible]	روغن [illegible]			ستوں سدد. سدہ کھولتا ہے. سختی کو نرم کرتا ہے. پیشاب لاتا ہے. کرم کھیا کو آرام [illegible] ہے بالخاصہ. قلیل الغذا. کثیر الفضول. بیگن کا سر گھسکر بواسیر پر لیپ کرنا بالخاصہ [illegible]
بیل			بیل ایک پھل ہے گول ... ظاہر سے سبز و زرد اندر سے زرد و سرخ. ذائقہ شیریں و کسیلا	گرم خشک	سوداوی سدہ بواسیر	شکر			دل. جگر اور معدہ کو طاقت بخشے. پرانے دستوں کو آرام کرے. قاطع لزوجات رطوبت کو خشک کرے اور بالخاصہ قبض دفع کرے +
بیت	خیزران	خیزران	درخت ہے تین قسم کا اسکی چھڑی مضبوط ہوتی ہے رنگ زرد و سرخ و سبز مزا پھیکا						پتھری کو توڑتا ہے. مواد کو نیچے بٹھاتا ہے. ورم کو تحلیل کرتا ہے. اسکا پانی پینا خون گرنے کو بند کرتا ہے (غیر سمی ہے)
بیا	کیتو	خنطوط	مشہور پرند	.	.	.	.	.	اسکا پتا شکر میں ملا کر لڑکے کو کھلاؤ وہ خوشگو اور معزز ہو جائیگا +

باب بائے فارسی

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت سے رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
پاپڑی لون	بورہ ارمنی	بورق	ایک قسم کا کھار ہے رنگ سفید. ذائقہ شور	گرم خشک ۳	معدہ متلی لاتا ہے	مصطگی گوند کتیرا	نمک اندرانی	۵ ماشہ	لیپ کرنے سے ورم کو تحلیل کرتے. جلا کرے. ضماد خون کو ظاہر جلد کی طرف کھینچ لاتا ہے. کھانے سے قولنج دور کرے. باد اٹھالے. کرم شکم ہلاک کرے. غلیظ بلغم کو اسہال کی راہ نکالے [illegible] میں ملا کر انجن لگانا آنکھوں کی گرمی دور کرے. زیبق کے تیل سے ملا کر لگانا نافع ہے

ہندی	فارسی	عربی	ماہیت اور رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پاپڑی	شمشاد	سرو	درخت مشہور	سرد خشک	.	.	.	.	صفرا۔ بلغم اور خون کا فساد دور کرے ۔
پاپڑہ	شاہترہ	شاہترج	گھاس ہے مشہور باریک شاخ کی۔ تلخ ذائقہ	مرکب القوے	ریہ	کاسنی	سنا پیپلی ہرڑ	۹ ماشہ	طحال اور جگر کا سدہ کھولے۔ جگر اور معدہ کو طاقت بخشے تینوں خلطوں کو دستوں سے نکالے خون صاف کرے۔ اسکا پانی کوٹ کر نکالا ہوا معدہ اور بھوک کو طاقت بخشے طبع کو نرم کرے۔ سوکھا ہوا پرانی تپ یرقان اور سوداوی مرضوں کو مفید ہے ؛
پاپڑہ کے بیج	تخم شاہترہ	بزر الشاہترج	مشہور ہے	معتدل مائل بحرارت	طحال	ہرڑ کاسنی	سنا و کی	۷ ماشہ تا ۹ ماشہ	معدہ اور آنتوں کے جمے ہوئے فضلوں کو پاک کرے خون سودا اور صفرا کو صاف کرے۔ یرقان اور سوداوی امراض کو مفید ہے ؛
پاتھا	بوٹی فربیہ	.	بوٹی سبز رنگ ذائقہ پھیکا	گرم خشک	دیر ہضم	.	.	.	بلغمی تپ۔ سنگرہنی اور پیٹ کا درد دفع کرے۔ ٹوٹی ہڈی کو جوڑے ؛
پاڑہ	.	.	دوائے ہندی	گرم	.	.	.	.	باد۔ بلغم۔ جذام کا فساد تپ قے۔ چلند صر۔ امراض دل۔ اور جوڑوں کی جلن۔ کھجلی۔ زہر کا فساد۔ دمہ۔ کرم۔ باؤ گولہ۔ دامیل۔ شور کو دفع کرے۔ دستوں کو بند کرے ؛
پارہ	سیماب	زئبق	معدنی جسم ہے نہایت سفید	سرد ۲ تر ۲	موٹھ اور دودھ کو چھٹوں چکنے گوشت	سیسہ گلایا ہوا		۲ ماشہ	گوشت میں کھانا بدن کی صحت کو قایم رکھتا ہے۔ پچھے ہاضمہ اور باہ کو طاقت دیتا ہے لیپ کرنے سے کھجلی دور ہوتی ہے اسکے دھوئیں سے رعشہ پیدا ہوتا ہے۔ ادھ کچرے کشتہ سے جذام ہوتا ہے ؛
پارس پیپل	.	.	مشہور ہے	سرد خشک ۲	.		.	.	پھل اسکا مسہل ہے اور سفوف اسکا سیلان رحم اور قے کو بند کرتا ہے اور مقوی باہ

نام دوا	فارسی	عربی	ماہیت رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پاکر	۔	۔	ایک درخت ہے بڑا دودھ والا	سرد تر ۲	۔	۔	۔	۹ ماشہ	[illegible] دانتوں۔ ورموں اور اعضاؤں کے فساد کو اور بلغم کو مفید۔ اسکا پھل صفرا دور کرتا ہے۔ اسکا عرق باطحال کو مجرب ہے اسکا دودھ تحلیل کرنے والا اور مواد کو اندر کی طرف لوٹا دینے والا ہے۔ اسکا شیرہ نکالا ہوا دل اور بھوک کو طاقت دینے والا اور صفرا کو دور کرنے والا ہے ؛
پالک +	اسپاناخ	اسفاناخ	ایک قسم کا ساگ ہے سبز رنگ بدمزا	سرد ۲ تر ۱	درد سر کرتی ہے سرد مزاج	گوشت روغن بادام	خرفہ کدو	۳ تولہ	طبع سرم کرے۔ مواد کو اندر لوٹائے جلد ہضم ہو۔ معدہ کی جلن پیاس اور گرم تپ کو مفید۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری کو توڑے۔ دشواری پیشاب کو کھولے۔ اسکے بیج طحال کو مضر۔ مگر مواد اور احشاکے درد کو نافع۔ اسکا شیرہ دق اور سل کو فائدہ مند ہے ؛
پالک جوہی	پالک جوہی	۔	ایک سبزی ہے اسکے پتی پالک سے بڑی ہوتے ہیں	گرم تر ۲	۔	۔	۔	۔	اسکے پتوں کا پانی لگانا داد اور چھائیں کو اور اسکی جڑ کا چھلکا لونگ۔ کالی زیری۔ لہسن سے ملا کر لگانا داد کھجلہ کھوتا ہے ؛
پان	تنبول	فان	ایک پتا ہے بیل میں ہوتا ہے رنگ سبز ذائقہ تلخ اور قدرے تیز	بنگلہ گرم خشک ۲ دیگر قسم معتدل	گرم مزاج کو نہار منہ کھانا	کتھہ الائچی	لونگ	۷ ماشہ	فرحت بخش۔ بھوک لگانیوالا۔ معدہ جگر۔ دل۔ دماغ کو طاقت بخشے۔ ہضم کی حفاظت کرے۔ نشاط لائے۔ سدہ کھولے۔ فضلوں کا ادرار کرے۔ جھوٹی پیاس بجھائے گلو کی آواز صاف کرے۔ موٹھ صاف کرے رطوبت دفع کرے۔ اسکا لعاب چوسنا دانتوں کے درد کو مفید ؛

اسم مشہور	فارسی	عربی	ماہیت جیسی کہ شناخت ہو	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پانی ہری کاسنی کا	آب برگ کاسنی سبز مروق	ماء الہند مروق ماء الہندبا	مشہور ہے	سرد تر	کہانسی	شکر و شربت بنفشہ	•	۱۰ تولہ	مجاری بول کو پاک کرتا ہے۔ معدہ اور جگر گرم کو قوت دیتا ہے۔ تپ کہنہ مرکبہ کو دفع کرتا ہے۔ جلد صفرا دور نیز تشنج اطراف۔ سوزش اور ورم معدہ اور جگر کو نافع ہے۔ سدہ جگر کو کھولتا ہے +
پانی سونے چاندی کا	آب سیم و زر	ماء الفضۃ	مشہور ہے	•	•	•	•	•	دل۔ معدہ اور دماغ اور جگر اور باہ کو قوت دیتا ہے۔ مالیخولیا اور خفقان کو مفید ہے دل کی گھبراہٹ رفع کرتا ہے۔ متلی کو نافع ہے
پانی مکوہ کا پہلا ہوا	آب مکوہ سبز مروق	ماء عنب الثعلب مروق	مشہور ہے	سرد	•	•	•	•	ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ معدہ کی سوزش کو دور کرتا ہے۔ امراض حشا اور مغص وتپ بلغمی صفرا اور ورم مقعد کو نافع ہے۔ اخلاط مراریہ کا مسہل ہے ورم جگر کے واسطے بالخاصہ مفید ہے +
پانی	آب	ماء	مشہور ہے	سرد تر	اکثرت سرد مزاج کو مضر	•			مرطب ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے۔ معدہ کی سوزش کو دور کرتا ہے۔ دل کو قوت دیتا ہے۔ فساد صفرا و دوران سر و اعیاء و بیہوشی اور غثیان کو دور کرتا ہے۔ اخلاط لزجہ کو رقیق کرتا ہے پانی جس قدر کم پئیں بہتر ہے صاحب تحفہ نے فرمایا کہ بہت پانی پینا امراض سرد مثل رعشہ و استسقا پیدا کرتا ہے اور مزاج کو فاسد کرتا ہے۔ معدہ کو سست کرتا ہے۔ جو آہن تاب کریں مضرت کم ہو جاتی ہے +
پاندلڑ	فاختہ	•	مشہور جانور	سرد تر ۲	•	•	•	•	رکت بت اور ریح کا فساد دور کرے۔ قابض شکم۔ باہ بہت پیدا کرے۔ اسکی بیٹ جھائیں

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت [illegible]	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	اور کلف کو دور کرتی ورم کو تحلیل کرتی ہے پر کی دھونی چو مقیہ بخار کو مفید ہے۔ ردی الکیموس ہے +
پارسان بیل		.	ایک نبات ہے	سرد تر	سرد مزاج	گرم مصلح		.	صفرا دور کرے۔ بلغم اور پیٹ کے کیڑے زیادہ کرے +
پاڈل		.	ہندی درخت ہے برابر آئینہ کے۔ پھلی گز بھر لمبی اسمیں روئی ہوتی ہے	معتدل	.	-	.	-	سلی۔ دمہ۔ خون کا فساد۔ اعضاء کا ورم دور کرتا ہے۔ اس کا پھول بلغم کو مفید خون اور صفرا اور معدہ کی جلن کو دفع کرنے والا۔ اس کا پھل ہچکی کو دور کرنے والا ہے۔ مصلح خون ہے
پاہ	.	.	ایک قسم معدنیات سے سیاہ و سفید۔ مزا پھیکا	گرم خشک	.		.	.	عورات کی فرج کی رطوبت دفع کرے۔ خون استحاضہ بند کرے۔ طلا کرنے سے آنکھوں کے مرض کو مفید ہے (قریب سم ہے)
پپیا	ارنڈ خربوزہ	.	پھل ہے ایک درخت کا پتے مثل ارنڈ کے	سرد تر ۲	سرد مزاج	سونٹھ	.	۴ ماشہ	خون تھوکنے خونی بواسیر۔ معدہ اور دل کی سوزش کو مفید۔ دادپر اسکا پانی لگانا مفید پھل آتشک کو دفع کرے۔ اچار طحال کو کھوئے +
پپیتہ	-	.	ایک ثمر ہے اسکا چھلکا زرد آلو کے برابر ہوتا ہے بھورا و سیاہ و [illegible]	گرم خشک	گرم مزاج تشنج پیدا کرے	سیری کاسنی	تارچینی دریائی	جو بھر	دمہ و ربصہ کو مفید۔ اگر گلاب میں گھسکر دیں تو قے اور دست بند ہوں۔ حیض جاری کرے۔ دمہ حبلند صر۔ بلغمی ریح۔ جوڑوں کا درد دور کرے۔ رحم کا خون روکے۔ جادو کا اثر دور کرے۔ کھانے سے پیٹ کا درد۔ لیپ کرنے سے رسولی دور ہو سودیات کو مارے قریب سم ہے

نام دوا	فارسی	عربی	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پپیہا	.	.	یہ جانور برسات میں بولتا ہے	گرم خشک	.	.	.	حرام	باد اور بلغم کا فساد دور کرے اور بالخاصیت صفرا کو دفع کرے ✦
پتہ	زہرہ	.	تمام حیوانات کے صفرا کا خزانہ	گرم خشک	.	.	.	مت کھاؤ	اگر بکری کا پتہ قدرے کھاؤ تو گردہ کا درد دفع ہو۔ اگر کافور اور گھی گائے کا اور بکری کا پتہ ملا کر کان میں ڈالو تو درد دفع ہو۔ پتا موافق خاصیت ہر حیوان کے اپنا اثر مختلف رکھتا ہے ✦
پپیجا	.	.	.	گرم	.	.	.	.	منی پیدا کرے۔ باد و بلغم دور ہو ✦
پترج	.	ساذج ہندی	پتے ہیں بیری کی پتوں کے مشابہ مگر بہت بڑے	گرم خشک و لسوڑے					معدہ کا درد جی کا متلانا۔ بواسیر بلغم۔ باد و ریاح دفع کرے۔ معدہ کو طاقت دے اسکی سردی رفع کرے۔ پتھری کو توڑے۔ جسد ھر یرقان۔ ورم اور تلی کی سختی دور کرے سرمہ میں لگانے سے آنکھ کے مرض دفع کرے۔ دھونی یعنی عسر ولادت کو مفید ہے ✦
پتنگ	بکم	بقم	سرخ رنگ کی رنگدار	گرم خشک	درم	قے کرنا	.	د ماشہ	بلغم پھوڑا پھنسی دور کرتا ہے زخموں میں گوشت بھر لاتا ہے۔ تر زخموں کو خشک کرتا ہے
پتھر پھوڑی	.	.	لکڑی ہے گھاس ہے پسدار پتھر پر چمٹی	گرم خشک	قاتل ہے .	چکنائی .	 .	مگر نہ کھاؤ .	سم قاتل ہے۔ زیادہ کیفیت آل میں دیکھو کتاب ہذا کے صفحہ ۲۳ میں درج ہے ✦ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے اور پیشاب بہت زیادہ لاتا ہے ✦
پتھری	سنگدان چینہ دان	قانصہ	جانوروں کے شکم میں غذا رہنے کی جگہ بجائے معدہ	گرم خشک	دیر ہضم مولد قولنج	سرکہ و نمک	مصطگی	۲ ماشہ	اکثر اسہال اختلاج دفع کرے جگر کو طاقت دے نیک خون پیدا کرے۔ پیلا چھلکا جھلی دار جو اسکے اندر ہوتا ہے وہ درد معدہ اور زلق الامعا کو مفید ہے ✦

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت پہچان و ذات	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پٹ بیجنا	کرم شب تاب	حباحب	ایک جانور ہے مکھی سے چھوٹا۔ مقعد اسکی نہایت سبز بارشوں کے بیچ چھپی ہوئی رات کو چمکتی ہے	گرم خشک	۔	۔	۔	۔	تیرہ عدد قاتل ہیں اور ایک عدد مقطوع الراس بارہ مثقال بھنگ کے خیساندہ کے ساتھ تین دن پلائیں واسطے نکالنے سنگ گردہ مثانہ کے مجرب ہے۔ اور ایک عدد کو خشک کرکے پیسکر روغن گل کے ساتھ کان میں ڈالیں۔ کان کی میں کو نکالتا ہے۔ اور گرمی کو دور کرتا ہے ؛
پیڑھ اگوہ	نرمچہ	ورل	ایک جانور ہے مشہور	گرم خشک ۳	۔	۔	۔	۔	بہی ہے ریاح کو تحلیل کرتی ہے اُسکے گوشت کا ضماد کرنا پیکان و خار کو جذب کرتا ہے اور جو اُسکو چیر کر ظاہر جلد پر باندھیں باعث فربہی عضو کا ہے۔ کھجلی و حکہ اور داد اور تعصب داد کو مفید ہے۔ سرمہ اسکا جالی سپیدی چشم ہے اور ملنا اسکی چربی کا زور سے قضیب کو درار کرتا ہے
پدا	۔	۔	ایک جانور ہے خوش آواز چڑیا سے چھوٹا اسکی مادہ نر سے بڑی ہوتی ہے	گرم خشک ۲	گرم مزاج	ترشی	۔		اسکا شوربا فالج۔ لقوہ۔ تشنج۔ رعونت اور حمق کو مفید ہے جگر اور باساک کے سدہ کو کھولتا ہے۔ سبک اور زود ہضم ہے اور اسکا خون گرما گرم واسطے گرمئی آواز و ریحۃ الضو کے مفید ہے۔ راکہ اسکے سنگ گردہ کے واسطے نافع اور سرد مزاجوں میں مبہی ہے
پدمنی	تاپہ	نیلوفر	مشہور دریائی پھول ہے	سرد خشک ۲	۔	۔	۔	۔	صفرا بلغم اور خون کا فساد دفع کرے۔ قبض کرے۔ بھوک لگائے۔ دل دماغ کو طاقت بخشے حرارت اور صفرا کی پیاس بجھائے سینہ کی گرمئی دور ہو اور دست بند ہوں ؛

ہندی نام	فارسی	عربی	ماہیت پہچان بیج وغیرہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پرسیلو	.	.	.	سرد	.	.	.	.	جذام۔ کھجلی۔ بواسیر۔ خون۔ بلغم اور صفرا کا فساد دور کرے +
پرسارنی	گندہ بیارن	.	ایک درخت کا پھل ہے بیج دار	گرم خشک ۳	.	.	.	.	بڑا دست آور۔ باد بلغم کو دور کرنے والا۔ بلغمی ورم کو مفید لیپ کرنے سے +
پرشٹ پرنی	پیتون	-	ہندی دوا ہے ولایتی میوہ ہو برابر کشمش	. گرم ۱	. سورث	. سکنجبین	. بادام	. .	باہ پیدا کرے۔ دست بند کرے۔ پچپش۔ مروڑ۔ دودہ کی خراش۔ اعضا کی جلن۔ پیاس اور بلغم۔ باد۔ صفرا کا فساد۔ متلی۔ تپ کو دور کرے۔ کھانسی۔ دمہ۔ جلندھر دفع ہو +
پستہ ×	پستہ	فستق	ایک مگر سخت۔ رنگ سبز قدرے سرخ۔ ذائقہ پھیکا قدرے شیریں۔	خشک ۲ بارطوبت زائدہ	ترے	دا لو			حافظہ۔ دماغ۔ ذہن۔ دل اور معدہ کو طاقت دیتا ہے تے۔ متلی۔ خفقان باد کو دور کرتا ہے۔ جگر کا سدہ کھولتا ہے۔ بدن موٹا ہو۔ جگر کی سردی اور لاغری دور ہو اسکا چھلکا ساڑھے تین ماشہ کھانا قبض کرتا ہے۔ قے۔ ہچکی اور دانتوں کے امراض کو مفید ہے دل اور دماغ کو نافع۔ موہنہ کو خوشبودار کرتا ہے +
پسینہ	خوے	عرق	یہ عرق ہے جو جملہ حیوانات کے مسامات سے بر آمد ہوتا ہے	گرم تر				.	محلل اور جالی ہے۔ پسینہ آنے سے بدن کے مسامات کھلتے ہیں۔ بخارات بدنی نکلکر تمام جسم ہلکا ہوجاتا ہے +
پکھان بید	گوشاد	جنطیانہ	جڑ ہے سرخ رنگ	گرم خشک ۲	گرم مزاج کو بسپینہ	اسقولوقندریون	زراوند مدحرج ملساں	۱۰ ماشہ	قابض۔ ملطف جالی۔ محلل۔ سدہ کھولے۔ صفائی کرے۔ سردی کا درد دور ہو پیٹ اور پسلی کا درد رفع ہو۔ ادرار کرے۔ پرمیو۔ جریان اور یرقان دور ہو۔ مقوی باہ۔ سرکہ کے ساتھ گھسکر لگانا کتے کے زہر کو مفید ہے +

اردو نام	فارسی	عربی	ماہیت یعنی شناخت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پلاسنظور		شجرة السی	ایک درخت ہے مانند اندرجو کے	پھل گرم خشک			·	·	سدہ کھولے۔ پسینا لاوے۔ مواد کو قطع کرے۔ تحلیل اور خشک کرنے والا ساتھ قوت تریاقیت کے۔ مرگی۔ نسیان۔ نزول الماء۔ دمہ۔ آتشک۔ ریگین بالی اور بلغم و سودا کے امراض دور ہوں +
پلاس پاپڑا			پھل ہے ڈھاک کا۔ یہ ہندی درخت ہے	گرم تر				·	اسکے پلانے سے پیٹ کے کیڑے دور ہوتے ہیں۔ بواسیر کو مفید ہے۔ اگر نمک و پوست ہلیلہ ہمراہ گلاب میں پیسکر آنکھ میں ڈالیں آنکھ کے جالے کو دور کرتا ہے +
پنواڑیا چکونڈ	·	·	ایک بوٹی ہے دو بالشت اونچی پھول زرد	گرم خشک ۲	اختلاج	چھاچھ	بابچی	۲ ماشہ	تحلیل کرنے والا۔ جاذب ہے۔ لیموں کے عرق میں حل کرکے لگانا۔ برص۔ قوبا۔ کھجلی اور خارش کو مفید ہے۔ کھانے سے وبائی ہوا پاس نہیں آتی۔ بادصفرا اور کرم شکم کو مفید ہے
پنیالہ	·	·	پھل ہے کوئی بیضاوی کھٹا	سرد تر	طبعی بجا	شہد نمک			صفرا اور اُس کے امراض کو بہت مفید ہے +
پنیر +	پنیر	جبن	حیوانات کے دودھ کا بنتا ہے	سرد تر	سرد مزاج	شہد صعتر بادیہ			معدہ۔ رودہ اور گردہ کو طاقت دیتا ہے۔ طبع کو نرم کرتا ہے۔ نیک خلط پیدا کرتا ہے دیر ہضم ہے
پنیر مایہ	پنیر مایہ	انفحہ	رطوبت ہے کہ دودھ والے حیوان کے پیٹ سے نکلتی ہے سفید رنگ	گرم خشک ۲	معدہ و امعا	زرشک شہد	·	ایک ماشہ	معدہ۔ رودہ۔ گردہ کو طاقت دے دست۔ نکسیر اور رحم سے رطوبت کا جانا بند ہو۔ سلسل محلل۔ پیٹ اور رحم کا درد دور کرے۔ جس نے مردار سنگ کھایا ہو اسکو تریاق ہے۔ ایک عجیب خاصہ یہ ہے کہ ہر ایک بہتی شے کو جمادیتی ہے۔ اور جمی ہوئی شے کو بہادیتی ہے

اسم دوا	فارسی	عربی	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پناک	.	.	ہندی پھول کا نام	سرد و خشک ۲			.	.	خون - بلغم اور سودا کا فساد دور کرے ÷
پنک	لائی	وحل		سرد و خشک	.	.	.	.	اعضا کی سوزش - لو اسیر اور سوجن کو آرام ہو ÷
پنڈول	خاک سفید	طین ابیض	سفیدی ہے کہ ملک ہند میں گھروں کو سفید کرتے ہیں	سرد ۲	قبض	مصطگے گلقند	.		قبض کرے - دامیل ثبور - سرخ باد اور صفرا کا فساد دفع ہو - حمول کرنے سے رحم کو مفید ہے - لیپ کرنے سے چہرہ کا رنگ عمدہ ہو ÷
پنج چھیر	پنج شیر	جبن خمسہ	پانچ قسم کے دودھ والے درخت یعنی برگد - پیپل گولر پاکر پلاس ÷	معتدل		.	.		قبض کرے - دامیل اور ثبور اور سوجن اور جوش کو مفید - عورتوں کی فرج کے کل امراض کو مفید - منی اور دودھ بڑھائے اور پیدا کرے - ٹوٹی ہڈی جوڑے اسکے پتے خشک ہیں بلغم باد اور خون کے امراض کو مفید - پھل الکا نفخ افزا رکت پت صفرا و بلغم
پنڈارو	.	.	ایک دوا کا نام ہے	سرد	.		.		بالخاصہ - صفرا - باد - بلغم - خون اور اعضا کی سوجن کو مفید ہے ÷
پندارن	.	-	پنڈول کا ست	سرد و تر	.		.	-	
پنجامل	.	.	ترکیب مرکبہ	.	.		.		یعنی بیل و بیت وکھٹا انار و بیر لیموں ÷
پنجمول	.	.	ترکیب مرکبہ دو قسم کی چھوٹی بڑی	گرم خشک					بڑی یہ ہے - بیل - اگن مست - پاڑل - کاسمبری - شیوناک - خاصیت یہ کہ بھوک لگائے باد - بلغم - اور تنگی نفس دور کرے ÷ چھوٹی یہ ہے - گوکھرو سال پرنی - برتھا - کھٹائی - صحرا کو مفید ہے ÷

ہندی	فارسی	عربی	ماہیت یعنی شناخت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پنچکول	۔	۔	ترکیب مرکبہ		۔	۔	۔	۔	یعنی کالی مرچ و فلفل دراز و چاب و چوب سونٹھ۔ باد گولہ۔ اپھارا۔ پسلی کا درد۔ بلغم کا فساد اور درد مثانہ دور کرے ✣
پنسٹکی			جنگلی پودا ہے ہاتھ بھر کا پتے مشابہ مہندی کے	گرم خشک ۳			۔		پتوں کا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ کھانے سے سیلان رحم اور اسقاط جنین کی شکایت دور ہوتی ہیں۔ اسکا پھل کوہ کی ہمشکل ہوتا ہے ✣
پنا	زمرد	زمرد	معدنی پتھر ہے۔ رنگ سبز۔ براق۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک ۳	مثانہ	مشک	مونگا زبرجد	۲ رتی	فرحت بخش حرارت عزیزی کو روح۔ دل۔ دماغ۔ جگر معدہ کو طاقت بخشے کھانسی مرگی۔ وہم جنون خفقان۔ جلندھر۔ یرقان عسر بول وجذام کو دفع کرے نظر کو طاقت بخشے۔ اور زہروں کا تریاق ہے (زیادہ استعمال سم ہے)
پنڈالو	۔	۔	جڑ ہے سفید وسرخ شکر قند سے بڑی۔ ذائقہ پھیکا	سرد تر	دیر ہضم	کالی مرچ	۔	۔	باہ بڑھے۔ سرخ باده اور صفرا کا فساد دور ہو۔ پیشاب بار بار اور تھوڑا تھوڑا بند ہو پیاس بجھے۔ دل کو فرحت ہو۔ رکتال۔ سنکھال۔ کاشتال۔ مدہوال۔ یہ سب پنڈالو کی قسمیں ہیں ✣
پوست	پوست خشخاش	قشر الخشخاش	تلخ۔ سفید ومٹیالا رنگ خشخاش کا چھلکا ہے	سرد ۲ خشک ۱	ریہ	شکر مصطگی	افیون	۶ ماشہ	مخدر۔ مواد کو ہٹانے یعنی رادع۔ سدہ پیدا کرے۔ صفراوی اور خونی دست معدہ اور مثانہ کی جلن دور ہو نیند آوے۔ کھانسی اور امراض سینہ کو مفید ✣
پوکرمول			جڑ ہے ریشہ دار تلخ سیاہ	گرم خشک ۲	۔	۔	۔	۔	ورم بلغمی اور تپ بلغمی کو نافع ہے ✣

اسم ہندی	فارسی	عربی	ماہیت مع شکل و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
پودینہ +	پودنیہ	فوتنج	ایک قسم کی گھاس ہے مشہور۔ تلخ و تیز۔ رنگ سبز	گرم خشک	انثیں گردہ باہ	کتیرا رب السوس	گندنا	۵ ماشہ	لطیف کرتا ہوا سینہ اور گردہ کے فضلوں کو صاف کرتا ہے۔ ہچکی کو مفید ہے۔ ریاح تحلیل ہو۔ پیشاب لینا اور حیض کا ادرار ہو۔ سونگھنا متلی کو مفید ہے۔ غشی کو فائدہ مند۔ پہاڑی پودینہ قوی کو گرم کرتا ہے۔ معدہ جگر۔ طحال۔ گردہ کو طاقت دیتا ہے خون تھوکنے کو مفید بلغم کا اسہال کرتا ہے۔ نافع تخم بلنج سرکہ سے ملا کر لیپ کرنا بلغمی ورم اور مسوں کو رفع کرتا ہے +
پوئی	-	-	پتا ہے پان کی مانند	سرد تر	بلغم پیدا ہو	شکر	.	.	نیند لاتی ہے۔ باہ پیدا کرتی ہے۔ منی بڑھاتی ہے۔ آلات صوت اور حلق کو نرم کرے گرم بخار کی روک ہے جلے ہوئے عضو پہ چھالا نہیں پڑنے دیتا طلا کرنے سے امساک لاتا ہے +
پونڈا +	نیشکر کلاں	قصب السکر	کئی قسم کا ہوتا ہے رنگ سفید، سیاہ، بھورا۔ ذائقہ شیریں	سرد تر	نفاخ سرد مزاج	انیسوں	.	.	احشا کو طاقت بخشے۔ باہ پیدا کرے دل کو فرحت ہو۔ پیشاب لائے پیٹ میں کرم پیدا کرے خون کو لطیف کرے۔ مثانہ صاف کرے۔ سرخ اور کالا پونڈا صفرا کا فساد اور اعضا کی سوزش دور کرتا ہے۔ سفید قسم کا بھی ملین ہے۔ وہ پونڈا جسکے تنے سوئی کی طرح باریک یا بہت چھوٹے یا بڑے چوڑے چوڑے ہوں۔ سب بلغم دور کرتے ہیں اور کھانے کے بعد معدہ میں جلن پیدا کرتے ہیں۔ چھیلا ہوا زیادہ بلغم پیدا کرتا ہے +

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
پھالسہ	پھالسہ	فالسہ	ایک پھل ہے پتے توت کے برابر۔ رنگ سرخ وسیاہ۔ ذائقہ ترش وشیریں	سرد ۳ خشک ۱	سرد مزاج	انیسون گلقند		.	دل معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ صفراوی دست وقے وہچکی اور تپ کی حرارت سینہ اور معدہ کی جلن۔ سوزاک اور خفقان اور دل کی حرارت دور کرتا ہے اسکی جڑ کا چھلکہ ٹکڑے ٹکڑے کرکے رات کو پانی میں بھگو دیں صبح کو چھان کر پئیں سوزاک پیشاب اور مثانہ کی جلن دور ہو +
پھٹکری	زاک سفید	زاج ابیض شب یمانی	ایک معدنی نرم چیز ہے نہایت سفید کسیلی قدرے شور	گرم ۲ خشک ۳	ریہ و امعا	دودھ گھی	نوشادر نمک	ایک ماشہ	خشک قبض اور جلا کرنیوالی۔ مصری کے ساتھ ایک ماشہ پینا۔ گردہ اور مثانہ اور آنتوں کے زخم کو مفید۔ گندنا کے پانی سے معمول کرنا رحم سے خون جانا بند کرتی ہے آنکھوں کی سفیدی اور درد کو دفع کرتی ہے +
پھوٹ	خیار دشتی	قثاء البر	مشہور ہے	سرد تر	اپھارا کرے	گرم نمک [illegible] مرچ	کچا خربزہ	.	مقوی دل و دماغ بلغمی بخار پیدا ہو۔ دماغ کا سدہ کھولے طبع کو نرم کرے۔ پیشاب کا ادرار کرے +
پھیرہد			درخت ہندی	گرم خشک ۲	.	.	.	.	پیٹ کے کیڑے اور اپھارا اور باد و بلغم کا فساد اور خون و زہر کا بگاڑ دفع ہو بدن موٹا ہو قبض کرتا ہے۔ بوجھل ہے۔ رکت پت اور بلغم کا فساد دور کرتا ہے +
چیوک				سرد خشک	.	.	.	.	تپ اور بلغم اور دمہ دفع ہو۔ شہد سے ملا کر کھانا اکسیر اور خون تھوکنے کو مفید ہے۔
پیاپالسہ			جھاڑدار بوٹا ہے قد آدم۔ سبز رنگ تلخ مزا	گرم مزاج	.	.	.	.	حیض کھولے۔ پیشاب جاری کرے۔ بھوک لگائے۔ اسکا غرارہ دانتوں کو مفید اسکی جڑ کھانسی کو فائدہ بخشتے +
پتنگ			ایک قسم کا شہد ہے مانند گھی کے	گرم خشک	گرم مزاج	دودھ			صفرا اور خون اور سوزش اعضا پیدا کرے۔ سرد مزاج کی باہ کو طاقت دے نفخ دور کرے

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
پیاز	پیاز	بصل	دو قسم سرخ و سفید۔ بہتر سفید ہے۔ ذائقہ پھیکا اور تیز	گرم خشک با رطوبت زائدہ	گرم مزاج پھول اور پیاس پیدا کرتا ہے	سرکہ نمک شہد	عنصل کراث شامی	تولہ سے دو تولے	سدہ کھولتا ہے باہ اور بھوک لگاتا ہے خصوصاً گوشت میں پکایا ہوا ہو اور وبائی مضرت دفع کرتا ہے۔ طبع نرم کرتا ہے۔ عطش کا ذہب بجھاتا ہے۔ ہاضمہ بڑھاتا ہے۔ ریاح حل کرتا ہے۔ امراض چشم دفع کرتا ہے پیشاب اور حیض کا ادرار کرتا ہے۔ لیپ کرنے سے ورم تحلیل کرتا ہے۔ اس کا بیج سرد ہے۔ اس کا لیپ کرنے سے داء الثعلب اور بہق دور ہو۔ بدل تخم شلغم ہے
پیارانگا	۔	۔	جڑ ہے لمبی زرد اور پیل [illegible] سبزی۔ تلخ مزا	گرم خشک با رطوبت فضلیہ	۔	۔	۔	۔	ورم کو تحلیل کرے۔ مرگی ام الصبیان سدہ توڑے۔ آنکھوں کی سرخی۔ کان کا درد۔ دانت کا درد۔ دمہ۔ بچوں کی پسلی کا عارضہ اور امراض باردہ و درد شکم و قولنج سب کو مفید ہے
پیٹھہ	کدوے رومی	محدبہ	ایک قسم کا کدو ہے باہر سبز اندر سفید۔ ذائقہ پھیکا	سرد ۲ تر ۱	سرد مزاج	مرچ سیاہ نمک	لوکی	بقدر حاجت اسکے بیج	مولد خلط صالح۔ دل۔ جگر اور معدہ کی حرارت اور گرم خفقان کو آرام دیتا ہے جبکہ زیادہ ہو۔ دق اور سل دور ہو۔ اسکا مربہ حرارت کو کھوتا ہے دل و دماغ اور جگر کو قوت دیتا ہے بدن کو موٹا کرتا ہے اسکا بیج حرارت کو کھوتا ہے اور اخلاط محترقہ اور جوش صفرا کے جوش کو روکتا ہے پیاس بجھاتا ہے مدر بول ہے سرفہ اور امراض مثانہ کو مفید۔ سل اور دق کو فائدہ مند اسکے مغز کے تیل کا طلا اور نشوق کرنا دماغ کی خشکی اور بیخوابی کو کھوتا ہے اسکا بدل تخم کدو
پیپل	۔	۔	ایک بہت بڑا درخت ہے پتے چھال جیسے ہندوستان کے [illegible] سبز رنگ ذائقہ پھیکا	سرد خشک [illegible] گرم خشک	۔	۔	۔	۔	اسکی چھال کا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے ناسور کو مفید ہے جڑ کا چھلکا [illegible] سیلان رحم کو مفید اسکے پتوں کا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ پھوڑے کو اچھا کرتا ہے اور پھوڑے کا منہ کر دیتا ہے۔ پتا جو درخت پر سوکھ جائے اسے [illegible]

مشہور نام	فارسی	عربی	اسم ماہیت یا اجزائے ترکیب	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ترکٹا *	•	•	سونٹھ مرچ اور فلفل دراز سب برابر	گرم خشک ۳	•	•	•	•	بھوک لگائے۔ دمہ۔ کھانسی باد گولہ۔ بلغم۔ ورم خصیہ کا دور کرے۔ بطلان حس چشم دفع ہو۔
ترسگندہ	•	•	املی چھ سج تیزپات کا مرکب	گرم خشک	•	•	•	•	دافع فساد باد و بلغم و رطوبت معدہ۔
ترتک	•	•	ایک قسم کے چاول	گرم خشک	•	•	•	•	خاصیت میں ساٹھی کے موافق
ترایمانا	•	•	•	سرد خشک ۳	•	•	•	•	پیاس۔ زہر۔ بیہوشی اور تینوں قسم کے خلطوں کا فساد دور کرے اور بالخاصہ تپ دفع کرے
ترنی	•	•	•	سرد تر	•	•	•	•	صفرا کا فساد۔ تپ۔ قے۔ پیاس اور تشنہ کا جوش دفع کرے
ترنج	ترنج	اترج	مشہور و معروف درخت ہے مشابہ لیموں کے طب میں پھل سے مراد ہے	•	جگر و دماغ و گرم مزاج	شہد و بنفشہ	لیموں کا پانی	الیکتولہ ۵ ماشہ	مقوی دل۔ جگر و معدہ ہے۔ صفراوی قے کو ساکن کرتا۔ مرہ صفرا کو قطع کرتا ہے مشتہی ہے پیاس بجھاتا اور حرارت جگر کو تسکین دیتا ہے خفقان و یرقان کو نافع ہے۔ اگر پوست اس کا سکھا کر کپڑوں میں رکھیں کیڑا نہیں لگتا۔ اور جو اس کا پوست شراب میں ڈالیں۔ اسی وقت سرکہ ہو جاتی ہے
تلک	•	•	دانہ ہے مانند تل کے	گرم خشک ۲	•	•	•	•	بلغم کا فساد۔ پیاس۔ تپ۔ قے اور تشنہ کا جوش دفع کرے
تگر			ایک گھاس کی جڑ ہے بہت گرہ دار کچھ لمبی اور کچھ ٹیڑھی رنگ زرد نہایت خوشبودار	گرم خشک ۳	پھیپھڑہ	مویزج	وچ سونٹھ کلیجن	الیکتولہ ۱۰ ماشہ	معدہ اور جگر اور گردہ اور دماغ کو اخلاط رطبہ سے پاک کرتی ہے اور نیز معدہ و جگر گردہ اور دماغ کو قوت دیتی ہے پینا اس کا اکیلا یا دوسیر مناسبہ کے ساتھ واسطے امراض باردہ رطبہ دماغی مانند مرگی۔ لقوہ۔ فالج و استرخا و تشنج امتلائی اور خدر کو مفید ہے اور درد مفاصل و درد ترشہ و عرق النسا و نقرس کو نافع ہے۔ باہ کو زیادہ کرتی ہے

نام ہندی	فارسی	عربی	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
تاڑ +	تال	طار	درخت ہے لمبا پھل مثل ناریل پتے مثل کھجور کے باہر سرخ اندر سفید مزہ شیریں	کچا سرد تر پختہ سرد خشک عرق مرکب القوی	اپھلاوا پیدا کرے دیر ہضم	سعری عرق بید	.	حرام	مقوی باہ صفرا اور خون فساد دفع کرے - مدر بول - بدن موٹا کرے - روح کو طاقت دے - نشاط لائے - اسکی تاڑی نشہ وار موٹا کرنیوالی - قوت دینے والی باہ اور بلغم کا فساد دفع کرے - سرکہ اسکا ہضم معدہ کے درد اور طحال کو مفید +
تالمکھانہ		.	درخت ہے مشابہ تودری کے رنگ - بھورا ذائقہ پھیکا	گرم خشک بارطوبت فضلیہ	گرم مزاج کو اپھارا ہو	سرد اشیاء	تعلب مصری موصلی	۷ ماشہ	مقوی و مفرح - موٹا کرتا ہے باہ پیدا کرتا ہے - منی کو زیادہ اور غلیظ کرے - امساک لائے - سودا اور خون کا فساد دفع کرے - جریان منی اور استسقاء دور ہو +
تانبا	مس	نحاس	دھات ہے مشہور رنگ سرخ اور بھورا نہایت کسیلا	گرم خشک	گرم مزاج	کتیرا	.	ایک ماشہ	فالج - لقوہ اور سرد امراض کو مفید - سرکہ سے ملا کر لیپ کرنا داد اور ورم کو مفید ہو - اکسیر دمہ - اعضا کی سوجن دور کرے - زخم اچھے ہوں - تانبا جلا ہوا مواد کو خشک کرتا ہے اور مجلی ہے - اکال زخموں کو صاف اور اچھا کرتا ہے - پرانے زخم کی اصلاح کرتا ہے غشاوہ - استسقاء اور آنکھ کی سفیدی دور ہو +
تالیسپتر		زرنب	ایک گھاس ہے زرد رنگ مائل بسرخی و سیاہی تند و تیز بو - ذائقہ تند و تیز	گرم خشک	گرم مزاج	دھنیہ و جلاب نیم گرم	دارچینی کبابہ ج الائچی	۷ ماشہ	بھوک پیدا کرتی ہے - باؤ گولہ اور فساد بلغم کو دور کرتی ہے - ریاح کو تحلیل کرتی ہے معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے ہاضم ہے - آواز کو صاف کرتی ہے - کھانسی و دمہ اور ہچکی کو دور کرتی ہے - بلغم کو زائل کرتی ہے - دستوں اور مثانہ کی سردی کو دور کرتی ہے عسر ولادت کو نافع ہے - اور نیز سموم کے واسطے مفید ہے +

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت ہیج رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
تبرک	.	تبرک	عرب کی زمین ایک پودا ہوتا ہے مثل پھول گلاب کے	گرم خشک ۲	.	.	.	.	بلغم - آبہ - سیلان منی دور ہو - ہضم ہو کر تیز ہو جاتا ہے +
تپتی	سہ برگہ	نغناع	ایک بوٹی ہے ترش رنگ سبز	سرد تر ا	پھیپھڑے	گوشت گرم مصالحہ	ترہ خرفہ	.	ہاضمہ کرے - بھوک بڑھائے جگر کو طاقت بخشے - صفرا اور یرقان کا فساد دور ہو پھیپھڑے کو کمزور کرے +
تلسی		سداب	بوٹی ہے جھاڑدار ایک بالشت اونچی - پتے سبز پھول زرد - ذائقہ تلخ بدبودار	پتے گرم خشک ۲ تخم گرم خشک ۲	باہ منی بینائی دردسر	انیسوں سکنجبین	صعتر پودینہ	۱۰ ماشہ	پتے لطیف کرنیوالے - ریاح اور نفخ کو تحلیل کریں - مقوی دماغ - یرقان - قولنج ریحی سینہ - دماغ اور طحال کے امراض کو مفید - سنگ گردہ و مثانہ کو توڑیں حیض و پیشاب جاری کرے - لیپ کرنے سے خارش کو مفید ہے - اسکے بیج شہد کے ساتھ کھانا کابوس اور مرگی کو دفع کرے - بصر کو قوت دے - جنگلی تلسی جو کھانے میں زہر قاتل ہے اسکے رکھنے سے حشرات الارض دور ہوتے ہیں - مقدار تخم کی سات ماشہ ہے
تج	تج	قرفہ سلیخہ	ایک درخت کا چھلکا ہے کسیقدر سرخ و غبار آلود قدرے شیریں	گرم خشک ۲	گردہ امعا	کتیرا [illegible]	دارچینی	۷ ماشہ	لطیف اور گرم کرتا ہے - مادہ کو پختہ اور ریاح کو تحلیل سرد ورم کو نرم کرتا ہے - اعضائے [illegible] کو طاقت بخشے - تینوں قسم کے خلطوں کو قطع کرے ادرار کرے - بصر کو طاقت دے نزلہ زکام - دمہ - بواسیر کو مفید ہے - سرکہ سے ملا کر لیپ کرنا ورم کو تحلیل کرتا ہے +
تخم بلسان	تخم بلسان	حب بلسان	بیج ہیں مشابہ کالی مرچ کے سیاہ رنگ تلخ مزہ	گرم خشک	مثانہ	کتیرا	عود بلسان جاؤتری کی جڑ	۲ ماشہ	معدہ اور ہاضمہ کو طاقت بخشے - معدہ کی سردی دفع کرے - امعائی رطوبت خشک کرے ریح اور اپھارہ کو تحلیل کرے - جگر کا سدہ کھولے - حلیہ بہرہ - عرق النسا - امراض بلغمی سوداوی اور بلغمی کو مفید ہے (ذخیرہ سے ہے)

نام ہندی	فارسی	عربی	ماہیت و رنگ و ذائقہ	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ترمرا +	تراتیزک	حب الرشاد	گھاس ہے چند قسم کی بعض کے پتے نرم اور سرخ اور بعض کے درد سخت ذائقہ تیز	گرم ۲ خشک ۲	دیدہ سیر پیدا ہو نظر خراب	خرفہ کاسنی	تودری	۴ ماشہ	جگر اور طحال کا سدہ کھولے۔ منی اور دودھ پیدا کرے کھانا ہضم کرے جماع کی خواہش پیدا کرے بچھو کے زہر کو تریاق ہے اسکے بیج جذام پیدا کرتے ہیں بلغم کو قے کی راہ نکالے اور دودھ اور حیض کو بہاتے ہیں یارح کو تحلیل کرتے جھائیں داغ کو صاف کرتے ہیں بینائی خراب کرتے ہیں
تربوز +	ہندوانہ	بطیخ ہندی	ایک پھل ہے مشہور سبز و سیاہی مائل تخم سیاہ و سرخ۔ ذائقہ شیریں	سرد تر ۲	معدہ طحال دردسر	قند شہد	.	.	پیاس صفرا اور خون کی حرارت بجھائے مدر بول ہے پتلا خون اور بلغم پیدا کرے اور گرم تپ کو مفید سکنجبین کے ہمراہ یرقان کو نافع اسکا پانی دیر ہضم گرم مزاج کو موافق اسکے بیج سوداوی صفرا کو بجھاتے ہیں بدن کو فربہ کرتے ہیں سینہ کی کرختگی۔ گرم کھانسی سوزش دل کو مفید پتھری ریت کو نکالتے ہیں سرد مزاج کو نقصان کرتے ہیں مصلح شہد بدل تخم کدو مقدار ...
ترنجبین	.	ترنجبین	خراسان میں خستہ جو اشتر پر شبنم جم جاتی ہے رنگ سفید مائل بزردی۔ ذائقہ شیریں	گرم تر ۱	طحال کو گرم مزاج	عناب املی	سرخشت لال شکر	۳ تولہ سے ۵ تولہ تک	طبع کو نرم کرے کھانسی کو دفع کرے۔ صفرا کو اسہال کی راہ نکالے۔ خلطوں کو حرکت دے۔ درد سینہ رفع۔ گرم تپ کو مفید جلا کرے۔ تینوں خلطوں کا اسہال کرے ہے
تدھارا	.	زقوم مثلث	ایک قسم کا تھوہر ہے	گرم خشک	زہردار	گاؤ دوگھی	روغن حب الملوک	مرت یکھا ہو	جیب دار بلغم کو نکالے اسہال کے ذریعہ سے بہی۔ لیپ کرنے سے تقسیب کو قوی کرے
تری پھلا ✻	.	اطریفل	ہڑ بہیڑہ۔ آملہ دیسی برابر برابر	معتدل	.	.	.	تولہ	طبع کو نرم کرے معدہ جگر اور دماغ کو طاقت بخشے۔ تینوں خلطوں کا فساد دفع کرے رحم کے مرض سیلان منی بواسیر تپ خفقان دور کرے۔ جوانی قایم رکھے بال سیاہ کرے بہاتے ہے

نام ہندی	فارسی	عربی	ماہیت و رنگ و بو و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	خاصیت
پیلو	درخت مسواک	اراک	ایک درخت ہے جسکی جڑ کی مسواک کرتے ہیں رنگ سبز سرخ و زرد و ذائقہ قدرے شور	گرم خشک	سپرز	کتیرا سپستان	کیوڑہ	۳ ماشہ صندل	بیلا کرے۔ تحلیل اور قطع کرے۔ مقوی باہ۔ دست بند کرے۔ رحم کا ورم اور بواسیر اور کولنجی اور جذام دفع کرے اسکا چھلکا صفرا کو دست کی راہ نکالے استسقا کو دفع ہو۔ اسکی مسواک دانت کو جلا کرے (عنبر سمی ہے)
پیوسی	زہک رخنہ	لبا	دودھ جو بچہ جننے کے بعد گائے کے تھنوں سے نکلتا ہے	گرم تر	شدید سدہ	شہد چٹنی	پنیر	·	بدن کو موٹا کرے۔ قبض اور قولنج پیدا ہو۔ خلط غلیظ پیدا ہو۔ دودھ جم جائے
پیتل	برنج	·	ایک دھات ہے جست اور تانبے سے بنی ہوئی زرد	معتدل ذرا خشک	·	·	·	·	باد و بلغم و یرقان دلی کا فساد دور ہو۔ برادہ باریک کرکے آنکھ میں لگانا رتوندا پھولی کو مفید ہے
پیپلامول	بیخ فلفل	اصل الفلفل	مشہور ہے	گرم خشک	بینائی میں کمی	دودھ	سیاہ مرچ	۳ ماشہ	بھوک لگاوے۔ ہاضمہ بڑھاوے۔ بلغم کا فساد دور ہو
پھیپڑہ	شش پھیپڑہ	ریہ اکبہ		گرم تر نزدیک سرد و بعض خشک	معدہ	حب الآس شکر	·	·	کمزور مریض جو گوشت کھانے کے راغب ہوں پھیپڑہ کے نرم اطراف کو کاٹ کر بریاں کرکے دینا نافع ہے۔ مداومت اس کی مورث سل ہے دیر ہضم اور قلیل الغذا ہے۔ خلط بلغمی پیدا کرتا ہے۔ اس کا گرم گرم ضماد کرنا ورم کو تحلیل کرتا ہے
پیچھ	آش چاول	سرد خشک	چاول اُبالکر جو گاڑھا پانی نکلتا ہے اسے کہتے ہیں	سرد خشک ۲	سرد مزاج مولد سدہ	کھیرا شہد	امرود	پاؤ بھر	قابض۔ پیاس بجھاوے۔ اگر اس میں مصری اور گلاب ملاکر مریض کو دیا جائے تو قوی ہو۔ دل کو طاقت دے۔ گرمی اور خون کا جوش کم کرے

باب تاے فوقانی

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع پہچان و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
″	″	″	″	″	″	″	″	″	۲ پیشاب اور حیض جاری کرتی ہے۔ اور درد گردہ اور مثانہ کو تسکین دیتی ہے۔
تم	.	.	ایک قسم کی مچھلی ہے	گرم خشک		.			بھوک لگاوے۔ باہ پیدا کرے +
تل	کنجد	سمسم	مشہور و معروف ہے رنگ دھوئے ہوئے سفید بغیر دھوئے سیاہ	گرم تر ۲	بطی الہضم	بھوننا	السی کا بیج	ایکتولہ دو ماشہ	بدن کو تیار کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ منی کو پیدا کرتا ہے۔ مثانہ و بواسیر اور کھانسی کو نافع ہے۔ حیض کو جاری کرتا ہے۔ حمل کو گراتا ہے۔ سیاہی کے آثار کو دور کرتا ہے۔ تھکان کو رفع کرتا ہے +
تلی	سپرز	طحال	مشہور و معروف ہے	سرد خشک	.	دہنیہ چربی	.	.	دیر ہضم ہے۔ خون سوداوی پیدا کرتی ہے۔ اسکی رگوں سے پاک صاف کرکے پکانا اسکا مصلح ہے
تمباکو	تمباکو	تباک	ایک چھوٹا سا پودا ہے پتے بڑے موٹے ہوتے ہیں تند بو۔ رنگ زرد مائل بسرخی مشہور چیز ہے	گرم خشک ۳	دل و دماغ اور گرم مزاج کو	دودھ تازہ	.	.	پیاس لگاتا ہے۔ دھواں اسکا مصلح فساد ہوائی و بائی ہے۔ اسکی ہلاس دماغ کی رطوبت کو پاک کرتی ہے۔ درد رطوبی دندان و ریو بلغمی اور کھانسی رطوبی و ضیق النفس بلغمی کو کھینچنا اور چبانا اسکا نافع ہے۔ زرور اسکی راکھ کا دوا کے زخم کو فائدہ کرتا ہے۔ اسکا دھواں رافع قبض ہے۔ اور پینا حقہ کے پانی کا جو زرد ہو گیا ہو جلندہر اور سانپ کے کاٹے کو مفید اور وہ میل کہ جو حقہ کی نے میں یا چلم میں ہوتا ہے بتی میں آلودہ کرکے سات مرتبہ لگانا ناسور کو بھرتا ہے۔ آنکھ میں لگانا رتوندے کو نافع۔ لونگ کے ساتھ پیسکر ضماد کرنا درد شقیقہ کو مفید ہے۔ اسکا پتہ نیمگرم ورم خصیہ کو تحلیل کرتا ہے +
تن تنس	. .		درخت ہے جس سے رنگتے ہیں ہندی درخت	سرد گرم خشک	.	.			قابض شکم۔ باہ پیدا کرتے ہیں۔ شبورا اور جذام اور جلدی بیماریوں کو دفع کرے + باد۔ بلغم۔ صفرا۔ خون۔ بیرنی۔ جذام اور جریان سب کا فساد دفع کرے +

مشہور نام	عربی	فارسی	ماہیت و پہچان و ذائقہ	طبیعت	نفع	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
تمنشک	•		•	سرد خشک	نفاخ	شہد		•	بلغم کا فساد دفع کرے +
تسری خطائی	تسری خطائی	شاہ چینی	چینی حنا کے پتوں کی ٹکیاں زنگ عصدلی ذائقہ تلخ	مرکب القوی	ہیہ	کتیرا	جدوار	۲ ماشہ	مواد کو اندر بٹھائے۔ تحلیل اور قبض کرے۔ سب قسم کا ورم اور سر کا درد رفع ہو خون جانے کو بند کرے۔ اسکا دھورا آنکھ اور قصیب کے زخم کو مفید + یہ ٹکیاں سرکہ میں تپاتے ہیں
توتیا	اُودیا	طوطیا	معدنی جسم ہے زنگاری شوخ	گرم خشک	قے لاتا ہے	شہد	نیلا تھوتھا شادنج	مت کھاؤ	کھانیوالا گوشت کا بہت خشک کرنیوالا +
تودری سپید	تودری سپید	بزر الحجیم ابیض	بیج ہیں گول اسبغول سے بڑی سفید رنگ قدرے تلخ	گرم تر	اشتہا	رزشک	بہمن سفید	۳ ماشہ	بدن موٹا کرے ورم کو تحلیل کرے۔ منی کو گاڑھا کرے۔ باہ اور بھوک اٹھاوے۔ لیپ کرنے سے ورم کو تحلیل کرے۔ سرخ تودری بھی سب فائدوں میں سفید کی مثل ہے +
توری	•	•	ترکاری ہے لمبی مثل کھیرے کے سبز رنگ ذائقہ پھیکا و تلخ	سرد تر	اپھارا بالروحیت پیدا کری	گوشت سونٹھ	چھینڈا	•	نرم کرے۔ مزاج کی حرارت دور کرے۔ خام بلغم کے مادہ کو پکائے۔ جلندھر اور بدن کی زردی دور کرے۔ طحال دفع ہو۔ اعضاء کو طاقت بخشے۔ پھل اسکا سرد خشک ہے تینوں اقسام کے حلقوں کو دور کرے +
تونبری توسبہ	کدوے تلخ	قرع المر	مشہور ہے	گرم خشک	معدہ	قے کرنا گھی کھانا	•	•	اسکے بیجوں سے قے کرنا پرانی کھانسی کو مفید ہے۔ سونگھنا پانی سے ملا کر یرقان کو نافع دانتوں کے درد کو سودمند۔ اسکی جڑ کا لیپ کرنے سے ورم تحلیل ہو صفرا دور ہو اسکے بیج کے تیل میں پارہ گرہ ہو جاتا ہے۔ سم ہے +
توت کھٹا	توت ترش	توت حامض	مشہور	سرد خشک	سینہ	شہد	آلو بخارا	•	صفرا کو دور کرے۔ پیاس اور خون کا جوش بٹھائے۔ انجرہ کو اٹھنے سے روکے +

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت یعنی پہچان رنگ ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
توت میٹھا	توت شیریں	توت حلو	ایک پھل ہے بڑا بڑا انگلی کے۔ سفید وسیاہ رنگ ذائقہ شیریں	گرم آخر ۲	مضر معدہ وردسر کرنیوالا	سکنجبین		•	نیک خون پیدا ہو طحال اور جگر کا سدہ کھولے۔ بدن موٹا کرے۔ باہ اٹھائے۔ گردہ کی چربی کو طاقت بخشے۔ مواد کو حلق اور زبان پر گرنے سے روکے۔ اسکی کلی کرنا دانتوں کے درد گلو کی بیماری اور خناق کو مفید ہے۔ اسکا شربت۔ حلق کا کھردراپن کھوتا ہے سینہ کی خراش کو رفع کرتا ہے ۔
توتیای کرمانی مغسول	سنگ بصری	طوطیای کرمانی مغسول	مشہور ہے	معسول سرد خشک ۳ و غیر مغسول گرم خشک	سدہ پیدا کرے	شہد	شادنج تو بال النحاس مغسول	سواد قیمہ	مقوی چشم ہے روشنی کو قوت دیتا ہے۔ رحم کی رطوبت جذب کرتا ہے۔ آنکھ اور ناک اور پھیپھڑے اور مقعد کے زخم کو مفید ہے۔ بغل کی بو کو دور کرتا ہے۔ زخموں کو خشک کرتا ہے
تھن	پستان	ضرع	مشہور	سرد خشک	مسرد مزاج	مصطگی کلس	•	•	جو ہضم ہو صالح الغذا ہے اور اگر ہضم نہو خلط خام بلغمی پیدا کرتی ہے اور حد بول زنان ہے دودھ زیادہ کرتی ہے۔ اسکا بھونکر تناول کرنا مصلح ہے ۔
تیتر	تیہو	دراج	ایک چڑیا ہے مثل چکور کے۔ رنگ خاکی وسیاہ	معتدل	گرم مزاج	ترشیاں	•	•	اسکا گوشت چکور اور فاختہ سے بہتر ہے۔ جو ہر دماغ۔ فہم۔ حافظہ اور منی کو زیادہ کرتا ہے اسکا خون بیٹ جیسی ہے۔ آنکھ کی سپیدی اور جلد کے نشانات کو رفع کرتی ہے
تیزپات	•	ساذج ہندی	پتے ہیں خوشبودار گول بیر کی شکل کے سبز	گرم ۲ اور خشک ۲	مثانہ اور	شربت بہی	سنبل ہندی	۳ ماشہ	روحوں اور خلطوں کی حفاظت کرے۔ فرحت بخشے۔ بدن موٹا کرے۔ ریاح کو تحلیل کرے معدہ کی حالت کی اصلاح کرے۔ احشا اور حواس کو طاقت بخشے۔ پیشاب لاوے حیض

نام دوا	فارسی	عربی	ماہیت و پہچان	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
تیواج	تیواج	,,	خشک بجوری۔ وائقہ تیز اندر جو کی چھال ہے	گرم خشک	پھیپھڑا گرم مزاج کو	مصطگی کتیرا	تج انجبار	سہ ماشہ	پتھری توڑے۔ وسواس وجنون اور رال ٹپکنے کو مفید ہے۔ اسکی دہونی سر و ملوث کو نافع سر کا درد دانتوں کا درد نکسیر۔ نزلہ اور رطوبت کو دفع کرے۔ اسکا دہواں خون بند کرتا ہے
تقوہر	•	زقوم	ایک درخت ہے ڈاہ ہارا سبز رنگ نہایت تلخ	گرم ۳ خشک ۳	گرم مزاج قاتل	تازہ دودھ	لعقا	۴ رتی	ریاح کو تحلیل کرے تینوں اقسام کے خلطوں کو دفع کرے۔ جلا کرنے والا اسہل قوی ہے بخار کرنے سے چیچک کے داغ دور کرے۔ اسکا دودھ طلا میں مستعمل ہے (سم ہے)
تیلق	•	ذراریح	کیڑا سرخ اور سیاہ رنگ ہے زنبور کی برابر	گرم خشک		•	•	•	لگانے سے جلد پر زخم کر دیتا ہے۔ اسکی راکھ ثمالیل کا مسہ کھولے۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری توڑے۔ حیض جاری کرے۔ کھانے سے سگ دیوانہ کے زہر کو دور کرے+
تیندو	•	•	ہندی بڑا درخت ہے پھل انار کی برابر ہوتا ہے	سرد خشک					ثمورد ماسیل خون اور [illegible] دور کرے کہتے ہیں اسکا درخت پرانا ہو کر آبنوس ہو جاتا ہے+
تیندوا	پلنگ	نمر	ایک جانور ہے درندہ مشہور	گرم خشک	پتہ قاتل ہے	دودھ سے قے کرنا	•	•	اسکی چربی کا طلا کرنا واسطے فالج [illegible] اور درد مفاصل اور نقرس اور امراض بارد کو مفید ہے۔ اور سرمہ اسکے خون کا آنکھوں کی بیماری کو دفع کرتا ہے۔ تیندوا شراب کو بہت پسند کرتا ہے۔ پتہ اسکا [illegible] قاتل ہے۔ دو دانگ تین ساعت میں ہلاک کرے
تیجوتی	•	•	•	گرم خشک		•	•	•	بھوک لگائے۔ ہاضمہ کرے۔ بلغم [illegible] کھانسی اور منہ کی بیماری دور ہو+
تیترن	•		•	سرد خشک	•		•	•	زخم کو مفید اور رنگ رخسار [illegible] کرنے سے مدد کرے+

باب التاء الهندی

نام ہندی	فارسی	عربی	ماہیت [illegible]	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ٹٹہری	.	.	ایک پرند ہے کبوتر کی برابر رات کو اڑتا ہے	گرم خشک	امراض سوداوی	روغن بادام و کنجد	.	.	شوربا اسکا واسطے فالج ۔ لقوہ اور استرخاء و کزاز کے مفید ہے ۔ خون اسکا گرم گرم آواز کو تیز کرتا ہے یہ جانور اکثر تالاب یا دریا کے کنارہ پر ہوتا ہے +
ٹڈی یا ٹیڈھی	ملخ	جراد البر	ایک جانور ہے مختلف رنگ کا نباتات اور درختوں پر بیٹھتا ہے اُسے خراب کرتا ہے ۔ موٹی عمدہ ہوتی ہے +	گرم خشک	گرم مزاج	سکنجبین اناردانہ میخوش	.	.	بیسی ہے امراض قصبہ ریہ اور تقطیر البول کے واسطے نافع ہے ۔ بارہ عدد ٹڈیوں کا کھانا سر اور پاؤں اور دم دور کر کے ایک درم حب الآس خشک پسے ہوئے کے ساتھ جلندر کے واسطے مجرب ہے ۔ جذام کے واسطے بالخاصیت مفید ہے اسکی دھونی بواسیر اور عسر البول کو نافع ہے کھانا فربہ تازہ ٹڈیوں کا بریاں کر کے بچھو کے کاٹے کے واسطے مفید ہے اسکے پاؤں کوٹ کر طلا کرنا واسطے ثالیل کلف اور جرب کے خصوصاً سرکہ میں جلا کر مفید ہے + اسکی عمر ایک سال سے زیادہ نہیں ہوتی +
ٹھیکری	سفال	خزف	مشہور	سرد خشک	پٹھے	روغن گل شیرہ تخم تربوز	.	۵ ماشہ	اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے ۔ منجن دانتوں کو صاف اور مسوڑھوں کو طاقت دیتا اور خون بند
ٹیسو	گل پلاس	.	ڈھاک کے درخت کا پھول زرد و سیاہ سرخ تخم چھیکا	سرد خشک	قابض	.	.	تولہ	تینوں اقسام کے خلطوں کا فساد دفع کرتا ہے مدر بول ۔ مثانہ کا درد خصیوں کا ورم دور کرتا ہے ۔ اسکا لقوہ سوزاک کو مفید ۔ سفید رنگ کا پھول مقوی باہ ہے +

باب الثاء المثلثه

نام عربی	ہندی	یونانی	ماہیت	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
تافسیا	۰	تافسیا	ایک گوند ہے سفید رنگ مشابہ انزروت کے تلخ اور تند و تیز و انقر ہے بشکل سونف پھول سفید۔	گرم خشک	مضر مثانہ و ثانات بول	حسب الآس دبوط	حرف نالی	۵ قیراط	محلل و منضج و حادث و ثقے آور و مسہل بلغم غلیظ و جہت استرخائے مفاصل بارد و درد پہلو و لبطلان اشتہا و تحلیل ریاح و تفتیح سدد و داء الثعلب و اسقاط دانہ بواسیر کے نافع ہے۔ دہبوں کو مٹاتی اور دملوں کے مادہ کو نضج اور منفجر کرتی ہے پانچ قیراط ہمراہ عسل پنیا مسہل بلغم غلیظ و صفرا ہے اور درد پہلو اور لبطلان شہوت طعام اور استسقا کو مفید ہے۔ اسکا ضماد داء الثعلب اور بال اُگے اور درد زانو اور قدم اور نقرس اور مفاصل کو دور کرتا ہے +
ثجیر	لائی و آب انگور	بجشر	ایک جرم ہے پانی کے درمیان ہوتا ہے	سرد خشک	قابض				اسکا ضماد نمک کے ساتھ ورم حارا ور ورم پستان کو مفید ہے اور اسکے جوشاندہ سے حقنہ کرنا قرحہ امعا اور اسہال مزمن اور سیلان رطوبت رحم مزمنہ کو نافع ہے اور ثجیر عصفر کا ضماد سرکہ کے ہمراہ کرنا واسطے تحلیل حمرہ اور ورم کبد کے سودمند ہے +
ثرید	۰	ثرید	ایک قسم کی روٹی ہے مثل نان پاؤ یا ڈبل روٹی کے	معتدل			کلچہ	بقدر ہاضمہ	اسکو گوشت کے شوربہ یا یخنی میں ڈالکر کھانا مقوی ہے۔ اعضا کو گرم کرتا ہے۔ دودھ میں ڈالکر کھانا بدن کو فربہ کرتا ہے +

نام دوا	نام ہندی	نام عربی	ماہیت و شناخت	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ثعلب مصری	خایۂ روباہ	خصیۃ الثعلب	ایک قسم کی جڑ ہے سدار سفید رنگ و ذائقہ پھیکا	گرم تر	رحم معدہ	شکر انولہ	گاجر کا تخم شقاقل	۵ ماشہ	بلو لائے منی پیدا کرے عصب و باہ کو طاقت بخشے۔ فالج لقوہ۔ کزاز و درد امراض دماغی کو مفید ہے۔ اسقاط حمل نہیں ہونے دیتا۔ بال پیدا کرتا ہے + اسکی بو منی کی بو ملتی جلتی ہوتی ہے +

باب جیم عربی

نام دوا	نام ہندی	نام عربی	ماہیت و شناخت	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
جار النہر	.	جار النہر	ایک گھاس ہے بہت کم نیلوفر رنگ سبز ذائقہ قدرے تلخ	سرد خشک ۲	عصب	شکر	بطیاد	سہ ماشہ	توفی دست بند ہوں پیاس کم ہو ورم کو تحلیل کرے اور تازہ زخموں کو بھر کر خشک کرے قروح خبیثہ عفنہ اور حکہ کے واسطے طلاؤ اور ضماداً نافع ہے اور مرہم بنا کر استعمال زیادہ مفید پڑتا ہے +
جام پھل یا سفری آنبہ	.	.	ایک درخت کا پھل ہے مثل سیب کے رنگ سفید و سرخ کچا کسیلا پکا میٹھا	گرم تر	سرد مزاج	.	.	.	فرحت بخش مقوی دل و معدہ۔ طبع کو نرم کرے۔ مدلول۔ دست بند ہوں پھل اسکا قابض ہے۔ اسکے درخت کا پوست جیسیں چھل۔ آٹے ہوں بھگو کر چھانکر صاف کریں اور قدرے شکر ڈالکر تین چار پلیں اسہال رطوبی بند کرتا ہے +
جام گھاس	.	.	گھاس ہے اسکی جڑ پیاز کے برابر ہوتی ہے	گرم خشک	.		.	.	اسکے پتے اور شاخیں کھانے سے جلند مرد ور ہوتا ہے۔ اسکی جڑ کی ہمراہ فلفل گردیا بناکر استعمال کرنا قے کو روکتا ہے ہیضہ کے واسطے نہایت مفید ہے +

نام دوا	عربی	فارسی	ماہیت	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
جاوتری	باسس بڑی	صیان	پھول ہے پھل سے چھوٹا اودہ و سیاہ کسیلا	گرم خشک	گرم مرج	.	.	.	اطر کی بیماریوں کو مفید۔ اسکا پانی زخم کو نافع۔ اسکا عطر مقوی دماغ۔ اسکا غرارہ کرنا منہ سے رال جانے کو بند کرتا ہے اور چھالے پڑنے کو مفید ہے
جائفل	جوزبوا	جوز الطیب	ایک درخت کا پھل ہے قدرے تلخ۔ زیادہ تیز رنگ بھورا	گرم ۲ خشک ۲	جگر ریہ سر	دہنیا سولد ہن بنفشہ سہد	جاوتری	۲ ماشہ	فرحت بخش۔ لطیف کرنیوالا۔ نشہ دار حرارت غریزی کی حفاظت کرے۔ ہاضم مقوی معدہ دافع معدہ وجگر۔ جگر کی سختی۔ سرد مزاج کی باہ کو مفید۔ دل اور سرد ورم طحال اور استسقاء لحمی اور گٹھیا از حد مفید ہے
جاگھوٹ	.	.	ایک قسم کی ترکاری ہے	گرم تر ۲	-	.	.	.	سونگھنے والی قوت کو پاک کرتی ہے۔ منہ کا مزا اچھا کرتی ہے۔ محلل بلغم صفراوی اسیر تپ اور بلغم شور کی حرارت دفع ہو
جامن	.	.	ایک بڑے درخت کا پھل ہے انگور سے بڑا اودہ و سیاہ رنگ کسیلا کسیقدر شیریں	سرد ۲ خشک ۲	دیرہضم لفاح	نمک		.	صفراوی دست بند ہوں۔ گرم مزاج والے کے معدہ اور جگر کو طاقت بخشے خون و صفرا کا جوش بند کرتی ہے باہ کو حرکت دیتی ہے۔ سرکہ اسکا طحال کو مفید کھٹی مقوی باہ منی کو گاڑھا کرتی ہے
جاوشیر	گواشیر	جاشیر	گوند ہے ایک نبات کا بودار ظاہر میں سرخ اندر سفید۔ بہتر وہ ہے	گرم خشک ۲	انتیس	مرکی جوز	ہموزن بہروزہ یا انجیر کا	۴ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتی ہے سدہ کو کھولتی ہے۔ سختی کو تحلیل کرتی ہے ضعف اعصاب کو قوی کرتی ہے اور صحیحہ کو ضعیف کرتی ہے اور امراض بارد بلغمی کو خصوصاً عصبانی و دماغی کو مانند درد سر و فالج و لقوہ و مرگی و ام الصبیان و رعشہ کہ جماع کی کثرت سے ہو

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت یعنی پہچان دوا	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
	״	״	جسکے ریزے پشت وقت سفید نظر آویں۔ ساخت سیاہ رنگ ہوتی ہے	״	״	״	״	״	مفید ہے۔ سرمہ اسکا نزول الماء اور تیزی بصر کو مفید ہے۔ اور اسکو کان میں ڈالنا کان کے بہرے پن کو رفع کرتا ہے۔ اور دانت پر ملنا اور بھرنا سوراخ دانت کرم خوردہ میں درد کو ساکن کرتا ہے +
جابالسنی	.	.	.	سرد خشک ۳	.	.	.	.	بدن کو روشن اور حلق کے امراض اور زہر کا اثر دور کرے۔ بلغم اور صفرا کو جو خون سے ملے ہوں دور کرے +
جرانکس	کاہ کی	اذخر	گھاس ہے خوشبودار زرد رنگ تیز بو اور تیز ذائقہ۔	گرم خشک ۲	گردہ گرم مزاج درد سر کو	گلاب صندل نیلوفر	کوتھہ زعفران چوانیہ	۲ ماشہ	جلا کرے۔ سدہ کھولے۔ پتھری توڑے۔ جگر کا سدہ دور کرے۔ خلطوں کو پکائے سردی کا درد رفع کرے۔ فالج۔ لقوہ۔ تشنج اور استرخا کو مفید۔ مقوی معدہ اور دانتوں کو صاف کرے +
جُرہ	باشہ	جرہ یا صفرد	ایک پرندہ ہے باز سے چھوٹا	گرم خشک ۲	.	.	.	.	اسکی سرگین کا طلا کلف کے واسطے مجرب ہے +
جزع	.	جزع	ایک پتھر ہے مشہور دھاری دار رنگ برنگ کا	گرم خشک ۲	.	.	.	.	سرمہ اسکا نزول الماء کے لئے مفید ہے آنکھ کی سفیدی دور کرتا ہے۔ اسکا منجن دانتوں کو صاف کرتا ہے۔ اسکا ذرور خون کو قطع کرتا ہے گوشت صالح کو جماتا ہے اور زائد کو اڑاتا ہے
جعفری کا پھول	.	.	مشہور ہے۔ زرد رنگ مزا پھیکا	گرم خشک ۲	مولد درد سر قاطع منی	کاسنی بادرنجویہ	.	.	گرم کرنیوالا۔ تحلیل کرنیوالا۔ قابض۔ ہاضم۔ مدر پتھری پھوڑنے والا +

زراوند دراز	زراوند دراز	زراوند طویل	جڑ ہے گول سیاہ سرخی مائل بہتر وہ جو زعفرانی ہو - ذائقہ تلخ	گرم ۲ خشک ۳	جگر تلی	شہد - زرشک	زراوند مدحرج	۱ ماشہ	بالی اور حیوانی زہروں کو مفید - جلا کرے - تحلیل کرے - جذب کرے - سدہ کھولے بلغم نکالے - بول اور حیض کا ادرار کرے - چھاتی اور جگر کو صاف کرے - معدہ کی کرم مارے - مرگی دور کرے - مردہ بچہ کو نکالے +
زراوند گرد	زراوند گرد	زراوند مدحرج	جڑ ہے زمین قند جیسی باہر زرد اندر سے سرخی مائل - ذائقہ تلخ - اسکے اوپر کا پھول خوشبودار ہوتا ہے -	گرم ۲ خشک ۲	.	شہد و روغن گدو	زراوند طویل	۱ ماشہ	تحلیل کرے - لطیف کرے - سینہ - معدہ دماغ زیہ کو صاف کرے - پرانی کھانسی دمہ کو مفید - درد سینہ - فالج - گٹھیا کو فائدہ مند - طویل سے زیادہ قوی ہے +
زرشک	زرخک	انبرباریس	پھل ہے درخت کا سرخی مائل چاشنی دار - پھول تند دار درخت خار دار	سرد تر ۲ باقوت قابض تریاقیہ	سرد مزاج قولنج	لونگ شکر	صندل	تولہ	صفرا دور کرے - پیاس اور معدہ کی حرارت بجھاوے - جگر کی گرمی نکالے - خون کا جوش کم کرے - دل جگر اور معدہ کو طاقت بخشے - صفراوی و جگری و معدی دست وحیض بند کرے - مواد کو اعضاء سے چکنے نہ دے +
زوفت	زوفت	زوفت رومی	کسی درخت کا گوند ہے	گرم ۳	مردریہ	کیترا	حاؤشیر	۲ ماشہ	تحلیل کرے - طاقت بخشے - اور ہر رنگ رنگین بائی - عرق النسا گھٹنے اور جوڑوں کے

نام دوا	فارسی	عربی	ماہیت شناخت ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
〃	〃	〃	اسکی کئی قسمیں ہیں رنگ سیاہ ذائقہ تلخ	خشک ۲	طحال	بنفشہ کافور	سوم	〃	درد دور ہوں۔ غلیظ خلطوں کو پکائے۔ چھاتی حلق اور ذکر کو پاک کرے۔ خون کو ظاہر جلد کی طرف جذب کرے۔ مقعد کے پھٹ جانے کو مفید ہے۔ طلا کرنے سے باہ زیادہ ہوتی ہے
زمرد	۔	زمرد	پتھر ہے مشہور سبز رنگ کا	سرد ۲ خشک ۳	۔	۔	زبرجد مرجان	۔	مفرح ہے حرارت غریزی و ارواح و دل و دماغ و جگر کو قوت دیتا ہے۔ اور سرمہ اسکا مقوی بصر ہے سل کو رفع کرتا ہے اور پہننا اسکی انگشتری کا مرگی سے واسطے مفید ہے
زمین قند	زمین قند	۔	درخت کی جڑ ہے بہی قدر ذائقہ تلخ پھیکا	گرم خشک	[illegible]	[illegible]	۔	۔	بھوک لگاتا ہے۔ بلغم۔ پیٹ اور قولنج کا فساد دور کرے
زنجی دارو	زنجی دارو	[illegible]	گھاس ہے بلے شاخ [illegible] سبز تلخ	گرم ۳ خشک	سوداوی [illegible]	گلاب مصطگی	غافث	۳ ماشہ	ملین۔ تحلیل کرنے والا۔ سدہ کھولے۔ بول اور حیض کا ادرار کرے
زنگال	زنگار	زنجار	سبز آبی رنگ کو سرکہ اور تانبے سے بنایا جاتا ہے ذائقہ کسیلا کھٹا	گرم خشک ۳	[illegible]	دودھ مکھن لعاب	شنگرف	[illegible]	کھانیوالا۔ جلن پیدا کرنیوالا۔ مروڑ پیدا کرنیوالا۔ زخم ڈالنے والا۔ اسکا سرمہ شہد میں ملا کر پلکوں کی غلاظت کو مفید۔ موم روغن کے ساتھ ملا ہوا زائد گوشت کو قطع کرے۔ بقدر ایک خشخاش عرق لیموں سے ملا کر کھانا آتشک کو مفید (سم)
زوفائے خشک زواد	زوفائے خشک زواد	زوفائے یابس ۔	گھاس ہے سبز سیاہی مائل تلخ۔ ذائقہ [illegible] جانور کا سا شکل میں	گرم خشک ۲ گرم	جگر معدہ	عناب کوند انار شیریں ۔	صعتر [illegible] ۔	۹ ماشہ تولہ ۔	لطیف کرے۔ بلغم کو اکھاڑے۔ غلیظ ریح کو اور معدہ کی گرم لگائے۔ ورموں کو تحلیل کرے فالج رعشہ پرانی کھانسی دمہ درد سینہ ورم ریہ۔ قولنج جلندھر درد سینہ کو نافع قے لاتا ہے۔ یاد اور بلغم کا فساد دور کرتا ہے۔ آنکھ کو طاقت بخشتا ہے
زہر مہرہ	زہر مہرہ	فادزہر معدنی	ایک پتھر ہے ملکا مائل سفیدی و زردی و سبزی	معتدل	۔	۔	زمرد۔ زبرجد	یکماشہ	سب مزاجوں کو موافق آجاتا ہے۔ زہر اور خلط ردی کو دور کرتا ہے۔ باہ پیدا کرتا ہے قوی ارواح اور اعضائے رئیسہ کو طاقت بخشتا ہے صحت کی حفاظت کرتا ہے۔ خفقان اور

نام مشہور	نام فارسی	عربی	ماہیت شناخت اور ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
گ	"	"	ذائقہ پھیکا	"	"	'	'	"	دست سے ہیضہ کو مفید۔ ہوائی وبا کو مفید۔ بچوں کے رنگدار پاخانہ کو مجرب ہے +
زیتون	•	زیتون	یہ درخت مغرب کے ملکوں میں ہوتا ہے رنگ سبز ذائقہ تلخ و کسیلا	گرم خشک	•	•	ارنڈ کا تیل	[illegible]	بدن کو گرم کرے۔ پیشاب کا ادرار کرے۔ پتھری کو توڑے۔ سدہ کھولے۔ مسوڑھوں کو طاقت بخشے۔ اعضا کو قوت دے۔ پسینا لاوے +
زیرہ سفید	زیرہ سفید	کمون ابیض	ایک درخت کا بیج ہے سونف کے برابر سفید رنگ تیز مزا	گرم ۲ خشک ۳	ریہ	کتیرا	اجوائن زیرہ سیاہ	۷ ماشہ	معدہ۔ جگر گردہ اور آنت کو طاقت دے۔ ریاح اور ورم کو تحلیل کرے۔ بدن کو گرم کرے مقطع بلاغم۔ مونہہ میں چبا کر پانی نکالا ہو۔ خشاوہ۔ ڈہلکا۔ طرفہ ظفرہ چشم کو مفید ہے +
زیرہ سیاہ	زیرہ سیاہ	کمون اسود	مشہور ہے	گرم خشک ۳	ریہ	کتیرا	زیرہ سفید	۷ ماشہ	گرم کرے۔ لطیف کرے۔ قطع کرے۔ تحلیل کرے۔ خشک کرے۔ معدہ سے رطوبت کا جانا بند کرے۔ بھوک لگاوے۔ بول اور حیض کا ادرار کرے۔ دست آور ہے +

باب سین مہملہ

نام مشہور	نام فارسی	عربی	ماہیت شناخت اور ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ساگودانہ	ساگودانہ	•	مشہور دانہ ہے سفید رنگ۔ ذائقہ پھیکا	گرم تر ۲	•	•	•	۲ ماشہ سے ۲ تولہ	قوت بخشے۔ باہ پیدا کرے۔ ہوشیاری لاوے۔ بدن کو موٹا کرے۔ طبع کو نرم کرے خواہ دودھ میں خواہ پانی میں۔ پکا کر کھاویں +
ساگون	نیلگوں	اذان الفیل	درخت ہندی ہاتھی کے کان کا مانند	گرم خشک	•	•	•	•	باد بلغم اور خون کا فساد دفع کرے +
ساتر	اشنین اوشن	صعتر	ایک گھاس کے پتے ہیں سبز	گرم خشک ۲	ریہ	سرکہ	پودینہ پہاڑی	۳ ماشہ	بلغم اور ریاح کو تحلیل کرے۔ سدہ کھولے۔ لطیف کرے۔ خشک کرے۔ قطع کرے

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت پہچان ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	طبیعت
″	″	″	پھول زرد - ذائقہ تیز و تلخ	″	″	″	″	″	بھوک لگادے - باہ اکسادے - معدہ کو رطوبت سے پاک کرے - اپھرہ اٹھنے نہ دے
سانپ	مار	حیہ	مشہور گزندہ ہے	گرم خشک ۳	بصارت کو اندھا کرتا جلد کو خراب کرتا ہے	گھی دھنیا	بھلانواں	۲ ماشہ حرام	اسکی کینچلی کی دھونی سے بچہ گر پڑتا ہے - اسکی چربی کا سرمہ نزول اترنے سے روکتا ہے روغن زیتون سے ملاکر لیپ کرنا خنازیر کو تحلیل کرتا ہے - سرکہ سے ملاکر لیپ کرنا داء الثعلب اور داء الحیہ کو مفید - اسکے انڈے سرکہ میں ملاکر لیپ کرنے سے برص دور ہو - کینچلی گھی اور چنے سے ملاکر کھانی جذام کو مفید - بخور مقعد بواسیر کو مجرب (گوشت مونہہ اور دم کا سم ہے)
سانکھو	سال	ساج	درخت مشہور ہے چھلکے سخت ہوتے ہیں - لکڑی سرخ پتے سبز پھل سیاہ - تلخ مزا	سرد خشک ۳	جگر	عناب	.	۳ ماشہ	قابض شکم - اسکا برادہ پیاس اور معدہ کی جلن دور کرتا ہے - شہد سے ملاکر کھانا صفرا اور بلغم دور کرتا ہے - اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے
سانوان	شامانج	.	ایک قسم کا غلہ ہے ٹھور سفید چھوٹا	سرد خشک	مولد ریاح	گھی	.	.	بلغم اور صفرا کا فساد دور کرتا ہے - ساتوں قسم کی دھات کو خشک کرتا ہے
ساڑیا	.	.	ہندی دوا	گرم خشک	.	.	.	-	منی پیدا کرے - تینوں قسم کے خلطوں کا فساد دفع کرے - حیض کا خون بند کرے قابض شکم جو دست تپ میں آتے ہیں انکو بند کرے
سالی	.	.	پہاڑی درخت ہے	گرم تر	.	.	.	-	ہاتھی اس درخت کو بہت چاہتا ہے اور خوب فربہ ہوتا ہے - اسکی شاخ جہاں لگادی جائے ہری ہوجاتی ہے حتی کہ مکان میں ستون میں لگائیں تو اسمیں بھی پتے

نام مشہور	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
″	″	″	″	″	″	″	″	″	پھوٹ نکلتے ہیں ۔ پھوڑا ۔ پھنسی ۔ صفرا ۔ بلغم خون کو مفید ہے ۔ اسہال بند کرتا ہے +
ساٹھی			چاول ہیں سرخ رنگ	سرد خشک ۲	۔		۔	۔	پیٹ جلن بند کرے صحت کی حفاظت کرے ۔ باد اور صفرا کا فساد دور کرے +
سارو مینا	شارک	زرزور	جانور مشہور	گرم خشک	دماغ گرم مزاج	گھی سے پکالیا کرو		حرام	اسکا کھانا آنکھ کی تاریکی دور کرتا ہے ۔ اسکو سکھا کر اگر کھاویں تو خفقان دور ہو اسکی راکھ پرانے زخموں کو اچھا کرتی ہے ۔ اسکی بیٹ داد اور بہق کو مفید ۔ گوشت بھوک لگاتا ہے اور عقل بڑھاتا ہے +
سال پری	۔	۔		گرم خشک	۔	۔	۔	۔	ساتوں دہات کو خشک کرے ۔ تپ کھانسی بلغم و قے دور ہو ۔ صفرا اور دست دفع کرے ۔ باہ زیادہ کرے ۔ اعضا کو طاقت بخشے ۔ رسائن میں سے ہے +
ساہی	خارپشت کلاں	قنفذ	جنگلی جانور ہے خاردار مشہور	گرم خشک ۲	جگر معدہ	روغن بادام	۔	حرام	کھانسی ۔ دمہ ۔ خشکی ۔ خون اور تینوں خلطوں کا فساد دور کرے +
سابن	۔	۔	جنگلی جانور جسکو گلکڑا کہتے ہیں	سرد	سرد مزاج	۔	۔	حرام	بلغم پیدا کرے ۔ اور خون کا فساد دفع کرے +
سارس	۔	۔	دریائی جانور لمبی گردن والا	سرد تر		۔	۔	۔	باد و صفرا و خون کا فساد دور کرے ۔ پیشاب اور پاخانہ بند کرے +
سال		شاج	مشہور درخت	سرد خشک ۲	۔	۔	۔	۔	قابض بلغم اور زہر کا فساد دور کرے ۔ پھوڑا پھنسی اور آگ سے جل جانے کو مفید +
ساکھ			جل کی مستی ہے	گرم	۔	۔	۔	۔	باد ام اور بلغم کا فساد ۔ قے اور آنکھوں کے مرض دور کرے +
سپاری	پوپل	فوفل	ایک پھل ہے بیر کی برابر کئی قسم کا ہوتا ہے	سرد خشک ۲	قولنج والے مزاج کو	کیترا	دھنیا صندل سرخ	۴ ماشہ	قبض کرے ۔ مواد کو اندر لوٹاوے ۔ اکڑہ اٹھنے سے روکے ۔ موہنہ کی رطوبت اور دانت کی گندگی دور کرے ۔ دل اور باہ کو طاقت بخشے ۔ استرخا دور کرے ۔ پیشاب لاوے

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت یعنی رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
〃	〃	〃	رنگ بھورا ذائقہ کسیلا اور بکھٹا	سینہ کو خراب کرے	〃	〃		〃	منی کو گاڑھا کرے۔ دست بند کرے۔ گرم درد کو مفید اسکا جوشاندہ زیادہ کے زور سے دست لاتا ہے۔ اسکا پھول بچوں کے دست بند کرتا ہے ✤
ستاری	۔		درخت ہے مشہور	سرد خشک ۲	۔	۔	دھنیہ کا پانی	ایک ماشہ	دانت کو مضبوط کرے۔ عورات کی فرج کو تنگ اور خشک اور معطر کرے مستی بہت لاوے ✤
ست گلو	۔	۔	مشہور ہے	۔	۔	۔	۔	۔	پرانے دستوں کو بند کرتا ہے۔ بواسیر قدیمہ اور جدیدہ اور تپ کو نافع ہے۔
سجی	سنجار و قلیا	قلی و ملح العصفر	بھوری و سفید۔ ذائقہ شور	گرم خشک ۳ سمیت دار	ریہ	دودھی قے کرنا	۔	ایک جو تا ایک ماشہ	جلا کر جلا دیوے۔ کھاجاوے۔ سب باتوں میں نمک سے زیادہ قوی ہے مغسول کی ہوئی معدہ کو قوت بخشے۔ رافع بلغم قے کو بند کرے۔ طحال کا ورم تحلیل کرے۔ سرمہ پیلی کو مفید (سم ہے)
سداسہاگن			ایک بوٹی ہے سرخ پھول پتے نکھوٹی قدرے تلخ	سرد	۔	۔	۔	۔	صفرا اور زہر اور خون کا فساد دور کرے۔ جلندھر کو آرام دے۔ اگر اسکے پتے ایک درم پانی میں بھگو کر پئے جاویں تو سوزاک مفید ہو ✤
سدا کھا	۔	۔	ہر ایک گھاس کا کھار نکلا ہوا	گرم خشک ۳	ریہ	روغن بادام	۔	ایک ماشہ	ہاضم۔ بھوک۔ زخم کھولے۔ بیلے کیڑے صاف کرنے کے کام آتا ہے ✤
سنڈھی	۔	۔	کھجور کی ایک قسم ہے	۔	۔	۔	۔	۔	اسکے فوائد مثل کھجور کے ہیں ✤
سرکھپوکہ	۔	۔ م	گھاس ہے مثل چرائتہ سبز رنگ تلخ و تیز مزا	گرم تر	۔	۔	سنڈھی	۵ ماشہ	خون کو صاف کرے۔ سدہ کھولے۔ پیشاب کا ادرار کرے۔ سوداوی بخار جگر اور تلی کی بیماریاں پھوڑا پھنسی۔ سرطان و آتشک دور کرے۔ اسکا عرق نہ ہم

نام ہندی	فارسی	عربی	ماہیت یعنی شناخت واقسام	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
״	״	״	״	״	״	״	״	״	اور لوکو مفید ہے ٭
سرسوں	سرشف	حرف	دانہ ہے رائی کے برابر تیل نکلتا ہے۔ رنگ سیاہ۔ سرخ وزرد تلخ وتیز مزا	گرم خشک ۲	معدہ وگردہ	کاسنی شہد	السی رائی	۶ ماشہ	رطوبت کو جذب کرے۔ ریاح کو نکالے۔ پیٹ کے کیڑے مارے۔ بلغم کا ضماد کیجلی اور عرق النسا کو نفع کرے۔ باہ کو حرکت دے۔ پیشاب جاری کرے۔ پکاوے تحلیل کرے اسکے پتے دادا ورخارش پر لگانے مفید تیل سرسوں کا کھانا اکثر پیشاب بند کرتا ہے
سرس	درخت زکریا	سلطان الاشجار	ایک بڑا درخت ہے پتے املی جیسے۔ پھلیاں لمبی ہوتی ہیں تلخ مزا پتے سبز تخم سیاہ پھول سرخ	سرد خشک بیج گرم	طباشیر سونف	بلغم سرسوپہ	۔	تولہ	اس کی چھال کے جوشاندہ سے غرارہ کرنا دانت اور مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے اس کا عرق کیڑے مارتا ہے جلدی امراض کو مفید ہے۔ اسکے پھول سونگھنے سے آدھا سیسی اور سر کا درد دور ہو۔ اسکا بیج پانی میں گھسکر آنکھ میں لگانا پھلی کو مفید۔ اس کے بیج کی نسوار زکام کو مفید۔ اور جوشاندہ کر کے سونگھنا نزلہ کو مفید اس کا تیل برص کو مفید ٭
سرکہ	سرکہ	خل	انگور یا کھجور یا رس کا بنتا ہے۔ سرخ وسفید ذائقہ ترش	باقدر حرارت سرد خشک	پٹھے ریہ باد	مٹھائی	کاغذی لیموکا عرق	دو تولہ	قبض کرے خشک کرے۔ لطیف کرے۔ جلد دہس جاوے۔ غلیظ خلطوں کو نرم کرے۔ پیٹ کے کیڑے مارے۔ ہاضمہ کرے۔ بھوک لگا دے۔ سدہ کھولے تاڑ اور رجاسن کا حال کو مفید ٭
سرپنکھی	۔	۔	ایک گھاس ہے پتے مثل چنے خرمہ اور شاخیں گرہ دار ہوتی	گرم تر	۔	۔		۔	اسکے پتے کھانے درد کمر اور جوڑوں اور تمام بدن کے درد کو مفید۔ اسکی جڑ مع فلفل کے ہمراہ حمیات مرکبہ کو مفید۔ اسکے پتے سوکھے اور کتھہ ملاکر زخم پر لگانا فوراً اچھا

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت یعنی اصلیت پہچان	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
〃	〃	〃	رنگ سبز ذائقہ ترش	〃	〃	〃	〃	〃	کرتا ہے خصوصاً وہ زخم جو مشکل سے اچھے ہوں +
سوار سوال	جیراتہ	.	گھاس ہے سبز پتیوں کی تیز تلخ مزا	سرد ۳ تر ۲	سرد مزاج	آب ریحان	کلفہ		مواد کو تحلیل کرے۔ سوزاک کو مجرب۔ لیپ کرنے سے خون بند ہو +
سرج			ہندی درخت ہے	.	.	.	.	.	پھوڑا۔ پھنسی۔ صفرا کا فساد بلغم کو دور کرے۔ جلا کرے۔ پیٹ کے کیڑے مارے
سربند				گرم تر	.	.	.	.	ورم دور ہو۔ باد اور صفرا کا فساد مٹائے۔ باہ پیدا کرے۔ طبع کو نرم کرے +
سرل				گرم خشک		.	.	.	کان۔ آنکھ اور گلو کی بیماریوں کو مفید۔ باہ کا فساد دور کرے +
سرن ماکھی				گرم تر	.	.	.	.	باہ پیدا کرے۔ اعضا کو طاقت بخشے۔ جذام ورم بواسیر۔ جریان درد مثانہ۔ فساد خون بدن کی زردی۔ جلندھر۔ دق۔ سب کو مفید۔ گلو کو صاف کرے۔ رساین ہے +
سرو	سرو	عرعر	ایک درخت ہے بے پھل سبز رنگ پتے تلخ اور تیز مزا	گرم ۱ خشک ۲ پھول گرم تر	ریہ	کتیرا	انزروت	۷ ماشہ	قبض کرے۔ تحلیل کرے۔ خون کا گرنا بند کرے۔ عفونت دور ہو۔ اسکا قوام عسر البول کو مفید آنت کا زخم اور مثانہ کا فضلہ جانا بند کرے۔ اسکا لعوق پرانی کھانسی کو مفید۔ اور مقوی معدہ ہے +
سروالی		سرطا میعی	درخت ہے گز بھر لمبا پھول سرخ پتے برابر پالک کے سبز رنگ۔ ذائقہ قدرے تلخ	مرکب القوی باقوت تریاقیہ	جی متلاوے	سنایہ	عود ی	۵ ماشہ سے ۷ ماشے	بتول کا ضماد ورم کو تحلیل کرے۔ پینا تپ دور کرے۔ مقوی باہ منی پیدا کرے اسکی راکھ خون استحاضہ کو بند کرے۔ اسکا تخم سوزاک آتشک اور فساد خون کو مفید ہے +
[illegible]	عشر خا	وتل بقر جبلی	مشہور جانور ہے	گرم ۲ خشک ۲		سرکہ گرم مصالحہ		حلال	جلد غذا پہنچاوے۔ سرد مزاج والوں کے اعضا کو طاقت بخشے۔ اسکی چربی کا طلا فالج لقوہ گٹھیا اور کزاز کو مفید۔ اسکا پتہ ملنا ذکر کو طاقت دیتا ہے۔ خون کا لیپ زخم کو

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	خاصیت
"	"	"	"	"	"	"	"	"	سفید سکا گوبر محلل ورم ہے +
سریش	سریشم	غری	ایک لیسدار چیز ہے جو چمڑے اور گوند وغیرہ سے بنتی ہے۔ رنگ سیاہ وسرخی مائل ذائقہ بدبودار ہے	گرم ۲ خشک	سدہ پیدا کرے	سکنجبین ماءالاصول	سریشم ماہی	۵ ماشہ	خشک کرے۔ سل اور خراب زخموں کو مفید۔ خون بند کرے۔ اسکا ضماد ورم کو تحلیل کرے۔ سریش ماہی جسکو عربی اسماک کہتے ہیں گرم خشک ہے۔ سل کو مفید ہے۔ داد پھول بہری شقاق جنسارہ کو نفع مفید ہے۔ سرکہ میں ملا کر لگانے سے خون کی سفیدی کو دور کرتا ہے +
سفیدہ کاشغری	سفیداب	اسفیداج	مشہور ہے سفید وسیاہ رنگ۔ ذائقہ کسیلا و شور	سرد ۳ خشک ۲	خناق ہو	شوربا [illegible] کرتا	مردار سنگ	۳ ماشہ	لطیف کرے خشک کرے۔ پرانے زخم اور رطوبت دار خارش اور داد کو مفید۔ انڈوں کی سفیدی سے ملا کر شقاق مقعد اور آنکھ کے درد کو مفید۔ زائد گوشت کو قطع کرے
سقمونیا	•	سقمونیا	ایک بوٹی کا عصارہ ہے جو پانی میں سفید ہوجاتا ہے تلخ بھورا ذائقہ تلخ	گرم ۳ خشک ۲	دل معدہ جگر کو	کتیرا سیب روغن لوز	ایلوا زرد	ایک ماشہ	جلا کرے۔ تحلیل کرے۔ ادرار کرے۔ سدہ کھولے۔ صفرا کا اسہال کرے۔ ہر ایک مسہل کو طاقت دے۔ پیٹ معدہ اور آنت کے کیڑے نکالے۔ سوداوی بخار والوں کو مفید ہے پانی سے بغیر بھوئے استعمال جائز نہیں +
سقنقور	سقنقور	سقنقور	دریائی جانور ہے [illegible]	گرم خشک	دماغ	شہد سور	حلب مصری	ایک تولہ دو تولہ	اسکا گوشت مقوی باہ۔ منی پیدا کرے۔ اور غلیظ کرے۔ نقرس رعشہ فالج لقوہ خدر اور گٹھیا کو مفید ہے +
سکبینج	سکنہ	سکبینج	گوند ہے گھاس کا [illegible] سرخ وسفید و زرد	گرم خشک ۲	گرم مزاج مثانہ گردہ	کتیرا	بہروزہ	۳ ماشہ	ریاح اور اورام سخت وطحال کو تحلیل کرتا ہے۔ ادویہ مسہلہ کا مصلح ہے۔ درد مفاصل و پشت وسینہ ونقرس کو مفید ہے۔ حیض کو جاری کرتا ہے۔ معدہ کے کیڑوں کو قتل کرتا ہے۔ پیشاب کو جاری کرتا ہے۔ جنین کو ساقط کرتا ہے۔ سنگ گردہ ومثانہ کو خارج [illegible]

نام مفرد	فارسی	عربی	ماہیت رنگ ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
״	״	״	״	״	״	״	״	״	کرتا ہے اور سرکہ کے ساتھ ضماد کرنا واسطے جذب کرنے کانٹے اور کہانسی کے مفید ہے ظلمت بصر کو نافع ہے +
سلاجیت	۰	۰	پتھروں کا گوند یا مادہ سیاہ سرخی مائل ذائقہ پھیکا و تلخ	گرم خشک ۲	گرم مزاج	گھی	عطر ناگیسر	سورتی	خلطوں کا فساد دور کرے ۔ دمہ ۔ جریان ۔ جلندھر ۔ سخت ورم ۔ بوڑھوں کی دق دفع کرے ۔ پیٹ کے کیڑے مارے ۔ مقوی باہ ۔ مفید سوزاک ۔ جس دوا میں ملاؤ اُسی کا مزاج لے لے +
ست سلاجیت	ست سلاجیت		سلاجیت کا جوہر ہے	گرم خشک	گرم مزاج	روغن	عطر ناگیسر	آرتی	باہ و گردہ و مثانہ کو قوت بخشتا ہے ۔ سوزاک جریان کو مفید ہے بدن کو قوی کرتا ہے
سلارس		میعۃ سائلہ	گوند ہے مشابہ شہد خوشبو زردی مائل ذائقہ پھیکا	گرم ۳ خشک ۲	ریہ	مصطگی	جند بیدستر روغن [illegible]	۲ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرے ۔ قوت بخشے ۔ مادہ کو نکالے ۔ بلغم زکام کھانسی درد سینہ درد ریہ و گردہ و کمر کو دور کرے ۔ جلندھر ۔ گنٹھیا ۔ سنگ مثانہ کو مفید ۔ (قریب سم ہے)
سمندر پھل	۰	۰	ایک ہندی پھل ہے مشابہ بیر کے سیاہ سرخی مائل ذائقہ تلخ و کسیلا	گرم خشک	۰	۰		آدہا عدد	جریان کو مفید ۔ شکم اور سونف سے ملا کر درد شکم اور ریح کو مفید ۔ چھاچھ سے ملا کر استعمال کرنا حابس شکم ہے ۔ اُس عورت کا دودھ جس کے لڑکے پیدا ہو کر ہلاک ہو جاتے ہیں سونگھنا تمام نزلہ کو دماغ سے خارج کر دیتا ہے +
سمندر پھین	کف دریا	زبد البحر	ایک جسم ہے جالی دار دریا شور میں ہوتا ہے رنگ سفید ذائقہ پھیکا و تیز	گرم خشک ۲	ریہ آواز	صمغ عربی	[illegible]	مت کہاؤ	لیپ کرنے سے سیاہ اور سفید داغ اور کھجلی دور ہو ۔ بلغمی ورم طحلی استسقا کو تحلیل کرے پتھری کو پھوڑے ۔ قے بند کرے ۔ پھولا دور ہو ۔ آنکھوں کو جلا کرے ۔ دانت صاف کرے ۔ سرکہ سے ملا کر کھجلی مغفولی کو مفید (قریب سم ہے)
سمندر نون	نمک دریا	ملح البحر	سفید رنگ ذائقہ شور	گرم خشک ۲	۰	۰	۰	۰	بھوک لگائے ۔ ہاضمہ کرے ۔ ریاح نکالے +

ہندی نام	فارسی نام	عربی نام	ماہیت پہچان و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سمور	سمور	-	جانور چوہے کی شکل کا ہے	گرم خشک		-	-	حرام	سینہ اور گردہ کو گرم کرے +
سمندر سوکھ	-	-	بیج میں رائی کے برابر رنگ سفید ذائقہ پھیکا	سرد تر ۲	اپھارا ہو	دودھ شکر	تخم سروالی	سہ ماشہ	سوزاک اور پیشاب کی جلن اور رقت منی کو مفید باہ اور دماغ کو طاقت بخشے منی پیدا کرے۔ امساک پیدا کرے۔ جلا کر ناسور پر لگانا زحد مفید +
سنجاب	سنجاب	-	مشہور ہے	گرم تر ۲	قولنج پیدا کرے	روغن بادام	-	حرام	اسکا گوشت جنون اور حرارت دور کرے۔ درد سینہ کھانسی و قرحہ دور ہو۔ اسکی کھال کا پہننا مزاج کو اعتدال پہ لاتا ہے پٹھوں کا درد دور کرتا ہے۔ اسکے بالوں کا دھواں رحم اور خون جانے کو مفید ہے +
سنبھالو	فنجنگشت	اثلق	درخت ہوتا ہے جو کہ مباشر رنگ سبز درد ذائقہ تلخ و کسیلا	گرم خشک	گردہ	تخم کرفس	فلفل	سہ ماشہ	قبض کرے۔ تحلیل و تلطیف کرے۔ جگر تلی کا سدہ کھولے۔ ورم رحم کا حیض بند ہونا داء الکلب کو مفید۔ کتے کے کاٹے کو نافع۔ اسکا بیج جگر اور دماغ کا سدہ کھولتا دماغ کا ورم اور لیثرغس دور کرتا ہے +
سنکھیا	مرگ موش	سم الفار	ایک معدنی جسم زہر ہے زرد سرخ سیاہ سفید	گرم خشک	-	-		سرت ہمالو	تحلیل ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ گھی میں ملا کر طلا کرنا خارش کھجلی جلند ھر کو مفید۔ اکثر طلا کھجلی اور سستی ذکر کو مفید۔ اسکا کشتہ گٹھیا کو مفید (سم قاتل ہے)
سنگترہ	-	-	ہندی میوہ ہے سرخ رنگ چاشنی دار	سرد تر ۲	پھول وغیرہ کو	مصری شہد	نارنگی		دل اور معدہ کو طاقت بخشے۔ فرحت دے۔ گرمی اور سمیت دور کرے۔ صفرا خفقان اور وحشت کو مفید۔ گرم مزاج کو موافق۔ اسکا چھلکا جھائیں اور داغ پر لگانا مفید ہے +
سنگجراحت	سنگجراحت	حجر الاعرابی	ایک پتھر مشہور ہے سفید ذائقہ پھیکا	سرد خشک ۲	مثانہ	مکھن و شکر	-	۳ ماشہ	تمام اعضا اور زخم سے خون گرنا بند کرے۔ درد سینہ اور خونی دست بند کرے۔ دانت کو صاف مسوڑھوں کو مضبوط کرے۔ چھالیہ سے ملا کر خونی دست اور خون گرنا بند کرے +

نام اردو	ہندی	عربی	ماہیت اور پہچان	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سنگھاڑہ			خاردار ... ایک بیل پانی میں پھیلتی ہے ... سبز اندر سے سفید قدرے شیریں	سرد تر [illegible] خشک سرد خشک	مولد سدہ ثقیل دیر ہضم	نمک گرم شے	.	.	گرم مزاج والوں کی باہ کو طاقت بخشے۔ صفراوی تپ کو مفید۔ گرم کھانسی۔ پیشاب اور دل کی جلن حلق کی خشکی اور پیاس کو مفید۔ منی کو پیدا کرے اور گاڑھا کرے بدن کو موٹا کرے۔ جریان کو مفید۔ سکھا کر دواؤں پر لگانا جلد اثر کرتا ہے +
سنگ ماہی	سنگ ماہی	حجر السمک حجر الحوت	ایک سفید ... مچھلی کے سر سے نکلتا ہے [illegible]	گرم خشک	.	.	.	.	سنگ گردہ و مثانہ کو توڑتا ہے +
سنگ مقناطیس	سنگ آہن ربا	حجر المقناطیس	ایک پتھر ہے سیاہ رنگ مائل بہ سرخی ... بہتر اچھا ... رنگت سیاہ خراب ہوتا ہے لوہے سے خوب چپک جاتا ہے	گرم خشک ۲	.	.	.	عقیق ۱م	پینا اسکا واسطے فالج اور درد مفاصل و عرق النسا و نقرس و تقویت جگر و طحال اور دور کرنے پتھری و عسر ولادت کے مفید ہے۔ ماءالعسل کے ساتھ واسطے اخلاط غلیظہ کے اور قوالضات کے ساتھ واسطے قطع اسہال کے مفید ہے۔ اور بجور اسکا نرم پیس کر تھوڑا تھوڑا چنگاری پر چھڑکیں اور بواسطے نلے کے رحم میں پہنچاویں رافع سیلان رحم ہے ہر چند کہ پرانا ہووے اور کہتے ہیں کہ جب زحل برج سنبلہ میں ہو اسکو گلاب سے دھو کر سرمہ بنا کر جو کوئی شخص آنکھ میں لگاوے اور مدت تک دوسرا شخص لوہے کو دیکھتا رہے پہلے شخص کو ایسی محبت دوسرے کے ساتھ ہوگی کہ بیان نہیں ہو سکتی ذرد اسکا واسطے رفع مضرت زخم آلات لوہے زہردار کے مجرب اور عجیب الاثر ہے
سنگ مرمر	.	حجر [illegible]	پتھر ہے مشہور	.	.	.	.	.	بعض اسکے سوختہ کا مقوی لثہ ہے اور ضماد اسکا رانتج اور زفت کے ساتھ محلل اورام سخت ہے اور موم روغن کے ساتھ درد فم معدہ کو نافع ہے۔ اور ذرور اسکے خام کا سوختگی آگ کے واسطے مفید ہے +

نام مفرد	فارسی	عربی	ماہیت و پہچان	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سنگ یہود	سنگ یہود للادنہ	حجر الیہود	ایک قسم کا پتھر ہے بیر کے برابر سفید۔ ذائقہ پھیکا مشہور گیاہ ہی بہت سے مراد کھیکا	گرم خشک معتدل سرد	جگر معدہ تلی دیر ہضم	گوند کرفس	کرفس	۲ ماشہ	پیشاب کا ادرار کرے۔ پتھری توڑے اور پھر پیدا ہونے دے۔ جما ہوا خون مثانہ کا دور کرے۔ چمگادڑ کے خون میں کھرل کرکے۔ سرمہ لگانا پلکوں کے بال اگاتا ہے قبض کرے اسکا پھول نفاس کا خون بند کرے +
سناء مکی	سناء مکی	سناء مکی	گھاس کے پتے ہیں مشہور	گرم ۲ خشک ۱	موروثہ کرب قے	روغن بادام ۲	اسوتا ۱/۲	۲ تولہ	صفرا اور بلغم اور سودا کو بدن سے خارج کرتی ہے درد نقرس و مرگی و شقیقہ و جنون و درد سر کہنہ و درد پہلو و دمہ و قولنج و عرق النسا و درد مفاصل کو نافع ہے اور منقی دماغ ہے
سندروس	جندروس	.	گوند ہے مثل کہربا کے	گرم ۲ خشک ۳	گردہ	کیکرہ گوند	کہربا باتیز پا	۳ ماشہ	رطوبت دماغی کو خشک کرتا ہے ہر عضو سے خون کے آنے کو بند کرتا ہے۔ معدہ کے کیڑوں اور حب القرع کو قتل کرتا ہے اور مدر بول اور حیض ہے خفقان اور وسواس و دمہ و تپ ماہہ و ربو کو مفید ہے
سنکھاہولی	.	.	مشہور ہے	گرم خشک	.	.	.	.	طبع کو نرم کرے۔ قوت حافظہ و مدرکہ و ذکا و عقل کو طاقت بخشے۔ جریان اور سوزاک کو مفید۔ اسکی جڑ مغلظ منی (رسائن ہے)
سنکھ	سطید بھرہ	حلزون	مشہور ہے	سرد ۲ خشک ۲	.		.	.	سرد۔ سبک۔ نظر کو طاقت دے۔ بلغم صفرا اور خون کا فساد دور کرے۔ پیشانی پر لگانا آنکھ میں مواد بیٹھنے نہیں دیتا۔ جلا کر لگانا زخموں کو جلد اچھا کرتا ہے +
سشاور	.	.	ایک قسم کا رس دار جڑ ہے رنگ سفید ذائقہ پھیکا سب رطوبت	گرم خشک ۲ نا کوہ	دردسر	شہد	بہمن سفید	۷ ماشہ	لطیف کرے۔ باہ لاوے۔ معدہ کو گرم کرے۔ جگر اور گردہ کو مضبوط کرے۔ بلغم کو تقطیع کرے۔ منی کو گاڑھا کرے۔ دودھ کو سخت کرے۔ نقرس۔ بواسیر۔ سوزاک

نام ہندی	نام فارسی	عربی	ماہیت شناخت و دیگر اوصاف	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
"	"	"	"	"	"	"	"	/	جریان اور گٹھیا درد پہ ساین سے شمار کرتے ہیں +
سوسک		نبات دمدوال	ایک بالور ہے چھ سر کا	گرم خشک ۲	.	.	.	.	اسکو جلا کر ڈیڑھ مثقال شہد کے ساتھ پینا واسطے عسر نفس و دفع احتباس بول اور حرقت بول کے نافع ہے۔ جنین کو ساقط کرتا ہے۔ درد رحم کی تسکین کرتا ہے۔ لیپ اسکا ہموزن انڈے کی زردی کے ساتھ واسطے درد رحم وگردہ و احتباس بول کے نافع ہے
سورنج طیمی	[illegible]	آذریون	گھاس ہے اسکا پھول جوڑ پیلا۔ سنہری اور مقابل آفتاب کے کہلتاہے تلخ	گرم خشک ۲	گرم مزاج کو	سکنجبین شہد	تخم زعفران	سہ ماشہ	تحلیل کرے جلا کرے۔ دماغ اور جگر کا سدہ کھولے۔ دماغ کو صاف کرے۔ معدہ باہ اور جگر کو طاقت بخشے۔ لذت پیدا کرے۔ بواسیر یرقان قولنج اور جلندر کو مفید ہے۔ پتھری توڑے۔ بلغمی بخار دفع کرے۔ لیپ اسکا نقرس کو مفید ہے +
سوسن	سوسن آسمانگون	آسمانجون	ایک درخت ہے کئی طرح کا صحرائی اور بستانی پھول نیلا پتے سبز۔ ذائقہ قدرے تلخ	گرم خشک ۲	ریہ	شہد نیلوفر	سورنج بلعی	۴ ماشہ	ریح تلی جگر اور رحم کے امراض کو اور گٹھیا کو مفید ہے۔ حیض جاری کرے۔ اسکی جڑ لطیف کرے۔ گرم کرے۔ جلا کرے۔ مادہ کو پاک کرے اور پکا دے۔ صفرا بلغم اور سودا کو دست کی راہ نکالے۔ تشنج امتلائی کو مفید۔ فالج و سکتہ و خواب میں بچوں کا رونا دور کرے۔ اسکا لیپ پرانے درد سر کو مفید ہے +
سورا بلخ	.	.	مشہور	سرد خشک	.	.	.	.	بدن کی سوزش کو مفید ہے۔ نشہ دار۔ بواسیر خدری۔ سرخ بادہ۔ دمامیل اور فساد خون کو مفید ہے +

اسم مشہور	فارسی	عربی	ماہیت ورنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	خاصیت
سورنجان			جڑ ہے گاؤدم ایک میٹھی جیسے حلو کہتے ہیں دوسری کڑوی جسکو مرکہتے ہیں زرد سرخی مائل ذائقہ شیریں دلیوار	شیریں گرم خشک تلخ گرم تر خشک	معدہ جگر	کتیرا زعفران	نسوت سونٹھ سورنجان شیریں	۲ ماشہ	سورنجان شیریں ہر قسم کے بلغم کو بدن کی سب جگہ سے نکالتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے اپسدار حلطیں کو عمق بدن سے کھینچتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ نقرس اور گنٹھیا کو مفید سورنجان تلخ مواد کو تحلیل کرتا ہے۔ دہاتا ہے۔ پکاتا ہے۔ جلا کرتا ہے۔ گل روغن سے ملاکر جوڑوں کے درد کو مفید۔ اور مکھن سے ملاکر حمول کرنا مسئلہ بواسیر کو مفید (کڑوا قریب زہر ہے)
سوسن آزاد	سوسن آزاد	زنبق	مشہور ہے پھول سفید ذائقہ تلخ	گرم خشک	یرقان	سولی	ایرسا نرگس	ایکماشہ	لطیف کرے۔ دماغ کو طاقت بخشے۔ مدر بول۔ اسکائیں اعضا کو طاقت بخشے صفرا کا مسہل ہے +
سونا	طلا	ذہب	مشہور دھات ہے زرد رنگ ذائقہ پھیکا و کسیلا	معتدل مائل گرمی	مثانہ بواسیر والات	شہد مشک	یاقوت	آدھی رتی ۲ رتی	لطیف کرے۔ فرحت بخشے۔ دل دماغ اور حرارت عزیزی کو طاقت دے۔ فکر غم اور خفقان کو دفع کرے بواسیر ضعف باہ اور گردہ کو مفید۔ اسکا سرمہ مقوی بصر ہے *
سونے کا ورق	ورق طلا	ورق الذہب	مشہور	معتدل مائل بحرارت	.	.		.	مفرح و مقوی حرارت عزیزی اور دل و جگر و دماغ و معدہ ہے۔ بواسیر کو دفع کرتا ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے +
سونے کا میل	.	خبث الذہب	مشہور ہے		.	.			تیاری کے میل سے زیادہ قوی ہے۔ طلا اسکا واسطے دفع کرنے بو کے بغل و کنج ران کے مجرب ہے +
سونا مکھی	چرک طلا	خبث الذہب اقلیمیا ذہب	ایک جسم ہے سخت سونے جیسا رنگ۔ ذائقہ کسیلا	گرم خشک	دیہ	روغن بادام	توتیا	ایک جو	[illegible] خفقان اور طحال کی سختی دور کرے +

نام ہندی	نام فارسی	نام عربی	کیسی ہے یعنی رنگ بو ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سونف	بادیان رازیانہ	رازیانج	ایک گھاس کا بیج ہے رنگ زرد سبزی مائل ذائقہ قدرے شیریں اور تیز تیز بو	گرم ۲ خشک ۲	گرم مزاج	صندل کافور اور سکنجبین	تخم کرفس	۹ ماشہ	سینہ کی راہ جگر طحال گردہ اور مثانہ کا سُدہ کھولے دردوں کو آرام دے نظر اور معدہ کو طاقت بخشے۔ بلغم دفع کرے۔ اپھرہ کو اُٹھنے نہ دے۔ تبخیر بند کرے۔ مروڑ قولنج دور کرے۔ دست کھانسی اور دمہ دفع کرے سکنجبین کے ساتھ پرانی تپ کو مفید۔ اسکے پتے زیادہ قوی ہیں۔ اسکی جڑ ریاح کو تحلیل کرے۔ بول حیض اور دودھ کا [illegible] کرے۔ ہاضم۔ درد کو تسکین دے۔ معدہ کو بڑھا دے۔ قولنج۔ درد پسلی اور ہچکی کو دور کرے۔ شہد سے ملا کر لگانا باؤلے کتے کے کاٹے کو مفید۔ سونف کی جڑ کے عوض کرفس کی جڑ استعمال کرتے ہیں +
سونٹھ	زنجبیل	زنجبیل	ایک جڑ ہے گرہ دار مثل ہلدی چوڑی۔ رنگ مٹیالہ ذائقہ تیز اور تیز بو	گرم ۳ خشک ۲	حلق	شہد روغن بادام	دار فلفل	۲ ماشہ	قوت حافظہ۔ معدہ جگر اور ہاضمہ کو طاقت بخشے۔ جگر کا سدہ کھولے۔ غلیظ ریاح کو تحلیل کرے۔ بلغم کو نکالے۔ غلیظ خلط کو دفع کرے۔ طبع کو نرم کرے۔ قے بند کرے۔ فالج اور سردی کا درد دور کرے۔ پیٹ اور انتوں کے کیڑے مارے۔ بلغمی پیاس دور کرے۔ پستہ اور خولنجان سے ملا کر کھانا مقوی باہ ہے۔ مچھلی کھا کر اسکا کھانا پیاس نہیں لگنے دیتا +
سوم لتا	.	.	.	سرد خشک	.	.	.	.	باد۔ بلغم اور صفرا کا فساد دور کرے (رسائن ہے)

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	خاصیت
سویہ	شبوت	شبت	ساگ ہے مشہور اسکا پھول چھتردار ہوتا ہے رنگ سبز	گرم ۲ خشک	دماغ گرم مزاج کو [illegible]	کشنائی سکنجبین	.	۱ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرے۔ مواد کو پکائے۔ سدہ کھولے۔ ہاضمہ کرے۔ پیچش دور کرے۔ سرد درد کو مفید۔ کھانسی۔ دمہ۔ سنگ گردہ مثانہ و قولنج کو دور کرے۔ محلیلہ اخلاط کو معدہ سے نکالے +
سوفا	.	.	.	سرد خشک	.	.	.	.	باہ پیدا کرے۔ زہر اور تینوں خلطوں کا فساد دور کرے۔ دیوانگی تپ اور خشکی دور ہو چہرہ کا رنگ رونق پکڑے +
سونچر	.	.	ایک قسم کا نمک	گرم خشک	.	.	.	.	ہاضمہ کرے۔ بھوک لگاوے۔ سدہ کا در جو رطوبت کا ہو اسکو دور کرے۔ اگر لیموں کے عرق میں حل کرکے پتھر پر لگیں اور تھوڑی دیر آگ دکھلاویں تو کلیجا ہو اسفید اور پختہ ہوکر پانی سے خراب نہو +
سودری	.	.	ایک ہمدی [illegible]	گرم خشک ۳	.	.	.	.	باد اور تپ کو دفع کرے آواز صاف کرے (سودری سیاہ رساین ہے)
سونجانی	.	.	ایک قسم کی چنبیلی [illegible]	.	.	.	.	.	اس کے خواص مثل سعید چنبیلی کے ہیں +
سودونی	دارکو د دارماب	سودانی	جانور ہے لمبی دم کا۔ اور ہاتھ بھر چوڑا جو سبز اور لمبی۔	گرم خشک	.	.	.	.	دبلے اور کمزور دماغ کے آدمیوں کو اسکا کھانا نہایت مضر ہے کیڑوں کو ہلاک کرتا ہے
سوس	حوک آبی	دعین	ایک دریائی جانور ہوتا ہے ہوکے کو بچاتا ہے	.	سوداو بلغم پیدا کرے	.	.	.	اسکا مغز کھانا گٹھیا والے کو مفید۔ گرچربی ملاکر کان میں ڈالے تو بہرا پن دور ہو پرانا اور نیا دانت لڑکے کے باندھنا خوف سے امن رہے +

نام مشہور	فارسی	عربی	ماہیت اور رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سوٗر	خوک	خنزیر	مشہور جانور	گرم ۲ تر ۲	داء الفیل کی بیماری ہو	شراب	۔	حرام	جس مٹی پر سور لیٹے وہ مرگی والے کے باندھنی مفید۔ اسکا گوشت سدہ کھولے۔ بدن کو موٹا کرے۔ غلیظ خلط پیدا کرے۔ عقل خراب کرے۔ مقوی باہ و بدن۔ اسکی چربی نمک اور مومیائی ملاکر بہرہ پن کو مفید۔ اسکا خون سب خاصیتوں میں آدمی کے خون کی مثل ہے اسکی چربی ورم تحلیل کرے اسکی ہڈی اور دانت باندھنے مرگی اور آسیب کو دور کریں۔ جس خاک پر لوٹتا ہے وہ مٹی جہاں پڑ جاوے اُسی جگہ دشمنی ہو جاوے +
سہاگہ	تنکار	تنکار	معدنی چیز ہے دو قسم کا چوکیا و سناری	گرم خشک ۳	۔۔	۔	۔	ایک ماشہ	لطیف کرے۔ تحلیل کرے۔ جلا کرے۔ بواسیر کے مسّہ کو کاٹے۔ زائد گوشت دور کرے
سہدیٔ	۔	۔	مہندی گھاس کے پتے تلسی جیسے رنگ سبز ذائقہ تلخ	سرد تر			۔	۔	مشکل سے پیشاب کا آنا دور کرے۔ کالی مرچ سے ملاکر کھانا باری وقت کے بخار کو مفید اسکی جڑ گھسکر قضیب پر لگانی ملذذ۔ پارہ اسمیں کشتہ اور لبتہ ہو جاوے +
سیہوڑا	۔	۔	درخت ہے اسکے پتے چھوٹے پھل چنے کے برابر ہے	گرم خشک	۔	۔	۔	۔	خون باد بلغم و رکت پت کا فساد دور کرے۔ دست بند کرے۔ اسکی مسواک دانت کو طاقت بخشے۔ اسکے پتے مرچ ملاکر کتے کے کاٹے کو مفید + اسکی لکڑی کی ہمدرد اقون کیا کرتے ہیں +

نام ہندی	فارسی	عربی	ماہیت رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
سہجنہ	•	•	ایک بڑا درخت ہے پتے ریزہ ریزہ اور پھلیاں سبز لمبی ہوتی ہیں مزا تلخ	گرم خشک ۳	گرم مزاج	•	•	•	سریع التاثیر۔ بلغم دفع کرے۔ ورم کو تحلیل کرے۔ مقوی باہ بھوک لگادے۔ ریاح و خون کا فساد دفع کرے۔ پیشاب کا ادرار کرے۔ سنگ مثانہ توڑے گٹھیا دور کرے پیٹ کا درد ہٹے۔ اسکا پھول۔ تقیل۔ قابض۔ بلغم دور کرے +
سیب	سیب	تفاح	ولایتی میوہ ہے رنگ سبز و سرخ ذائقہ ترش و شیریں	میٹھا گرم خشک ۱ کھٹا سرد خشک ۲	سینہ ریاح پیدا ہو	دار چینی شہد گلقند	بہی	دو تولہ	فرحت بخش۔ دل جگر معدہ دماغ کو فرحت، روح حیوانی کو لطیف کرے۔ خفقان اور حرارت کو تسکین دے۔ عسر التنفس دور ہو۔ بھوک لگادے۔ جلد مستحیل ہوجاوے مربا اس سے زیادہ لطیف وقوی ہوتا ہے +
سیپ	گوش ماہی	صدف	سفید رنگ براق ذائقہ پھیکا	سرد خشک ۲	جگر و سینہ	عناب شہد	سرمہ گاؤ کی کلسینگ	۳ ماشہ	لطیف کرے۔ دست نکسیر اور خون کا جانا بند ہو جلایا ہوا جلا کرے۔ وجع الفواد کو مفید۔ دانت کو صاف مسوڑھوں کو مضبوط کرے۔ اسکا سرمہ پھلی کو از حد مفید ہے +
سینٹھہ	جنس نے	قصب	نرسل کی قسم سے ہے پھیکا رنگ زرد و سنہری مزا	سرد خشک	ریہ	کتیرا	•	•	اسکی جڑ طلا کرے گنج وداد کو مفید۔ اسکی راکھ کا منجن دانت کو صاف کرے۔ مسوڑھوں سے خون نکلنا بند کرے۔ اسکی راکھ زخموں اور خارش کو مفید۔ زخم چرکدار کو مفید
سیسہ	سرب	رصاص سود	دھات ہے مشہور سیاہ رنگ ذائقہ کسیلا	سرد تر ۲	•	•	•	•	قبض کرے۔ دباؤ سے سواد کو اندر لوٹادے۔ گل روغن میں گھسکر طلا کرنا جلن اور سوزش کو مفید ہے +
سیندور	•	اسرنج	ایک پسی ہوئی سرخ چیز ہے ذائقہ بدمزہ	سرد ۲ خشک ۲	قاتل	چکنا شوربا	سرداسنگ	مت کھاؤ	تحلیل کرے جلا کرے۔ زخم کو پاک کرے۔ عمدہ گوشت اگادے۔ زخم کی بدبو دور کرے۔ داد کو مفید (سم ہے) اسکو قلعی و شنجرف اور سفیدہ سے بناتے ہیں +
سینڈہ	•	زقوم شامی	ایک خاردار و شیردار درخت ہے بنگالہ میں ہوتا ہے	گرم خشک ۲	اکال	تازہ دودھ	تھوہر	•	دست لانیوالی۔ بلغم کا فساد دور کرے۔ بھوک لگادے۔ جلندہر کو جذام کو

اسم دوا	ہندی	عربی	ماہیت رنگ بو ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار	خاصیت
"	"	"	رنگ سبز و سفید ذائقہ تلخ	"	"	"	"	"	بدن کی زردی کو دور کرے۔ سنگ مثانہ توڑے (قریب سم ہے)
سینگ	سرن شاخ	قرن نعل	مشہور رنگ سیاہ یا سفید ذائقہ پھیکا	گرم و خشک	·	سداب	کھر	ایک ماشہ	خشک کرنیوالے۔ اسکی راکھ خون کو روکے۔ (بعض سم ہے)
سینبل کا موصلا	·	·	ایک ترا درخت ہے جسکے تنے کا مشہور ہے رنگ سفید و بھورا۔ ذائقہ تلخ۔ لیسدار	گرم تر سرخ رطوبت زائد پیدا کرے	ریاح	·	سستاور	تولہ	باہ پیدا کرے۔ بدن کو موٹا کرے۔ خون اور جذام کا فساد دفع کرے۔ باہ اور معدہ کو طاقت بخشے۔ طبع کو نرم کرے۔ حرارت عزیزی کو زیادہ کرے +
سیم	·	غول	ایک بیل کی پھلیاں ہیں مشہور ترکاری ہے رنگ سبز ذائقہ قدرے کسیلا	سرد خشک	بہارا دیر ہضم	گرم مصالحہ	·	·	باد و بلغم کا فساد دور کرے۔ اسکے پتے داد پر ملنے مفید اس کے بیج پکا کر کھانے مقوی باہ اور معدہ ہیں +
سیوتی	گل شکیں	نسرین	پھول ہے خوشبودار رنگ سفید رنگ ذائقہ پھیکا	گرم ۲ خشک ۱	دماغ	کافور	چمیلی	۳ ماشہ سے ۵ ماشہ	لطیف کرے تحلیل کرے۔ سدہ کھولے۔ سینہ اور سینہ کے ورم کو صاف کرے۔ حلق کو مفید۔ دل دماغ اور جگر کو طاقت بخشے۔ سر کو گرم کرے۔ حیض جاری کرے۔ بلغم اور سودا کو دست کی راہ نکالے۔ سونگھنا مقوی اعصاب +
سیندھی	·	·	دوا ہندی ہے ایک قسم کا نشہ دار درخت	سرد تر	·	·	تاڑی	آدھا پیالہ	نرم کرے۔ بدن کو موٹا کرے۔ باہ کو طاقت بخشے۔ پیشاب کا ادرار کرے۔ اگر اسکا عرق نکالکر سورج نکلنے سے پہلے پیلیں تو نشہ نہ ہوگا +

باب الشین

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت شناخت رنگ ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
[illegible]	شاہدانہ شاودنہ	شاذنج حجر الدم	پتھر ہے مانند سوہان کے رنگ برنگ پھیکا بسزا	ٹھنڈا ہو سرد بسو ہلا گرم آخشک	مثانہ معدہ	کتیرا زہ شکل	رسوت دم الاخوین مصطگی	١ ماشہ	خشک کرے۔ قبض کرے مواد کو اندر ہٹا لے۔ لطیف کرے۔ زخموں کو اچھا کرے قطر کو طاقت بخشے۔ خون کو بند کرے۔ دقت سے پیشاب آنا اور مقعد کے پھوٹ جانے نہایت مفید ہے +
شاہترہ	شاہترہ	شاہترج	ایک گھاس ہے مشہور	مرکب القوی ہے	پھیپھڑہ	کاسنی	١٠ تولہ شنارگی ٥ تولہ سرپنکھ	٥ تولہ	امراض سوداوی وجرب وحکہ وداد و یرقان کو نافع ہے۔ تپ کہنہ کو مفید ہے اور کھجلی کی مالش کو دور کرتا ہے۔ جگر اور طحال کے سدہ کھولتا ہے۔ مقوی کبد ومعدہ ہے اور ملین طبع اور مسہل ہے اور مصفی خون اور مدر بول ہے۔ بھوک پیدا کرتا
شاہین			ایک پرند ہے چیل جیسا کبوتر کا شکار کرتا ہے	گرم خشک ٢	گرم مزاج	·	·	·	گوشت اس کا خشکی کرتا ہے۔ بلغمی مزاجوں کے موافق ہے سودا پیدا کرتا ہے اور بدن کو دُبلا کرتا ہے +
شال یا شالون	·	-	ایک درخت ہے ہندی سبز رنگ تلخ مزا	گرم	·	·	·	·	تپ دم کی تنگی اور تینوں خلطوں کا فساد دور کرے۔ متلی کو روکے دست بند کرے بلاوے۔ خشکی دفع کرے۔ اعضا کو طاقت بخشے۔ ورم اور پرانی تپ کو مفید
شاہ پسند	شاہ پسند	·	بیج ہیں مہندی قدر بڑے	گرم خشک ٢	درد گرم مزاج	آلو بخارا	جلاپا	ایک ماشہ	خوب دست لاتا ہے۔ تینوں خلطوں اور کرم کو نکالتا ہے +
شیرم	·	شبرم	ایک بوٹی ہے گرہ دار مانند [illegible] تلخ مزا	گرم خشک ٢	معدہ وجگر	بلغمی کو	ملوزیون	٢ ماشہ	بلغم اور سودا کو دست کی راہ نکالے (دو درم قاتل ہے)
شبوے	شبوے	خیری	ایک خوشبودار پھول ہے رنگ زرد اودہ سفید ذائقہ تلخ و پھیکا	گرم خشک ٢	قبض کی دردسر کرے	روغن گل سرکہ و خشخاش	نرگس	٢ ماشہ	تحلیل لطیف جلا اور جذب کرے۔ ہچکی بند کرے۔ پیشاب جاری کرے حیض سردہ وبچہ ومشیمہ نکالے۔ طلا کرنا پھوڑی کو مفید۔ سونگھنے سے دماغ کے بلغم کی تحلیل ہو اور غلیظ ریاح دور کرے۔ اس کا تیل سرد دماغ کو پاک کرے اور طاقت بخشے +

ہندوستانی	فارسی	عربی	ماہیت اور شناخت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
شلجم	•	شلجم	ایک بوٹی ہے جو گیہوں کے کھیت میں ہوتی ہے سیاہ دار چکدار	گرم خشک	سدہ پیدا کرے خنجرہ	روغن بادام	•	•	اعضا کو سست کرے۔ گنج واد چوتڑ کا درد بند کرے کبوتر کی بیٹ ملا کر لگا نیسے پھوڑا پھوٹے کنپٹی پر لگانے سے نیند لاوے +
شتالا	•	•	•	سرد خشک	بادانگیز	شہد سونٹھ	•	•	صفرا خون بلغم و رکت پت کا فساد دور کرے۔ لیپ کرنے سے ورم دور کرے +
شریفہ	.	.	ایک پہاڑی پھل ہے اور شم سبز اور سفید باہر سبز سفید شیریں	گرم تر ۲ رطوبت فضلیہ	بہارا ہو دیر ہضم پیٹ میں پیدا کرے	ترشی	•	•	طبیع نرم کرے۔ بلغمی خون پیدا کرے معدہ کو گرم کرے اور خراب کرے۔ منی کو پیدا کرے۔ باہ اور دل کو طاقت بخشے۔ خفقان کو مفید۔ اسکے بیج کرم کو ماریں ضماد کرنے
شکاعی	•	شکاعی	شاخ ہے ایک بوٹی کی مثلث لمبی پھول اور تخم بھی مثلث رنگ زرد۔ ذائقہ تلخ	گرم ۱ خشک ۲	ریہ	گوند شہد	باد آورد	•	بلغم کو لطیف کرے خون جانا بند ہو سینہ سے جگر اور معدہ کی بیماریاں دور ہوں پرانے مرکب بخار دفع ہوں۔ رحم کی رطوبت خشک کرے فالج اور لقوہ اور جذام اور رعشہ کو مفید +
شکر تیغال	شکر تیغال	شکر تیغال	گھر ہے ایک قسم کے کیڑوں کا جو ایک ... لپٹے رہتے ہیں اور ... اگنے تو دقل جاتے ہیں ...	معتدل گرم تر ۲	غشی پیدا ہو	شکر ترنجبین	مصری	دو ماشہ	چھاتی اور چھاتی کی سختی کو نرم کرے۔ خلطوں کی تیزی کو تسکین دے مری کی جلن اور کھانسی آواز کا بیٹھ جانا گلو و معدہ کی خشکی دور کرے +
شکر سفید	شکر	شکر ابیض	مشہور ہے سفید رنگ ذائقہ شیریں	گرم ۲ خشک ۱	گرم مزاج سل والا	آب انار طباشیر	گڑ	۳ تولہ	طبیع و حلق و سینہ کو نرم کرے۔ سینہ کی رطوبت کو صاف کرے۔ سریع النفوذ خون پیدا کرے۔ مقوی باہ۔ اسکا بخور زکام اور سدۂ دماغی کو مفید +
شکر قند	.	•	ایک چیز ہے کہ تازہ سکر جس ... کھاتے ہیں رنگ سفید ... قدرے شیریں	گرم تر بار ...ا فضلیہ	پیدا ہو سودا	گڑ	.	.	قابض بدن موٹا کرے۔ سینہ اور قصبۂ ریہ پر جم جاوے۔ منی پیدا اور غلیظ کرے باہ پیدا کرے دماغ کو طاقت بخشے +
شفتالو	.	•	مشہور	سرد تر	.	-	-	.	پیاس کو دور کرتا ہے شکم کو ملایم کرتا ہے +

نام ہندی	فارسی	عربی	ماہیت رنگ بو ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
شراب	شراب	خمر	مشہور ہے	گرم ۲ و خشک ۲	حواس	فواکہ ترش	٠	حرام	حافظ صحت بدن ہے اور بدن کو گرم قوی اور فربہ کرتی ہے اور فکر اور عقل اور افلاق کو جید و ذکی کرتی ہے شجاعت اور سخاوت اور فرح اور نشاط پیدا کرتی ہے بخل اور خوف اور خیالات ردیہ اور وسواس دماغی کو مانند مالیخولیا وجنون کے برطرف کرتی ہے دماغ اور دل اور معدہ کو قوی کرتی ہے اور ہاضم اور مشتہی فضول غلیظ کو براز سے اور الطف کو پسینہ اور بخار سے تحلیل کرتی ہے +
شقاقل	گزر دشتی	شقاقل	ایک جڑ ہے گرہ دار رنگ سفید ذائقہ کسیلا	گرم ۱ تر ۲	مصفرا شتہا مولد درد سر	شہد	بوزیدان	ا رہ ماشہ تا تولہ	باہی ہے۔ بلغم کو قطع کرتی ہے۔ پشت کو قوی کرتی ہے معدہ اور جگر اور گردہ کو گرم کرتی ہے منی کو غلیظ کرتی ہے اور مقوی دل اور مفرح ہے۔ مربا اس کا شہد کے ساتھ مقوی قوی ہے +
شلغم	شلغم	شلجم	ایک جڑ ہے ترکاری کی قسم سے سفید و سرخ قدرے شیریں	گرم تر ۱	اپھارا پیدا ہو دیر ہضم	مٹھائی گوشت	چقندر گاجر	٠	کثیر الغذا۔ کھانسی دور کرے۔ پیٹ اور سینہ کو نرم کرے۔ نظر کو طاقت بخشے۔ بھوک لگاوے۔ باہ پیدا کرے۔ پتھری توڑے۔ مدر بول۔ اسکے بیج جملہ خواص میں اس سے قوی ہیں۔ مصلح سکنجبین ہے +
شمشاد	شمشاد	بقس	درخت اونچا پھول سفید پتے سبز بیج۔ سیاہ پتے انار جیسے۔ ذائقہ قدرے تلخ	گرم خشک ۲	٠	٠	٠	۳ ماشہ سے ۵ ماشہ	اس کے پتے مہندی میں ملا کر سر پر لگانے سے درد سر کو آرام ہوتا ہے۔ بال مضبوط ہو جاتے ہیں اسکے پتوں کا پانی ڈالنے سے خروج مقعد کو آرام ہوا سکے بیج قابض معدہ اور آنت کی رطوبت کو خشک کریں۔ مونھ سے لعاب کا جانا بند ہو۔ اسکے شگوفہ کا عرق دل اور دماغ کو طاقت بخشے +

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت یا شناخت و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
شمع	موم	قیروس	مشہور ہے کہ شہد کی مکھی کے گھر کا جرم ہے شہد کو اسمیں جمع کرتی ہے اسکی قوت تین سن تک	گرم تر	معدہ و اشتہا کو مضر	شہد و روغن	ماقلہ کا آٹا	۱۰ ماشہ	زخموں کے موافق ہے۔ اصلاح کرنیوالا مرہموں کی دوائیوں کا ہے انکی قوت کا حافظ ہے۔ واسطے درد سینہ و کہانسی و سل اور رفع کرنے بستگی دودہ اور درد گلو اور لعاب اور تصفیہ آواز کے بیلے مانند ہے۔ دہونی اسکی بخار والے کو پسینہ لاتی ہے۔ ہوائے وبائی کی عفونت کو دور کرتی ہے۔ تلون کے تیل میں حل کر کے کہانا باطنی اور پرانے دست کو مفید ہے۔ سموم کو جذب کرتا ہے +
شن بہیجی	.	.	.	.	قطر لکے	.	.	.	صفرا اور بلغم کا فساد دفع کرے +
شنگرف	شنگرف	زنجفر	سنبور	گرم خشک	.	.	.	.	اسکا ذکر لفظ انگریزی میں گذرا
شولی	.	.	جنگلی ہندی کا نام ہے	گرم خشک	.	.	.	.	بہوک لگائے۔ ہاضمہ کرے۔ موئنہ کا ذائقہ اچہا کرے۔
شوکران	.	.	ایک بوٹا ہے پہول جنتر شکل سونٹے کے رنگ نیلا ذائقہ تلخ و تیز	سرد ۳ خشک ۳	مہلک	قے	اجوائن خراسانی	مت کہاؤ	اعضا کو سست کرے۔ نیند لاوے۔ اسکا لیپ گرم درد کو جیسے نملہ جمرہ حمرہ کو مفید ہے اسکے بیج اور پتے چہاتی پر لگانے پستان کو بڑا نہیں ہونے دیتے +
شورہ	شورہ	البقر	مشہور ہے سفید رنگ ذائقہ شور اور خنک	گرم خشک	گردہ مری	کتیرا شہد	نمک اندرانی	۱ ماشہ	سدہ کہولے۔ بلغم کو صاف کرے۔ بدن کی رطوبت دور کرے۔ دست لاوے۔ تیزی میں نمک زیادہ ہے۔ شکر کے ساتھ مدر بول و حیض ہے۔ تلی۔ درد کمر قولنج ریحی کو مفید۔ کیلہ کے ساتھ تین روز کہانا طحال کو مفید ہے۔ (قریب سم ہے)
شوربا		اسفیدباج	ایک غذا ہے مشہور	گرم تر ۲	.	.	.	.	لطیف مرطب۔ صالح الکیموس ہے۔ اکثر امراض سر کو مانند سرسام گرم و مالیخولیا و جنون سوداوی و سبات و سہر نسیان و سکتہ و فالج و لقوہ و استرخا و اختلاط ذہن و

نام مشہور	فارسی	عربی	ماہیت و رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
//	//	//	//	//	//	//	//	//	درحونت و حمق اور اکثر امراض سوداوی مانند جذام اور سوداوی مزاجوں کو نافع ہے - اور اگر با گرم چمچہ سے پینا اس طرح کہ بھاپ اسکی سر اور گردن کو پہنچے واسطے اصحاب زکام اور کھانسی کے مفید ہے +
شہد	انگبین	عسل	ایک قسم کی منیدار مکھیوں کا کف ہے رنگ زرد و سفید و سرخ ذائقہ شیریں	.	.	.	.	.	جلاکر - سدہ کھولے لسنہ بلغم اور رطوبت کو نکالے . جلد حصر اور ریاح کو مفید - مدر پتھری توڑے . معدہ کو طاقت دے - سینہ پاک کرے . جالینوس کے نزدیک سرد امراض میں اس سے بڑھکر کوئی دوا نہیں - اگر شورہ کو پانی میں حل کرکے مع شہد چند قطرے کان میں ڈالیں تو بہرا پن دور ہو +
شہد کی مکھی	مگس عسل	نحل	مشہور پرند	گرم خشک ۲	.	.	بیربہوٹی	حرام	اسکا بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں سایہ میں سکھاکر آرد گندم میں پکاکر کھانا بدن کو موٹا کرتا ہے
شاہین	.	.	//	.	.	.	.	حرام	اسکی بیٹ کا لیپ دلوا اور چھائیں کو مفید ہے +
شیر	شیر	اسد	مشہور درندہ	گرم خشک ۲	دیر ہضم	سرکہ	.	حرام	گوشت کھانے سے شجاعت پیدا ہو - اسکی چربی کا لیپ ورم اور خنازیر کو تحلیل کرے فوطوں ذکر اور مقعد پر لگانے سے جماع میں طاقت ہو مونچھ کا بال مہلک دودہ اور گوشت قریب سم ہے
شیرخشت	شیرخشت	شیرخشت	ایک درخت کا گوند ہے جو شبنم پڑنے سے شیریں بنتا ہے - رنگ سفید	گرم ۲ و بعضے معتدل	ریاح و اپھارا و قراقر	سونف روغن بادام	ترنجبین	۵ تولہ	جلا کرے - طبع کو نرم کرے - تینوں خلطوں کو دست کی راہ نکالے - معدہ اور جگر کو طاقت دے دل اور معدہ اور جگر کی حرارت کھولے - کھانسی بخار دور ہو منی پتلی ہو - حلق و سینہ کی سختی دور ہو +
شیلج	.	-	چھڑیلہ کی ایک قسم ہے	سرد خشک ۲	.	.	.	.	صفرا و بلغم دفع و پیاس و حرارت دور ہو +

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت و رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
شیشم	•	ساسم	ایک بڑا درخت ہے اسکی لکڑی بہت بھاری ہوتی ہے اور رنگ سرخ و ذائقہ قدرے تلخ	سرد خشک	•	•	•	۹ ماشہ	خون صاف کرے۔ جذام۔ برص اور جلدی امراض دور ہوں۔ آتشک اعضا کی جلن پھوڑے اور پیٹ کے کرم دور ہوں ✦
شیشہ	آبگینہ	زجاج	مشہور و معروف ہے	گرم ۱ خشک ۲	احشا و امعا	کتیرا	زرجد	۳ ماشہ	اس کو آنکھ میں لگانا واسطے سفیدی چشم اور جرب اور سبل و جالے بصر کے نافع ہے منجن اسکا زرد شدہ دانتوں کو صاف کرتا ہے طلا اسکا خنازیر کے واسطے نہایت مفید ہے ✦
شتر گاو	شتر گاو	زرافہ	مشہور چوپایہ	گرم خشک ۲	•	•	•	حرام	خربزہ کا چھلکا ڈالکر اسکا بہرہ پکانا اسکے نقصان کو دور کرتا ہے۔ مقوی معدہ اسکا زہرہ سونگھنا موتیا بند اترنے کو روکتا ہے ✦
شتر مرغ	شتر مرغ	نعامہ	مشہور ہے	گرم خشک ۲	گرم مزاج دیر ہضم	روغن سرکہ	طاؤس	حرام	ریاح تحلیل کرے۔ بلغم نکالے۔ فالج لقوہ استرخا استسقا نقرس اور گٹھیا کو دور کرے خون کا لیپ ورم کو تحلیل کرے بیٹھ کا لگانا سیاہ داغ اور جلدی کا نشان دور کرے۔ سنگدانہ مقوی معدہ ہے چربی بچھو کے زہر کو دور کرے ✦

باب صاد المہملۃ

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت و رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
صابون	صابون	صابون	میل کاٹنے کے لئے بنی چیز	گرم خشک ۳	قائل	شوربا	چونہ	۲ ماشہ ضماد	ورم کو نرم کرے۔ پکا دے۔ گندہ گوشت دور کرے۔ جلا کرے۔ دردہ کی ریح دور کرے

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
۔۔	۔۔	۔۔	چربی اور تیل سے بنتا ہے رنگ سفید مزہ دار ذائقہ شور	۔۔	۔۔	روغن بادام	اشنان	۔۔	حمل کو مانع بچہ کو نکالے جولاً اور حیض جاری کرے مہندی سے ملا کر لگانا داد عرق النسا بدن کے دہبوں اور جھایئں اور غش کو مفید ہے ٭
صاصفراس	۔		ایک درخت کی پوست ہے مشابہ دارچینی رنگ نمودار سرخ شکل رازیانہ کے	گرم خشک ۲ پوست گرم خشک ۲	۔	۔	چوب چینی	۔	لطیف کرے۔ رطوبات لزجہ کو رقیق کرے۔ سدہ کھولے۔ منضج اخلاط غلیظہ اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ ذاتی حرارت اور عطریت یعنی خوشبودار ہونے کے سبب حرارت عزیزی کو تقویت دیتی ہے۔ ضیق النفس پرانی کھانسی ہچکی تپ دور متلی اور سینہ کو مفید۔ معدہ جگر۔ مثانہ اور درد گردہ اور مفاصل کو دور کرتی ہے۔ پیشاب لاتی اور حیض جاری کرتی ہے۔ محلل ریاح ہے ٭
صاصلی			ایک گھاس ہے شاخ علفہ کے پھول سفید تخم مشابہ شونیز کے	گرم تر	۔				دردقلب اور فم معدہ کی ریاح کو دور کرتا ہے۔ اسکے تخم فوائد میں مثل شونیز کے ہیں اسکی جڑ باہ کو حرکت دیتی ہے۔ دل کا درد جو سردی کے باعث ہو دور کرتی ہے مقوی ہے ٭
صحناۃ	ماہیابہ	صحناۃ		گرم خشک	۔	سونٹھ مغز کالا جیرہ سرکہ	۔	۔	معدہ کی رطوبت خشک کرتی ہے۔ بلغم کو قطع کرتی ہے۔ بدبو سونٹھی جو معدہ کی خرابی سے ہو دور کرتی ہے۔ فالج چوٹ کا درد اور امراض باردہ کو مفید۔ اشتہا بڑھاتی اور ہاضمہ قوی کرتی ہے۔ سوداوی مزاجوں کو موافق ہے ٭
صل	۔	۔	ایک سونپ کا سا سانپ ہے	گرم خشک	۔	۔	۔	۔	اسکی ہوا کان میں جانے سے آدمی ہلاک ہو جاتا ہے ٭
صنوبر	۔	صنوبر	ایک خوشنما درخت ہے	گرم ۲	گرم مزاج	کتیرا	۔	۵ ماشہ	اسکے پتے اور چھال پیسی مفید ہے۔ درد گلو کو ریہ کے زخم اور نکسیر کو اور تازہ زخم سے

اسم دوا	فارسی	عربی	ماہیت رنگ بو ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
	،	،،	سرو کی قسم ہے۔ رنگ سبز ذائقہ تلخ	خشک ۲	حیض [illegible] ہو	گرم پانی میٹھا تیل	،،	،،	خون جلنے کو۔ اور شہد کے ساتھ جگر کے مرض ورم اور غلاظت کو مفید ہے۔ سکہ اگر سرد پانی سے کہانا دست بند کرتا ہے۔ قبض کرتے۔ اسکا زور زخم کو مفید۔ اسکی دہونی باربار دینی حیض جاری کرتی ہے مشیمہ کو نکالتی ہے ۔

باب الضاد المعجمہ

اسم دوا	فارسی	عربی	ماہیت رنگ بو ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
ضحلج	۔	ضجاج	ایک خاردار درخت کا گوند ہے۔ سرخی مائل	گرم خشک ۲	۔	۔	۔	۔	اسکا لیپ زخموں کے زائد گوشت کو کاٹتا اور بھرتا ہے۔ شہد کے ہمراہ سردہ اور اعضا کی سستی کو مفید ہے۔ ریشمی کپڑا اس سے خوب دھلتا ہے اور بعض اس سے سرد ہوتے ہیں ۔
ضریع	شبرق	ضریع	ایک پتا ہے گول مائل بہ زردی تلخ مزہ۔ دریا کے اندر رہتا ہیں ہوتا ہے	گرم خشک					اسکے جوشاندہ میں بیٹھنا اور نطول کرنا ورد مفاصل کو تسکین دیتا ہے۔ کھجلی اور خارش کو تمام بدن پر طلا کرنا مفید اور مجرب ہے۔ دھونی اسکی زکام اور زخموں بھرنے میں سریع الاثر ہے۔ کہتے ہیں اگر بیل کو کھلائیں تو موٹا ہو ۔
ضیغوس	سنجہ	ضیغوس	ایک گھاس ہے مشابہ بالیوں کے زمین کے اوپر سبز اور نیچے سفید ذائقہ شیریں	اسود [illegible]	۔	۔	۔	۔	اسکے پتے قاطع باہ ہیں اور جڑ جو زمین کے اندر ہوتی ہے سفید اور شیریں باہ کو تحریک دیتی ہے۔ اسکا کہا صفرا کی تیزی کو گھٹاتا ہے۔ خوش ذائقہ ہونے کی وجہ سے چھاچھ میں ملا کر کہاتے ہیں ۔

باب طاء المہملة

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
طالیسپتر	.	طالیسفر	یہ چھلکا ہے ایک درخت کا بو زعفران کی سی رنگ زرد دوسری مائل بسیاہی ذائقہ کسیلا	گرم خشک	ریہ	شہد	کوں	سہ ماشہ	ادہرنگ اور لقوہ کو مفید۔ موہنہ سے خون آنا بند کرے۔ خون کا کسی اعضا سے دست اور بواسیر اور آنت کا زخم دور ہو رحم سے سواد جانا بند ہو
طخشیقون	.	طخشقون	سمی دوا ہے پتے مشابہ کبر کے۔ ذائقہ تیز اور تند	.	.	.	.	.	اسکا ضماد وبا کو نافع۔ ہینگ کا لیپ کرنا یا پینا اسکی سمیت کو دور کرتا ہے اور زخم کی سمیت کو مفید ہے + کھانا سم ہے۔ اسکے پتوں کا عرق تیر کی نوک پر لگاکر نشانہ لگانا قاتل ہے +
طراثیث	.	طراثیث	ایک گھاس ہے سرخ و سفید۔ ذائقہ شیریں	سرد خشک	ریہ خشن جلد	شکر بزرقطونا	عفص انڈے کا چھلکا	دو درم	نہایت قابض۔ قاطع اور حابس اسہال اور سیلان خون اور عرق سے مقوی جگر اور معدہ۔ رافع استرخاء اور سواد حارہ کو دفع کرتی ہے۔ صلابت کو تحلیل کرتی ہے۔ بکری کے تازہ دودھ کے ساتھ جوشدیں یا مچھ چھ کے ہمراہ پئیں واسطے اسہال معدہ اور جگر کے نافع ہے +
طراشنہ	.	طرخشنہ	پتے مشابہ برگ شلغم رنگ غباری سفید	گرم خشک	.	.	.	.	اسکے پتوں کا عصارہ آنکھ میں لگانا سفیدی کو دور کرتا ہے۔ اسکا جوشاندہ پینا نفع ضعف جگر۔ تلی اور استسقا کو مفید +

نام دوا	نام دیگر	عربی	ماہیت پہچان اور رنگ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
طراغشون	۔	طراغشون	ایک گہاس ہے پتے مشابہ زعفران پہول سیاہ	۔	۔	۔	۔	۔	اسکا سرمہ آنکھ میں لگانا دھلکہ کو مفید۔ اسکا چبانا اور کہانا موںھ میں خوشبو پیدا کرتا ہے۔ اسکا پوست غلیظ اور تخم خوش ذائقہ ہونے کے سبب کہاتے ہیں
طراغیین	۔	سقوسیوس	ایک نبات ہے پتے برگ وشاخ پہول گیہوں کی برابر	گرم خشک باقوت قابضہ					اسکے دس دانہ شربت کے ساتھ پینا اسہال اور رحم کی رطوبت مزمنہ کو مفید ہیں اگر اسکے دانے کوٹ کر گولیاں یا قرص بناکر نگاہ رکہیں اور وقت ضرورت کام میں لائیں تو اسکی قوت عرصہ دراز تک قائم رہیگی ✦
طراغیون	۔	طراغیون	دریا کے کنارہ ہوتا ہے دو قسم کی ہوتی ہے خورد کلاں۔ گوند مشابہ صمغ عربی	گرم خشک				تخم ایک ماشہ سے ماشہ	استعمال ہر دو قسم ایک مثقال شربت کے ہمراہ سنگریزے مثانہ کے توڑتا حیض کو جاری کرتا اور جنین کو خارج کرتا۔ اسکا ضماد کانٹے کو جذب کرتا اور پیکان کو باہر نکالتا ہے۔ چھوٹی قسم کا قابض اور اسہال اور سیلان حیض کو بند کرتا ہے ✦
طرخون	ترخانی	ادرسطیون	ایک نبات ہے ایرانی تند وتیز۔ باقدرے شیریں۔ خوشبودار	گرم خشک	۔	شہد کرفس	رازیانہ	۔	محلل ریاح اور لیسدار خلطوں کو مفید۔ سدے کہولے۔ معدہ کو قوی کرے۔ بہوک لگائے۔ رطوبات کو خشک کرے۔ اسکا چبانا موںھ کو خوشبودار کرتا ہے۔ مخدر ہے خوشش دہن کو نافع۔ شربت کیوڑہ کے ہمراہ پینا امراض وبائی کو دور کرتا ہے زیادہ استعمال کرخون کو جلاتا ہے ✦
طریخ	تاریخ ماہی علوا ماہی	طریخ	ایک مچھلی ہے چوڑی سفید دریائے فارس میں ہوتی ہے	گرم خشک	گرم مزاج	روغن بادام تل مقشر	۔	۔	بہوک لگاتی ہے۔ باہ لاتی۔ بلغم کو قطع کرتی ہے۔ سواد غلیظ کو صاف کرتی ہے چھٹکی بخار کو مفید مرطوب اور سرد مزاجوں کی باہ کو تحریک دیتی ہے۔ تازہ نمک سود کہانا مقوی ہے ✦

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت مع رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	خاصیت
طفشل	عدسی	طفشیل	مثل مشور کے ہے اسکو سرکہ پکاکر کہاتے ہیں	.	سوداوی امراض	شیرینی	.	.	قلیل الغذا۔ مقوی معدۂ حار۔ مسکن حدت خون اور صفرا اور صفراوی پتوں کو دور کرتا ہے۔ حیض اور سلس البول کو نافع۔ باہ کو قطع کرتا ہے ✦
طوطا	طوطی	ببغا	مشہور پرند	گرم خشک	دیر ہضم	سرکہ گرم مصالحہ	.	حلال	پیٹ بند کرے۔ دل کو فرحت دے۔ مضر بہ سقطہ اور کلف کو مفید۔ اسکی بیٹ لیپ کرنے سے سیاہ داغ دور ہوں۔ اسکی زبان کہلانے سے بچوں کی زبان کی لکنت دور ہو صاف بولنے لگے ✦
طیراثہ	طشور	طیغر	ایک گھاس ہے جوارت کی چراغ کی مانند چمکتی ہے سرخ رنگ	گرم خشک	.	.	.	ست کہاؤ	حیات سے ہے یہاں تک کے سونگھنے اور ہاتھ لگانے سے بھی پرہیز کرنا واجب ہے البتہ تر و تازہ سرد امراض اور اعضاء مفاصل کو اسکی ہوا لینی مفید ہے۔ اسکی پیدائش بلوط اور زیتون کے درخت کے نیچے ہوتی ہے ✦
طین صوفی حمید	.	طین صوفی حمید	ایک مٹی ہے سفید خوشبودار شیرداں میں پیدا ہوتی ہے						اپنی تریاقی قوت کے سبب زہریلے جانوروں کے زہر کو دفع کرتی ہے۔ اسکا پینا اور کرنا یا اپنے پاس رکھنا تمام افعال میں مثل طین قبرسی کے ہے۔ سانپ کے کاٹے پر لگانا زہر کو چڑھنے نہیں دیتا ✦
طین المصر	خاک مصر	طین المصر	رنگ سفید ذائقہ چرب۔ مصر سے آتی ہے عمدہ خاکستری رنگ کی ہوتی ہے ✦	گرم خشک	.	.	.	.	جالی خشک کرنے والی۔ قبض کرنے والی۔ اسہال خون اور استسقاء۔ تلی اور پرانے ورموں کو مفید۔ بواسیر سزسنہ اور درد کہنہ کو رفع کرتی ہے۔ سرکہ کے ساتھ اسکا طلا کرنا ہر قسم کے ورام کو تحلیل کرتا ہے۔ اگر تانبے کے برتن پر پیکر ملیں تو اسکا رنگ زنگاری ہوجائے ✦

اسم	فارسی	عربی	ماہیت مع شناخت و پہچان	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
باب طائے معجمہ									
طفرہ	شوس تر علف کازع		ایک گھاس ہے مفروش نازک باہر سبز اندر سرخ پتے گول۔	گرم خشک			•	•	چونکہ یہ تند و تیز اور گوشت کھانیوالا اور سم ہے اسواسطے اسکا داخلی استعمال منع ہے۔ اسکا ضماد گوشت زائد کو قطع کرتا ہے۔ ثالیل اور نواصیر کو دور کرتا ہے۔ اسکا پھول زرد اور سبز رنگ ہوتا ہے۔ جڑ سیاہ اور اندر سے سفید ہوتی ہے +
ظفر قطونا	•	ظفر قطونا	ایک گھاس ظلی اور پتی باریک شاخ رنگ سبز ایک بالشت زمین سے اونچی ہوتی	•	•	•	•	پوست مستعمل	اگر اسکا پوست خشک کر کے کوٹکر پکائیں اور شہد میں معجون تیار کریں اور دانتوں کے زخم اور پیچ اور نزف الدم قطع کرنے کے واسطے مجرب ہے اسکا ضماد اور نیز باریک پیس کر چھڑکنا ہر عضو کا خون بند کرتا ہے +
ظفرا نقط	•	ابی الملک ظفرا لقط	دو قسم کی ہوتی ہے ایک بڑی اور دوسری تہری شاخ مشابہ بلقا	سرد خشک ۲	مضر سفل اعضا	کتیرا صمغ عربی	اقاقیا	ایک مثقال	قبض کرتی ہے اسکا عصارہ نکسیر اور چھاتی سے خون آنے اور دستوں کو بند کرتا ہے اسکا لیپ یا خشک پیس کر چھڑکنا یا شربت کے ہمراہ پینا بواسیر اور سیلان خون رحم کو مفید ہے۔ پتے زخموں کے بھرنے میں بے نظیر ہیں۔

باب عین مہملہ

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت سرخ رنگ وذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر خوراک	خاصیت
عشق پیچہ	عاشق انجم	اللبلاب	ایک گھاس کی بیل ہے جو درختوں پر چڑھتی ہے پھول سرخ مائل ذائقہ تلخ	گرم خشک	معدہ مثانہ	گرہ ٹلی شاہترہ	خطمی خباری	۳ ماشہ	سدہ کھولے۔ نرم کرے۔ تحلیل کرے۔ صفرا کو دست کی راہ نکالے۔ اس کا لیپ ورم کو تحلیل کرے۔ درد کو تسکین دے۔ اس کا عصارہ شہد شکر سوہاگہ ملا کر [illegible]
عشبہ مغربی	عشبہ مغربی	.	ساخیں ہیں ایک درخت کی باہر سے سرخ اندر سے سفید خوشبودار قدرے تلخ ذائقہ	گرم خشک	گرم مزاج	روغن بادام	.	۶ ماشہ تا ۹ ماشہ	تحلیل کرے۔ رقیق کرے۔ لطیف کرے۔ پسینہ لاوے۔ پیشاب لاوے۔ اور اکثر سرد دماغ اور چھاتی اور معدہ اور جگر کے امراض کو مفید ہے۔ گردہ۔ رحم و مثانہ کی بیماریاں دور ہوں۔ خراب خلطوں کو دست کی راہ نکالے۔ جلدی امراض دفع کرے۔ جذام آتشک خون کا فساد دور ہو۔ گٹھیا کو اکسیر ہے
عصارہ ریوند	.	عصارہ ریوند	عصارہ ہے ایک جڑ کا رنگ خشک زرد رنگ تلخ مزا	گرم خشک	آنت معدہ	رب لیموں روغن گل		یک ماشہ تا دو ماشہ	خلطوں کو دست میں نکالے۔ سدہ کھولے گرم نکالے۔ پیشاب لاوے۔ لقوہ استرخا۔ ادہرنگ۔ تشنج امتلائی۔ دمہ۔ کھانسی بلغمی اور جنون کو مفید ہے
عصارہ مہک	عصارہ	رب السوس	ملہٹی کا عصارہ خشک سیاہ زرد رنگ تلخ مزا	گرم خشک	گردہ	کتیرا	سوسن	۲ ماشہ	دمہ۔ کھانسی۔ پیاس۔ معدہ کی جلن سوزش سے خون تھوکنا دور کرے۔ حلق اور سینہ کی خشونت کو مفید۔ دست اور دواؤں کی جوش کو دور کرے
عصارہ افسنتین	.	عصارہ افسنتین	مشہور گھاس ہے	سرد خشک	انثیین	مصطگی	غافث سماق	۴ ماشہ	جگر کے سدہ کو کھولتا ہے۔ تپ کہنہ مرکبہ کو مفید ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ معدہ کو اخلاط ردیہ سے صاف کرتا ہے۔ رخساروں کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ سمن اور قابض ہے
عقیق	.	عقیق	ایک نگین چمکدار پتھر رنگ سفید سرخ نیلا زرد۔ ذائقہ پھیکا	سرد خشک	گردہ حلق	کتیرا تخم کدو	مونگے کی جڑ کہربا	۱/۲ ماشہ	دل کو طاقت بخشے۔ خفقان دور کرے۔ منہ سے خون تھوکنا اور کسی عضو سے خون نکلنا دور ہو۔ ماہواری اور حیض سے خون جانا بند ہو۔ مقوی بصر۔ لٹکانے سے غم اور غصہ دور ہو

مشہور نام	فارسی	عربی	ماہیت رنگ و ذائقہ	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	خاصیت
عقاب	.	عقاب	مشہور پرند ہے	گرم خشک	.	.	.	جرام	گوشت اسکا سخت اور ردی الکیموس ہے۔ سرد مزاج کو نافع ہے۔ اور منفعت میں قریب گائے کے گوشت کے ہے۔ اور اسکے پتے کے پانی کا سرمہ ابتداء نزول الماء کو مفید ہے۔ بینائی کو تیز اور قوی کرتا ہے اور جہلی کو دور کرتا ہے اور زخم کو اچھا کرتا ہے +
آڑک	مہوا کہٹہل یا	اکلکہہ	اکرکرا	انبلیت	تیپنیا کہٹی لونی		بفارسی دوقو
	بڑہل تار	النا	مہاوڑ	انگد	ریٹھا	باربی	نرلسبی
اردنتی	موسری	الوکھ	آلوبخارا	ان مت	دہتورہ سیاہ	بالپتر	جوانسا
ارن کہس	جنگلی ڈوڈا	اگن جتھ	اگیا	اودبہد	کہاری لون	باسنتک	بالچھو
ارن پھل	بن پھل	امرت پھل	میٹھا لیمو	اودہست	چھاچھ	باآنڈ	اندرجو میٹھا
ارک مکھی	سورج مکھی	امرت ولی	گلو	اونگہ	چرچٹہ	بایاسی	بکو
ارن گودہرم	گیہوں جنگلی	امرتا	بڑگلو	اہی پھین	افیم	بالاسی	نرکچور
ارن گرنجن	گاجر جنگلی	امل	آنولہ	اہلیم	ہالون	بھیٹنک	بہیڑہ

بھاشا	اردو	بھاشا	اردو	بھاشا	اردو	بھاشا	اردو
ببتی	نازلو	برچھپا	آلولہ	بلا	شہدلوی	بہانشل	•
تبمیس	انتیس بید	برتاکی	کرائی خورد	بلکا	بیل	بہوڈل	ابرکہہ
بٹ	برگد	بردہ وارکا	بدہارا	بلکل	باقلا	بہوت باس	بہیڑہ
بٹ کہدر	درخت کہیر	بیرا ہمین	برمڈنڈی	بندا	ایک درخت درد دہم سے	بہلوک	ارلو
ٹبلا	مٹر	ببہ کٹمن	فیروزہ		درخت پرچھا ہوا	بہٹناکی	بیگن
بجر	زقوم سیہنڈ	برم لوٹیا	جل نیب	سندھیا کروٹی	باجہ گکوڑا	بہلاڑنک	بہلانوال
بجر کند	زمین قند	برنداک	بیگن	خبشیا	ببسلوچن	بہین ڈوری	جیونتی
بجیا	بھانگ	برکہیو	تبہر سپوڑی	بن ریٹ	جھاتاٹاپٹر	بجک	بجبیار
بجے آ	ہٹر	بیردہ	بیٹھ	بنابیل	کندرہ	بیال نہت	اونٹ کٹارہ
بجبور	لیموں بجورا	لبنترلگن	جیرجیٹھ	برسون	اہمن جنگلی	سیہ پہن	آڑو
بدار کندہا	•	لبسترکی	آلی	بھانتا	بیگن	بیارنی	اجوائن خراسانی
بدری	بیرنگ	نرمجن	م	بہیار	لہسوڑا	بہاگہری	کھنبکٹیا
بداری کند	باڑہی کند	لیموچاب	[illegible]	بہونتری	ستاور	بیل جنگ	مرچ سیاہ
	بیہرکوٹایالا	لبسنکر اتا	کنیر سفید	بن شرنگا	سنگہار جنگلی	باگہرنکی	ناخونہ
بدری بیل	بعر	لبتانس	[illegible] ترس	بہوئین ترور	ستاریکی	بہبدابری	انولہ سہوین
بدرم	سوکھا	لبتالا	حنظل	بہندوک	گل دوپہری	بہودرا	اونٹ کٹارہ
بربری	سوہنجال	لبشنشٹ	بکاین	بونس	اصل بید	بہوندری	باروی
برنجا	گندہ بیروزہ	بکہ تندک	آبنوس سمی	بہوم کدم	قدم	بہتیک	بہیڑہ
برہٹا	کتان کلان	بکل	مولسری	بہادرموتھ	موتھ	بہارنگی	بارنگ
	بتیا ماسی	بگیری	جالہ خوب آتی	بہندالہ	بندال	بہنگراج	بہنگرا
						ردیف (پ)	
بمہاہی	تالبیسٹر	بکہ گرہی	بسکہیرا	بہابیکی	انجدان	پانشل	نواز ہمیشہ
برچیہ کند	پنڈالو	بکنیبکا	کاگرا سینگی	بہوا	اننناس	پاڑاہ	بارہ سنگہا

بھاشا	اُردو	بھاشا	اُردو	بھاشا	اُردو	بھاشا	اُردو
پاٹھا	فرید بوٹی	پروال	مونگا	پوٹی	ایک قسم کی چھوٹی مچھلی	تامرپشپا	یا ڈر سرخ پھول کا درخت
پاتر	ممولا	پرپھک پرنی	پتون				
پاتج	زمرد	پرشنٹ پرنی		پوتشر	ایک قسم کا کافور	تال نریاس	تاڑی
پانج	زمرد	پرن دا	مہا مید	پونڈرک	لوا	تارپتر	چاندیکا ورق
پارچ	.	پرتیھا	پیٹھا	پوت کی	پوئی	ترپٹ	کھیرا
پابچہ	.	پرپٹ	پت پاپڑا	پوسرنوا	گداپورنیا	تراپانا	نیتربالا
پاٹلا	پاڈل	پرپستیوا	بلاس پاپڑا	پوکی پھل	سپاری	ترپاکا	ہنس پدی
پارچات پارپھدر	درخت موچرس	پرپال	چرونجی	پہین جلنیک	لوبیا	تردنا	نوارکا پھول
پالنکا	پالک	پرپایال	چلغوزہ	پہار	فرید بوٹی	ترکاری	اردی
پترج	تیزپات	پری نیک	کاکن	پہاکرا	کاٹھل کا درخت	ترکنٹک	گوکھرو
پٹھون	.	پرسارنی	گندپیارن	پھوکرنگ	پھوکرمول	تروشا	مہا مید
سنرجبنی	بہروج الصنم	پرناس	گل خطمی	پھروکھہ	فالسہ	تریتا	نسوت
پترولا	مردم گیاہ	پشکرمول	پہوکرمول	پہلبیندا	جامن	ترلسبی	بابڑنگ
پالانڈہ	پیاز	پکھٹ انجن	.	پہلد	پہلاوان	ترن دپانکا	غلہ ساون و کاکن سیاتوک
پارد	پارہ	پلاس	ڈہاک	پہلگو	انجیر جنگلی		
پانگ	فرید بوٹی	پنڈریک	کنول سپوتی	پیت	مونگ	تمال	سیرو
پاندرج	فاختہ	پنس	کٹھل	پیوکھہ	پہولی سبی ددو جیوانکا جس دنہ بچہ جنا ہو	تمال پتر	تیرج کا کو
پالندی	نسوت	پہانک گن	ارنڈ			ہکر	چھاچھ
سول	بہرور	پنوالی	مونگا	پیاز	چرونجی	تمبول	پان
پھکوا	ریدگنج	بنانگھ	ناگ کیسر	پپسولی	چہترکا کولی	تنڈلیکہ	چولائی
[illegible]	کلہٹی	پہندال کرنگ	آلو	ردیف (ت)		تور	توری - اکھ
بدم پرچاری	[illegible]	پنشرکی	ناشتہ	تاالبستر	برگ ریتھوان	توپ	گھی گائے کا
[illegible]	[illegible]	پھکس	پکڑا	تارہ مکھی	رد پا ماہی	تندول	چاول
[illegible]	[illegible]	بلوٹے	تال	پیو دہنی	.	تندکیٹری	کپاس

بھاشا	اردو
توّاک	تج
توبھک	نیلاتھوتھا
توبنی	کدو
تیندو	آبنوس
تنیجر	تودری
تیندوکا	ٹینڈو
تینتری	تلی
ردیف جیم	
جاتی	چنبیلی
جامیک	ارلو
جاتی پھل	جائپھل
جتاور	چراہتہ
جٹیلا	بیج
جٹابانسی	بالچھڑ
جیا	گڑھل
جرناشنی	گلو
جبنٹ	جنڈ کا درخت
جودہان	ٹمی کی چاول / ایک قسم کے چاول
جوتھیکا	جوہی
جھولیتر	.
جوابھوک	جواکھار
جل ارسٹ	جل نیب

بھاشا	اردو
جھجھرو	سرپھوکہ
جھار	سنا
جھوتی سینکا	.
جلیٹھی	ملہٹی
جیپال	جمال گوٹہ
ردیف جیم فارسی	
چاترجات	سفوف مرکب ازالائچی و تج و پاتیرج و ناگکیسر
چاکوت	پالک
چالکری	مجیٹھ
چپکلی	وہ درخت جسکا ثمر جگ پھل ہے
چترال	یعنی املی و انار و تنتڑیک کا مرکب سفوف
چترک	چیتہ
چرہال	اسبند
چرہٹی	گورکھ لکڑی
چکرکا	سفید گھونگچی
چک برن	پنوار
چکسونی	کاک جنگھا
چکونڈہ	پنواڑ

بھاشا	اردو
چکرج	چکور
چندسہ / چندرسور	ہالون
چنک	چنا
چنچھر	چچینڈا
چنچل	پارہ
چنچا	املی
چندرک	چاندنی کا پھول
چوبجی	.
چول	مجیٹھہ
چو	چاپدار
چومونگ	بن مونگ
چھودر	چرانا شہد
چہیرشکلا	چہیر کاکولی
چہدرسہا	مدک پرنی
چھپکّا	نک چھکنی
چھیرکند	بداری کند
چھیرنترا	رائی جامن
چھیرشیا	جھڑبیلا
چھنرا	دھنیا
چھتسال	کوکر سوتا
چھیالسر	: تلا

بھاشا	اردو
چپیدہ	صنوبر
چتیل	ہرن ایک قسم کا
چتنکی	ہڑ
چتنی مدہ	ملہٹی
ردیف (دال)	
دانتی / دانتن	بیخ جمالگوٹہ
دادر	مینڈک
ڈارمی	انار پہاڑی
ڈارما	انار روانہ
داکھہ	کشمش
داروے	ہلدی
دادرین	جھنگا
دربہر	کاغذی بادام
دربھہ	ڈھاک
درکش	منکلی
دسبرشا	کٹائی
دسپرشی	جواسا
دشانگل	خربزہ
درون	سکوما
دگدہکا	دودھی
دلدل	قلفہ دراز

بھاشا	اُردو
دمنا	دودنا مروا
دمن مرت	
دہنل	گومہ
دودھیا	چہنر کاکولی
دودہالی	گاجہ جنگلی
دہاتری	آملہ
دہانکی	دہاوا
دہارو	اسطخودوس
دہو	لاکھ
دہور	فاختہ
دہاولی	پہشت پرنی
دہمنی	کٹائی خورد
دیوو الی	بندال
دہارو	اسطخودوس
دنتی	دتونی
دنتی بیج	جمالگوٹہ
[illegible]	کہانڈری سیو
[illegible]	[illegible]
دیرگ مانزکا	ٹہری ماتیں
دیرگ لا	ٹہری الائچی
دیپک	اجواین دیسی
دیرگ لا	سال پرنی
سرکہپ	سہرسون

بھاشا	اُردو
دیومن	مہابید
دیرگ کہائی	
ڈ	
ڈودری	حب النیل
ڈودہکا	
ردیف را	
رام سر	سرکندہ
راشٹ کاکولی	کشائی کلان
راکنی	لونگ لبوٹ
	مدک پرنی
راج برچھ	املتاس
راج نمبک	لیموکاغذی
راج امر	•
راج کوشاتکی	توری کلان
رجادن	کہرنی
چہپا	رسوت
رس انجنا	رسوت
رسال	آم
رس انجات	رسوت
رکت پتپ	کنہہ سکہپرا
رسالا	[illegible]
رکتال روہن	پہڑ لو
رکت کند	
سون نارہ	سنگترہ

بھاشا	اُردو
روہنی	ہڑ کابلی
روجھہ	نیل گاؤ
رہنی نک	گل نار
رنیکا	سنبہالو
	کا نبہل
ردیف زا	
زراکی	زرنبک
ردیف س	
ساراٹل	سنگترہ
سالٹی	کپور کچری
ساج	سج درخت
	سال کا
سالرموبی	ستاورہ
سال بید	شادنج
سانٹل	•
سرشپٹا	جیونتی
سنٹی	کہجور
سالمی	سنبل
ساتون ساگون	درخت سال
بس	کافور
سبزک	نیل کنٹھ
سامدرکا	پان کاکہ
سہجر	پپایا بانسہ

بھاشا	اُردو
سانول	ستلی
ساڈتری ما	
سارکہپ	ساگ گاڈل
سانڈرک پرتی	سنڈوا
سبت پرنی	•
سپہلٹ	پہوٹ
ستا	شکر
سپھل	بادام
ستوبلا	مصری
ستنوا	میدہ سونٹھ
ستمالی	گاجہ جنگلی
سیرشک	سرجہڑ
سدرساکھ	سفید سرون
سداسہاگن	سدا بری پہول
سدہپھل	بیل
سرسا	تلسی
سرپ	سانپ
سرن کینکی	کینٹکی
سکولا	سنگچہ بہت
سرانتی	گوبہرد
سرت پھل	آنولہ
سرب بھدر	گنہ ہر
شالی پورنا	سرون

بھاشا	اردو	بھاشا	اردو	بھاشا	اردو	بھاشا	اردو
سرو سوہاگیہ	سدا سہاگن	سورن	زمین قند	سوپھول	بابونہ	شالملی	سیمبل موچرس
سرل	رال	سندوار	سمروالی	سہسر بید	چوچا	شت پری	گل کوزہ ایک قسم کا پھول
سردار	دیودار	سنال	کنول کی ڈنڈی	سیوتا	ارنی		
سرکوا	مچھوچھی	سوا	طوطا	سیسو	شیشم	شت مولی	ستاور
سسا	خرگوش	سوم رے	•	سیار	گیدڑ	شت کرما	بلبل
سفری آنبہ	امرود	سون کلی	ایک قسم کی گھاس	سینہ	شیر	شتادہلی	شکرتری
سکندھ پہلا	کہیورہ	سوموتی	سال پرنی	سنت	چھاچھ	شت پشپا	سونف
سہابیکا	منڈی	سواد ماکھی	اکہپرنی		مٹھا	شت پتر	کنول
سکوہ	سہاجنہ	سورن جواتیکا	جوہی	سنہی	کھجور کی شراب	شرکرا	شکر
سکناسن	ارلو	سورج جہال	•	سیلکھڑی	سنگجراحت	شرکیہ	
سکھہ ہ	بدہ	سہسر مولی	ستاور	سیدھ	کچری	شرکھکا	درخت سرس
سلاٹ	•	[illegible]	سونا مکھی	سبالی	شقاقل	شری بانس	گوکل
سگ سیرہ	کسیرو	سودررحل	نمک سونچر	سیت سار	•	شری پھل	آنولہ بیل
سکھ کہیا	کلونجی	[illegible]	[illegible]	سبیا	ہڑ	[illegible]	ارنی کنبھار
سلم اکھ	سلغم	سوہبلکا	گل نواڑی	سیتاپھل	شریفہ	[illegible]	سنگھاڑا
[illegible]	ارلو	[illegible]	کوچھیدی	ردیف شین		[illegible]	
[illegible]	•	سوپھل	بابونہ	شاقل	ارہر	شری کھنڈ	چندن
[illegible]	زریب		گاؤزبان	شالی	دہان	شکروپسا	ترنجبین
[illegible]	کٹائی کلان	شکہاہولی	کوڑیالا	شالوک	شاخ کنول	شرنگ	سنکھیا
[illegible]	جوہی	[illegible]	ہینگ	شالاکھہ	چاول ساٹھی	شستی کان	ساٹھی
سنتکیا	سیب	سوبھانجن	سہاجنہ	تب بو	ایک قسم کا پھول	شکلا	نسوت
شنکر	سہاجنہ		سفید کنیرچوب	کالاکر	سیاہ اگر	کرک پھل	بہیڑہ
شمی	سینگرہ	کاناکچھوا	زمین [illegible]	کاچک	کچری	کزبہ	نیل

بھاشا	اُردو
شنکھا	جواہٹر
شنگوپنر	ادرک
شنکھہ	کوڑیالا
پشپی	
شبنرکند	
شوناک	ارلو
شنشو پا	شیشم
شنکتہاؤ	مردار سنگ
شواس بیج	سمندر سوکھ
شتوبیت پہپا	بیربنڈھی
شیاماک	ساوان
شیتا	ایک قسم کی دہنچو
شوبہوکن	بیل
شتیل چینی	کباب چینی
شیتشا	پیلو
شیاما	پرینگ
شنبا ان	ساوان

ردیف کاف

بھاشا	اُردو
کانچکوری	کونچ
کشٹ	کوٹھ
کشمانڈ	پیٹھہ
کلیند اکلنگ	تربوز

بھاشا	اُردو
کاناچھو	اور گوشت میں پکاتے ہیں
کاگ پھل	کچلا
کارپاسی	کپاس
کالند	تربوز
کاریل	کریلہ
کاسمروا	کاسنی
کال سبنی	ایک قسم کا سیب
کاٹاماندا	ایک قسم کا گاؤزبان
کالاکوڑہ	تخم کسنب
کاندا	جنگلی پیاز
کاشٹالو	قسمے از پنڈالو
کاشکہی	کٹائی خرد
کامبوجی	ماگھ پرنی
کاشمری	کہمار
کاکولی	.
کاشمر	کسوندی)
کاک ماچی	مکو
کالانوسریہ	تگر
کنکاری	کٹائی خرد
ککالکا	
کنٹکنی	

بھاشا	اُردو
کانچ نابھ	
کپتہارجک	سورنجان
کپوری	.
کپتہہ	کیتھہ
کتہیاندا	گاؤزبان
کتک بیج	چاکسو
کتارا	نیشکر
کٹ بھدرا	ادرک
کٹھنبرا	ارلو
کٹہلی	کٹائی خرد
کٹ پھل	کاکفل
کٹ کروڑ	بیخ کوڑیالا
کردارا	املتاس
کربر - کبرنتر	کبر
کرجور	کھجور
کرند	تیزپات
کرپور	کپور
کرکندہ	بیر
کرکانو	کدو
کرکٹی	ککڑی
کہاپریا	نیلا تھوتھ
کہندستا	کوری کھانڈ
کہنتل	مین پھل

بھاشا	اُردو
کراتتا	کٹائی کلاں
کرشن پرنا	ماکھپرنی
کرشن سارپا	کالے سرس بیج
کرشن مولی	سیاہ دارو
کرانک	چرائتہ
کرشن	فلفل سیاہ
کرشن اگر	دارچینی
کرد	جنگلی بیر
کرات تکت	چرائتہ
کرکالو	کریلہ
کرمرد	کروندا
کرویر	کنیر
کرنمبک	گل لالہ
گرنجن	گاجر
کدوردست	مصطگی
کدلی	کیلہ
کرایل	کلونجی
کٹرا	درخت اندرجو
کرٹمولنگ	پیپلا مول
کشٹ برکشٹ	مروڑ پھلی
کلدارک	گل داؤدی
گلمول	گل عباسی
گنند ہیل	اذخر - مرچیا گند

بھاشا	اردو	بھاشا	اردو	بھاشا	اردو	بھاشا	اردو
کلاپ	کچلا	کپیلا	کیترا	کہرکاکولی	کبیلہ	گنجا	کہنکچی
کلپ بیج	کالادانہ	کنکت سرل	کیکر کا گوند	کہمکٹانڈک	چاول	گندہکا	مدک پرنی
کلنستا	ستاور	کندمول	شکرقند	کہیلی کہیلا	مائین	گردہ سالی	کندہ پہوڑہ
کلافر	لونگ	کندک	سانپ کی کینچلی	کہس	پوست ووڈہ	گنبھاپہلی	گل چپیپا
کلارم	بہیڑہ	کویدار	کچنار	کہنٹارک	سن	گرجہ	گوکہرو
کلسی	پرشٹ پرنی	کوال	کوّا	کہدرسار	درخت کہیر	گوزہ مرد	سری گلاڑی
کمود	نیلوفر	کوکر	کتا	گومارے	گہیکوار	گولی	سونگا
کمونی	تکو	کواڈوری	حب النیل	کہنکالی	سفانج	جبیہا	گوبہی
کمبو	سنکھہ	کوکہانڈ	پیٹھہ		اضراس الکلب	گول کل	گلاب جامن
کنجلک	کنول کے	کوبیاٹکی	توری	کہرا	خرگوش	گوبند	گینڈا
	پھول کا زیرہ	کوکرچھدی	گلروندہ	کیراٹ	چراتہ	گوبند	گودتی
کنول	کھٹا	کوکر بھنگرا	”	کیٹ کردو	کوڑیالا	گودہومکو	بہوسی گیہون
کنٹک پھل	کٹھل-گوکہرو	کولی کاندا	پیاز سفید	کنتہل	ساگ مٹر	**ردیف لام**	
کنکم	زعفران	کودرم	کیوڑا	**ردیف کاف فارسی**		لائی	اشنان
کندہر	چولائی	کوساہم	امرود	گجکرن	فلفل دراز	لاہی	السی
کنٹائی	کٹائی	کوستاٹکی	کہیاتوری	گرام کند	•	لاہا ہند	•
کنٹی	منسل	دہندا	پیٹھہ	گروچی	گگل	لاتجپا	لاکھ
کندنسی	گلو	کہرہٹی	-	گگن دہول	کہنبہ	لہیٹر	لہسوڑا
کنتکا	کوڑی	کہڑی	کہریا مٹی	گجاس	لوبیا	لپٹی	پپیالہ
لجالو	لجونتی	”	ملہٹی	گلوندا	مہوا	**ردیف نون**	
لچھمی پھل	بیل	مدن پھل	ملین پھل	مند	دہی	ناری	جامن دریائی
لسکہ	لہسوڑا	مدکپرنی	مٹھی	منوی بیج	سہٹھواتس	ناگ	سانپ
لکچ	ٹرھل	مدہوک	مہوا	مندوک پرنی	کٹائی		سپید
				نسپ چھپا	کنگی سفید		

بھاشا	اردو
لکشو	
لکھومائک	چھوٹی پائین
لہنا	خرگوش
لہرا	باجرا
لوچن	طباشیر
ردیف م	
ماکھ	اردو۔ ماکش
ماجھک	شہد
مان کند	استھول کند
ماکھ پرنی	موچھی بوٹی
ماکھونی	
مانسی	بکری
مارجارنڈی	بلی لوٹن
ماسی	باچھڑ
ماریکھ	لال ساگ
ماکشٹ	موٹھ
مچھکا	مائین
مدن	موم
مدہ	شہد
مینندی	تلسی
مینیال	چرائتہ
مین جوٹ	ماميران
مینکر	سنبھالو
	مرگندی

بھاشا	اردو
مدھوکاکر	چکوترہ
مدہیرا	کیلا
مدہ پشتی	ملہٹی
مدہ پروا	
مدہ کرکٹی	بیگمی چاول
مرگ	ہرن
مرت سنا	پھٹکری
مرکٹ	کونچ
مرکٹی	بابونہ
مروتک	گل کلغہ
منی	کاک جنگھا
محکپندکا	شکر سفید
غنتک	ناگرموتھ
مکتا	موتی
مکتاسوکت	سیپ
مکدرن	مہندی
مکتاپھل	موتی
ملکابلکا	رائی بیل
ہرس پھل	مہوا
سہرتیکے	ہلیلہ
بستنکول	نیڈالو
ہستالو	
بسبست	گوگھرو

بھاشا	اردو
موتسر	شقاقل
موہک	مہوا
مولنگی	مولی
مول	غنچہ آم
مولک	مولی
مورروا	مروڑ پھلی
موسنڈی	نرگس
مہانیب	بکاین
مہونت	قسمے از کدم
مہاستاور	قسمے از ستاور
مہور	کلغہ
مہاشیاما	نسوت
مہاجال	بندال توری
مہاکوشاتکی	گھیاتوری
مشڈرسنگی	دودہی
مبڈکی	سنبھالو
میور جنگھا	گرمان
میگھناد	چولائی
ردیف ی	
یاگرک	پلاس دیاک
یارک	کسنبھ
یاس	جواسا
پتھبدا	کیلہ

بھاشا	اردو
ناگلی	مدن بنود
ناگکیر	نارجیل
نال	شاخ کنول
نکلی	بڑھل
نلوا	نارٹوسی
تل	
نمبک	لیمو
نوساکر	نوشادر
نولائی	برگ درخت لیمو
نونی	سال پرنی
نیوارمی	نواری
نیلکا	کاہی
	سبل
نونیت	مکھن
نیل کھ	نیل کنٹھ
ینیتربالا	اسارون
	نگر سگندھ بالا
میتک	بارہ سنگھا
یوالی	
یواکا	اجواین
یواساہوا	
یوگندھرا	جوار
یوکسار	نارنگی

بھاشا	اردو	بھاشا	اردو	بھاشا	اردو	بھاشا	اردو
ردیف واو		جنکہار	گوکہرد	تیل	تل	یواس کرا	ترنجبین
واس	بوٹی فرید	ہسنک	ارنڈ	بیچھ دہوپ	رال	یو	جو
دالان خورد	سویا	ہنگ تپری	درخت جسکا گوند ہنگ ہے	لیشٹ پتر	•	یوی	گہوڑی
دالان بزرگ	سولف			یکم تپر	•	یوتہکا	جوہی مفشر
دیپھر کہار	نوشادر	ہنیکل	شنگرف	یکم کنکا	بیر		
ویڈوری	لہسینہ	ہیم پشپ	گل جعفری	یواسنگ	جواسا	پوکہ	مدبر محلوب •
ردیف یا		ہیتہ پہنچی بیتہ پہنچی	کمو	یوانی باردانی	اجوین کرمانی		
ہوکھا	ادہوبیر						

فہرست ان ادویہ کی جنکے بہت سے نام ہیں مع انکی اصطلاحی ناموں کے بموجب محاورہ اہل اکسیر کے

ابرق	طلق منیق سمع مکلس جناح اثبت۔ ازبیدون الجزال۔ قربون کوکب الارض ورگن قرن الارض مصاف القمر
پارہ	عطارد۔ عد۔ عبید۔ کاب۔ ابن زیبق۔ برن۔ فرار۔ طرار۔ ستاطر عیار صعود۔ افرودہ۔ اجراج۔ ہدرع۔ جبرع۔ اصلی۔ روح۔ مغرب۔ ابن فرار۔ بار۔ بارد سیماب شو۔ رس۔ آہوی آتشین۔
پیتل	برنجک۔ عصد۔ سخت۔ روئی سوختہ۔ حلقوش۔ صفر یعنی کانسی +
پھٹکری	زاج۔ زاک۔ شب۔ زند۔ زبیج۔ بلور۔ کابج۔ کاہی بحر۔ بحار زرد۔ شورہ۔ بحر۔ کہرختہ۔ ملابین۔ شورہ خاک۔ قلطار۔ قلعدیس۔ خلفت۔ ذرمہ +
تانبا	مس۔ نحاس۔ زہرہ۔ راس۔ مامز۔ بہرام۔ شہرام۔ تمنیشر۔ تابنر۔ سجل بند +
چاندی	قمر۔ ماہ فضہ۔ سفید سیم۔ نقرہ۔ رویا۔ لبیا۔ نگس۔ درب۔ ریہ۔ رکمنی +
رانگ	مشتری۔ ارزیز۔ قصدیر۔ حجر موسی۔ راوشن۔ اہار ابیض۔ رصاص ابیض۔ حجر النور۔ حجر بطی۔ حجر بیض۔ تنگ۔ سنگیسر۔ کافور +
بیضہ مرغ	صفرۃ الابیض۔ دہن خایہ۔ دہن البیض۔ ابن الخنزیر۔ ترمہ باغی +
رنگا	توتیائے احمر۔ مردسنگ توتیا۔ حور۔ رخ۔ سنری ہندی۔ اکری۔ سوا +
سنکھیا	سم الفار۔ مرگ موش۔ زہر آدم۔ قتال۔ خاک سیاہ۔ تشت ردمی۔ زرنیخ۔ سفید قتال سفید تیم

سنکھیا	سنگ سنکو سمخان اولی - شو بندہ نحاس - بلور زہر - کھپر سلیمانی +
سونامکھی	خارشیسا - ابوالطیش - سیناریخ - نفیس - کذرجوگیا +
سہاگہ	بورہ عرب - ضحاک - دوات - کنپ - کون نمک - نطرہ - بورہ آزنطرون - تنکار - نمک کہار - انالوسیق
سجی	شخار - قلی - قبابکا - جلبش ؛
سرمہ	اغد - خاک طور - کحل - جلین اسود - ابر و چشم - حافظ بصر ؛
سونا	شمس - خورشید - آفتاب - ذہب - تجلی - زرد - زر - طلا - سن - سنتہ - مکنون - کنک - کنچن - مسجد - عقبان
سیسہ	سرب - سطرب - رصاص اسود - زحل - ارزیر - فرتش - ناگ - جبون الارض - سر ہیون - زرانور - ایار - اسود - کیران - منطوحات - زاک اسود - ؛
شورہ	اسد الارض - الضر - تلاتین - کہپر خستہ - کہار - ریحن ؛
شنجرف	اینگر - زنجفر - سیرنگ - مرنب ؛
لوہا	حدید - آہن - فولاد - محوز - جارش - جبود - مریخ - ترہ ؛
مردار سنگ	مردارسنج - مرسنج - مرتک - وجود گیاہ +
[illegible]	سنگ سیاہ - کحل دہن - سفرہ دہن - بار مرد - روغن موی آذن - تی تون - تیرہ دہن اسود - حجر الکریم +
[illegible]	زیبق احمر - منحل - علم سرخ - زرد خون - بیخ احمر - ساخوین - حیرت ؛
[illegible]	عقاب - بورہ - سنگ رومی - تلاہ - زغال - ماطول - غلام - کجیہ لوناد +
[illegible]	ملح - اندرایس - خاک نوزد - ضمع الارض - لون - کہار - پھولی +
[illegible]	ذرد - سفرب - پر نقون - روشن زرد - عروس و عروسک - سندروس - کبریت سفرزدی - بیخ اصلی - ابرون - کشمیہ - ارسانقون - روغن داغ - نیلوفر - گوران ؛
[illegible]	زر - بیخ احضر - علم - زیب درق - روح صفری - سندراجاد - تکری +
[illegible]	سیزرنگ - سجال - شب پرہ - تشوع الخفاش ؛
[illegible]	سلیبین -
[illegible]	زعفر ابیض +
جست	روح توتیا +
[illegible]	علم سفید - سیس کو علم ابیض - زرد سیس کو علم اصفر - سبز سیس کو علم اخضر - سرخ سیس کو علم احمر - کہتے ہیں +
[illegible]	عمل - فتح المجالس ؛
[illegible]	حنظل - اندرایین - بتوی - کوڑا توتیا - حزیرہ - سقیم ؛
[illegible]	بیاض البیض - سحم حایہ - ذات الرغوہ ؛

فہرست ادویہ کی بطور اُنکے فوائد اور نقصان کے ہر عضو سے جداگانہ نمبر دوم

نام عضو	مقویات — گرم	مقویات — سرد	مضرات — گرم	مضرات — سرد
دماغ بھیجا	گل سرخ ملیٹھ ـ سعد کوفی ـ سنبل الطیب جنگلی تلسی ـ جائفل ـ عود ـ عنبر ـ لونگ ـ زعفران کسند ـ اسطوخودوس ـ بادام ـ سونٹھ ـ گرشتا مرغ دتیتر ـ شیر میش	آنولہ ـ ہڑ مربا ـ سیب ـ بہی ـ امرود ـ [illegible] ـ نارنج ـ بالنگو ـ موتی ـ آملہ ـ مغز تخم کدو ـ تخم کاہو ـ صندل ـ صفیہ ـ مغز حیوانات	رتن جوت ـ اونٹ کٹارا ـ تمباکو ـ حب المحلب ـ حب الخضرا ـ شر شف ـ بینگ شہد ـ زنبق ـ گندہ بیروزہ ـ قنطوریون کبیر ـ سیوتی	ترنج ـ آلو بخارا ـ ہڑ ـ بڑی خشخاش ـ جمبل ـ سنگترہ کا چھلکا ـ گندگ ـ بیر
بصر ـ آنکھ	بادام ـ سولف ـ شہد ـ پیاز ـ صدف سوختہ ابریشم ـ خشہ ـ سونا ـ کالی مرچ ـ مشک ـ زعفران لاجورد	آنولہ ـ ہلیلہ زرد ـ سرمہ ـ [illegible] ـ کھیل موتی	[illegible] ـ [illegible] ـ لسد ـ [illegible] چیلی ـ [illegible] ـ ماجو [illegible]	خرفہ ـ [illegible] آب سرد ـ [illegible] ـ شیدان ـ کھٹائی ـ سر
دندان و لثہ	کندر ـ پھٹکری ـ بادرنگ ـ سوختہ ـ عاقرقرحا ـ زیرہ گلاب ـ سعد ـ مصطگی ـ گندر ـ مرچ سیاہ سوختہ کسیس ـ بہلانو سوختہ ـ لسوار سوختہ ـ سنادرس انزروت ـ	کتھا ـ چھال ـ ہڑ ـ سپاری ـ سماق ـ ماجو مائیں ـ الائچی ـ [illegible] ـ طباشیر ـ استخوان تمر زرد سوختہ ـ برادہ آہن ـ سنگ جراحت ـ مروارید چھال مولسری ـ تخم سرس ـ سک ـ نیم عصارہ ـ اولہ ـ تخم فرمندی	[illegible] ـ آب شورہ ـ آب برنج ـ [illegible] سولی ـ سہاگہ ـ کنانا ـ مشک	قند ـ [illegible] ـ

مجموعہ اعضاء	مقویات		مضرات	
	گرم	سرد	گرم	سرد
حلق	خرمہرہ زرد۔ قسط شیریں۔ برگ مورمکھ دریا سمرکی۔	عدس مقشر بیج نے بیج مرجان۔	بابونہ۔ گاجر کے بیج۔ سونٹھ۔ زنگار۔ ثافیسا حب الزلم۔	مہندی۔ عقیق
ریہ، پھیپھڑا			سنکند بالا۔ اسطوخودوس۔ سوسن کی جڑ باد آورد۔ گندنا کے بیج۔ بزر الکتوث یعنی امرلتہ کا بیج۔ گلاب کا زیرہ۔ کنوچہ۔ اجود بزر النمام۔ تخم خربزہ۔ جائفل۔ بہلانواں لوہے کا میل۔ کیر۔ دیودار۔ سمند رجھاگ زوفت۔ تیزپات۔ سرخس۔ سوتھ۔ پت پاپڑ پھٹکری۔ تکائی۔ چیتہ۔ صعتر۔ تالیسیر۔ عقرقرحا۔ بڑی الچی۔ کوٹھ۔ کگروندہ ٹنکھی اگوگل۔ چھارس۔ ۔ یرد۔ کریاقیصوم۔	پارتنگ۔ ڈوڈا کا پوست۔ مہندی۔ غشچ گل سعید۔ ریشہ خلمی۔ طباشیر۔ گل مختوم۔ پونڈا۔ ناردین۔ نیلم۔
صدر			اسفانج توبجوان۔ پکہان۔ بیدخولنجان۔ دق گلاب۔	لفاح یعنی سیب۔ ریاس۔ ماجو سیاری۔

عضو رئیسہ	مقویات (گرم)	مقویات (سرد)	مضرات (گرم)	مضرات (سرد)
طحال یا تلی	گاؤزبان۔ بادام [illegible] ۔ یاقوت۔ سنگ [illegible]	[illegible] وارید۔ گل [illegible]	بھنڈی۔ ریشم کا بیج ترنجبین۔ حجر الیہود۔ کائفل۔ ریوند طویل۔ زراوند مدحرج۔ دودھ۔ نمافت۔ گاؤزبان لاکھ۔ قرومانا۔	انولہ۔ پرسیاوشان تربوز کے بیج۔ گوکھرو۔ کاسنی۔ کلفہ چکے کا بیج۔ پالک کے بیج۔ املی۔ رسوت۔ ابرکھہ۔ گل ارمنی۔ بارتنگ یا میٹھا
قلب یا دل	ناخونہ۔ بادرنجبویہ۔ بہمن۔ اسفاناخ۔ پان۔ انجیر۔ جدوار۔ گل چاندنی۔ درونج۔ دارچینی۔ مشک۔ کچور۔ زرنب۔ تیج۔ بالچھڑ۔ زعفران۔ شقاقل۔ عنبر۔ عود۔	امرود۔ انار۔ آنولہ۔ یوسف تخم۔ شگوفہ نیلوفر۔ [illegible] آلو بخارا۔ سونگا۔ چوکی کا بیج۔ سیب۔ [illegible] املی۔ زہر مہرہ۔ الائچی سفید۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ سونے اور چاندی کے ورق کا طور	بنفشہ۔ تمباکو۔ خولنجان۔ سقمونیا۔ کچور۔ ہلدی۔	
کبد یا جگر	افسنتین۔ جائفل۔ کچور۔ سعد۔ درونج۔ دارچینی۔ تخم کشوث۔ اسارون۔ مغز پستہ۔ مصطگی۔ الائچی۔ گل سرخ۔ تنتریک۔ نشاستہ۔ عود۔ زراوند۔ بادرنجبویہ۔ ناخونہ۔ حمایا۔ شقے۔ حب بلسان۔ ناردین۔ نافت۔	کاسنی۔ انار۔ آب باران۔	اطریلال۔ ادہو بیر۔ مولی کا بیج۔ جاوتری۔ بنولہ۔ انجیر۔ جلنجبین۔ جائفل۔ بکاین کے بیج۔ حجر الیہود۔ ہینگ۔ مازریون۔ چھوارا۔ کائفل۔ زراوند طویل۔ سقمونیا۔ سورنجان۔ اونٹ کٹارا۔ سویا۔ ایلوا۔ کالی مرچ۔ گوگل۔	سنگترہ۔ کالی ہڑ۔ گلاب کا زیرہ۔ دم الاخوین۔ لینی ہیر۔ ادوکھی۔ نارنگی۔ لسوڑیاں۔ سرکہ۔ تنتریک۔ زوفا۔

نام عضو	مقویات — گرم	مقویات — سرد	مضرات — گرم	مضرات — سرد
معدہ	گل سرخ۔ اسارون۔ عود خام۔ کالی مرچ۔ جائفل۔ دارچینی۔ کچور۔ چھڑ چھڑیلہ۔ سعد تیج۔ تیز پات۔ پودینہ۔ سلیخہ۔ مصطگی۔ پھڈ و جند۔ عود ہندی۔ سنگدان مرغ۔ دہن شیر شتر	آملہ۔ انار دانہ۔ بہیڑہ۔ سماق۔ طباشیر۔ بہی۔ آبکامہ۔ ہڑ۔ مربا جاموں۔ پوست ترنج۔ لعگو۔ کمرکس۔ الائچی	آبجوش۔ ریشم۔ گرم پانی۔ اسپغول۔ گوند کیکر۔ سرسوں۔ فستقین۔ انجیر۔ بنولہ۔ گاجر کے بیج۔ شہتوت۔ بورہ ارمنی۔ سوت میٹھا۔ شافیسا جاموں۔ کول۔ تخم بجین۔ تجرالیہود۔ مٹھائی۔ خرنوب۔ حب الصنوبر۔ الماس۔ لہسن۔ زعفران۔ سقمونیا۔ کندل۔ سکنجبین۔ چربی۔ ایلوا۔ مسور۔ عناب۔ کوسولی۔ کرٹیتل۔ گندہک۔ وہ شئے جس سے معدہ کو کبھی اوٹ ہو یعنی مرغیات	چھاچھ۔ آلو بخارا۔ انار ہر قسم۔ تربوز کے بیج۔ خرفہ کے بیج۔ بہنگ۔ بہیدانہ۔ انگور کا عصا۔ کاہ۔ خبازی۔ خطمی۔ ریشہ خطمی۔ بہوڑہ۔ جو۔ تمر ہندی۔ مچھلی۔ سورنجان۔ سنگترہ کا چھلکا۔ کدو۔ بھنگ۔ حرام مغز۔
مقویات اشتہائے طعام	مرچ سیاہ۔ مصطگی۔ خولنجان۔ نمک ہندی۔ الائچی۔ شیر شتر	عرق لیموں۔ پوست لیموں۔ ترنج۔ سکنجبین۔ بہی۔ زرشک۔ سرکہ۔ سرد پانی		
امعا یا آنتیں			چھلیرہ۔ افتکن۔ انجبار۔ افسنتین۔ زرنبک۔ سوت۔ سقمونیا۔ سکنجبین۔ بچ۔ ایلوہ۔ عود بلسان۔ عنبر۔ چھوٹی الائچی۔ لونگ۔ کمیلا۔ تخم کرفس۔ منڈی۔ قنطوریون صغیر۔ بادام کڑوا۔ اسپغول کے بیج	چاندی۔ گیرو

نام ہر عضو	مقویات — گرم	مقویات — سرد	مضرات — گرم	مضرات — سرد
باہ	گوشت بزغالہ ۔ مرغ ۔ تیتر کا مرغی کا انڈا ۔ چڑیا کا مغز ۔ شلجم ۔ گاجر ۔ مولی ۔ پیاز ۔ شیر برنج ۔ مع شکر ۔ کھجور ۔ بادام ۔ پستہ ۔ چرونجی ۔ چلغوزہ ۔ ثعلب ۔ شقاقل ۔ خولنجان ۔ بوزیدان ۔ تل ۔ ہالون ۔ بیر چیا ۔ تخم کونچ ۔ موصلی سیاہ و سفید ۔ عاقرقرحا ۔ مصطگی ۔ تخم گندنا ۔ تخم پیاز ۔ تخم گاجر ۔ شلغم ۔ دارچینی ۔ دارفلفل ۔ سونٹھ ۔ چھڑیلہ ۔ ساہراں ۔ بچھوا ۔ مشک ۔ ریگ ماہی ۔ اندر جو ۔ تودری وغیرہ	گوشت ماہی ۔ شیر ۔ دکا و مسکہ ۔ روغن گاؤ ۔ بہدانہ ۔ تخم خشخاش سفید ۔ موسلی ۔ تخم ۔ کھیلی ۔ بہمن ۔ سقنقور ۔ برادہ آہن ۔ باقلا	سنجفتہ ۔ تخم خرپزہ ۔ حب المحلب ۔ بادام شیریں ۔ سوسن کی جڑ ۔ بلوط ۔ سویہ کے بیج ۔ کاجو ۔ تیلی ۔ شوکران ۔ کچیلہ ۔ مسور ۔ گوشت ۔ گلسی ۔ پیپلا مول ۔ مرزنجوش ۔ گلاب ۔ سداب ۔ پودینہ ۔ لہسن ۔ حرمل ۔ افیون ۔ ہر شے جو کثرت ریاح ہو ۔ جیسے سیم دنگاں	زجاج یعنی کانچ ۔ دودگائے کا جوکا پانی ۔ آلوبخارا ۔ جمالگوٹہ ۔ افیون ۔ اسپغول چولائی ۔ کاکنج کا ساگ ۔ خشخاش سفید ۔ تخم خرفہ ۔ تخم نیوفر ۔ انگور کا شیرہ چبایا ہوا جو کا ۔ دھنیا ۔ انار ۔ سرکہ ۔ کھٹائی ۔ زمرد ۔ زوفا ۔ خشخاش ۔ شہد ارنج ۔ طباشیر ۔ صندل سفید ۔ کاہو ۔ کاسنی ۔ زیرہ ۔ کافور ۔ کتھہ ۔ گل نیلوفر ۔ بیخ نیلوفر
گردہ یا کلیہ			میتھی ۔ کبر کی جڑ ۔ اطریفل ۔ شورہ ۔ آلو ۔ اذخر ۔ اونٹ کٹارا ۔ انجبار ۔ ہر کنیا ۔ تخم گندنا ۔ کرنج ۔ تخم مولی ۔ سنگ جراحت ۔ زراوند	خربوزہ ۔ کاپیج ۔ پولائی کا بیج ۔ تخم ریحان ۔ مونگا ۔ ابرک ۔ عقیق ۔ فیروزہ ۔ مونگا ۔ دونا مروا

نام عضو	مقویات گرم	مقویات سرد	مضرات گرم	مضرات سرد
گردہ یا کلیہ			کشکی سیاہ۔ دم الاخوین۔ زعرور زعفران سکنجبین تج۔ بالچھڑ۔ سندروس۔ فرابیون سعید مرچ پودینہ۔ لونگ۔ مامیران۔ کرویا۔ لحیۃ التیس	ایضاً
مثانہ			عاسول بچوہاکنی کبر کی جڑ اجدان۔ گندنا کے بیج ترہ تیزک کے بیج۔ حب بلساں حرف۔ چینا۔ دارچینی سونا تیز پات۔ سرطان۔ سکنجبین۔ شانیج۔ لکو۔ فرابیون توٹھہ کباب چینی لسلاب کیسر ببول کا گوند۔ مصطگی۔ سیدہ لکڑی ناگ کیسر گلاب	کلفہ۔ پنا۔ راجیو نکہ۔ بیضے کا گنج سوتی دونا مروا۔ نیلوفر +
انثیین یا فوطہ			اکلیل الملک۔ بوزیدان۔ تخم خیار۔ تخم کتان۔ حاوشیر۔ بیتھی۔ فرفیون +	

واضح ہو کہ وجود انسان کا چہار اخلاط سے شامل ہے۔ اوّل دم یعنی خون دوم بلغم سوم صفرا یعنی پت چہارم سودا جسکو بادی بھی کہتے ہیں۔ خون اور بلغم کا کوئی خزانہ یعنی سرچشمہ نہیں اور تمام جسم میں رہتے ہیں۔ خون کا مادہ تمام جسم میں ہوتا ہے اور اسی سے حس و حرکت تمام اعضا کی ہے۔ خون سے کم بلغم ہے یہ بھی خون کے ہمراہ تمام جسم میں رہتا ہے فائدہ اسکا یہ ہے کہ بھوک کے وقت غذا کا کام دیتا ہے۔ صفرا بلغم سے تھوڑا ہے اسکا خزانہ زہرہ صفرا جسکو پتہ کہتے ہیں ہے۔ فائدہ اسکا یہ ہے کہ جب غذا خوب ہاضم ہو چکتی ہے تب امعا میں جاکر فضلہ کے نکالنے پر امداد کرتا ہے اور خون کے ہمراہ تنگ مسامات میں اسکو لیجاتا ہے۔ صفرا سے کم سودا ہے خزانہ اسکا طحال یعنی تلی ہے۔ فائدہ اسکا یہ ہے کہ معدہ میں کر خراش پیدا کرتا ہے اور بھوک لگاتا ہے۔ واضح ہو کہ ان چہار اخلاط سے جب کوئی خلط بگڑ جاتا ہے۔ تو انواع و اقسام کے امراض لاحق ہو جاتے ہیں اس خلط کے درست کرنے کو یا تو مصلح لاتے ہیں کہ معدہ سے نکلکر پاک ہو جائے۔ یا پاخانہ کی راہ مسہل سے نکالتے ہیں یا اسکو صاف کرکے اپنی اصلی حالت پر لے آتے ہیں جب دیکھتے ہیں کہ یہ خلط قے سے نکلیگی تو اصلاح نہ پاسکیگی۔ تب منضجات مخصے پکاکر مسہل کرا کر نکالدیتے ہیں۔ منضجات اسواسطے دیتے ہیں کہ باسانی نکلجانے کے لایق ہو جائے اور کوئی خرابی نہ کر سکے +

نام	ادویہ معدلات یعنی اصلی حالت پر لانیوالی اور اصلاح کرنے والی	منضجات وملینات یعنی نرم کرنے والی اور پکانے والی	مسہلات یعنی پاخانہ لانیوالی	مقیات یعنی قے لانیوالی
خون	املتاس۔ آلوبخارا۔ برادہ آبنوس وشیشم وصندلین۔ برادہ بیری۔ برگ شاہترہ۔ حنا۔ برگ نیم۔ برگ شیشم۔ برگ لکاین۔ برگ گاؤزبان برگ کاسنی۔ برگ مکو۔ پوست ہلیلہ زرد۔ برم ڈنڈی بیخ کیوڑہ۔ پوست ہلیلہ کابلی بسفایج۔ تخم کاسنی۔ تخم حنا۔ تخم شاہترہ تخم کاہو۔ چرائتہ چوب چینی۔ چھال بکسوٹہ۔ چھال فالسہ	چھال کچنار۔ چھال نیم۔ چھال گولنی۔ سرپھوکہ عشبہ۔ عناب گل نیم۔ گل داؤدی گل نیلوفر گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ گل سیوتی گل دھماسہ۔ گل حنا لیموں سنڈی بیل کی چھال شربت صندل۔ شربت عناب۔ شربت گڑ ماءالعسل سکنجبین +		

بلغم	انیسوں۔ ملیٹھی۔ انجیر۔ سونف۔ برنجاسف۔ بسفائج خطمی۔ خبازی۔ دارچینی۔ بالچھڑ۔ شکاعی۔ گلاب کا پھول۔ الائچی۔ منقی۔ گلقند۔ سکنجبین ہینگ۔ بچ۔ لونگ۔ مرچ سیاہ۔ ترپھلا۔ بیج فلفلمویہ۔ مالکنگنی ؛	سنئے۔ تخم خطمی۔ سونف۔ انیسون۔ ملیٹھی بسفائج۔ شکاعی۔ انجیر۔ گل سرخ۔ گلقند سکنجبین۔ چرائتہ۔ ہلدی۔ اجوائن۔ پیپرانگ شہد۔ پھوکرمول	تخم حنظل۔ غاریقون۔ تربد سفید بسفائج۔ کالا دانہ۔ سورنجان شیریں ریوند چینی۔ سونٹھ۔ گوگل۔ مغز ارنڈ اسطوخودوس۔ حب یارج	بینن پھل۔ گل کدو۔ کائپھل۔ کڑوی تمبے کے بیج۔ حنظل۔ مردار سنگ۔ نیلا تھوتھا اسگند۔ ملیٹھی۔ سکنجبین۔ نمک۔ گرم پانی آب مولی۔ آب سویہ۔ تخم مولی۔ تخم سویہ
صفرا	بہدانہ۔ اسپغول۔ تخم کاسنی۔ تخم خرفہ سیاہ۔ تخم خیارین۔ پالک کا بیج۔ کاہو۔ صندل سفید کافور۔ دھنیہ۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم پیٹھہ شربت بنفشہ۔ شربت نیلوفر۔ شربت آلو بخارا پت پاپڑا۔ فالسہ۔	عناب۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ شاہترہ۔ تخم کاسنی۔ بیج کاسنی	املی۔ آلو بخارا۔ ترنجبین۔ شیرخشت سنا۔ ہلیلہ زرد۔ گل بنفشہ۔ گل سرخ تخم کشوث۔ افتیمون	پیا بانسہ۔ برگ نیم۔ سرسوں کی پھلی نہسوڑہ۔ چھپنیڑے کی جڑ۔ شہد اور شکر سرخ
سودا	ملیٹھی۔ انجیر۔ املوک۔ اسطوخودوس۔ بسفائج بلی لوٹن۔ بادآورد۔ تخم خربوزہ۔ لسوڑہ۔ شاہترہ شکاعی۔ عناب۔ منقی۔ شربت گاؤزبان۔ سکنجبین افتیمون۔ اجمود۔ ہینگ۔ چوک۔ مرچ۔ فلفل دراز لونگ۔ اسگند۔ سنائی	لسوڑہ۔ عناب۔ گاؤزبان۔ بالچھڑ۔ ملیٹھی پرسیاوشان۔ اسطوخودوس۔ شاہترہ۔ شکاعی بادآورد۔ سونف۔ ترنجبین۔ گلقند عسلی۔ اجوائن۔ پلپان۔ خبہ سیج۔ ہلدی۔ شکاعی سرسوں کا تیل	کابلی ہڑ۔ کالی ہڑ۔ کالا دانہ۔ سنا افتیمون۔ اسطوخودوس۔ ایارج فیقرا۔ بسفائج۔ ریوند خطائی۔ لاجورد مغسول۔ گوگل۔ چوک۔ گار	سودا کے واسطے بلغم اور صفرا کی ادویہ کار آمد ہیں ؛

بیان کشتہ کرنے اور آگ دکھانے دواؤن اور اُنکے بھوننے چوبہ دینے صاف کرنے اور غسل دینے کا نیز طریق پینے آب کاسنی و کھیرا و ککڑی و لوکی و آب برگ بید اور آب برگ شاہترہ کا مفصل و مشرح بیان

جاننا چاہیئے کہ دوا کے جلانے سے یہ فائدہ ہے کہ یا تو اسکی گرمی کم ہو جائے جیسے بھٹکٹیا اور مونگا یا قلقطار وغیرہ کیونکہ جو دوا گرم تیز اور لطیف الجوہر ہو جب جلائی جائیگی تو اُسکے لطیف جو اُڑ جائیں گے ایسی دوا کی گرمی بڑھانیکو اور سریع النفوذ ہو جانیکو جیسے مونگے کی جڑ سیپ۔ تانکو۔ نورہ کیونکہ بعض کثیف الجوہر ادویہ جب جلائی جاتی ہین تو اُنکے جوہر لطیف ہو جاتے ہین یا اسواسطے جلائی جاتی ہین کہ انکی سمیت جاتی رہے جیسے بچھو ساپ وغیرہ۔ یا اسواسطے کہ پیسنے کے لایق ہو جائین جیسے سونا چاندی اسیم یا پتھر یا اُنکے جوہر لطیف کرنیکو جیسے نمک۔ یا اسواسطے کہ اجزا غریبہ کی آمیزش نکلجائے جیسے سرمہ نورہ سرطان بارہ سنگے کا سنگ۔

واضح ہو کہ دو مختلف اشیا کو جلانا نہ چاہیئے جیسے نمک اور نورہ اور نباتات وحیوانات کے جلانیکو کم آگ دین تا کہ جل نہ جائین اور سخت اشیا جیسے چاندی سونا۔ لوہا۔ تانبا پتھر کے جلانے کو تیز اور بہت آگ دین تا کہ کچی نہ رہجائین جب دوا محرق ہو جائے تو اسے دہولینا چاہیئے تا کہ تاثیر سرد ہو جائے ورنہ نہ دہوئین۔

واضح ہو کہ سرمہ اور ارب اور مونگے کی جڑ و اسو بسالج و سرجان و سرطان و عقرب و طلق کو بغیر جلائے استعمال نکرین۔

احراق سرمہ۔ سرمہ کو پیسکر بکری کی چربی مین ملاکر کسی برتن مین ڈالکر آگ پر رکھدو جب چربی جلجائے تب سرمہ دہوکر استعمال کرو۔

احراق کہربا و اقلیمیا انکو ریزہ ریزہ کر کے کسی برتن مین ڈالکر منہ خوب مضبوط بند کرو اور رات بھر تنور مین رہنے دو صبح کو نکالکر پیسکر استعمال کرو۔

احراق اسفنج اسفنج کو کاٹکر ریزہ ریزہ کر کے کسی برتن مین ڈالکر بذریعہ آگ جلالو کہ قابل سحق ہو جائے۔

احراق ہلیلہ ہڑ کو آٹے مین لپیٹ کر ٹھیکری پر رکھکر تنور مین رکھدو کہ آٹا خوب سُرخ ہو جائے تب آٹے مین سے نکالکر استعمال کرو۔

احراق مونگا و مونگے کی جڑ اور مثل اسکے کوئی اور چیز ہو تو انکی یہ ترکیب ہے کہ ہر ایک کو ریزہ ریزہ

کر کے کسی برتن مین ڈالکر منہ خوب بند کرکے رات کو خوب گرم تنور مین رکھدو صبح کو نکال لو سفید ہو جائیگا۔

احراق بورق اسکو مٹی کے پیالہ مین ڈالکر انگارون پر رکھکر خوب جلاؤ کہ سوختہ ہو جائے۔

احراق پشم و ریشم و سر کے بال ہر ایک کو دہو کر کسی برتن مین ریزہ ریزہ کرکے ڈالکر اسقدر آگ دو کہ قابل سحق ہو جائے اور جل نہ جائین۔ احراق پوست کدو و خشخاش وغیرہ بطور احراق پشم کے ہین۔

احراق سانپ پھنیار اور ناگ کا۔ ہر ایک کو زندہ پکڑ کر برتن مین خوب بند کرکے تنور مین رکھو کہ جلکر قابل سحق ہو۔ روغن زیت مین لگا کر انجرون پر لگاؤ۔

احراق لوہچون لوہچون کو گرم کرکے سرکہ مین سات بار بجھالو۔

احراق زاجات ہر ایک کو کوزہ مین خوب بند کرکے یا کٹھالی مین رکھ کر تند آگ مین رکھدو کہ جلکر سرخ ہو جائے۔

احراق سمندر جھاگ اور انڈون کے چھلکون کا انڈون کے چھلکون کو نمک پانی سے خوب صاف کرکے کپڑا اندر کی جھلی دور کرکے کسی برتن مین بند کرکے سب سے آگ دو کہ جلکر چونہ سا ہو جائے اگر ایکبار مین نہو تو مکرر عمل کرین جس انڈے سے بچہ نکلا ہو اُسکے چھلکے زیادہ مستعمل ہین سمندر جھاگ اور نمک وغیرہ بھی اسیطرح محرق ہوتے ہین مگر انکو نمک پانی سے دہونا ضرور نہین۔

احراق ہرتال ہرتال زرد کو ریزہ ریزہ چنے کے برابر کرکے کسی برتن مین بند کرکے سرپوش مین ایک سوراخ بخارات نکلنے کو رکھکر آگ پر رکھدو جب سیاہ دہوان نکلکر سفید آوے تو اُتار لو اور استعمال کرو۔

احراق کانچ کانچ کو کسی برتن مین خوب بند کرکے بہت سخت آگ دو کہ جلکر سرخ ہو جائے۔

احراق سرطان سرطان کی مادہ کو پاؤن کاٹ کر اور پیٹ صاف کرکے نمک اور انگور کی شاخ کی راکھ سے دہو کر پانی سے صاف کرکے کسی نئی مٹی کے برتن مین خوب بند کرکے ایسی آگ دو کہ جلکر بالکل راکھ ہو جائے واضح ہو کہ مادہ کی یہ پہچان ہے کہ اُسکی پیٹھ پر سوئی لگانے سے دودہ سا نکلتا ہے۔

احراق صدف و درمنہ ترکی ہر ایک کو برتن مین بند کرکے جلالو کہ سفید اور خستہ ہو جائیں۔

احراق بچھو عقرب زندہ کو برتن مین بند کرکے جلالو۔

احراق عود ہندی وغیرہ ریزہ ریزہ کرکے برتن مین بند کرکے اسقدر آگ دو کہ کوئلہ ہو جائے مگر راکھ نہو۔

احراق عقیق یشب یاقوت و سخت پتھر وغیرہ کا۔ ہر ایک کو چنے کے برابر

ریزہ ریزہ کرکے برتن مین بند کرکے ٹھنڈا آگ دو اور نکالکر پانی مین کھالو تاکہ ذرہ ذرہ ہوکر پسک ہو-

احراق چاندی برادہ کرکے نمک ملاکر برتن مین ڈالکر ٹھنڈا آگ دو اگر جلد تر قدرے گندک ڈالکر جلادو-

احراق موتی موتی کو ریزہ ریزہ کرکے کسی برتن مین ڈالکر قدرے دودہ کو ڈالدو اور آگ جلاؤ کہ ایک عرصہ مین پسک ہو جائے -

احراق نمک نمک کو ٹکڑہ ٹکڑہ کرکے شہد مین ملاکر خرقہ کتان مین باندہکر آگ مین رکھدو کہ خمیر سوختہ ہو جائے

فائدہ معلوم ہے کہ اگرچہ تشویہ اور تحمیص اور تقلیہ کے ایک ہی معنی ہین مگر کسی قدر فرق کرتے ہین-

تشویہ یہ کہ کسی چیز مین بھر کر جیسے سیپ مین یا مٹی یا آٹے کے خمیر مین دیکر آگ مین رکھے کہ خمیر پک جائے اور اندر کے بخار سے مشوی ہو جائے جیسے پیاز سقمونیا وغیرہ -

تحمیص وہ کہ کسی برتن مین ہمارا قم یا گھی اور ایسی دوا کو ڈالکر بھونے کہ بو جائے اور سرخ ہو جائے-

تقلیہ یہ کہ گھی سے چرب کرکے کسی دوا کو ایسا بھونے کہ پھٹ جائے جیسے ہڑ کو بھونتے ہین-

تشویہ لہسن نمک وغیرہ یہ کہ شہد سے گوندھ کر کپڑے مین باندہکر مٹی مین لپیٹ کر آگ مین ... نکالو ... پر رکھکر پکانا چاہیے-

تشویہ سقمونیا محمودہ کو سیب ... یا انڈے کے چھلکے مین ... خوب گل حکمت کرکے خمیر مین رکھکر کسی اینٹ پر ... پکالو ... کہ خوب کھاکر پک جائے-

تحمیص بزور کسی برتن کو آگ سے خوب گرم کرکے دوا اسمین ڈالکر اوندہا کرکے ڈہکدو کہ بو اسمین سما جائے

تحمیص نیلہ تھوتہ نیلہ تھوتہ پانی مین گھسکر ٹکیہ بناکر کوری ٹھیکری یا سفالی مین رکھکر آگ پر دہرکر پھراتے جائین کہ خشک ہو جائے -

تقلیہ ہڑ پوست ہلیلہ کو ملک کرکے پانی مین بھگائین پھر گھی سے چرب کرکے اسقدر بھونین کہ سرخ ہوکر پھٹ جائین -

تقلیہ مازو وغیرہ کو روغن زیت سے بھون لو کہ پھٹ جائے - بلوط وغیرہ کو اسقدر کہ انکا رنگ بدل جائے

فائدہ - تدبیر اور اصلاح کے معنی یہ کہ کسی دوا کو پرورش کرنا ہے کہ اسکی تیزی اور حرارت کم ہو-

تدبیر انزروت - انزروت کو گدہے کی دودہ مین ڈالکر یا اُس عورت کے دودہ مین جسکے لڑکی پیدا ہوئی ہو ڈالکر درخت جھاؤ کی لکڑی سے ہلا ہلا کر دہی کیطرح بھونو - اگر دوبارہ انڈے کی سفیدی ڈال کر

عمل کرو تو معتدل ہو۔
تدبیر انڈے کے چھلکے کی۔ اسکو میٹھے پانی سے تر رکھو کہ پانی سڑ جائے تب چھلکے کے اندر کی باریک جھلی دور کرکے پانی کو بدل دو جب وہ نہ سڑے تب سُکھا کر استعمال کرو۔
تدبیر چاکسو۔ چاکسو کسی کپڑے مین باندھکر گھوڑے کی لید مین مع قدرے سونف اور دھنیئے کے جوش دین کہ نرم ہو جاوے تب اسکا چھلکہ اُتار کر استعمال کرین۔
اصلاح بھلاوان۔ بھلانوے کو چِل کر کسی لوہے کی شے پر رکھکر گرم کرکے اوپر سے دبائین تاکہ اُسکا شیرہ نکلکر جل جائے تب گھی مین اُبالکر صاف کرلو۔
تدبیر توتیا۔ توتیا کو انگورون کے پانی مین گھسکر چینی یا شیشہ کے برتن مین رکھکر انگورون کا پانی اُسپر ڈالین اور نو روز تک رہنے دین مگر ہر روز پانی انگورون کا بدل دیا کرین بعدہ نکالکر سماق پر پانی انگور سے بہین لین پھر سُکھا کر استعمال کرین۔
تدبیر لوہے کے میل کی۔ اسکو ۱۴ روز تک تیز سرکہ مین خمیر کر رکھین تب روغن بادام سے بھونکر ایسا باریک پیسین کہ پانی کی سطح پر ٹھہر سکے۔
تدبیر گھوکھرو۔ گوکھرو کو شیر تازہ مین تر کرکے سایہ مین سُکھاؤ۔ یہ عمل تین بار کرو تب سُکھا کر استعمال کرو قوت باہ کو ازحد مفید ہے۔
تدبیر جمالگوٹہ۔ انکو چھیلکر اندر کا پتہ بھی نکالدے تب ایک تھیلی مین ڈالکر گائے کے گوبر مین قدرے پانی ملاکر کسی برتن مین ڈالکر اُسکو یعنی تھیلی کو گوبر مین اسطرح لٹکائے کہ برتن کی تہ مین نہ لگے۔ تب آگ پر خوب اُبالکر نکالکر دھوئے اور استعمال مین لائے۔ مگر بغیر کتیرا ملائے استعمال ان کا جایز نہین۔
تدبیر کبریت۔ کسی برتن مین دودہ بھر کر اُسکے منہ پر باریک کپڑا باندھکر اور گندک پیسکر اُسپر ڈالدو اور اوپر ایک ابرک کا ٹکڑا رکھکر آگ پر رکھدو تاکہ گندک آگ کی سینک سے پگھلجائے اور دودہ مین گر پڑے تب نکالکر استعمال کرو۔
تدبیر زیرہ۔ زیرہ کرمانی کو چینی کے برتن مین ڈالکر انگوری سرکہ پرانا اسقدر ڈالو کہ چار انگل رو پچا ہو جائے تب ایک رات دن کے بعد نکالکر سایہ مین خشک کرکے استعمال کرو۔

غسل و تصویل - دواؤن کو اس غرض سے دہوتے ہین کہ یا تو سرد ہو جاہین یا انکا مزاج معتدل ہوجائے - یا کشتہ کرنے مین جو حرارت بڑھ گئی ہے وہ کم ہوجائے یا اس سے جی کا متلانا دفع ہو -

تیل کا غسل - کوئی سا ہو اگر پرانا ہوکر خراب ہو جائے تو اسطرح صاف کرو کہ چند ٹکڑے برف کے اُسمین ڈالکر ہلاتے جاؤ جب تمام برف پانی ہو جائے تب گھی کو پانی کے اوپر سے اتار لو - اگر ایک دفعہ مین صاف نہو دوبارہ عمل کرو - واضح ہو کہ گائے کے گھی کو گائے کی چھاچھ مین جوش دو اور اثنائے عمل مین گیہون کا آٹا اُسپر چھڑکو تا کہ گھی رہجائے اور چھاچھ جل جائے -

اقسام مٹی کا غسل جس شی کو دہونا چاہو بہت سے پانی مین گھولکر کپڑے سے چھانکر الکا دوجو تہ نشین ہو اُسکو الگ کرکے سُکھا رکھو -

غسل ابار و اثمد و سفیدہ و حجر ارمنی و شادنج یاقوت و زمرد و عقیق و لاکھ و لاجورد وغیرہ جسکو دہونا ہو اُسکو باریک پیسکر پانی مین ڈالدو اور ہلاکر پانی کو ایک برتن سے دوسرے مین نتھار لو تہ نشین کو پھر باریک کرکے اسیطرح پانی مین ملاکر نتھارو - اسیطرح عمل کرو - جب اخیر کو نیچے گرد بیٹھے یا مٹی رہجائے تب اُسکو پھینکدو اور اُس تمام پانی کو جو نتھار کر رکھا ہے کسی برتن مین ڈالکر ڈہکدو جب پانی ٹھہر کر اشیا تہ نشین ہوجایئن تب سُکھاکر استعمال کرو - لاجورد وغیر مغسول کبھی استعمال نکرو کہ مضر معدہ ہے -

غسل جو کے ستوون کا واسطے دفع نفخ اور اُنکی سردی کے جو یا گیہون وغیرہ کو بھونکر پانی سے دہوکر سکھاکر استعمال کرو یا گرم پانی اُنپر ڈالتے جاؤ جب پانی مین خوب تر ہوجایئن تب گرم پانی نکال کر سرد پانی اُنپر ڈالتے جاؤ - جب پانی مین خوب تر ہوجایئن تب گرم پانی نکالکر سرد پانی ڈالدو اور سُکھاکر استعمال کرو -

روغن کنجد کا غسل - اس تیل کو نون پانی سے ملاکر نرم آگ پر جوش دو تب پانی دور کرکے تیل کو الگ کرلو اور سادہ پانی ڈالکر پھر جوش دو اور پانی سے الگ کرکے استعمال کرو -

غسل ایلوا - سگند بالا - چرایتہ - حب بلسان - عود بلسان - دارچینی - تج - بالچھڑ - مصطگی - جاوتری - بیخ اذخر - جوزبوا وغیرہ وغیرہ

جسکو چاہو ساڑھے تین ماشہ کے قریب لو اور افسنتین رومی آدہ پاؤ نیمکوب کرکے سیر پانی مین پکاؤ جب

پانی آدھ سیر رہے تب اُسمین جسکو غسل کرنا منظور ہو لے ۳ ماشہ پیسکر اُس پانی مین ڈالدو اور کسی سنٹہ سے خوب حل کرو جب دوا خوب حل ہو جائے تب ٹکا کر پانی کو اوپر سے سہار لو اور اُسمین زعفران ملا کر رکھو۔

غسل مردار سنگ مردار سنگ کو برابر کے نمک سے پیسکر پانی مین گھولدو۔ پانی چار اُنگل اونچا رہے ہر ہفتہ پانی بدل دیا کرو اور ہر روز دو تین بار پانی کو ہلا دیا کرو بعد عمل چالیس روز کے الگ کر لو۔

غسل موم زفت یعنبر جسکو چاہو گلا کر سرد پانی مین ڈالدو جب جم جائین استعمال کرو۔

غسل چونہ ۔ تاکہ اُسکی تیزی اور گرمی جاتی رہے چونہ کو کسی برتن مین ڈالکر پانی اُسپر ڈالکر خوب ہلاؤ اور مخلوط پانی کو دوسرے برتن میں لیلو تب ٹکا کر چونہ الگ کرکے پھر اور پانی ڈالو اسی طرح سات روز تک سات بار مکرر عمل کرو تب استعمال کرو۔

کاسنی کے پانی پینے کا طریق

واسطے دفع بخار خونی صفراوی اور تفتیح سدہ جگر اور عروق پاک کرنے راہون کے مادہ سڑے ہوئے سے بہت مفید ہے۔ اگر سونف کے عرق سے ہو تو یرقان سدی دفع ہو۔ اور سڑی ہوئی رطوبت زائل ہو۔

طریقہ کاسنی کے سبز پتے گرد و غبار سے پاک کرکے اور جڑین اور ڈنٹھل کاٹ کر کچلکر نچوڑ لو یہ نہ کو دھویا نہ جائے کیونکہ اجزائے لطیفہ جو پتون پر بطور نمک کے ہوتے ہین دھونے سے جاتے رہتے ہین۔ مقدار خوراک سوا تولہ سے تین چھٹانک تک۔ واسطے تلین کے ترنجبین اور شیر خشت سے کہاؤ اور واسطے تفتیح سدہ جگر کی ادویہ مفتحات سے کہاؤ جیسے سکنجبین بزوری یا سادہ۔ واسطے اخراج صفرا کے ادویہ مسہلہ سے جیسے ہلیلہ زرد۔ واسطے بجہانے حرارت کے شربت نیلوفر سے۔ واسطے ورم جگر و یرقان سدی کے املتاس سے۔

اور آب کاسنی کے صاف کرنے کے چار طریقے ہین۔ اول پانی نچوڑ کر رات بھر رکھدو تاکہ صبح تک نتھر جائے آب زلال استعمال کرو۔ دوم گاڑہے کپڑے سے چھانلو۔ سوم کسی باریک چھلنی سے چھانکر استعمال کرو سبز پتون کا سنی کا پانی گلقند سے ملا کر کہانا مفید تپ جو احتراق صفرا سے ہو سکنجبین کہانا مفید حمیات زردہ عفینہ اور تسہیح اطراف اور استسقا اور تقویت معدہ گردہ اور کہولنے سدہ جگر او تلی کے لیے بہت مفید ہے اگر سونف یا تخم کشوث قدرے لیکر جوش دیکر استعمال کرین تو اسہال و تفتیح مین غایت مفید ہے۔ معلوم رہے کہ آب برگ کاسنی اُس کہانسی کو جو بسبب و حدت جگر کے ہو مضر ہے تنفس اور شکر اسکا مصلح ہے اگر سبز پتے نہ ملین تو سوکھے پتون کو عوض کاسنی سبز جوش دیکر ادویہ مناسبہ مذکورہ سے استعمال کرو کہ قائم مقام تازہ کے ہے۔

ککڑی اور کھیرے کے پانی پینے کا بیان

واسطے دفع کرنے بخار دموی اور صفراوی گرم تیز کے اور جلے ہوئے خلطون کے جو صفرا یا سودا سے ہون اور اسہال مرہ صفرا سے جو معدہ اور آنتون مین موجود ہو اور احشا کی جلن اور نکالنے سنگ مثانہ کے اور ادرار بول کے یرقان اور دق کے تفتیح سدہ جگر کے اور رفع عطش اور کھانسے گرم کے اور خشکی دور کرنیکو مفید ہے اور باوجود اسقدر فوائد کے یہ عرق مستحیل یا صفرا نہین ہوتا یعنے صفرا بین بلکہ صفرا نہین ہوتا۔

طریق ککڑی یا کھیرے کو آٹے کے خمیر مین لپیٹ کر خاکستر گرم مین دبا دو صبح کو نکالکر پانی نچوڑ لو۔ مقدار خوراک ۵ تولے سے ۱۴ تولہ تک ہے۔ ترنجبین شیرخشت۔ املتاس گلقند آفتابی سکنجبین۔ املی۔ ہلیلہ جات وغیرہ سے کھانا چاہیئے جس دوا کی جیسی ضرورت ہو قوت اسہال و اطفائے حرارت دم صفرا کی ہوئی ککڑی اور زرد شدہ مین زیادہ ہے جسکو شکر یا ادویہ مناسبہ سے استعمال کرنا چاہیئے۔

کدو کے پانی پینے کا طریق

یہ پانی فوائد مین آب خیار جیسا ہے۔ کدو دراز جسکو لوکی بھی کہتے ہین میٹھا نرم اور تازہ لیکر اسپر جو کے آٹے کا خمیر دیکر مٹی اوپر سے لگا دو اور معتدل تنور مین اینٹ پر رکھکر اتنی دیر رکھین کہ خمیر خوب پختہ ہو جائے تب خمیر اور مٹی دور کرکے نیچے ایک سوراخ کرکے خوب نچوڑین کہ آب زلال کسی قدر نکل آئے تب استعمال کرین تو وہ سیر یہ پانی اور ڈھائی تولہ شکر اور مناسب شربتوں سے جیسے انار وغیرہ استعمال کرنا واسطے تسکین حرارت معدہ جگر اور دل اور گرم بخار اور دق اور اکثر امراض حارہ حادہ کے عجیب النفع ہے اور اگر قبض بھی ہو تو ترنجبین شیرخشت تمرہندی ہلیلہ جات وغیرہ جو کچھ اُسوقت مناسب ہووے مگر چونکہ بسبب اپنی لطافت کے صفرا کی طرف مستحیل ہو جاتا ہے اسلئے ایسے مزاج والے کو جسمین صفرا غالب ہو کسی ترشی کے ساتھ دینا چاہیئے۔ اور اگر بسبب کھانسی کے ترشی دینی مناسب نہو تو آش جو وغیرہ سے دین تاکہ اُسکی لطافت کو کثیف کر دے۔

ملو کے پانی پینے کا طریقہ

یہ پانی گرم بخار کو جو بسبب ورم معدہ کے ہو۔ یا یرقان ہو مفید ہے شکر کے ساتھ دینا واسطے تحلیل اورام باطنی اور ورم احشا کے اور نکالنے خلط مراری کے اور تنقیہ امعا کے اور دور کرنے پیچش اور مروڑ اور ورم مقعد اور استسقا حارہ کے مانند پانی کاسنی کے ہے معلوم رہے کہ ملو کا کچا پانی تے آوے ہے پکاکر

استعمال کرنا چاہئے۔ اور سیاہ رنگ کی ملوہ سے پرہیز کرنا واجب ہے کیونکہ وہ مہلک ہے۔

تربوز کے پانی پینے کا طریقہ

میٹھا اور سرخ تازہ تربوز لیکر اُسکے مغز مین خوب ہی چاقو مارین تاکہ پانی نہ کہ پانی کو نکالکر استعمال کرین سکنجبین کیساتھ پینا سدہ کھولتا ہے ادرار بول کرتا ہے۔ یرقان اور مواد محترقہ کو دور کرتا ہے اور ہاضم ہے۔ املی کیساتھ مواد صفراوی اور خارش کو مفید ہے۔ شہد اور سونٹھ کیساتھ بلغم کو مفید ہے۔ بکری کے دودھ سے امراض سوداوی کو نافع ہے۔ شیرخشت وغیرہ سے حمیات حارہ اور خلط سوداوی کو مفید ہے اسکے پینے سے رقیق خون اور بلغم شیرین پیدا ہوتی ہے۔ بدن کو تر کرتا ہے اور جگر کی حرارت کھوتا ہے مگر چونکہ سرد مزاجوں میں معدہ اور تلی کو مضر ہے لہذا گلقند آفتابی اور شہد سے ملاکر دینا چاہئے اور چونکہ بسبب اپنی لطافت کے مستحیل بصفرا ہوتا ہے لہذا صفراوی مزاج مین ادویہ ترش کے ساتھ دینا چاہئے۔ اور جاننا چاہئے کہ جب تک تپ کو ایک ہفتہ نہ گذرے اسکے استعمال اور نیز دیگر میوہ جات کے استعمال سے جو کثیر المائیت ہوں احتراز کرین۔

شاہترہ کے پانی پینے کا طریقہ

واسطے تنقیہ و تقویت معدہ و امعا اور تفتیح سدہ جگر و طحال کے اور دور کرنے یرقان و کھجلی و داد کے اور کم کرنے گرمی اخلاط محترقہ مرہ سوداویہ کے مفید ہے۔ شاہترہ تازہ کوٹ کر صاف پانی نکالکر اسمین چند ہلیلہ زرد ڈالکر رات کو کسی جگہ رکھ، وصبح کو بقدر چوبیس تولہ ساڑھے چار ماشہ کے لیکر سکنجبین افتیمونی اور حبوب موافقہ سے پئیں۔ واسطے تعدیل مواد سوداوی اور کھجلی کے مفید ہے اور واسطے تفتیح سدہ اور صفائی خون کے شربت عناب یا سکنجبین بزوری سے پیو واسطے مواد محترقہ کے ترنجبین شیرخشت اور املتاس سے پئیں اگر چاہین تو اجزائے مسہلی کو جیسے ہلیلجات اور حارنیقون و افتیمون تربد مدبر مجوف وغیرہ کو رات کو اُس پانی مین بھگو دین صبح کو استعمال کرین۔ اور حبوب و ادویہ مسہلہ کو قبل ہلیلجات سے دو ساعت پہلے دین اور ترنجبین مع شربت گلاب اور املتاس و گلقند آفتابی مربائے سفشہ حسب حاجت اضافہ کرین اور غذا نخود آب و آش جو شکر کے ساتھ۔

واضح ہو کہ ہلیلہ زرد آب شاہترہ کا مصلح ہے کیونکہ یہ پانی طحال کو مفید ہے۔

اناروں کے پانی پینے کا طریقہ

کھٹے اور میٹھے ہر دو قسم کے اناروں کو لیکر مع مغز کے کچلکر نچوڑلین اور پانی نکالکر پاؤ بھر سے آدھ سیر تک

استعمال کریں۔ واسطے صفرا اور تقویت معدہ وجگر و بخار گرم صفراوی و یرقان و کھجلی و خارش صفراوی اور بجھانے حرارت کے شکر کے ساتھ کھائیں چونکہ میٹھے انار کا پانی صفراوی مزاج مین مستحیل با صفرا ہو جاتا ہے اسواسطے اکیلا نہ دینا چاہیئے بلکہ کسی قسم کی ترشی کے ساتھ۔ اور میٹھے انار کا پانی شکر نشاستہ صمغ عربی اور روغن بادام کے ساتھ سرفہ کہنہ کو مفید ہے اور میٹھے انار کا پانی سوء القینہ اور استسقار لحمی و زقی و یرقان و سپرز و خفقان و سرفہ کو عجیب النفع ہے۔

رس کے پانی پینے کا بیان

اسکو جلاب بھی کہتے ہین بہت لطیف شربت ہے کہ ماء العسل کی جگہ گرم موسم و مزاج میں دیسکتے ہین برخلاف ماء العسل کے دینا چاہیئے۔ اگر لقوے اور فالج والے مریض بجائے پانی کے اسی کو استعمال کرین تو بہت عمدہ ہے خصوصاً اگر موسم اور مزاج گرم ہو تو تلیین سینہ مین عجیب الفعل ہے۔ طریقہ اسکا یہ ہے کہ شکر سفید ایک جزو کو سہ چند پانی میں ملا کر پکا کر قوام کر لو۔ اور اگر تبرید سے غرض ہو اور امراض حارہ کیواسطے مطلوب ہو تو ایک جزو لعاب اسبغول اسمیں ڈالدو۔ اور یہ واسطے سواد سر دردی کے بہت مفید ہے مطفی حرارت مسکن عطش اور ملین طبع ہے اور اگر لعاب اسبغول جو عرق بیدمشک اور گلاب سے ملا کر لیا گیا ہو اسمین شامل کرین تو دل و معدہ کو مفید ہے اور اگر ماء السکر یعنی جلاب مین بہت سا گلاب ملائیں تو بخار کی گرمی اور دفع حرارت اور مثانہ کی جلن اور معدہ کی تقویت و تبرید جگر اصحاب حارہ کی کرے مگر جہان معدہ مین صفرا ہو وہان اس جلاب میں بہت پانی ملا لو تاکہ بسبب غلبہ پانی کے صفرا کیطرف مستحیل نہو یہ جلاب پیاس خوب بجھاتا ہے کیونکہ جلد گزرتا ہے اور ثقل نہین لاتا۔ ماء السکر اور ماء الشعیر زیادہ تر ہین اسواسطے اسپر قناعت کرنی گرم مزاج والے کو مفید ہے اور گرم تپ میں اگر قوت قوی ہو تو سوائے ماء الشکر کے اور کچھ نہ دینا چاہیئے بخار۔ کہانسی۔ آبلہ۔ جدری۔ تپ دق اور ورم احشا۔ تقویت اعضار تنفس و جمیع اعضار و ادرار بول و عرق کے واسطے مفید ہے۔

ماء اللحم کے پینے کا طریقہ

یہ ایک عرق ہے گوشت سے بناتے ہین۔ لطیف غذا ہے کہ روح حیوانی طبعی اور نفسانی کو طاقت دیتی ہے اور اس کمزوری کو دور کرتا ہے جو امراض مزمنہ سے یا جلاب لینے سے یا خون نکلنے سے فصد و جماع سے ہو دور کرتا ہے خون بڑھاتا ہے اور بہت جلد فایدہ بخشتا ہے کہ ایسی شے اور کوئی نہین خصوصاً اگر خمیر شامل ہو اور اس امر مین

سب سے مقوی گوشت یکسالہ بکری کے بچہ کا ہے اور بعض مزاجون مین کبک مرغ چڑیا وغیرہ کے گوشت
بناتے ہین مگر اسکا خیال بہتر ہے کہ پرندون کا گوشت بکری کے گوشت سے نہ ملایا جائے اسکے تین طریق ہیں
اول یہ کہ بکری کے بچہ کا موٹا گوشت چربی اور ہڈیون سے پاک کرکے ٹکرے ٹکرے کرلو اور دارچینی الائچی دانہ
سونٹھ سونف گلاب کے پھول ناگرغیچہ مصطگی رومی زیرہ کرمانی لونگ زعفران۔ اندرجو خولنجان جاوتری
عود غرقی اسطوخودوس درونج عقربی بالچھڑ چھڑیلہ اظفار الطیب موتھ عاقرقرحا خصیتہ الثعلب برگ بادرنجبویہ
ابریشم خام کوٹا ہوا سب ادویہ یا بعض جو اسوقت مناسب ہون اُس گوشت پر چھڑک کر میٹھے پانی سے
اسقدر پکائیں کہ سب کا مُہرا ہو جائے اور قوام غلیظ ہو جائے تب قرع انبیق مین ڈالکر گلاب خالص تین
سیر عرق بید سادہ دو سیر عرق بیاز دو سیر عرق نارنج اور گاؤزبان پانچ سیر ڈالین اور اسرشقاقل بہمن سُرخ و سفید
تیزپات نرکچور گل سفتہ و گاؤزبان اسگند بالا سب یا بعض حسب ضرورت وقت داخل کرین اور عنبر
اشہب زعفران مشک خالص پاریہ پارچہ باریک مین باندھکر چھوڑدین اور عرق کھینچیں۔
دوم یہ کہ گوشت بزغالہ مادہ یک سالہ لیکر سفیدی اور ہڈی سے پاک کرے اور ٹکڑے ٹکڑے کرکے کسی دیگچہ
مین ڈالکر اُسپر عرق گلاب قدرے ڈالے اور سرپوش خوب بند کرکے جوش دیں تاکہ گوشت سے پانی نکل
آئے۔ پس اُس پانی کو الگ کرلے اور گوشت کو خوب دباکر نچوڑے کہ باقی ماندہ پانی بھی نکل آئے ۔
سب پانی کو جمع کرکے قدرے اور جوش دیویں کہ قوام ہو جائے تب قدرے نمک اور دھنیا ملا ہوا
اُسمین ڈالکر استعمال کرین یہ دق کو مفید ہے۔ سوم یہ کہ حلالوروں اور موشیون مناسب کا گوشت
چربی اور ہڈی سے پاک کرکے چنے کے برابر ٹکڑے کرلو تب قدرے نمک اور مصطگی اگر مناسب ہو ڈالکر
دیگچہ کا منہ سرپوش رکھکر آٹے سے بند کرکے آگ دو اور ہلاتے جاؤ کہ گوشت جل نہ جائے جب پک
جائے تب نچوڑ کر نکال لو اور استعمال کرو۔ مگر واضح ہو کہ ماء اللحم اول سب سے بہتر ہے۔

دستور استعمال ماء الجبن یعنی آب پنیر

واسطے مواد محترقہ سوداویہ کے اور حدت صفرا و ترتیب اعضاء تلین مجاری ورفع امراض سوداویہ مزمن کرنے
اور کھولنے سدہ اور نکالنے مواد محترقہ اور دفع کرنے امراض سوداویہ اور گردے کے متعدیہ یہ ایک ہلا اور غسل ہے
بغیر تکلیف کے مواد کو پکاتا ہے لطیف کرتا ہے نرم کرتا ہے۔ سوزش مالیخولیا حبیب بثور اور زخم اور حرارت
جگر مرگی جذام اور کھجلی اور داء الفیل اور حرقت بول یعنی جلن سے پیشاب آنا ضعف گردہ سنگ مثانہ

یرقان و دق وغیرہ کو دفع کرتا ہے اور بسبب رقت قوام اور لطافت کے قعر بدن مین جاکر عضو مخصوص تک پہنچتا ہے فضلہ جو دور بدن سے باقی رہتا ہے غذا بدن کی ہوتا ہے بخلاف اور تمام مسہلات کے۔

طریقہ یہ ہے کہ بکری لین جسکی آنکھین سیاہ ہون مزاج ٹھیک ہو اور جسکو بچہ دئے چالیس روز ہوئے ہون اُسکو کاہو کگڑی جو نیم کوفتہ گیہو کرہرا دھنیا برگ اسپغول شاہترہ خیارزی اور سرد تر کاریان کھلائین اور مغرب کے وقت دودہ نکالکر پتھر یا مٹی یا چاندی یا سونا یا قلعی دار دیگ مین ڈالکر پکائین مگر آگ نرم ہو اور اگر دودہ سترہ تولے ہو تو اُسمین ۵ تولے ساڑھے سات ماشہ عمدہ سکنجبین ڈالین اور ساڑھے چار ماشہ سرکہ ڈالکر انجیر کی لکڑی سے کہ جسکا سرا ذرا اُگلا ہوا ہو اور چھلکا اُتارا ہوا ہو ہلاتے جائین تاکہ دودہ پھٹکر پانی الگ ہو جائے۔ انجیر کے عمل سے قوت مسہلہ آجاتی ہے ورنہ اور کسی شاخ سے بھی ہلا سکتے ہین۔ بلکہ جہان صرف تربیت بدن سے غرض ہو وہان اور کسی شاخ سے ہلائین جب پانی پھٹ جائے تب کسی گاڑھے کپڑے مین باندہکر لٹکائین اور نیچے برتن رکھین کہ تمام پانی نچڑکر برتن مین آجائے۔ تب برتن کو ڈہاک کر رکھدین کہ تہ نشین ہو جائے صبح کو صاف کرکے جوش دین جب جھاگ اُٹھے تب پھر صاف کرکے اسکے نوے مثقال مین ۵ا مثقال سکنجبین افتیمون ملاکرین حصہ کرکے تین دفعہ مین تمام پیئین مگر ایک معتاد مین ایک گھڑی کا فاصلہ دیا جائے۔

معلوم رہے کہ سدون کے کھولنے اور دفع مواد صفراویہ مین سکنجبین افتیمونی با ہر وری استعمال کرین اور غذا چار پانچ گھڑی بعد کھائین اور جس روز جلاب ہو اُس دن اور اُسکے پہلے ایک دن نخود آب کھائین باقی تمام دنون مین شوربا اور یخنی پلاو وغیرہ کھائین۔ اور سفوف سودا جو قرابادین مین سفوف کیموقع پر مذکور ہے اسکے ساتھ کھائین تا سودا دفع ہو اور دفع امراض صفراوی مین وہ دوائین جو صفرا کو دور کرتی ہین استعمال کرین اور چار روز کے عرصہ کے بعد حبوب مسہلہ موافقہ سے پی لین اور افتیمون الٹی برابر ملاکر ماء الجبن مین ملاکر استعمال کرنا اسہال سودا مین بے نظیر ہے اور لعابدار اشیا اور ترش اور زیادہ میٹھی اشیا سے پرہیز لازم ہے۔ اسکے پینے کی عمدہ فصل فصل ربیع ہے معلوم رہے کہ بکری کا دودہ تمام دودہون سے ماہیت دہنیت اور لبنیت یعنی چکنائی لعابیت اور طراوت مین معتدل اور اسی سبب سے اُسکو ماء الجبن کیواسطے مخصوص کیا اگرچہ اسکے عدم وصول مین گائے کا دودہ بھی مستعمل ہے بکری اور بھیڑ کا دودہ بسبب کثرت جبنیت کے زیادہ سرد اور غلیظ ہو گدہی اور پھیر کا دودہ اگرچہ مائیت زیادہ رکھتا ہے مگر بسبب غایت غسل اور جلا اور تلطیف کے قابل ماء الجبن کے نہین

گاے کا دودھ بسبب کثرت چکنائی کے گرم تر ہے۔

دستور پینے دودھ عورت کا

واسطے تقویت اور ترطیب بدن کے اور دماغ کے اور طراوت حلق کے اور رفع بیخوابی کے اور تفتیح سدۂ خیشوم کے
اور رفع سل و دق و خشکی سینہ و کھانسی و سرسام اور خون جانے اور خون تھوکنے کو مفید ہے ادویہ مناسبہ سے
ملا کر دینا چاہیئے اور گرم گرم دینا چاہیئے ادویہ مناسبہ سے جیسے گھوڑے کا دودھ گرم نہ دوگے تو بسبب اپنی لطافت کے
جلد فاسد ہو جائیگا۔ بلکہ اگر ممکن ہو تو پستان سے منہ لگا کر چوسیں جسکا دودھ ہو وہ عورت بھی جوان صحیح مزاج
معتدل اور دختر زائیدہ ہو اور غذائیں بھی لطیف اور ہلکی اور موافق مرض کھانی چاہیئں کیونکہ تقتل غذا و دوا
سے بدہضمی وغیرہ کا خوف ہے اور کھٹائی اور دہی وغیرہ سے پرہیز کرنا واجب ہے۔

بیان استعمال چوب چینی

چوب چینی اگر واجب طور پر استعمال کی جائے تو مار البجبن کی طرح مفید اور عجیب الاثر ہے کیونکہ امراض سوداوی
مزمنہ جذام جرب حکہ امراض بلغمی لزجہ کو مفید ہے اور حمیات مزمنہ دق شیخوخت کو دفع کرتی ہے محلل اورام
مرقق فضول بدن کی دافع بواسیر دنوا سیر و اوجاع مفاصل و عرق النسا مقوی اعضا ء رئیسہ و باہ سریع النفوذ
بمجاری خفیہ مگر فالج اور استسقا میں مضر ہے کیونکہ اسمیں فصلہ رطوبت ہے ایسی جگہ وہ چوب چینی جسمیں سرخ
ہوں مفید ہے کیونکہ اسمیں خشکی اور حرارت غالب ہوتی ہے۔ اور واضح ہو کہ استعمال چوب چینی کے دو
موسم ہیں ایک بہار دوسری خریف۔ اور جب امراض سوداوی بلغمی مزمنہ میں اسکا استعمال کریں تو اول
بدن کو مواد غلیظہ سے بذریعہ ادویہ مسہل پاک کریں مگر اول منضجات دیکر تنقیہ کریں یا اگر زیادہ عسر النضج ہو تو
چوب چینی کو عرق مناسب کے ساتھ دیں تاکہ نضج بھی ہوتا جاوے اور تنقیہ کے وقت ادویہ مسہلہ شریک کریں تاکہ مواد
خوب خارج ہو مگر جہاں کہیں مسہل یا تنقیہ کی ضرورت نہو وہاں ادویہ مسہلہ یا منضجات نہ دینی چاہیئں مگر یہ بات
یاد رکھنی چاہیئے کہ چوب چینی کے ہمراہ ادویہ مسہلہ یا منضجہ کا عرق کھینچکر استعمال کریں کسی دوا کا جرم یا سفوف
نہ دیں کیونکہ چوب چینی بسبب اپنی لطافت اور سریع النفوذ ہونیکے ادویہ کے جرم کو مجاری ضیق میں لیجا کر سدہ پیدا
کرتی ہے اسکو چالیس دن پیتے ہیں۔ اول دن کسی قدر مقدار مقرر کرکے ہر روز اس سے کسی قدر خاص مقدار
زیادہ کرتے جاتے ہیں خواہ ہر روز بڑھا لو خواہ دو دو روز بعد یا پانچ روز بعد جیسا مناسب ہو خواہ ایک مقدار کو
کچھ دن استعمال کرکے پھر بڑھائیں اور اسیطرح گھٹانا چاہیئے کہ تھوڑا ہر روز یا کچھ دن فاصلہ دیگر گھٹائیں تاکہ بڑھانا یا

یا گھٹنا ناطبیعت پر دشوار ہو مقدار اسکی شربت کا ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ مروج ہے - وقت پینے جوبچینی کے بدن کو کپڑے سے ڈہانککر برتن کو کہولین تاکہ بھاپ تمام بدن علی الخصوص دماغ کو لگے اور جب سرد ہو تب پئین اگر پسینا آوے تو نہ پوچھین بلکہ کپڑون مین خشک ہونے دین - اگر کپڑے چوب چینی کے جوشاندہ مین رنگکر پہنین تو از حد مفید ہین تھوڑی دیر بعد پینے کے ہوا سے بچیں اور ایام استعمال میں کہٹائی نمک بقولات لبنیات کثرت جماع - دوڑنا اور غم و فکر کرنا وغیرہ سے پرہیز کرے - اور چوب چینی کے فضلہ کو نہ پھینکیں بلکہ جمع کرکے سکھانے جائین تاکہ پھر کبھی کسی قدر کام آئے یا اسمین پانی جوش دیکر سرد کرکے تمام دن پیا کرین طریقہ اسکے خون کا یہ ہے کہ پہلے اسکا پوست چھیل لیں بعد اسکے تیز چاقو سے ورق ورق اُتارین یا بقدر باقلا ٹکڑے ٹکڑے کرلین اور جو غبار وقت تراشنے کے الگ ہو اسکو دور کرین تاکہ چوب چینی کے ساتھ مجاری مین جاکر سدہ نہ پیدا کرے - تب کسی قلعی دار برتن میں یا سونے چاندی چینی کے برتن میں عرق بید مشک یا عرق گاؤزبان یا کسی عرق نو تیار یا خالص پانی مین بھگوئین اور صبح کو سرپوش دیکر خمیر سے منہ بند کرکے آگ پر جوش دین جب پانی جلکر نصف رہے تب اتار کر حسب معمول مستعمل کرین مگر ورن کا طریقہ یہ ہے کہ سرپوش میں ایک سوراخ کرین اور کسی لکڑی پر نشان کرکے اُس سے دیکھتے رہین یا برتن کا دہڑا کرکے ورن معلوم کرین -

بیان اُن ادویہ مرکبہ کا جو تیار رکھی جاتی ہین اور بطور ادویہ مفردہ مستعمل ہین مع اُنکے خواص اور طریق ساخت کے صرف اُسی قدر مرقوم ہین جو مشہور ہین

نمبر	نام ادویہ مرکبہ	خواص	طریق ساخت
۱	انوشدارو سادہ	مقوی باہ و معدہ و جگر و دل و دماغ مسدد خفقان - بہا بچے چالیس روز بعد کھانا چاہیے خوراک ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک	آنولہ صاف کیا ہوا گٹھلی سے نکالکر آٹھ پہر تک تر کرکے صاف کرین اور اسقدر پانی ملاکر پکائین کہ تمام جذب ہو جائے سب ملکر صاف کرین اور شہد کف گرفتہ اور شکر برابر ملاکر قوام کرین تب گل سرخ ناگرموتھ لونگ مصطگی سگند بالا جٹا ماسی دانہ الایچی سب برابر کہ شہد کے سوم حصہ ہون ملادیں
۲	انوشدارو لؤلؤی	مفرح مقوی قلب دافع خفقان و حمیات حارہ - خوراک ایک تولہ -	مروارید بن بندہی سنگ یشب ایک ایک جز ہین ورق عرق کیوڑہ و گلاب مین حل کرکے عود خام طباشیر بالچھڑ دو دو جزو سفوف کرکے ابریشم خام ڈیڑہ جزو سکو دو چند عصارہ آنولہ تازہ مین ساتھ قند سفید کے کہ سب سے چند ہو قوام کرین -

نمبر	نام ادویہ مرکبہ	خواص	طریق ساخت
۳	اطریفل اسطوخودوس	دماغ کے مرضون اور جلدی بیماریوں کو از حد مفید۔ خوراک سے سفیدہ سے دو تولہ	تینوں قسم کی ہڑ کا چھلکا خواہ کابلی ہڑ کا چھلکا بہیڑہ اور آنولہ کا چھلکا سب ایک ایک جزو۔ اسطوخودوس گل بنفشہ دو دو جزو افیتمون انیسون بادرنجبویہ۔ ہر ایک ڈیڑہ جزو سفوف کرکے سہ چند شہد خالص کف گرفتہ میں قوام کرین۔
۴	[illegible]	آنکھ کان بہرے درد کو جو نزلہ سے ہو اور بندہ کی ... مفید خوراک ایک ماشہ سے ایک تولہ تک	تینوں اقسام کی ہڑ کا چھلکا دھنیا سوکھا ہوا سب برابر سفوف کرکے روغن بادام یا گاؤ کے گھی میں چرب کرکے سہ چند شہد کف گرفتہ میں ملاکر رکھیں اور دو ماہ بعد کھائین۔
۵	[illegible]	زکام نزلہ لقوہ۔ فالج رعشہ مرگی سبات۔ نسیان الخونیا ... اعصاب استرخاء ... کمزوری ... کھانسی درد جوڑ بلغمی ضعف معدہ وجگر رعشہ نزلہ کو مفید خوراک ایک ماشہ	فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ اجوائن خراسانی ہر ایک چار جزو افیون مصری دو جزو۔ زعفران ایک جزو۔ بالچھڑ۔ عاقرقرحا۔ فرفیون ربع جزو سب جدا جدا سفوف کرکے سہ چند شہد کف گرفتہ میں قوام کرکے تین مہینے جو میں رکھیں پھر نکالکر استعمال کرین نہایت مفید و مجرب ہے۔
۶	تیزاب	گوشت زائد کو قطع کرتا ہے دمل سخت کو توڑتا ہے ہوا ... کو بہاتا اگر دو چار قطرے تیزاب کے ایک پیالہ پانی میں ڈالکر پئین تو ہاضمہ کو قوت دیتا اور درد شکم کھوتا ہے۔	شورہ قلمی پھٹکری نوشادر سب برابر سفوف کرکے آتشی شیشی میں ڈالکر گل حکمت کرکے دیگدان میں رکھیں اور شیشہ پر کوئی دوسرا برتن کانچ یا پتھر کا جوڑ دین نیچے آگ جلادین۔ تیزاب نکلکر دوسرے برتن میں آجاویگا۔ اسیطرح گندک کا اور زنگار کا تیزاب نکالتے ہیں کسیس کا تیزاب بھی اسی طرح بنتا ہے۔
۷	خمیرہ بنفشہ و گاؤزبان	کھانسی بجتونن سینہ و حلق زکام و نزلہ کو مفید ہے۔ منہ میں لیکر لعاب چوستے ہین	بنفشہ عمدہ اگر گل بنفشہ ہو تو بہتر ہے کسیقدر لیکر پانی قدرے میں جوش دیں جب پانی جل جائے تو بنفشہ کو گھوٹ لیں کہ ملغم سا ہوجائے تب قوام میں ملاکر سرد کر لیں اور مستعمل کرین اور اگر منظور ہو تو مغز بادام مغز کدو تخم خشخاش اضافہ کریں۔ خمیرہ گاؤزبان کی بھی یہی ترکیب ہے۔

نمبر	نام	فائدہ	ترکیب
۸	[illegible]	کہانسی سرفہ وحستونت سینہ کو مفید ہے	پوست مع خشخاش ۲۰ عدد تخم خطمی گوندبھول کیرا۔ تخم خبازی۔ سہدانہ بیٹھا ہر ایک ایک تولہ دس ماشہ ملہٹی ۵ تولہ اسپغول اڑہائی تولہ سب کو تین سیر پانی میں بھگوئیں اور دو روز کے بعد نرم آگ سے پکائیں اور جب قوام سخت ہو جائے تب نمن بنا کر رکھیں۔
۹	روغن گل	بدن پر ملنے سے خشکی دور ہوتی ہے اور سر پر ملنے سے تقویت آتی ہے	تل کے تیل میں گلاب کے پھول ڈالکر بوتل کو چند روز دہوپ میں رکھو کہ تیل میں خوشبو ہو جائے۔
۱۰	سکنجبین	بدہضمی و ضعف معدہ کو مفید ہے خلط فاسد کو معدے سے بذریعہ دست نکالتی ہے صفراوی کہانسی کو دور کرتی ہے	سرکہ خواہ لیمون کا عرق ایک سیر چینی سفید دو سیر قوام کریں۔ خواہ کہانڈ کی جگہ شہد ملائیں تو نہایت عمدہ ہے۔
۱۱	[illegible]	ہر ایک شربت کی تاثیر اُسکے خواص کے موافق ہے شربت [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] شربت [illegible] شربت [illegible] شربت انار [illegible] امراض صفراوی [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] امراض سینہ [illegible] معدہ [illegible] شربت [illegible] تپہائے کہنہ و فتح جگر و سپرز	جس کا شربت بنانا سو [illegible] پانی میں جوش [illegible] قوام کریں شربت [illegible] [illegible] تخم کاسنی [illegible] [illegible] [illegible] ایک [illegible] پوست [illegible] تخم [illegible] [illegible] [illegible] پانی میں تر کرکے رکھیں اور [illegible] منقی ملا دیں اور پکائیں جب [illegible] پانی رہجائے [illegible] صاف کرکے [illegible] قند میں [illegible] کریں۔ اور شربت [illegible] کاسنی [illegible] [illegible] [illegible] مقدار [illegible] صندل سفید گل سرخ ملہٹی [illegible] ایک [illegible] مثقال [illegible] دو مثقال تخم کشوث [illegible] مثقال [illegible] ادویہ کو کوٹنا ہوا انکو [illegible] عرق کاسنی میں بھگو دو پھر جوش دیکر صاف کرکے نوے مثقال قند سفید کا قوام کریں۔

نمبر	نام	فوائد	ترکیب
۱۱	عرقیات [illegible]	عرق سونف عرق پودینہ مقوی معدہ و ہاضم ہین عرق کاسنی مقوی جگر مسکن حرارت وجوش صفرا ۔ عرق گلاب اور عرق بید مشک اور عرق کیوڑہ مفرح اور مقوی قلب ہین عرق گاوزبان ملین مسکن ہے ۔	جس عرق کا نکالنا ہو اُسکو مناسب پانی مین ڈالکر بطریق معمول نال لگا کر عرق نکال لو ۔ سیر بھر دوا کے لئے ۲ سیر پانی ڈالنا چاہیئے ۔
۱۲	[illegible]	ملین طبع مقوی دل و معدہ مفرح قلب ہے	گلاب کے پھول تازہ لیکر دو چند قند یا کہانڈ مین ملا کر مالیدہ سا کر لو ۔ اسیطرح سیوتی اور موتیا کے پھولونکا گلقند بناتے ہین کبھی بجائے قند شہد ڈالتے ہین ۔
۱۳	لعوق سپستان [illegible]	پُرانی کہانسی کیواسطے مفید ہے مواد کو تری کے سبب بآسانی نکالتی ہے ۔	لہسوڑیان دو سو عدد عناب ولایتی ۵۰ عدد تخم [illegible] ایک تولہ ملہٹی ایک تولہ بہدانہ ایک تولہ سب کو کوٹکر پکا کر ادہ سیر شکر کے ساتھ قوام کرلین ۔
۱۴	معجون [illegible]	مقوی دماغ و معدہ و جگر مقوی باہ و مفید اوجاع مفاصل دافع قولنج ریحی مضر محرور مصلح شیر تازہ ۔ مقدار خوراک از دو تا چہار مثقال ۔	سونٹھ ۔ مرچ سیاہ ۔ دار فلفل دار چینی ۔ آنولہ بہیڑے کا چھلکہ ۔ جبیبہ ۔ زراوند مدحرج خصیۃ الثعلب مغز چلغوزہ ۔ بیخ بابونہ نارجیل تازہ ہر ایک سہ درم تخم بابونہ یا چہار درم مویز منقے ۳۰ درم شہد سہ چند سب کو ملا کر قوام کر کے معجون بنائیں

نقشہ وزنون کی کیفیت کا جو علم طب مین مستعمل ہین

نام وزن	کیفیت	نام وزن	کیفیت	نام وزن	کیفیت
برمہ	دو قیراط یعنی ½ رتی	چھٹانک	۵ تولہ	دام	ایک تولہ ۸ ماشہ ۔ دام پختہ [illegible]
بندقہ	ایک درم یعنی ۳ ماشہ	حبہ	حبہ فضی ۲ چاول اور		۹ ماشہ خام ایک تولہ ۲ ماشہ
بہلولی	ایکدرم القول البعض ۱۳۸ ماشہ		ذہبی ۳ چاول	دانق	بموجب طب یونانی بموجب شیخ ۴ چاول
پیسہ عالمگیری	۱۲ ماشہ	چاول	۸ خشخاش	دانگ	سے زائد یا نزدیک مثقال کا ہے اور
تولہ	۱۲ ماشہ	حمصہ	ایک قیراط یعنی ایک رتی		درہم کا دانگ بموجب طب ۲ رتی اور
ٹانگ	۴ ماشہ	خرنوب	آدہی رتی اور خرنوب شاہی ۱½ رتی		بموجب شیخ ۲ رتی بموجب ایران ۲۰ جو کی

نام وزن	کیفیت	نام وزن	کیفیت
درہمی	ایک درم یعنی ۳ ماشہ بقول بوعلی سینا	کیلیچہ	دو من سے کچھ قلیل المقدار
	ایک مثقال یعنی ۳ ماشہ ۶ رتی	کیلہ	تین سو درم سے کچھ زیادہ
درم	۳ ماشہ	ماشہ	۸ رتی
درہم	۸ جو بھر		طبی ایک سو بیس جو بھر کہ ۳ ماشہ ۲ رتی ہے
دینار	ایک مثقال شرعی یعنی ۵۲ جو بھر	مثقال	بعض کہتے ہیں ۳ ماشہ پونے دو رتی اور
رتی	۴ جو یا ۸ چاول		بقول بوعلی بہتر وہ جو بموجب شرع بیس
	بغدادی ۱۲۸ اوقیہ ہندی ۸ ۲ تولہ ۴ ماشہ		قیراط ہو +
رطل	رطل مدنی عراقی کا ڈیوڑھا۔ مکی عراقی کا	تو	صاع کی چوتھائی کہ سوا دو رطل عراقی ہوتا ہے
سرخ	دونا گھونگچی کو کہتے ہیں بکاورلی بھی کہتے ہیں		چھچھ بھر۔ تراشیار کا چار اور حتک کا دو
	کبیرہ ۱۹ اوقیہ۔ صغیرہ ۵ ۱۲ اوقیہ ۱ رطل مطلق	طعقہ	مثقال بھر +
سکرجہ	سکرجہ سوا چھہ استار		مطلق من سے اطباء دو رطل عراقی مراد لیتے
سرتیانا	۱۲ ماشہ		ہیں کہ ۵۶ تولہ ۹ ماشہ ہوا۔ مکی ۱۶۰ مثقال کا
شعیرہ	دو چاول	من	رومی ۱۵۰ مثقال کا مصری و انطاکی ۱۲
صاع	طبی ۵ ۴ ۲ تولہ شرعی ۹ رطل		مثقال۔ سکندری ۲۲۶ مثقال نظری ۲۴۰ مثقال
طسوج	درہم کا تسو و جبہ۔ مثقال کا تسو ہالہ		تبریزی ۶۰ مثقال۔ شاہی ۱۲ مثقال
تسو	جبہ اور دو چاول		ہندی ۴۰ سیر +
قسط	رومی ۱½ رطل بقول بوعلی ڈھائی رطل	کوک	۳ کیلچہ
	ایک پیمانہ تھیلی کا کہ ۵ ۲ کیلہ اور ۴۲ کیلچہ	وسق	۶۰ صاع شرعی
قفیز	کے قریب ہو +	وسق	نصف صاع شرعی
قنطار	چھہ من	اوقیہ	۴۰ درم
قیراط	طبی سوا چار جو شرعی پونے چار جو	استار	ساڑھے چار مثقال +
کف	ایک مٹھی بھر یعنے چھہ مثقال۔		

فہرست اوزان بہاشا مع اُردو ترجمہ


نام وزن	کیفیت	نام وزن	کیفیت	نام وزن	کیفیت	نام وزن	کیفیت
ترسرے	ذرہ جو دہوپ میں چمکتا ہے	کول	۶ ماشہ	پرسرت	دو چھٹانک ۸ ماشہ	آدہک	۴ سیر ۴ چھٹانک ایک تولہ
مریچ	۶ ذرہ کا	کرکہہ	۱۶ ماشہ	نچل جہرد	۴ چھٹانک ایکتولہ ۴ ماشہ	ترسنس	۴ ماشہ
راجکاں	۶۴ ذرہ کا	مدالیہ		مانگا	آدہ سیر ۲ تولہ ۸ ماشہ	دون	۱۷ سیر ۵ تولہ ۴ ماشہ
ٹانک		سکت	۲ تولہ ۸ ماشہ	سراو		مورت	دودہون
وسان	۲۴ ماشہ	پل		پرسہتی	ایک سیر ایکچھٹانک ۴ ماشہ	درون	دوصورت
دہرن		نشست	۵ تولہ ۴ ماشہ			دن	

جدول - اسمیں نسخوں کے ایجاد کرنے کا بیان اور اُنکے موجدوں کے نام مفصل مرقوم کئے گئے ہیں

نام دوا	سلسلہ ایجاد کرنے کا	موقع استعمال
برود بیخ پوملی	حکیم سفیانوس نے اپنے سلطان کے واسطے بنایا تھا - سلطان کو عارضۂ درد چشم تھا اُسنے سرو اجزا کو کوٹکر کپڑے میں باندھکر تر کرکے آنکھ میں لگانے کو کہا تھا - باقی اجزائے گرم بعد میں شامل ہوئے ہیں +	دُکھتی ہوئی آنکھ کی سُرخی کاٹ ڈالنے کو مفید ہے
حب یعنے گولی	بموجب قول حکیم یحنوس کے اسکا ایجاد کرنیوالا اسو لون جد مادری افلاطون ہے و بقول بعض لقمان بقول بعض جاماسپ شاگرد لقمان ہے مگر سب حکیم اسپر متفق ہیں کہ سولون اسکا مخترع ہے - شاوق شیاف شیشہ یہ سب حب کی شاخ ہیں - ملک ہند میں دہنونتر پید اسکا موجد مانا جاتا ہے مگر اُنسے صرف پارہ کا کشتہ کیا تھا +	اکثر ایسی جگہہ استعمال کرتے ہیں جہاں دیر تک دوا کی تاثیر رکھنی منظور ہوتی ہے جیسے کھانسی کے واسطے موہنہ میں رکھکر چوسے اور ضعف معدہ کے لئے کہا کیونکہ گولی دیر تک معدہ میں ٹھیرتی ہے +

نام دوا	سبب ایجاد کرنے کا	موقع استعمال
روشنائی یا سرمہ	سلطان ارسطند والی صقلیہ کو عارضہ نماتس کا پاس لاحق ہوا تھا اُسنے اسوقت حکیم فیس غورث سے علاج کروایا اُسنے سرمہ ایجاد کیا اور چند دوائیں باریک پیسکر آنکھوں میں [illegible] لگائیں کہ اسکا اثر آنکھوں کی پلکوں پر ہوا سلطان کو آرام ہو گیا	صرف آنکھ میں لگانے کو +
شربت	حکیم فیثاغورث نے اول سکنجبین بنائی تھی کیونکہ اُسنے معلوم کر لیا تھا کہ شہد اور سرکہ دو ایسی اشیا ہیں جو امراض سینہ کو مفید ہیں چنانچہ اُن دونوں کو ملا کر مرکب تیار کیا تھا بعد ازاں ادویہ کے عرق کے جوشاندہ کے شربت بننے لگے کیونکہ اسمیں دو فوائد دیکھے ایک تو یہ کہ شربت دیرپا درست رہتا ہے اور دوسرا یہ کہ بسبب شیریں ہونیکے ہر شخص پی لیتا ہے اور طبیعت قبول کر لیتی ہے	ہر مرض پر موافق اپنی تاثیر کے جداگانہ
سفوف یعنی چورن و پھنکی	بموجب قول حکیم دیقوریدوس و حکیم سنحوس سفوف کا ایجاد کرنیوالا بقراط [illegible] اسقلینوس یونانی ہے اُس نے ادویہ کو کوٹکر سفوف بنایا تھا سب سے اول ملک یونان میں ایجاد کیا گیا اور فن طبابت میں یہ پہلی ساخت ہے کہ ایجاد ہوئی مگر ملک ہند میں ہنسراج ساکن نیپال نے یہ طریقہ جاری کیا۔ ازاں بعد ملک کشمیر میں ایک سنیاسی تکرناتھ نے کشتوں کا مارنا ایجاد کیا گویا یہ بھی ایک سفوف کا طریقہ نکالا گیا +	جہاں یہ منظور ہو کہ دوا معدے سے جلد گزر کر جگر پر اثر کرے وہاں سفوف استعمال کرنا چاہیے +
مرہم	اسکو بقراط یونانی نے ایجاد کیا تھا +	صرف زخموں کے استعمال کیواسطے واضح ہو کہ جسم میں چربی زیادہ ہوتی ہو وہ ایک سال میں بگڑ جاتا ہو ورنہ ۱۵ یا ۲۰ برس تک درست رہتا ہے
معجون	ملک یونان میں اول حکیم سقراط نے ایجاد کیا مگر در اصل حکیم دیوجانس نے خشک ادویہ کو پیسکر شہد میں ملا کر بنایا تھا۔ ازاں بعد خمیرہ و سوق۔ یاقوتی۔ مفرح وغیرہ ایجاد ہوئے یعنی موافق محل و موقع انکی ساخت کی گئی +	اعضا کو قوت دینے کے واسطے استعمال کرتے ہیں یا گرمی پہنچانے کے واسطے +

نسخوں کی قسموں کا شجرہ نقشہ مع اُنکی شاخوں کے اسواسطے درج کیا جاتا ہے تاکہ ناظرین کو دوا کے اقسام یاد کرنے میں سہولت ہو



خاتمہ

چند اعمال عجیبہ میں بقید ادویہ مفردہ

بھنگ

پکھ تجھتر میں بھنگ بقدر ۴ ہ تولہ لیکر ۴ ہ تولہ گھی میں بھون لے تب ۳۲ تولہ شکر ۱۶ تولہ شہد کا قوام کرکے بھنگ اسمیں ملا وے اور ہر روز دس ماشہ میں بلاناغہ کھائے۔ جوانی برقرار رہے۔ نور بصر بڑھے بیماری پاس نہ آئے۔ بھوک بڑھے اور باہ زیادہ ہو جس سے عورتیں محکوم ہوں +

پارہ

اگر اتوار کے دن کپاس کے پتے جسکے پھول سیاہ ہوں دو چار کھا کر اوپر سے ایک تولہ پارہ نگل جائے اور اُسیر پھر دو چار پتے کھاوے تو ایک سال تک وہ پارہ جسم میں قایم رہے اور طاقت اور حرارت غریزی اسقدر بڑھے کہ بیان سے باہر ہے +

دیگر اگر کسی نے کچا پارہ یا اُسکا کشتہ کھا لیا ہو اور اُسکا جسم بگڑ کر خراب ہو گیا ہو تو یہ عمل کرے آرام ہو جایگا۔ ایک عدد درخت نیل جڑ سے اُکھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرکے اور بیس سیر پانی میں الگ خوب اُبال کے اُس پانی کا پیالہ بھر کر آدھ آدھ گھنٹہ بعد پیتا رہے دن بھر تمام پانی پیئے۔ غذا کچھ نہ کھائے تمام پارہ پیشاب کی راہ نکل جایگا اگر دیکھنا منظور ہو تو کسی برتن میں پیشاب کرے +

پانی

اگر دن بھر دھوپ میں گرم ہوا ہوا اور رات کو چاندنی میں سرد ہوا ہو صبح کو ناشتا کے ساتھ کھایا جائے تو بمنزلہ آب حیات ہے کوئی بیماری نزدیک آنے۔ اگر گنگ پھل کو جو ایک دوائی ہے پیسکر گدلے پانی میں ڈالیں تو مقطر ہو +

پپیتہ

اگر کوئی اس تخم کو ڈورے سے اپنے ہاتھ میں باندھے تو جادو کا اثر اُسکو ہرگز نہ ہو بلکہ جادوگر پر پڑے اور بدہوا یا بدنظر نہ ہو۔ اگر بقدر چار دانہ گندم پانی میں پیسکر استعمال کریں تو عسر ولادت کو مفید ہو تپ لرزہ آنے سے پہلے چار گندم کی مقدار یہ دینا مانع بخار ہے۔ اگر روغن کنجد میں اس کو بریاں کر لو تو وہ تیل خارش آتشک کو مفید ہے ضماد او طلا اور شربا اور احیض کرتا ہی۔ اگر ۵ عدد ریزہ ریزہ

کر کے شراب میں ڈالکر جو قریب پاؤ بھر ہو ۵ اروز دھوپ میں رکھیں اور پھر ہر روز شام کو ایک ماشہ عرق کھاویں تو باہ بہت ہو +

تماکو

اگر کسی کپڑے پر تماکو کے دہوین کا رنگ لگ جائے تو دودہ سے دہوکر تا روکہ سوا اسکے کچھہ علاج نہیں
اگر کسی کو سردل الما شروع ہو تو تماکو سوکھا اور برگ سنبہالو سوکھا ہر روز ملاکر حقہ میں پیوے حید-عرصہ میں بالکل آرام ہو +

دھتورہ

سیاہ دہتورہ کی جڑ جس گھر میں ہو وہاں ہر طرح سے امن اور فراخی رہیگی- اگر جڑ ما کو سکھا کر سفوف کرلیں اور ہر روز چھہ درم چاولوں کے پانی سے کھامیں تو سفید بال گر کر سیاہ پیدا ہوں- اگر سیاہ دہتورہ کو سفوف کر کے بکری کے دودہ سے مصری ملاکر بانجھہ عورت کو بقدر موافق کھلائیں تو حمل ہے
اگر سیاہ دہتورہ کا پھول اتوار کو یکہ نچھتر میں زعفران میں ملاکر سفوف کرلیں اور اپنا خون اور گائے کا گھی اسمیں ملاکر پیشانی پر ٹیکا لگائیں تو جو دیکھے سو مطیع ہو +

سنبھل

جڑ کو جو سیدھی اور موٹی ہو سایہ میں سکھا کر سفوف کر کے برابر مصری تری ملاکر ہر روز ۵ درم سے ۷ درم تک نہار کھائیں ایک سال برابر پھر قوت دیکھیں تا عمر جوان رہے- ایک جوگی کا تجربہ ہے- منقول ہے کہ ایک شخص نے گاؤں میں ایک پیر مرد کو دیکھا جسکے ساتھہ دو جوان عورتیں تھیں اُس شخص نے دریافت کیا کہ یہ دونوں عورتیں کون ہیں بڈھے نے جواب دیا کہ میری عورتیں ہیں اور ابھی دو اور عورتیں تھیں تب اُس شخص نے حیران ہو کر پوچھا کہ کیا سب کو خوش کر لیتے ہو بُوڈھے نے جواب دیا کہ ہاں ایک رات میں دو دفعہ ہر ایک پاس جاتا ہوں یہ سنکر وہ شخص بڑا حیران ہوا تب بُوڈہے نے کہا میرا ایک بیٹا ہے جو میری طرح توانا ہے اور اُسکی عمر ۹۰ سال سے زیادہ کی ہوئی ہے کہ ایک بال سفید نہیں تب اُس آدمی کو اور حیرت ہوئی- بُوڈہے نے کہا تعجب نہ کر اللہ نے بوٹیوں کو بڑی طاقت بخشی ہے ایک جوگی نے مجھکو ایک نسخہ بتایا تھا جسکے استعمال سے اسقدر طاقت ہوئی- اُس شخص نے ہاتھہ جوڑکر کہا کہ اگر مجھپر عنایت کریں تو وہی نسخہ مرحمت ہو الغرض اُس بُوڈھے نے وہ نسخہ بتادیا چنانچہ بعد معلوم ظاہر ہوا کہ یہی نسخہ تھا جو ہمنے سنبہل کے ضمن میں رقم کیا

شیشم

ترکیب شربت شیشم برائے صفائی خون شیشم کی لکڑی کا برادہ آدھ سیر لیکر چھ سیر پانی میں بھگو دو ایک دن رات کے بعد جوش دے لو جب نصف پانی رہے تب چھ تولہ شاہترہ لیکر جوش دیلو تب چھانکر ڈیڑہ سیر قند ملاکر شربت بنالو۔ یہ شربت خون کے صاف کرنے میں بے عدیل ہے ۲ ماشہ صبح اور شام کھانے سے آتشک جذام کھجلی وغیرہ کو بالکل دور کرتا ہے +

کاک جنگھا

اگر پارہ نیم خام کے کھانے سے بدن بگڑ جائے تو ایک تولہ کاک جنگھا و مرچ سیاہ کے ہمراہ گھوٹ کر تین یا چار روز تک پینا از حد مفید ہے +

کنگی سیاہ

بلغم کو بالکل کھولتی ہے مگر بسبب اثر سمیت کے کھانا منع ہے کیونکہ احتراق خون پیدا کرتی ہے نقل ہے کہ کسی شخص کو بخار تھا ہر چند علاج کیا مگر کچھ آرام نہوا آخر الامر ایک حکیم حاذق نے دق ہوکر کنگی سیاہ بقدر ایک ماشہ پانی میں گھسکر دیدی اُسی دن سے بخار کو آرام ہوگیا مگر چند مدت بعد احتراق خون کا عارضہ ہوگیا

گاجر

گاجر کو تنور میں بھونکر اوپر کا باریک چھلکہ دور کرکے اندر سے گاجر کی گٹھلی جسکو بڈی بھی کہتے ہیں نکال کر گاجر کے ٹکڑے کرکے رات کو شبنم میں رکھیں۔ صبح بید مشک اُسپر چھڑک کر قند سفید سے کھائیں تو خفقان خواہ کیسا ہی ہو بالکل دور ہو جائے +

گندک

گندھک صاف کی ہوئی ایک دانگ لیکر پانی سے پیسکر گائے کے دودھ سے پیویہ عمل میں روز کرنے سے کھجلی خارش بہق کو مفید ہے اور اسی طرح ۲ ماہ تک استعمال کرنے سے تقویت حواس کرتی ہے اور اگر گندک صاف شدہ ایک دانگ لیکر ایک دانگ بلیلہ سفوف شدہ سے ملاکر روغن تخم بیگن سے چرب کرکے ہر روز کھائیں بوقت نہار اور یہ عمل چھ ماہ تک کریں تو تمام بال سیاہ رہیں۔ نظر باصرہ اور باہ بر قرار ہے +
گندک کو دھونے کا یہ طریقہ ہے کہ گندک اور نمک سانبھر برابر ملاکر خوب باریک کریں اور پانی میں بھگوویں اور خوب حل کریں جب گندک تہ نشین ہو جائے تب پانی کو نتھار دیں۔ اسی طرح ایک چھٹانک گندک پر یہ چار سیر

نمک خرچ کر ڈالیں تمام گندک سفید ہو جائیگی اور ہاضمہ قوی کریگی +

گولر

گولر خام کھانے سے قوت بصر پیدا ہوتی ہے - پختہ کھانے سے چند مدت میں بواسیر خونی دور ہوتی ہے

گھیپ

اگر اس بوٹی کے عرق میں چاول پکا کر جس جگہہ پر کانٹا لگا ہو باندہے تو فوراً کانٹا باہر نکل آئے خواہ کیسا ہی ہو - اگر اسکا عرق دو تولہ اور ۱۱ عدد مرچ سیاہ پیسکر ملا کر صاحب درد مفاصل کو پلائیں اور یہ عمل ایک چلہ کریں تو شفا کامل پائے +

گھیکوار

گھیکوار کے پتہ کا اُوپر کا چھلکا ایک طرف سے چھیلکر آگ پر رکھے اور قدرے ہلدی اور افیون باریک پیسکر اُسپر چھڑک کر تھوڑی دیر بعد آگ سے اُتار کر مغز کو خوب دبا کر نچوڑے اور اُس پانی کے دو پیالے قہوہ خوری کے بہوے تین یا چار روز پینے سے تپ ربع دور ہو جائیگی - اگر کسیکی آنکھہ میں شدت سے درد ہو تا ہو تو گھیکوار کے پتے کو آگ میں بہ گرم کرکے چھیلکر جس طرف کی آنکھہ میں درد ہو اُس طرف کے پاؤں کے تلوے میں باندھے فوراً آرام ہو اسطرح پاؤں کے انگوٹھے پر باندہنے سے رمد کو فائدہ ہوتا ہے +

گیندا

اسکو صد برگ بھی کہتے ہیں اگر اسکے چند عدد ورق لیکر گل حکمت کرکے ایسے تنور میں جو قریب سرد ہونے کے ہو رکھدیں اور جب اُوپر کی مٹی سرخ ہو جائے تب انکا گل مٹی دور کرکے اُن پتوں کو پستان ورم شدہ پر باندھے فوراً آرام ہو - اگر پتوں کی نیم کوفتہ کرکے ٹکیہ بنا کر بواسیر پر باندہیں تو آرام ہو - ایک تولہ گل صد برگ لیکر ۲ ماشہ فلفل سیاہ کے ساتھہ ملا کر رگڑ کر شیرہ نکالکر پینے سے بواسیر کو جلد آرام ہوتا ہے - یا یہ کہ گل صد برگ پاؤ بھر لیکر کیلہ کی جڑ کا پانی دو سیر میں بھگو دیں صبح کو عرق نکال لیں ہر روز صبح اور شام ایک دام پیا کریں بواسیر خونی کو آرام ہو - درخت کے سبز اور نورستہ پتے ایک تولہ لیکر قریب ایک تولہ رگڑ کر مصری ملا کر پلانے سے پیشاب کھلتا ہے +

مالکنگنی

اگر بہم روز اس طرح کھائیں کہ ہر روز ایک دانہ زیادہ کریں اور کھٹائی - مولی - دہی - تل - لیموں اور لال مرچ سے

پرہیز کریں تو قوت باہ بیشمار ہو حفظ صحت روشنی دل قائم رہے۔ اگر اسکا تیل کف پا میں ملیں قوت بصر زیادہ ہو۔ اگر چودھویں رات کو بدھ ہو اور اُس رات کو اسکا تیل نکالکر آنکھ میں لگائیں نور بصر بڑھے اگر ماہ صفر کے کسی چہارشنبہ کو تیل نکالکر مجذوم کو کھلائیں اور اعضا پر ملیں تو کبیس روز میں آرام ہو اگر مالکنگنی کے دانوں کو روغن گاؤ میں بریاں کرکے ایک کف دست روزانہ کھائیں تو قوت جماع پیدا ہو اور اگر کالی گائے کے دودھ میں پکاکر اُس دودھ کا دہی جماکر گھی نکالیں اور سات درم شیر برنج سے کھایا کریں تو بال سفید نہوں۔ اگر شب سہ شنبہ کو گھی میں بریاں کرکے اکتالیس روز کھائیں اور ممنوعات سے پرہیز کریں تو نامرد مرد ہو۔ اگر اونٹ یا گیدڑ کے پیشاب میں تر کرکے تین روز متواتر کسی عورت کو کھلائیں تو اُسکی شہوت قطع ہو۔ اگر غرہ ماہ یکشنبہ کو ہو اُس رات اسکے تیل کا کاجل پاڑیں اور آنکھ میں لگائیں تو عجائبات نظر آئیں۔ اگر مینڈک کی چربی میں ملاکر طلا نکالیں اور طلا کریں تو باہ اور امساک پیدا ہو اگر چالیس دن عورت کے پیشاب میں تر کرکے تیل نکالیں اور کبیس دن مبروص پر ملیں تو اصلی حالت پر آئے

منڈی

جب اسکو پھل نہ لگا ہو اُسوقت اسکا درخت جڑ سمیت اُکھاڑ کر سایہ میں سکھاکر گھی شکر و نشاشتہ میں ملاکر کھائیں تو جوانی برقرار رہے اور بال سیاہ رہیں۔ ایک شخص نے بیان کیا کہ میں بالکل کمزور ہوگیا تھا مگر ایک سال اسکے استعمال سے پھر نوجوان ہوا۔ ہندی بیدوں نے لکھا ہے کہ جبتک اسمیں پھل نہ آئے اسمیں آب حیات ہوتا ہے۔ اگر اسکی جڑ کو ایکسال متواتر کھائیں تو فوائد کثیرہ ظاہر ہوں۔ اگر منڈی کا چوتھائی ماشہ پان سے کھائیں اور جاڑوں میں یہ عمل کریں تو حرارت غریزی اسقدر بڑھے کہ سردی معلوم ہو اور جوہ اس طرح نکالتے ہیں کہ منڈی کو پانی سے نم دیکر روغن چنبیلی وغیرہ سے ہاتھوں سے چرب کرکے پتال جنتر سے جوہ نکالو۔ اگر منڈی کو بغیر پانی نگلجائیں تو ایکسال یا دوسال درد چشم نہو

نیم کا درخت

اسکی کونپل کو نچوڑ کر عرق نکالیں اور چشم دردزدہ کے مخالف کان میں ڈالیں تو آنکھ کے درد کو آرام ہو اسکے پتے کسی برتن میں ڈالکر مونھ بند کرکے آگ سے خاکستر کردیں اور پھر عرق لیموں سے خوب کھرل کریں اور آنکھ میں لگائیں تو جرب۔ حکہ اور بیاض کو مفید ہو۔ اگر پتے کوٹ کر مٹی میں ملاکر آگ میں پکاکر سرد پانی میں ڈالیں اور وہ پانی صاحب عطش کو پلائیں تو پیاس دور ہو۔ اگر کونپل کی خاکستر گرم میں

بھنبھلا کر پانی سے ۔ غرغرہ کریں تو ہوک یعنی درد پہلو کو آرام ہو جس روغن کنجد میں اسکے پتے جلائے گئے ہوں وہ قائم مقام شیخ کنعانی کے ہے۔ اسکی معجون ثمن بھری اور حاذر کو از حد مفید ہے +

(ترکیب) نیم کی کونپل۔ نیم کی جڑ کا چھلکا۔ انجیر جنگلی کی شاخ ہر ایک چار درم۔ شاہترہ۔ کیسر۔ چرائتہ پوست ہلیلہ۔ پوست بلیلہ آنولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی سیاہ۔ جیتیہ۔ گل سرخ۔ سنا و کی ہر ایک دو درم۔ سب کو کوٹ چھان کر سہ چند قند یا شہد سے قوام کریں اور ہر روز ایک تولہ کھائیں +

ہتا جوڑی

اگر ایک تولہ چھال ہتا جوڑی کی جڑ کا سفوف کر کے پھانکیں اور اوپر ۱۲ تولہ دودھ پئیں تو اس عمل کی مداومت سے خنازیر دُور ہوتے ہیں۔ اور اگر اس سفوف کو شہد سے کھائیں تو چند مدت میں آتشک اور امراض جلدی کو فائدہ ہو۔ اگر گھی اور مصری سے کھائیں تو دُو خواہ کیسا ہی سیاہ ہو بالکل دُور ہو جائیگا خونی بواسیر کو از حد مفید ہے مگر ایک عرصہ استعمال کرنے سے۔ اسکی بُو سے مچھلی ایسی بیہوش ہوتی ہے کہ قریب المرگ ہو جاتی ہے +

پوکھ

ترکیب مرکبہ ہندی کا ہے کہ کسی قسم کے غلہ وغیرہ کو ۸ حصہ پانی میں اسقدر پکائیں کہ مہرا ہو جائے چنانچہ انار دانہ اور آنولہ کا مرکب دافع باد و صفرا ہے۔ اور جو آنولہ اور مونگ سے بنائیں وہ سرد دافع ثقل معدہ و فساد صفرا و باد و بلغم و عطش و سوزش اعضا ہے اور جو کلتھی سے بنائیں وہ باد و گولہ۔ بواسیر بادی و بلغم و سنگ مثانہ اور درد پشت کو مفید ہے۔ اور جو مولی سے بنائیں وہ بلغم اور صفرا اور خنازیر کو مفید ہے۔ اور کھانسی کو نافع ہے۔ چنے سے بنا ہوا مقوی معدہ۔ دافع احتراق خون و کھانسی بلغمی اور متوٹھہ یا مٹر سے بنا ہوا قابض دافع فساد صفرا و تپ بلغمی و منعش حرارت غریزی مسکن شہوت طعام +

واضح ہو کہ کبھی اس مرکب کو کڑوے تیل سے بھون لیتے ہیں اور گرم مصالحہ بھی ملا دیتے ہیں

فہرست ادویہ کی تقسیم موافق انکی ماہیت اصلی کے

وہ دوائیں جو جڑیں ہیں

پنڈا لو کچالو - رتالو شلغم مولی - گاجر بچھناگ - اگر بڈھارا - بسفائج - پکھان بید - باراہی کند - بوزیدان
بہمن - پیاز - پھیارانگا - تگر - ثعلب مصری - جلاپا - چوب چینی خس - داتون - درونج عقربی - بیخ بنفشہ
بیخ بادیان - راسن ریشہ والا - ریوند چینی - ریوند خطائی - زراوند - زمین قند - اروی - ستاور - سوکھان سوختہ -
شوکران - کاندا - گاؤزبان کی جڑ - کبر کی جڑ - کپور کچری - کنگی سیاہ و سفید - کسیرو - کنول گٹہ - خولنجان سپید
کوٹھ - کیوڑہ کی جڑ - پھمنا - بھمنی - لہسن - مچوقان - مجیٹھ - ملہٹی - ملیم - موصلی سیاہ سفید - پھوکر مول
میدہ لکڑی - ناگرموتھہ - نرلیسی - نسوت - ہتھہ جوڑی - ہلدی - ہلدیہ - آلو - لہسن - مامیران +

وہ دوائیں جو پتے ہیں!

پان - شاہترہ - پوی - بہنگ - تماکو - تنرپات - چارالنہر - حنا - سنا - ساتر گاوزبان - چائے +

وہ دوائیں جو پھول ہیں

ٹیسو چاہی جوہی - گلاسیکا پھول - گل جعفری - گل انار - چنپا - گل مولسری - چمیلی - جاوتری گل مر ہاڈ
گل سپاری - موتیا - ریواس کا پھول - سوسن - سیوتی کسم - لالہ - لونگ - نرگس کا پھول - گل [illegible]
گل عباسی گل بنفشہ - گل گاؤزبان - گل داودی - گل چین - گل دوپہری - کلغہ - گیندا گل مہندی نیلوفر [illegible]

وہ دوائیں جو لکڑی اور چھلکا ہیں

آبنوس - ارجن - ارغوان - لسان - بچ - تیواج - چرائتہ - چندن - عود - چوب حیات - جھڑبیلہ - دارچینی -
سن - شسنا کی - طالیسفر - عشبہ - [illegible] - کمیلہ - کمیلی کمیلا - لودھ - ماہی زہرہ - مرٹہ - رہیلی - سکی - ونسا

وہ دوائیں جو پھل ہیں

آلو بخارا - آلو بالو - آنولہ - ارہا - امرود - املی بید - املتاس - املی - انار - انن - امل شیرین - انار حریرہ
بن پوستہ - ببول - بہدال - بجورا - پوستہ - بہنڈی - پھوٹ - پیٹھہ - بگین - بیل - پیلو - تربوز - توت - توری - تونر
جائفل - عناب - چچینڈا - چقندر - تکری - دہتورہ - ڈھینڈس - ریٹھہ - سپاری - سنگہاڑہ - فندق
کاکڑا سینگی - کٹھل - گیج پیپل - کچری - کدو - کروندہ - کرمری - ککڑی - گگوڑا - کھرنی - کہیرا - لسوڑہ گنیہ
گلاب جامن - گوندنی - مائیں - ماجو - کیلا - لوا - بہیڑا - لال مرچ - مکو - منڈی - مہوا - بین - مپل - وزن - ہوبیر - ہڑ - ہنگوٹ

وہ ادویہ جو میوہ ہیں

آڑو - اخروٹ - امرود - انار - آنب - انجیر - انگور - اناناس - بادام - بڑہل - کٹھل - پستہ - پنیالہ - فالسہ - بہی

جامن۔ چکوترہ۔ چلغوزہ۔ چھوارہ۔ خربزہ۔ خوبانی۔ سنگترہ۔ سیب۔ شریفہ۔ کشمش۔ کمرکہ۔ گولر۔ کھجور
کیلا۔ لوکاٹ۔ لیموں۔ منقی۔ نارجیل۔ نارنگی۔ ناشپاتی +

وہ ادویہ جو تخم ہیں

تخم ہنگن۔ تخم اجمود۔ اجواین۔ تخم مورد۔ اڑد۔ تخم ارنڈ۔ ارہر۔ اسپند۔ اسپغول۔ دانہ الایچی۔ السی
امرلتہ کے بیج۔ اندرجو۔ باجری۔ باتھو۔ باجرا۔ انیسوں۔ بادیان خطائی۔ بارتنگ۔ باقلا۔ بانگو۔ بلوط۔ بارتنگ
فلفل۔ فلفل دراز۔ پپیتہ۔ وج۔ حب الخضرا۔ بنولہ۔ پنواڑ۔ چنا۔ بہیدانہ۔ انار دانہ۔ بجلبند۔ تالمکھانہ۔ حب بلسان
تل۔ لمالیسپتر۔ تودری۔ چاکسو۔ چاول۔ چاول موگرا۔ چرونجی۔ جکہ داد۔ جماگوٹہ۔ چینا۔ چناپاپڑ۔ جوز
جوز السرو۔ جوز جندم۔ جائفر۔ حب الزلم۔ حب السنوبر۔ حسن یوسف۔ خشخاش۔ تخم خطمی۔ خوب کلان۔ جو
دھنیا۔ بلاس پاپڑہ۔ رائی۔ زرشک۔ زیرہ۔ ساگودانہ۔ ارارورٹ۔ سانوان۔ سرسوں۔ ہالون۔ سمندر سوکھ
سونف۔ سویہ۔ شاہ پسند۔ کاک جنگیا۔ کاکن۔ کاکنج۔ کالادانہ۔ کالی زیری۔ تخم گاؤزبان۔ تخم کاہو۔ کبابہ
کچلہ۔ کٹو۔ کرم دانہ۔ کرنجوہ۔ کلتھی۔ کلونجی۔ تخم گندنا۔ تخم مولی۔ تخم شلغم۔ تخم گاجر۔ تخم پیاز۔ لناول۔ کنوچہ
کودوں۔ گوکھرو۔ گھونگچی۔ گیہوں۔ گیہوں۔ لوبیا۔ مالکنگنی۔ مٹر۔ کالی مرچ۔ مسور۔ مشکدانہ۔ مکھانہ۔ منڈوا
منمنا۔ موٹھ۔ مونگ۔ تخم میتھی۔ تخم خبازی۔ تخم نیلوفر۔ ناگدون کے بیج +

وہ ادویہ جو دھات ہیں

پارہ۔ تانبا۔ چاندی۔ جست۔ رانگ۔ لوہا۔ سیسہ۔ سونا۔ کانسہ +

وہ ادویہ جو اوپدھات اور پتھر ہیں

ابرق۔ ارتکان۔ سرمہ۔ شنگرف۔ پارہ۔ پنا۔ بلور۔ پھٹکری۔ توتیا۔ مقناطیس۔ دہنہ فرنگ۔ رسکپور
رتکار۔ زہر مہرہ سفید۔ سم الفار۔ سنگجراحت۔ سنگ یہود۔ سونا مکھی۔ سیندور۔ شادنہ۔ عقیق۔
فیروزہ۔ کانچ۔ کاؤ لوچن۔ کرنڈ۔ کسیس۔ گل مختوم۔ گندک۔ لاجورد۔ لعل۔ مردار سنگ۔ موتی۔ مونگا
مینسل۔ نیلم۔ نیلا تھوتھہ۔ ہڑتال۔ ہیرا۔ یاقوت۔ یشب +

وہ ادویہ جو نباتات اور درخت ہیں

اشنان۔ افسنتین۔ اکاس بیل۔ اگست۔ اگیا۔ انجدان۔ اونٹ کٹارا۔ ایلا۔ بابونہ۔ باد آورد۔ مراٹی
باکر۔ بابچھڑ۔ بانس۔ باندا۔ پاڈل۔ ہیوتن۔ کیکر۔ بلی لوٹن۔ بجیار۔ بجو۔ برہم۔ بیرگد۔ برہمڈنڈی۔ بریارا۔

ب ہیڑ۔ بکاین۔ بکین۔ پتھر پھوڑی۔ بنفشہ۔ بوٹی شیخ فرید۔ پودینہ۔ برنجاسف۔ بھٹکٹیا۔ بھنگرا۔ بیپل بیدمشک۔ بید۔ تاڑ۔ تیلی۔ ترمرا۔ تن۔ تھوہر۔ جام گھانس۔ جراکس۔ چرچٹا۔ جل کھمبی۔ جل نیم۔ چنار۔ جوانسہ۔ جوکا۔ جوہا کمی۔ جھاؤ۔ حاشا۔ حمایا۔ خطمی۔ خبازی۔ درمنہ۔ ڈابہ۔ دوب۔ دودھی۔ دونا مروا۔ دھماسا دیودار۔ رتن جوت۔ زوفا۔ اسقولوقندریون۔ زیتون۔ سداسہاگن۔ سرپھوکہ۔ سرس۔ سروالی۔ سرکھی سنبہالو سہجنہ۔ سیسنڈ۔ سنبل۔ شیشم۔ صنوبر۔ عشق پیچہ۔ عنبربید۔ فیلگوش۔ قرومانا۔ قنطوریون۔ کاسنی۔ کانس۔ کاہو دالی۔ کٹھومبر۔ کچنال۔ گلو۔ کرن پات۔ کسونجی۔ کنکرونا رہ۔ گندنا۔ کنگھی۔ کنیر۔ ناگرموتھہ۔ بیلی۔ سنبہالو۔ ماچپتا محکند۔ مچھوچھی۔ منڈی۔ مولسری۔ نک چھکنی۔ نرکل۔ نلمہ۔ نمام۔ نیم۔ ہرجوڑ۔ ہرہرہ۔ املتاس۔ پنسارج

بقولات

پالک۔ چولائی۔ خرفہ۔ شلغم۔ مولی۔ گاجر۔ کانڈے کا ساگ۔ کرم کلہ۔ کریلا۔ ٹینٹ۔ گوبھی۔ لال ساگ۔ لونیا۔ منتھی

وہ ادویہ جو گوند یا عصارہ یا لعوق میں مستعمل ہیں

افیون۔ اقاقیا۔ ایلوا۔ گوند کیکر۔ طباشیر۔ بول۔ چرس۔ سندرس۔ چینا گوند۔ اتیمج۔ رال۔ رس رسوت۔ زفت۔ سریش۔ سقمونیا۔ سلاجیت۔ سلہارس۔ شکر تیغال۔ شکر۔ شہد۔ شیرخشت۔ صابون عصارہ ریوند۔ رب السوس۔ عنبر۔ غاریقون۔ فرفیون۔ کندر۔ کندرو۔ جاوشیر۔ کافور۔ کتھہ۔ کتیرا۔ ست گلو بنات۔ سفید۔ کستوری۔ کمیلہ۔ سکبینج۔ لندہ۔ بہروزہ۔ کنکر زرد۔ گوگل۔ گوند بطم۔ کہربا۔ گھیکوار۔ لادن۔ لاکھ لان۔ لوبان۔ مصطگی۔ موچرس۔ موم۔ مومیائی۔ ناخونہ۔ نشاستہ۔ نفط۔ نیلکنٹھی۔ ہیرادوکھی۔ ہینگ

وہ ادویہ جو محض کھار ہیں

جوا کھار۔ چونا۔ سجی۔ سمندر جھین۔ سوہاگہ۔ شورہ۔ نوشادر +

وہ ادویہ جو حیوانات ہیں

بچھو۔ بیربہوٹی۔ جند بیدستر۔ ہاتھی دانت۔ کوڑی۔ کینچوا۔ کیکڑا۔ جونک۔ سنکھہ

چند مفید مرکبات کا ذکر

نام دوا	فائدے	طریق ساخت
اطریفل	مقوی دماغ۔ سر و آنکھوں کے امراض کو مفید۔ بخرہ کو دماغ کی طرف جانے سے روکے	ثمر ہلیلہ یعنی ہڑ۔ بہیڑا۔ آنولہ۔ برابر لیکر گھی میں بھونکر کوٹ لو۔ ست اسمیں گلاب کے پھول۔ مغز بادام۔ کدو۔ مغز پستہ۔ گل بنفشہ کی سب ملکی دوگنی مصری اور شہد ملا کر قوام کر لو ۔ ۔ ۔

نسخہ	فائدہ	ترکیب
[illegible]	زکام کو آرام ہو	شکر سفید دو حصہ۔ ہلدی چوتھائی حصہ ملا کر آگ پر ڈالو جب دھواں اُٹھے تو بذریعہ کسی نلکی کے ناک میں کھینچو +
[illegible]	معدہ۔ جگر۔ طحال کو طاقت بخشے روح کی حفاظت کرے۔ قوت بخشے خفقان بارد۔ جلندہر ریاح آفت دور ہو۔ بدن فربہ ہو بدن کے پسینے کی بدبو دور ہو	تیزپات کوٹ کر چھانکر دس درم لو۔ پاؤ سیر شکر کا قوام کر کے ملا لو اُتارتے وقت ایک تولہ دارچینی ملا کر سرد کر لو خوراک ۱۱ ماشہ +
[illegible]	خونی دست اور مروڑ کو مفید	شنگرف ۔۔ افیون۔ سہاگہ۔ مصطگی۔ سب برابر ملا کر گولیاں بقدر جوار بنا لو۔ ایک گولی صبح و ایک شام پانی سے کھاؤ +
ایضاً	بادی دست کو مفید	کالی مرچ۔ چاکسو۔ پودینہ۔ سب کو ادرک کے عرق سے کھرل کر کے گولیاں بقدر کالی مرچ بناؤ۔ ایک گولی صبح و ایک شام پانی سے [illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	ایک گولی گرم پانی سے کھاؤ [illegible]	[illegible] مرچ کے برابر گولیاں بنا لو۔ [illegible] شربت [illegible] گلاب ملا کر استعمال کرو +
[illegible]	صرف خونی بواسیر کو مفید	چاکسو [illegible] سفید تخم مولی کتھہ [illegible] سب کو کوٹ چھانکر ملا کر جنگلی بیر کی برابر گولیاں بنا لو ہر روز ایک گولی پانی سے کھاؤ
ایضاً	خونی و بادی دونوں کو مفید	آنبہ ہلدی۔ موم سفید دونوں برابر ملا کر کے شکر جوار کی برابر گولیاں بنا لو ہر روز صبح ایک گولی پانی سے پیو۔ دو ہفتہ میں آرام ہو گا +

نام دوا	فائدہ	نسخہ
حب امساک	امساک آنے سو ہیں یا انزال نہ ہو [illegible]	کافور اجوائن خراسانی ہر ایک ایک ماشہ جوز بوا ایک عدد مشک پیلے ۱۱ عدد افیون ۳ رتی سب کو ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا لو شہد ملا کر ۲ سے ۴ گولی تک +
جوارش	تقویت معدہ و ہاضمہ بھوک لگاتی ہے درد و گرانی دور کرے معدہ کی رطوبت سنگرہنی قبض دفع کرے	ترپھلا ۲ تولہ ترکٹا ۲ تولہ ترپلا ۲ تولہ دارچینی ۱ تولہ الائچی ۲ و تخم ۲ تولہ اجوائن چیتہ دھنیا نمک سونچر سنا رکل ملہٹی زیرہ سفید ہر ایک ایک تولہ انار دانہ ۵ تولہ سب کو کوٹ کر ملا لو خوراک ۶ ماشہ +
دوائے سوزاک	سوزاک کو دو ہفتہ میں آرام ہو مگر لال مرچ اور کھٹائی نہ کھاؤ	سلاجیت۔ ست گلو۔ ست بہروزہ۔ دانہ الائچی سفید کتہ سفید تباشیر زیرہ سفید سب برابر شورہ قلمی فی دوا کا نصف سب کو ملا کر سفوف کر کے ۴ ماشہ پھانک کر پاؤ بھر تازہ دودھ اوپر سے پیو +
دوائے سوزاک کشتہ	ایک رتی بالائی میں کھانے سے سات روز یا چودہ یا اکیس روز میں آرام ہو جاتا ہے +	قلمی جست سیسہ ہر سہ برابر بذریعہ آگ گلا کر ملا لو اور گائے کے گوبر میں سرد کر لو۔ پھر کسی مٹی کے برتن میں گلا کر ۲ سیر شاہی پوست خشخاش باریک کر کے چمچی سے دیکر خرچ کر لو جب ہر سہ راکھ ہو جائے تب پیکر دہی میں ملا کر ٹکیہ بنا لو اور کوری ٹھیکرے پر رکھکر نیچے آگ جلاؤ جب رنگ بسنتی ہو جائے سرد کر لو +
دوائے خارش	تر اور خشک ہر طرح کی خارش کو مفید ہے +	گیرو۔ گندھک۔ سہاگہ برابر پیسکر ملا کر مکھن گرم کر کے اسمیں ملا دو بدن کو ملکر تھوڑی دیر دھوپ میں بیٹھو ۔۔۔ بعد گرم پانی سے بدن کو دھو ڈالو
دوائے طحال	[illegible]	۴ رتی بھار بینگے کرنا کے پھول کا عرق دو او تخیہ دودھ مم شکر ملا کر روز پیا کرو روز میں طحال کو دور کرتا ہے مگر طحال کے ورم پر لیپ کرے سرکہ ۔ انجیر یا پتھر زرد اور سونول نوشادر پیکر لیپ کرو +
دوائے مدر	پیشاب لانے والی دوا	زعفران کی [illegible] آدھ تا سال کے موہنہ میں رکھو +
دوائے سہل ولادت	تولید آسان کرے پیدائش جلد ہو +	ایک تولہ زعفران عورت کے ہاتھ میں [illegible] یا ایک ماشہ پتیہ پانی میں گھسکر ملائے جلد بچہ کی پیدائش ہو تی ہے +
دوائے رتکی		چرونجی ۳ ماشہ کھانے سے دو روز میں آرام ہو

نام دوا	فوائد	طریق ساخت
دوا سوزش اعضا		گل مہندی کا شیرہ لگانا جلے ہوئے اعضا کی سوزش کو مفید
دوا ناسور	پرانے ناسور کو مفید ہے	سانپ کی کینچلی جلا کر راکھ کر لو۔ برگد کا شیر ملا کر فتیلہ تر کر کے ناسور میں رکھو +
دوا بانجھ کرنا	عورت کو حمل نہ رہے	سرخ گھونگچی ایک عدد کھانے سے ایک سال تک دوسے ہوال تک حمل نہو۔ علی ہذا القیاس +
دوا گندہ بغل		مردار سنگ سرکہ میں گھسکر لگاؤ۔
ذرور	کانچ نکلنے کو مفید ہے	جنگلی کانڈرانا چھڑا جلا کر کانچ پر چھڑکو۔
روغن [illegible]	فالج اور گٹھیا کو مفید ہے	کچلہ۔ جمال گوٹہ۔ ناگرموتھہ۔ دھتورہ سیاہ۔ مالکنگنی ہر ایک آدھ پاؤ سب کو کوٹکر پوٹلی میں باندھکر ۹ سیر پانی میں پکاؤ جب پانی جذب ہوجائے تب گھی کو حفاظت سے رکھو۔ ہر رگ پان میں لگا کر کھاؤ۔ مقوی +
ایضاً	چوٹ اور ورم کو مفید ہے	افیون ۳ ماشہ۔ افیم ہلدی ایک تولہ۔ ارمنی کا تیل ۵ تولہ باہم ملا کر خوب حل کر لو۔ وقت استعمال تھوڑا سا لیکے خوب مالش کرو +
[illegible]	درد پر لگانا از حد مفید ہے	ہڑتال زرد یا چیدا مروغن کنجد ایک سیر دونوں کو خوب باہم ملا کر سیر بھر اُپلوں پر لیپ کرو۔ پھر بذریعہ پاتال جنتر اسکا تیل نکال لو۔ زود اثر ہے +
دیگر	ایضاً	کڑوا تیل ۵ مار۔ کچلہ ۵ مار۔ سفید کنیر کے پتے ۱۰ مار۔ تیل کو پکا اور یہ اسمیں جلا ڈالو اور پھر حل کر کے لگاؤ +
روغن [illegible]	کان کے درد کو از بس مفید ہے	روغن کنجد ۵ تولہ۔ لہسن ایک تولہ گائے کا پیشاب ۵ تولہ سرکہ تولہ بھر سرکہ اور پیشاب باہم ملا کر اسمیں لہسن پکاؤ جب یکتولہ رہے۔ تیل ملا کر اسقدر پکاؤ کہ ۵ تولہ رہے اسکا قطرہ کان میں ڈالو

نام دوا	فوائد	طریق ساخت
کشتہ مونگا	دمہ کے واسطے مفید ہے	مونگے کی جڑ ایک تولہ - ۴ تولہ آگ کے ڈوڈے کو ایک تن میں ڈالکر اُسمیں مونگے کی جڑ بھی ڈالدو اور برتن کا موتھہ بند کر کے چار سیر اُپلوں کی آگ دیدو - سرد ہونے نکال لو سفید کشتہ ہوگا ورق پان میں کھایا کرو
سفوف شیر آور	دودہ زیادہ کرتا ہے	ستاور ایک حصہ سونف دو حصہ کوٹکر ملا لو - گائے کے دودہ سے ایکتولہ کھلاؤ جس عورت کا دودہ کم ہوگیا ہو اُسکا دودہ زیادہ ہوجائیگا
سفوف بخار	بخار کو مفید ہے	ست گلو - طباشیر - دانہ الائچی سفید ہر ایک چھہ ماشہ مصری ۱ تولہ کافور ۲ ماشہ سفوف کرے - خوراک ۵ ماشہ پانی کے ساتھ بخار چڑہنے سے پہلے دے بخار میں نہ دے
دیگر	ایضاً	نوشادر باریک کر لو بقدر ایک رتی لیکر ایک کالی مرچ سے ملاکر پانی سے پہانکو +
دیگر	ایضاً	پھٹکری سفید کھیل کر لو اور باریک پیسکر بقدر ڈیڑہ ماشہ شربت نیلوفر سے کھاؤ بخار آنے سے آدہ گھنٹے پہلے +
سفوف سرفہ	کھانسی کو مفید ہے	ملٹھی مقشر ۳ درم کاکڑا سینگی پوست خشخاس جلا ہوا حب الآس تری ہر ایک ۲ جزو - فلفل دراز - سہاگہ بھنا ہوا - ہڑ کا چھلکا - مغز تخم کدو - لتہ سفید - لونگ الایچی انار کا چھلکا ہر ایک ایک جزو سب کو باریک پیسکر ملاکر سفوف کر لو اور حسب حاجت کھاؤ -
سعوط برائے زکام	سونگھنے سے چھینکیں بہت آتیں	مغز تخم سرس ایک ماشہ ۲ ماشہ - تخم کٹیلی ۲ ماشہ سب کو ملاکر نسوار بنالو +
سعوط	برائے دفع مرگی	انسان کی مغز کی ہڈی کا سفوف بناکر سونگھنا مفید ہے +
سعوط	ایضاً	بچلور کی مینڈہ ہرن کے پیشاب سے کھرل کر کے نسوار دو +
شموم	بہت چھینک آنے کو مفید ہے	کلیجن باریک کر کے کپڑے میں باندہ کر سونگھو چھینک بند ہوجائے +

طریق ساخت	فوائد	نام دوا
گل تازہ خام سوا سیر گل ڈالو پستان نیکو فتہ پانچ تولہ تخم بالنگ ۵ تولہ ملٹھی مقشر نیکوفتہ ایک چھٹانک عناب ۲۰ دانے پاؤ بھر سبکو رات بھر پانی میں تر کرکے صبح ملکر تین پاؤ مصری ملا کر قوام کرلو۔ دو تولہ صبح کو نہار موتھہ لعاب یا کرو چند مدت میں آرام ہو	نزلہ حار اور دمہ کو مفید ہے	خمیرہ
املی کے بیج نکالکر گودا پانی میں ترکرکے ملکر صاف پانی لے لو۔ اسمیں افیون ۳ رتی پھٹکری ۵ رتی ہیلا تھوتھہ ایک چاول رسوت ایک ماشہ ملاکر حل کرکر آگ پر پکاؤ۔ جب گاڑھا ہوجائے تب لیپ کرو +	آنکھہ کی سرخی اور درد کو مفید	ضماد
بارہ سنگا اور ہینگ پانی میں گھسکر لیپ کرو اور ٹکور کرو +	درد پسلی کو مفید ہے	ضماد
گوگل۔ ریٹھہ کی چھال۔ ہڑ کا چھلکہ برابر ملا کر سفوف کرلو۔ اور انڈے کی سفیدی میں ملا کر لیپ کرو اور سینک دو +	بدہ کو مفید ہے	ضماد
برگد کی ڈاڑھی کے سرے جو ملایم اور سرخ زردی نما ہوتے ہیں پانی میں پیسکر لیپ کرو +	عورت کی چھاتیوں کو سخت اور مضبوط کرے	ضماد
بکری کی مینگنی سرکہ کے پانی سے کھرل کرکے باندھو نہایت مفید ہے	ورم عام کو مفید ہے	ضماد
گھونگچی سفید ۶ ماشہ۔ سرپھوکا ایک تولہ۔ جوز بوا ۳ عدد۔ دار چینی ڈیڑھ تولہ۔ لونگ ڈیڑھ تولہ اسپند ۲ تولے۔ بلاور تین عدد۔ مالکنگنی پانچ تولہ۔ ۶ عدد انڈوں کی زردی میں سب کو ملاکر گولیاں بناکر بارہ گھنٹہ کے آتشی شیشی سے تیل نکال لو۔ حشفہ اور سیون چھوڑکر رات کو لیپ کرو۔ اوپر سے بھوج پتر لپیٹ کر باندھو۔ صبح کو کھول ڈالو۔ اگر کچھ سوزش معلوم ہو مکھن لگایا کرو۔ نہایت مفید و مجرب ہے	نامردی کو از حد مفید ہے	طلا

نام دوا	فوائد	ترکیب ساخت
طلا	نامردی کو مفید ہے گیارہ روز میں بغیر تکلیف آرام ہو	بندر کی بیٹھ سوا سیر - برگد کے درخت کی موٹی چھال ڈھائی سیر جائفل ایک عدد - ایک ہنڈیا میں سوراخ کرکے سوراخ کے موہنہ پر جائفل رکھو تب نصف چھال نیچے اور نصف چھال اوپر درمیان میں بندر کی بیٹھ رکھکر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالے اور استعمال میں لائے مفید و مجرب ہے -
غرارہ	سوجھ آجانے کو مفید ہے	ترپھلا - موچرس - پوست تنتریک سب کو پانی میں جوش دیکر روغن اور شہد قدرے ملاکر غرغرہ کرو +
غرارہ	دانت دُکھنے کو مفید ہے	سرس کی چھال - مول کی چھال - پوست خشخاش - کمو - کو بدلی کی چھال - سب برابر ملاکر غرارہ کرو - یا پیپلی و مجمال اور کیکر سب کی چھال بدستور استعمال کیا کرو -
لعوق	کھانسی - دمہ - زکام اور خشونت سینہ کو مفید +	سپستان ملٹھی - گل گاؤزبان سب برابر ملاکر قدرے پانی میں خوب پکاؤ - تب ملکر چھان لو - اور دو چند شہد ملا قوام کرو - تین چار ماشہ کھاؤ +
[illegible]	کھانسی کو مفید ہے	ترا تنتریک کوٹ کرو دو چند شہد سے قوام کرو - اور اسکا استعمال کرو نہایت مفید و مجرب ہے +
[illegible]	زخم اور خراب بدبودار دُنبل کو مفید ہے	ریکار ۲ ماشہ - پارہ ایک تولہ - گندھک بروزہ تین تولہ ہر سکو ملاکر چند ماشہ پانی سے دھو ڈالو اور مرہم تیار کرکے استعمال کرو +
[illegible]	عام لوگ استعمال کرتے ہیں	رال چھ ماشہ - تل کا تیل دو تولہ - موم ۲ ماشہ - سنگجراحت دو ماشہ اول موم گرم کرو - تب تیل ڈالو - پھر رال اور سنگجراحت ملاکر سرد کر لو - بہایا لگاؤ +
[illegible]	گنج کے واسطے مفید ہے	مائیں - مہندی - کیلہ کھجی - ان تینوں اجزا کو ملاکر سر پر لگاؤ مجرب ہے

نام دوا	فوائد	ترکیب ساخت
[illegible]	مقوی باہ معدہ ہے	ہلیلہ زرد - ہلیلہ زنگی - سقمونیا - ہرایک چار مثقال - الائچی خرد شقاقل - عود بلسان - کنجد مقشر مصطگی - عاقرقرحا - زیرہ سیاہ ہریک دو مثقال - سب کو الگ الگ کوٹ کے ۸۵ مثقال مصری ملاکر معجون بنائیں - دو مثقال صبح اور دو مثقال شام کھائیں +
[illegible]	باہ اور اعضا کو طاقت دے ریح مرگی پٹھوں کی سستی کو مفید ہے	الائچی - تج - دارچینی - لونگ - خولنجان - موتھہ - سونٹھہ بالچھڑ فلفلدراز - فلفل گرد - قسط بحری - عود بلسان - اسارون تخم مروا - قصب الزریرہ - زعفران ہریک دو درم - مصطگی پانچ درم - قند سفید سب جزا کے برابر شہد سب سے دو چند - شہد کا قوام کرکے باقی ادویہ ملاکر معجون بنالو اور ۳ ماشہ سے لیکر ایک تولہ تک کھاؤ +
منجن	دانتوں کو صاف اور موتھہ کو خوشبودار کرے	نمک لاہوری - کوزنڈ کے پھر کا نرادہ - تماکو کا جلا ہوا گل نیم کا کوئلہ - سونٹھہ - مصطگی - مرچ سیاہ - سب اجزا کو ہموزن لیکر پیسکر چھانکر بوقت ضرورت دانتوں پہ ملیں +
منجن	دانت کے زخم کو مفید ہے	کپاس کے پھل کا چھلکہ جلاکر پیسکر چھانکر تیار کرلو اور دانتوں پہ ملو +

تمت

اعلان

واضح ہو کہ یہ کتاب حسب ضابطہ رجسٹری شدہ ہے کوئی صاحب اس کے چھاپنے کا قصد نہ فرمائیں جسقدر نسخہ درکار ہوں ذیل کے پتہ سے منگالیں اور اسکے دو حصہ اور بھی آگے کے طبع ہوئے موجود ہیں جسمیں حصہ دویم میں انگریزی ادویہ کے خواص ہیں حصہ سویم میں مرہٹی تلنگی انگریزی سپلین گجراتی وغیرہ تمام مع اشکال درختان پھول و پھل پتے درج ہیں - المشتہر مرلیداس جنگلی مل دہلی -

مفرح منصوری اُردو ۳ر

[illegible] تا وقتیکہ علم تشریح سے واقفیت نہو عضو کی
اور قوت اور تعلقات کا سمجھنا محال ہے لہٰذا
[illegible] تمام آورده تشریحین وغیرہ جو کچھ متعلق علم
[illegible] نہایت عمدگی سے اُسکے سرایت بیان کیے
[illegible] ادنیٰ تامل سے معلوم ہوگا کہ فلاں عضو [illegible]
[illegible] ہے اور اس کی یہ تدبیر ہونی چاہیے +

بیاض ہر چہار حصے قیمت فی حصہ ۸ر

اسمیں بچوں کے تمام امراض کا علاج مخصوصاً مسان کے جملہ [illegible]
اُنکے اسباب علامات کو نہایت [illegible] سے تحریر کیا ہے۔ [illegible] بچوں کے
حق میں [illegible] اسکی نہایت السّہ لکھا ہو جس گھر میں بچے ہوں اس
[illegible] تامل پیدا کرتا ہے +

رسالہ حمیت اُردو ۶ر

اسمیں [illegible] کی [illegible] تک کی مدیر [illegible] کو حقیقت [illegible]
[illegible] وقت [illegible] لازم [illegible] نہایت شہرت [illegible] کیا [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] سکتا ہے نہایت عمدہ [illegible]

قرابادین اعظم اُردو و فارسی ملعہ

[illegible] مشہور [illegible] حکیم اعظم [illegible] صاحب
کی مصنفہ ہے۔ اس قرابادین کے آگے دوسری قرابادین کی [illegible]
[illegible] ہے جو لی ملاحظہ سے معلوم ہوگی۔ انکی تصنیفات سے بڑی
بڑی کتابیں ہیں یعنی اکسیر اعظم فارسی چار جلد قیمتی [illegible] اور محیط اعظم
کامل دو جلدوں میں [illegible] اکسیر اعظم قیمتی [illegible] اعظم [illegible]
[illegible] اس قرابادین کا ترجمہ دوسری بیرکہ پاس موجود ہے آپ لوگوں کو خوشی
سے خرید لینا چاہیے کیونکہ یہ کتاب [illegible] ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے قیمت [illegible]

توضیح الادویہ عہر

مصنفہ طبیب نامی جناب حکیم محمد حسن صاحب تخلص بہ حاذق ہیں
تجربات سے طبیبوں عطاروں عطائیوں کو بہت ہی فائدہ پہنچیگا۔
اسمیں خوبی یہ ہے کہ اگر کسی چیز کے دس نام ہیں تو اُن کو دس ہی
ردیفوں میں لکھا ہے خواہ حکیم منجملہ دس ناموں کے کوئی سا نام تلاش
میں لکھدے وہ اسی ردیف میں ملجاویگا علاوہ اسکے ہر دوا کے
افعال و خواص طبیعت ماہیت۔ مضرت۔ مصلحات مدل اور مقدار
خوراک تحریر کی نہایت مفید و کار آمد کتاب ہے زیادہ خوبی اسکے
دیکھنے سے معلوم ہوگی قیمت عہر [illegible]

مسمریزم یعنی گلشن شہرت سہ حصہ مع تصویر [illegible]

علم مسمریزم میں سینکڑوں کتابیں ہیں لیکن یہ تینوں حصے قابل
دید ہیں **آئینہ مسمریزم** اسمیں ترتیب مکان توجہ و نسبت
[illegible] متفرقات مسمریزم۔ حال فراست معہ کھروں کے بچہ کا آئینہ [illegible]
[illegible] بیان کیا ہو کہ سند تعریف بھاؤ کم ہو قیمت عہر
دیدہ و شنیدہ اسمیں ترکیب سلب امراض ترکیب نشست
[illegible] سابق تحریر منتقل امراض [illegible] کر کے ہوا تجربات [illegible]
[illegible] مسمریزم بیان [illegible] درج ہیں قیمت عہر
مجیب الحسنات اسمیں ترتیب عمل ہمزاد و تجربات
[illegible] نقلہائے [illegible] استادان سابق سوالوں سے باتیں کرنی
[illegible] دیو [illegible] حال دریافت کرنا وغیرہ درج ہیں
قیمت [illegible] کامل ہر سہ حصہ قیمت [illegible]

دستور البنا راج گیری و عمارت کے بیان میں عہر

رسالہ انجینئرنگ مصنفہ رائے بہادر لالہ [illegible] صاحب سب انجینئر صیغہ آبپاشی
[illegible] استعمال [illegible] دیگر اہلکاران [illegible]
صیغہ آبپاشی مع نقشہ جات عمارات [illegible] وغیرہ و حساب
[illegible] قیمت عہر

ارتھ واک ٹیبل

جس میں [illegible] دریافت کرنے [illegible] کا [illegible] اور اسکی [illegible]
کے قاعدے درج ہیں خط انگریزی عہر ایضاً مصنفہ سید آغا حسین [illegible]

المشتہر کرم نرائن داس جنگلی مل تاجران کتب دہلی دریبہ کلاں کٹرہ مشروع +

خوان نعمت انگلستان جدید

المعروف بہ

بیکر اینڈ کک

یعنی ڈبل روٹی بسکٹ تیر مال۔ سمند وغیرہ پکانے کی ترکیب مع فن باورچی گیری و خانساماں گیری۔ ازیادتمہ و ہدایت جس میں ہوٹل خانہ۔ باورچی خانہ گودام۔ مم گودام۔ کھانے کے کمروں کے متعلق کل باتیں درج ہیں۔ برتنوں کا صاف کرنا۔ آگ لگانا۔ برف اور کھانوں اور دودھ کو رات تک خراب ہونے دینا۔ ڈاری اور دودھ کا کل حال۔ کبوتر۔ خرگوش۔ بھیڑ۔ بیٹر۔ بطری وگائے کا پالنا اور ان کی خوراک اور کلب بنانے کا مفصل حال درج ہے۔ الغرض یہ نادر الوجود کتاب جسمیں انگریزی طرق سے عمدہ کھانے کی ترکیب مندرج ہیں۔ فن خانساماں گیری کے لائق اور مستند کتاب ہے۔ جلد خرید لیجئے ورنہ طبع ثانی کا انتظار کرنا پڑیگا قیمت عہ

جوہر قسمت (یعنی)

اکسیر الاکسیر (المعروف) ہفت احباب

یہ کتاب جامع العلوم اکسیر۔ مشرق و مغرب کے حکماؤں نے سینہ بسینہ اسرار و نقاط علم کیمیا کی مخفی باتیں ہر ایک سے پوشیدہ رکھنے اور بہت خرچ کرنے پر بھی نہیں میسر آتیں سب اس کتاب میں لکھی ہیں۔ پارہ کو مستقل کرکے اکسیر بنانا شنگرف کو موم کرنا گندھک کا تیل نکالنا۔ پارہ کو ایسا کشتہ بنانا جو کہ [illegible] اگر دن بھر چلتے رہیں کسی نسخے [illegible] ایسا پارہ بنانا جس کو [illegible] انگلی پر رکھنے سے چاندی ہو جائے۔ ایسی دوا بنانا جو جزام و مرض [illegible] کو تندرست کر دے [illegible] الغرض سادہ و سیاہ سیونی جوگیوں کی پانسو برس کی محنت و جانفشانی و تجربہ کامل کے بعد بعض بعرض فائدہ رسانی غرباء کے ترتیب دیا گیا ہے [illegible] اکسیر اعظم ہے [illegible] ساتھ ہی سادھو سیاسی۔ جوگیوں کی ساکھیاں جو بڑی تلاش سے بھی۔ ملتی [illegible] ایک کو [illegible] بڑی تلاش کر کے درج کی گئی ہے پس یہ وہ نادر

(نایاب کتاب فن اکسیر علم کے تجربات کا ایک بڑا مستند ذخیرہ ہے اجتک علمی دنیا کے منظر وں سے پوشیدہ تھا قیمت صرف عہ)

میزان الاکسیر

خلاصۃ التجربات

یعنی مجموعہ علم کیمیا کے تقیبوں کے شوق تجربہ کرنے کی غرض سے یہ کتاب لکھی گئی ہے اس میں فن اکسیر کے احوال ابتدائی مدارج نہایت متناسب وزن دھاتوں کے خواص باہمی تعلق مختلف اقسام کے تیزاب اور تیل جواہر اور دیگر مصالحہ بنانے کی ترکیب وضاحت سے درج ہیں جس کے مطالعہ سے ہر شخص اس فن کے اصول سے واقف ہو کر بے فائدہ محنتوں سے وقت ضائع کرنے سے بچ رہتا ہے اور اپنا مطلب [illegible] حاصل کر سکتا ہے خاصکر مبتدیوں کے لئے تو یہ کتاب ایک لائق استاد ہے قیمت صرف ۵

کلید انجینری

اس میں بارہ باب ہیں مقصد اس کا مستقل قواعد اور پیمائش تحریر سے عبارت نہایت سلیس اردو عام فہم [illegible] نقشہ جات پر رکھے گئے جو عمدہ سفید کاغذ پر چھاپا گیا ہے جس میں فن انجینیری کے علاوہ قواعد حساب جمع تفریق ضرب تقسیم کسر اعشاریہ و قواعد مساحت و تصدیق ہوا۔ ہوائی سادہ پانی کا پیمانہ تھرما میٹر۔ سلیمیٹر۔ بیرومیٹر۔ تلث [illegible] کا وزن چاہات وغیرہ کے پانی پیمائش کے چند قواعد۔ کیمیائی مسالہ کوئلہ چونا سلور کاسٹ وغیرہ وغیرہ کی ترکیب و ساخت تصریح و تشریح سے اس خوبی کے ساتھ لکھی گئی ہے کہ دیکھنے سے تعلق ہے خلاصہ یہ کہ چند روز کی پریکٹس سے فن انجینیری کا اول درجہ پاس کر سکتا ہے قیمت عہ

دنیا کی عجائبات

اس میں اہل یہود اہل اسلام اور عیسائیوں کے متبرک مقامات کے نہایت صحیح نقشے جن کا دیکھنا تو درکنار سننا بھی دشوار تھا مع مفصل حالات اس خوبی سے تحریر کئے ہیں کہ کوئی کتاب آپکی نظر سے نہ گذری ہوگی قیمت عہ

المشتہر منیجر حسینی پبلی کیشنز تاجران کتب ملک لاہور

شفا بخش ابدان خالق انس و جان کی فضل سے

اندنون

نسخہ جامع نسخ مجربہ مخزن ادویہ مستعملہ مقبول ہر فرد بشر

یعنی

تریاق اکبر

مؤلفہ

جالینوس دہر افلاطون عصر فاضل نفیس دودی دہلی حکیم

سید رضا علی صاحب

بار ہشتم بعد ترمیم و نظر ثانی ماہ نومبر سنہ ۱۸۹۶ء

مطبع نامی شہر لکھنؤ میں طبع ہوا

فہرست کتاب تریاق اکبر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد و سپاس کے لائق وہ قادر مطلق ہے جسنے اپنی قدرت کاملہ سے مرد اور عورت کو سبب خلقت اور بقائی صحت اور تحفظ نسل بنایا اور مستحق نعت وثنا وہ نبی صلعم برحق ہے جسنے حکم بحکم اَلنِّکَاحُ مِنْ سُنَّتِیْ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ کے اساس اسلام افتراق بین الحلال والحرام اور طرز معاشرت اور لطف موانست تعلیم فرمایا صلے اللہ تعالی علیہ وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ اجمعین بعدہ نحیف روزگار ضعیف ازلی سید علی عرف سید رمضان علی ولد سید ضامن علی لکھنوی بخاری نقوی شائقان حسن معاشرت طالبان آداب معاشرت کی خدمت مین عرض رسا ہے کہ عرصے سے میرے دل مین یہ خیال تھا کہ ایک رسالہ آداب مباشرت اور نفع و مضرت صحبت مین کتب مبسوطہ طب سے مستنبط کر کے اس نظر سے لکھا جاوے کہ اہل شباب کماحقہ آگاہ ہو کے اون آفات سے جو اونکی لاعلمی کے سبب سے عارض ہوتے ہین محفوظ رہین اور حیا کے سبب سے اکثر جس امور کے اظہار مین اونکو تامل ہوتا ہے اوسکا علاج کر سکین قاعدہ کی بات ہے کہ انسان کو جن باتون کا علم نہین ہوتا اور وہ اوسکے حسن و قبح سے کماحقہ آگاہ نہین ہوتا بلکہ اچھی طرح تجربہ نہین کر لیتا جاہل رہتا ہے اور اوسکے لطف سے بہرہ کامل حاصل نہین کر سکتا غرضکہ انجان آدمی نادانی سے نقصان اوٹھاتا ہے اور کسی شغل اور کام سے حظ نہین پاتا اسواسطے اہل شباب کو ایک بار بپائی سیر اس گلشن فیض رسان کی گلگشت ضرور ہے کہ اوسکے فائدے سے محظوظ ہوں اور عارضی آفات و بلیات کو دفع کر سکین ایکروز برسبیل تذکرہ مخلص بے ریا و محب با صفا مقبول بارگاہ صمد حافظ خواجہ قطب الدین احمد صاحب مالک مطبع نامی سلمہ اللہ الواہب سے

بھی یہی مذکور ہوا اونہوں نے بھی اس اصلاح کو غایت درجہ پسند کیا اور کہا جبکہ اس زمانہ
جہالت میں عوام کی اصلاح اور خلق کی رفاہ کے واسطے ایسی تالیف ہر طرح مفید اور کارگر
ہے پھر اوسکے لکھنے میں کیا دیر ہے لہذا حسب الارشاد السعی منی والاتمام من اللہ کیکے
کمر ہمت چست کرکے قلم اوٹھایا اور تھوڑے زمانہ میں یہ مختصر رسالہ شامل دیباچہ ایک مقدمہ اور
سترہ باب اور خاتمہ کے مرتب کرکے تریاق اکبر نام رکھا اور حق تالیف اور تصنیف اسکا
خواجہ صاحب موصوف کو [illegible] کر دیا بیان رموز حکمت اور [illegible] آداب صحبت
وطرز معاشرت کی خدمت میں یہ عرض ہے کہ اگر اس کتاب میں بتقاضے بشریت کہیں سہو
ملاحظہ فرمائیں تو حرف گیری سے باز آئیں اور ذیل عاطفت میں چھپائیں العذر عند الکرام
الناس مقبول الٰہی یہ کتاب مقبول ہو اور اہل شباب کو توفیق نکاح کی دیکے حرام اور
بے شرمی وغیرہ سے بچا اور مریضوں کو استعمال ادویہ سے صحت عطا فرما اسواسطے کہ دنیا
میں صحت سے بہتر کوئی نعمت نہیں اور زنا و بے شرمی سے بدتر شرمناک مرض کوئی [illegible]
میں کوئی شے نہیں ہے نہ دنیا میں عزت نہ آخرت میں رحمت -

مقدمہ کیفیت افراط لذت کے بیان میں

صاحب ذخیرہ خوارزم شاہی نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے عورتوں اور مردوں کے
باہم الفت ومحبت اور وصلت میں افراط لذت خاص اس غرض سے عطا فرمائی ہے کہ باعث توالد
اور تناسل کا ہے اور یہ لطف جانوروں کو اسواسطے بخشا ہے کہ انسان ہر چیز کو دیکھتے اور سنتے
اور تجربہ سے سیکھتے ہیں [illegible] یہ بھی دیکھکے وقفیت حاصل کریں اور مطیع اس لذت کے
رہیں اور اس لذت میں شرم کو جو خاصہ مردیت کا ہے مغلوب قوت ہمتی کیا اور فراموشی وسہو
کا غلبہ کی تاکہ اوس حالت میں پس وپیش کے اندیشہ سے غافل ہو جائیں اور رنج اور تکلیف صلاح
اور فساد اولاد اور اونکی پرورش کے واسطے اوٹھاتے ہیں بھول جائیں اکثر شریف
آدمیوں میں کمال عقل اور مروت اور شرم اور حلم اس درجہ ہوتا ہے کہ نام اوس عضو کا
جو کہ اس کام کا ہے زبان پر نہیں لاتے اور رغبت یا اور [illegible] کو انکے سامنے

کھولنا نہین چاہتے وہ بھی اوس حالت مین ایسے مغلوب قوت بہیمی ہوجاتے ہین کہ اپنی شرم کی جا
اور عورت کا ستر بھی برہنہ کرتے اور عرصہ تک اوس کام مین مشغول رہنا چاہتے ہین پس یہ
باتین اولاد اور بقاے نسل کے واسطے ہین جو خالق نے مقدر کی ہین اگر فراموشی ایسی [illegible]
اور قوت بہیمی غالب نہوتی تو کوئی عاقل یہ فعل و رنج زن اور فرزندون کا اختیار نکرتا پس کمال
حکمت اور قدرت خالق کی ہے وهو الخلاق العليم بوعلی سینا کا قول ہے کہ انسان نے
بقاے نسل اور حفظ نفس کے واسطے صعوبات دنیا کی برداشت کی اور خانہ داری کا بار
سر پر لادا ہے چونکہ حیات کا دارومدار صحت پر رکھا گیا ہے پس جسکو اپنی صحت کا لحاظ نہو اوسکو حفظ
اور حیات دونون سے ناامید ہی چاہیے [illegible] طبیب کا قول ہے کہ انسان کے عمر کی چہار قسمین
ہین اندر دس سال صغر سن جو اوائل تا [illegible] بعد دس سے بیس برس تک طفولیت جو تعلیم
اور تربیت کا وقت ہے اوسکے بعد بیس سے چالیس تک بلوغ اور شباب جو تہذیب اور تادیب
اور محنت اور دولت حاصل کرنے کے ایام ہین پھر چالیس سے ساٹھ تک شیب جو تجربہ اور حفظ
ثروت اور حصول مسرت کا زمانہ [illegible] جیسا [illegible] سے تا بقاے حیات شیخوخیت راحت اور
مسرت سے بسر کرنے کے دن [illegible] انسان کو اپنی صحت کا خیال
[illegible] اور حفاظت مین [illegible] رہتے ہین چنانچہ
مقدم [illegible] شباب مین انسان خود مختار
رہتی حالت سے [illegible] صحت [illegible]
کے سبب اور قوت کے [illegible] الغرض قبیح غیر مناسب صحت کا مرتکب اور طرح طرح کے
[illegible] ضعیفی کی [illegible] وغیرہ کا
عارضون مین مبتلا ہوکے اوس وقت [illegible] حالت صحت پر لانا
قول ہے کہ تندرستون کی صحت کا محفوظ رکھنا [illegible] سے حفظ نوع
حفظ اشخاص [illegible] علاج [illegible] حفظ اشخاص [illegible]
بزرگتر ہے اس وجہ سے کہ بغیر [illegible] کے توالد و تناسل نہین ہو سکتا
اور جب یہ دونون باتین حاصل ہونگی تو [illegible] اور دونون مین الفت و محبت بھی
زیادہ ہوگی اور کبھی ایسا ہوتا ہے [illegible] ہوتی ہے تو اولاد
نہین ہوتی اور نہ عورت مرد کی [illegible] اور کبھی ایسا اتفاق ہوتا ہے

کہ منی مرد کی گرم اور تیز اور سریع الانزال ہو اور شہوت عورت کی غالب ہو اور وہ صحبت پر حریص
ہوکے مرد سے ہم آغوش ہو اور اوس حال مین مرد اوس سے جدا ہو اور حاجت عورت کی بخوبی
رفع نہو تو ایسی صورت مین اگر عورت ناموس اور شرم سے خاموش ہو رہیگی تو عوارض
رحم مین مبتلا ہوگی اور شدہ شدہ نوبت دق کی پہونچیگی اور اگر شرم و حیا کم ہوگی تو غیر مرد سے
مانوس ہوکے اپنی حاجت رفع کرے گی اور باعث رسوائی اور ذلت کا ہوگا اسواسطے
عالم شباب کے طرز معاشرت کا انسان کو زیادہ تر خیال چاہیے کہ قطع نسل اور آبرو
برباد نہو چونکہ تدابیر لذت اور موافقت انزال بلا حصول علم طب کے دشوار تھی
اسواسطے یہ مضمون کتب مبسوط طبیہ سے استنباط کرکے تہذیب اور شایستہ عنوان سے
محض فوائد عام کے واسطے اردو مین لکھدیا کہ شرم و حیا کے سبب سے مریضون کو صحت سے
مایوسی نہو اور بلا مدد کسی طبیب کے بھی صحت زائد حاصل کر سکین ہو اللہ الشافی

پہلا باب نقصان باہ کے بیان مین

لذت وصال اور باہ کا کمال اعضای رئیسہ کی صحت پر موقوف ہے اور اعضای رئیسہ چار ہین
حسب بقای شخص دل و دماغ و جگر اور حسب بقای نوع قضیب اور اوعیہ منی اور انھین مین
عارض ہونے سے باہ مین بھی نقصان لاحق ہوتا ہے اور نقصان باہ کے دو سبب ہین
جو ان دو فصلون مین لکھے جاتے ہین فصل اول ضعف مباشرت مین - اور یہ ضعف
نو سببون سے لاحق ہوتا ہے سبب اول بسبب لاغری اور ضعف بدن کے باہ مین نقص
واقع ہو ایسی حالت مین روح اور ریح اور خون جو مادۂ شہوت ہین کم پیدا ہون اور بدن لاغر
اور نحیف اور قوت ضعیف اور رنگ زرد اور غذا قلیل ہونا اوسکی علامتین ہین علاج عمدہ
غذائین اور کثرت غذا اور معجون اور مقویات اور مسمن چیزین کھانا اور کثرت سے خوشبوئین
سونگھنا اور لگانا اور رنگ و لہو و لعب عیش و راحت مین مشغول رہنا بہت سونا اور ترک
مباشرت اوسکا علاج ہے اور یہ دوائین مفید ہین معجون قوت باہ مغز چلغوزہ -
مغز بادام - مغز اخروٹ - مغز پستہ - مغز ناریل - چرونجی - شقاقل مصری - تج قلمی -

ستاور۔ خولنجان۔ انجیر زرد۔ ہر واحد دو تولہ۔ نشاستہ۔ لونگ۔ جائفل۔ عقرقرحا۔ بالنگو۔ کشمش
ہر واحد ایک تولہ۔ تخم خشخاش سفید چھ ماشہ۔ مغز بنولہ۔ کریلے کے بیج۔ خوبانی۔ ہر واحد چار تولہ
کوٹنے والے اجزا کو کوٹ چھان کے دو سیر قند کے قوام یا شہد مین ملائین پھر ورق طلا چھ ماشہ
ورق نقرہ دس ماشہ حل کرکے مربائے بہی۔ مربائے آملہ۔ مربائے سیب۔ اوپر سے ملا کے ایک تولہ
روز صبح کو کھائین جماع سے پرہیز کرین اور غذا صبح کو دودھ شہد مین ملا ہوا اور مغز کنجشک خانگی
بھونا ہوا یا شوربے دار رات کو شیر برنج جس مین خرما پڑا ہو کھائین ایک ہفتہ مین طاقت
عود کر آئیگی مجرب ہے ایضاً رومی مصطگی چھ ماشہ۔ موصلی سیمبھل۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید
تخم اوٹنگن۔ تودری سرخ۔ کیھلی۔ کیھلا۔ تل سیاہ۔ کواتوندی باریک پسی ہوئی بھنیر
ہر ایک دو تولہ۔ اندرجو شیرین۔ بہمن سیاہ۔ سمندر سوکہ۔ سونٹھ۔ مدن مست دار چینی
تخم کواچ۔ پلنگ توڑ۔ پاکھان بید۔ مغز تخم کا جر۔ بھون پھلی۔ عود غرقی۔ چھڑ الاکہ۔ ایک ایک تولہ
رومی مصطگی چھ ماشہ۔ زعفران چار ماشہ خوب باریک پیس کے چھان کے ایک سیر قند کے
قوام مین ملا کے با اضافہ زردہ بیضہ مرغ نیم برشت و مربا و میوہ جات کی معجون بنا کے یا سفوف کرکے
ہمونزن مصری خوراک ایک تولہ روز ایک سیر گاے کے دودھ کے ساتھ جسمین جوش دیتے وقت چار پانچ
چھوہارے ڈالے ہون اوپر سے پیئین طلا بڑے بڑے سیاہ چینٹے جو زمین یا قبر سے نکلتے ہین
دو سو عدد اور پاؤ میٹھے تیل مین چھوڑ کے تین روز تیز دھوپ مین رکھین پھر سات روز تک
بکری کی مینگنیون مین دفن کرکے نکال لین عندالضرورت طلا کرین دوسرا سبب
بسبب قلت منی اور سستی عضو تناسل کے باہ مین نقص ہونا اگر اس قلت کا باعث خشکی اور
لاغری اعضای منی ہو تو علامت اوسکی غلظت و قلت منی اور پانی مین بیٹھنے اور مرطوب حمام اور
مرطوب غذا کھانے سے فائدہ ہونا اور اگر سبب قلت سرد ہو تو علامت اوسکی منی کا سرد اور غلیظ اور منجمد ہونا
اور دشواری سے نکلنا اور بھوکے رہنے اور حرکات معتدل و گرم دواؤن سے فائدہ ہونا اور جب سبب
قلت حرارت اعضای منی ہو تو علامت اسکی منی کا زرد رنگ اور رقیق ہونا اور اخراج سہولیت سے
اور گرمی سے محسوس ہونا اور سردی سے تسکین پانا اور اگر سبب قلت رطوبت ہو تو سستی
آلہ تناسل اور منی مین رقت اور سفیدی اور افراط اور سستی سے نکلنا اور سردی سے راحت پانا

اور قارورہ مین سفید رنگ کا غالب ہونا اوسکے علامت ہین اور مرکب کیفیتون کے اسباب مین کم دبیش
اونہین کیفیتون کی علامت پائی جائینگی ایسی حالت مین دوا اور غذا اون کیفیتون کی اصلاح چاہیے
تیسرا سبب شہوت اور حرکات اور لذع اور دغدغہ کا ساکن ہونا یا وہ اسباب جو شہوت کو ہیجان
مین لاتے ہین آلہ تناسل سے مفقود ہونیسے باہ مین نقص ہونا اور یہ عارضہ اکثر افیون یا بھنگ
کھانیوالون کو لاحق ہوتا ہے اوسکی علامت باوجودیکہ منی بہت دفع ہو مگر ایستادگی کم ہو
اور سخت صدمون سے زائل ہو چوتھا سبب عرصہ تک صحبت کا اتفاق نہونیسے باہ مین
نقص واقع ہونا اس وجہ سے کہ عرصہ تک ترک صحبت کے سبب سے طبیعت تولید منی سے
رک جاتی ہے احتلام کم ہونا اور صحبت سے حظ حاصل نہونا اسکی علامت ہے پانچوان سبب
عورت کی کثافت یا بدصورت سے نفرت یا بدمزاجی کے سبب یا اور کسی سبب سے صحبت مین کراہت
یا دل مین اس امر کا خوف ہونا کہ اسپر قادر نہو سکونگا یا شرم یا وہم یا ہیبت سے طبیعت رک جانے سے
شہوت مین نقصان ہونا اس وجہ سے کہ توہمات امور نفسانیہ مین زیادہ تر موثر ہین اور کبھی اس
باعث سے نقص واقع ہوتا ہے کہ ایک ہی عورت سے اتفاق مباشرت کا ہو اور دوسری عورت پر
قادر نہو سکے خصوصا جدید یا دوشیزہ باکرہ پر نا تجربہ کار شخص کو ازالہ بکارت کی ہیبت زیادہ ہوتی ہے اور
کبھی یہ ہیبت شہوت اصلی کو بھی کم کرتی ہے اور کبھی حسب تقاضای طبیعت اثنا کا مین شہوت
باطل ہونے سے بھی شہوت مین نقصان واقع ہوتا ہے پس ازالہ سبب اوسکا علاج ہے
چھٹا سبب کسی سخت مشقت یا زائد چلنے یا بہت بیٹھنے یا زیادہ بھوکے رہنے یا کسی اور
سبب سے جو روح اور حرارت غریزی کے تحلیل کا باعث ہو ضعف باہ عارض ہو سستی اور
ضعف نبض و آلہ تناسل اور منی کا قلت اور سختی سے نکلنا اور مباشرت مین حظ حاصل نہونا
اور بعد فراغت صحبت کے ضعف اور غشی کی سی حالت ظاہر ہونا اوسکی علامتین اور تقویت
دل و جگر و دماغ اور عمدہ غذائین اور حسین خوبصورت عورت کا وصال اوسکا علاج ہے ساتوان سبب
معدہ یا جگر ضعیف ہو کے خون صالح اور منی کم پیدا کرے اور باعث نقصان کا ہو وصل کی آرزو
اور اشتیاق کم ہو اوسکی علامت ہے اور اعضاے اوف اور اصلاح مزاج کی تدبیرین اوسکا
علاج ہے آٹھوان سبب دماغ ضعیف ہو اور قوت حاسہ اور نفسانیہ کے ماندے کو

منطفی کردی اور اسی باعث سے اعضاے تناسل مین حس حرکت لذع اور دغدغہ باقی نرہے
آلۂ تناسل مین انتشار نہونا اور جو اس سست اور مکدر اور متغیر اور دلی آرزوے وصال
کم ہونا اوسکی علامتین ہین دوسرا سبب گردہ مین ضعف یا اور کسی آفت کا پہونچنا اور اوسکے
سبب سے شہوت طبعی مین نقصان ہونا اس وجہ سے کہ شہوت طبعی گردہ کی مطیع ہے۔ علاج
بہت جلد ازالۂ سبب مین کوشش کرین جوارش جو قوت باہ کو مفید اور مزید اور محافظ منی ہے۔
پیتی ڈلی پاؤ سیر چھوارہ آدھ سیر بھیٹہ آدھ پاؤ کوٹ کے دس سیر گاے کے دودھ مین
پکاوین جب گاڑھا ہوجاوے اوتار کے مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز اخروٹ
[illegible] ہر واحد آدھ سیر [illegible] کا گوند نشاستہ ہر واحد پاؤ سیر [illegible] کا میدہ
[illegible] کاہو کے گھی [illegible] سیر مین بھون کے تین سیر قند کے قوام مین سب اجزا [illegible] ملا کے
[illegible] ٹکڑے گولہ [illegible] کا میدہ آدھ سیر تعلب مصری [illegible] لونگ
[illegible] الائچی [illegible] ہر واحد چار درم جوز بویہ دو تولہ بسباسہ ایک تولہ [illegible] پاؤ سیر
[illegible] ببول کی چھال [illegible] ببول کی چھال ہر واحد پاؤ سیر
[illegible] شکر ایک [illegible] کے حسب مزاج صبح و شام
[illegible] جوارش [illegible] ستقنقور قسط شیرین [illegible] مصطگی
[illegible] شقاقل مصری [illegible] کے
[illegible] تخم [illegible] تخم شلغم [illegible] تخم پیاز تعلب مصری ہر ایک [illegible] مثقال
فلفل سیاہ سفید پیپل سونٹھ زعفران ایک ایک مثقال مغز [illegible] جاوتری
جائفل پیاز دشتی بھونی ہوئی ہر ایک پانچ مثقال علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کے [illegible] صاف
شہد مین قوام کرکے معجون بناوین چالیس دن رکھکے دو [illegible] کے ساتھ کھاوین۔
دوسری فصل استرخاء آلۂ تناسل کے بیان مین۔ عضو تناسل کی سستی اور استرخا بھی باہ کے
نقصان کا باعث ہے اور استرخا چار سببون سے ہوتا ہے پہلا سبب لاغری اور ضعف بدن
کے سبب سے آلۂ تناسل کا سست اور لاغر ہونا اور اوسکے علامات اور علاج وہی ہین جو
اول فصل کے پہلے سبب مین لکھے ہین دوسرا سبب مدت تک صحبت کا اتفاق نہوکر

آلۂ تناسل مین لاغری اور سستی ہونا اس وجہ سے کہ اعضا مین ریاضت اور عمل سے جو اوس عضو کیواسطے
مخصوص ہے قوت ہوتی ہے اور ترک عمل سستی اور ضعف کا باعث ہوتا ہے علاج عضو تناسل کو
نیم گرم پانی سے بتدریج دھوئین اور سر چھوڑ کے آہستہ آہستہ رگڑکے بھیڑ کا دودھ جسم پر اوسکے گرد ملین
بعد جذب خون کے حفظ جذب کے واسطے روغن زفت رومی لگائین تیسرا سبب زیادہ سردی
یا خشکی یا حرارت سے ریح اسفل بدن مین بہت کم پیدا ہو اور باعث سستی عضو تناسل کا ہو پس
قوای بدن کا صحیح و سالم ہونا اور نفاخ غذاؤن سے نفخ اور فائدہ نہونا اور منی بہت نکلنا اوسکی
علامت ہے ایسے مریض کا انتشار بالکل باطل نہین ہوتا بلکہ کم اور ضعیف ہوجاتا ہے اور کبھی حرارت قلب اور
نقصان رطوبت سے نفخ کم ہوجاتا ہے اور غذاے خصوصًا مقوی اور مرطوب غلیظ اون سے یا کثیر الحرارت
چیزونکے کہانیسے طبیعت مین انتشار اور قوت نہین ہوتی ہے اور کبھی حرارت نہونیسے بھی نفخ پیدا ہوتا ہے
اور اکثر یہی سبب اشد ہوتا ہے اوسکے علامات یہ ہین بھوک اور خالی معدہ اور گرم حرکات اور گرم چیزونکے
استعمال سے انتشار قوت پیدا ہو علاج اسباب کے دفع اور نفخ پیدا ہونیکی تدبیر کرنا اوسکا علاج ہے
چوتھا سبب فضلات بلغمی اور سرد پانی برف یا مثل اوسکے اور چیزون مین دیر تک بیٹھنے
یا اونکے استعمال سے اعصاب آلۂ تناسل مین کوئی جنس فالج عارض ہو اور انہین اسباب مین سے کسی
سبب سے اعصاب کا مزاج فاسد ہو کہ قوت محرکہ اور حساسہ حاصل نکرسکے علامت اوسکی رقت منی
اور اوسکا اخراج بغیر انتشار کے سہولیت سے اور روز بروز ضعیف اور لاغر ہونا اور بسبب بطلان و نقصان
حس کے آلۂ تناسل کا سرد پانی سے بالکل سست اور افسردہ نہونا یا بالکل ہی کم ہونا اوسکے
علامات ہین ایسے مریض کا علاج بالکل مجلوق کا علاج ہے اور یہ دوائین مفید ہین کپڑے دھوے ہوے
سفید مصری ۔ مغز تخم ہندوانہ ۔ مغز چیال گوزہ ۔ ہر ایک تین ماشہ بکری کے دودھ مین کھرل کرکے
سات دن تک حشفہ چھوڑکے ملاکرین یا پٹی پر لگاکے باندھین اوپر سے بنگلہ پان باندھین ۔
پوٹلیان ہاتھی دانت کا برادہ ۔ آنبہ ہلدی ۔ گوشت یا خون تازہ جوان مرغ کا گوشت
حلوان بکری کا ۔ نرگس ۔ تل سیاہ ہر ایک پانچ درم بھینس کے آدھ سیر دودھ مین بہاں تک رکھین کہ
دودھ جذب ہوجائے پھر چار پوٹلیان بناکے دودھ مین ترکرکے حشفہ چھوڑکر سینکین اور اطراف مین
بھی خوب سینکین مجرب ہے پوٹلیان خشک کپڑے دھوے ہوے ۔ بیربہوٹی ۔ ہاتھی دانت کا برادہ

مشکی گھوڑے کے سم ہر ایک دو تولہ کلتھی - جائفل - لونگ - ہر ایک تین ماشہ - جاوتری دو ماشہ
اجوائن دیسی چھ ماشہ - اجوائن خراسانی چھ ماشہ - جمال گوٹہ چار عدد - مالکنگنی پانچ ماشہ کوٹ کے
تین پوٹلیان بنائین آدھ پاؤ گائے کا دودھ جوش دیکے اوسمین پوٹلیان بھگو کے سینکین
طلا ایک چھٹانک جمال گوٹہ گائی کے گوبر مین خوب پکائین پھر اوسکی گری اور گھونگچی سفید
مقشر - کچلہ - عقرقرحا - پوست بیخ کنیر سفید - ہر واحد دو تولہ گائی کے خالص دودھ مین اسقدر
کھرل کرین کہ تین سیر دودھ کھپ جائے پھر کشید کرکے طلا کرین ایضاً جائفل - جاوتری
جھربیلہ - آدمی کے کان کا میل چھ چھ ماشہ گدھے کے خصیون کا خون چار تولہ کھرل کرکے شیر کی
چربی تین تولہ ملا کے کشید کرکے طلا کرین انتباہ یہ مرض قوی یا مزمن ہو جاتا ہے تو بہت ہی کم
اچھا ہوتا ہے اس وجہ سے کہ آلہ تناسل اسقدر ضعیف اور لاغر اور سست ہونے سے کیسا ہی قوی
علاج ہو صحت کی امید کم باقی رہتی ہے اور ایسی ہی مریض کو عنین اور نامرد کہتے ہین اور جبتک
یہ سبب قوی نہین ہوتا تو آلہ تناسل سرد پانی ڈالنے سے گھٹتا بڑھتا ہے اور بہت لاغر اور ضعیف
نہین ہوتا اور قابل علاج ہے طلا حکیم شیر علی صاحب والد حکیم احسان علی صاحب مصنف
طب احسانی کا ایجاد کیا ہوا اشستی اعصاب آلہ تناسل کے واسطے مفید و مجرب ہے صفت پوست
بیخ کنیر سفید - ڈال گھونگچی سفید آدھ آدھ پاؤ - کوٹ تلخ - جمال گوٹہ چھلا ہوا ہر واحد دو تولہ -
سفوف کرکے پندرہ سیر گائے کے دودھ مین حل کرکے جوش دیکے دہی جماکے صبح کو
متھین جب گھی اوٹھے تو چار سیر پانی ملا کے پھر متھین اور گھی نکال کے دہی کو دفن
کردین کہ سم قاتل ہے پھر گھی گرم کرکے چھانکے نیم گرم طلا کرین اوپر سے گرم بنگلہ پان باندھین
اور یہی چار چاول پان مین بھی کھائین جنین محض ہو تو بھی دو ہفتہ مین صحت ہو ایضاً
مدار کا دودھ آدھ پاؤ - شہد خالص اڑھائی پاؤ - افیون چار ماشہ کڑاہی مین ڈالکے لوہے کی دستہ سے
اسقدر حل کرین کہ تمام بندھ کے کڑاہی دستہ کے ساتھ اوٹھنے لگے پھر حسب ضرورت گرم کرکے پٹی پر
لگا کے یا طلا کی طرح حشفہ چھوڑ کے لگائین اوپر سے مضبوط کپڑے کی پٹی لپیٹین اوسپر گرم بنگلہ پان
باندھین طلا مدار کا دودھ گھی دھویا ہوا اکیس بار دودھ کا نصف طلا بنا کے لگائین ایضاً
مدار کا دودھ ایک حصہ - گائی کا مکھن نصف ملا کے نیم گرم طلا کیطرح لگائین ایضاً مدار کا دودھ

دو دام گائی کا گھی ایک دام ملاکے آگ پر رکھین اور مدار کی لکڑی سے چلاتے جائین جب دودھ جل کے روغن رہجای چھان کے شراب تیز دو آتشہ ملاکے ایک پہر کھرل کرکے طلا کرین اوپر سے بنگلہ پان یا املتاس کی کوپل باندھین ایضاً جوان مرغ سیاہ رنگ جفتی نکی ہو اوسکو ذبح کرکے اوسکا تازہ گرم خون اور جونکین جو جوان گدھے کی تندی کے وقت قضیب پر لگاکے سیر ہونیکے بعد چھوٹی ہون باہم کھرل کرکے طلا کرین جب خشک ہو دوبارہ سہ بارہ پھر لگائین تین دن تک اس طرح سے ہر روز تین بار طلا کرین پہلے روز سوزش ہوگی دوسرے روز کم تیسرے روز مطلق نہوگی نسخہ روغن زفت زفت رومی دو تولہ پانچ تولہ میٹھے تیل مین چھوڑکے ایک ہفتہ تک دھوپ مین رکھین ضرورت کے وقت لگائین ایضاً زفت رومی دو تولہ پانچ تولہ رینڈی کے تیل مین جوش کرین جب نصف رہے چھان کے لگائین دوای مقوی باہ ہلیلہ سیاہ پانچ تولہ گل معصفر افیون ہر واحد ساڑھے دس ماشہ کوٹ چھان کے افیون ملاکے ڈیڑھ سیر مصری کے قوام مین ملاکے سو گولیان بنائین ایک گولی روز کھائین دوای سفید قضیب جوان بیل کا خشک کیا ہوا برادہ مرغ کے انڈون کی سفیدی نکال کے بجاے اوسکے برادہ زردی مین انڈے کے اندر بھرکے دوسرا چھلکا اوپر سے لگاکے گل حکمت کرکے گای کے پانچ سیر کنڈون کی آگ دین بعدہ نکالکے جو کچھ اندر سے نکلے کھرل کرکے ایک دام پیکے شہد ملاکر کھائین ایضاً بالکل سبز تخم خام سرس باریک پیس کے ایک کپڑے پر لیپ کرکے کونون پر چار میخین گاڑکے سایہ مین خشک کرین آٹھ پہر بعد لیاہی لیپ سیاہی چالیس دن تک عمل مین لائین بعدہ ایک تولہ کپڑا کاٹ کے ایک سیر دودھ مین جوش دیکے چہارم باقی رہنے پر پئین قوت عجیب غریب حاصل ہوگی سفوف موسلین سپید بھنگرہ سیلیمہ کمال ترتال مکھانا کمرکس سیاہ تل تخم خشخاش سپید پنج شک ہیر و لکڑی کتیرا موچرس سمندر سوکھ دودھی ہر واحد چھ ماشہ سنگھاڑا تعلب سپاری چکنی ایک تولہ مصری پندرہ تولہ ملاکے کفدست گاے کے دودھ سے پھانکین شربت خبث الحدید خبث الحدید مدبر تین مثقال مازو سبز گلاب کے پھول سماق گلنار کندر ناگرموتھہ دھنیا پودینہ ہر واحد دس مثقال پھٹکری زعفران ہر واحد تین مثقال کوٹ چھان کے پوٹلی

باندھ کے چار سیر تل انگور کے عرق اور ایک سیر تل گلاب خالص مین جوش دین اور چمچی سے پوٹلی کو
دبا دبا کے عرق نکالتے جائین جب چہارم رہجائے ادویہ کو سہ چند شکر ملا کے شربت کا قوام
کر کے تین مثقال تازہ پانی سے پھانکین اطلاع نقصان باہ کا کلیہ علاج دل و
دماغ و جگر و مثانہ کو غذا و دوا و قوت پہونچاتا ہے کیونکہ صحت و قوت اعضائے رئیس
بقائے شخص کا باعث ہین اور جب بنیاد صحت صحیح ہوگی تو تمام اعضا درست ہونگے۔

دوسرا باب جلق زدہ کے بیان مین

خضخضہ اور استمنا بالید جلق زدہ کو کہتے ہین اور وہ خلاف معمول ہاتھ سے یا کسی
نرم حریر کی تھیلی یا نازک چمڑے کی تکیہ سوراخدار کے ذریعہ سے استنزال کا نام ہے یہ مرض بدترین
عوارض ہے جو شخص اس مرض مین مبتلا ہوا اوسکی صحت دشوار ہے اکثر قوی الشہوت مفلس اور
مجرد مرد اس بلا مین گرفتار ہوجاتے ہین جسکے سبب توالد اور تناسل سے محروم رہتے ہین بلکہ
باعث ہلاکت اور گناہ عظیم کا ہے معاذ اللہ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا
اس مرض سے زائد کوئی بدتر عارضہ نہین ہے یہی سبب ہے کہ بعض اطبا نے اس مرض کا علاج
فضول سمجھ کے چھوڑ دیا ہے مگر علاج اس عارضہ کا اس کتاب مین لکھنا ضرور اور فائدہ سے
خالی نہ تھا اس غرض سے معرض تحریر مین آیا اطبا اس امر پر اتفاق رائے ہین کہ خضخضہ سے بدتر
کوئی عارضہ شدید المضرت نہین اس وجہ سے کہ آلہ تناسل مین زائد سستی اور استرخا واقع
ہونے سے باہ بالکل مفقود یا کم ہوجاتی ہے اور صاحب استمنا ملول اور محزون رہتا ہے اور
صحبت پر قادر نہین ہوسکتا کیونکہ آلہ تناسل اور گردہ اور مثانہ مین ضعف اور سستی اور لاغری
حد سے زیادہ اور عضو تناسل کی جڑ پتلی اور رگین سست ہونے سے نفخ اور استادگی مطلق
باقی نہین رہتی اور چونکہ طبیعت بلا اختیار منی کو دفع کرنیکی عادی ہوجاتی ہے اور باعث ضعف شہوت
اور شدت جریان ہوتی ہے اور گردہ سے شحم ذوبانی آنے لگتی ہے اور رطوبات بدن تحلیل
ہوتے ہین اور حرارت غریزی کم اور حرارت غریبی اور خشکی زائد ہوکے مدقوق تک انتہا
ہوجاتی ہے اور آخر کو علاج سے بھی مایوسی ہوجاتی ہے اور بسبب قلت لذت کے

طبیعت تولید منی بھی ترک کردیتی ہے اس وجہ سے کہ جب طبیعت کو اخراج منی سے حظ اور فائدہ
نہین ہوتا تو وہ اوسکی تولید کا اہتمام چھوڑ دیتی ہے اور منی کم ہونے سے اعضائے تناسل
سُست اور مسترخی اور لاغر ہوجاتا اور قائم نہین رہ سکتا ہے انتباہ جلوق کا آلہ تناسل
آپ سرد ڈالنے سے اگر مستقلص نہو تو وہ علاج کے لائق نہین علاج جونکین لگانا اور رطوبت
ناقص کا اخراج کرکے عمدہ خون کا عضو مین لانا مفید اور سریع التاثیر علاج ہے تین یا پانچ یا
سات یا نو جونکین آلہ تناسل کی طرفین مین لگائین جب وہ نیم سیر ہون چھوڑا کے عضو کی مالش
کرین جب خون منقطع ہوجائے شہد خالص اور مرغ جوان کی بیٹ یا اوسکا گرم گرم تازہ خون
ملاکے تین روز تک ایکبار بھی طلا لگائین ٹھیس سے بچائے رہین اور ہلین نہین ایضاً نو عدد جونک
حشفہ چھوڑکے وسط اور بُن آلہ تناسل پر لگاکے خون فاسد دفع ہونیکے بعد پارہ ایک مثقال اور
بکری کے ایک ساق کا مغز مخلوط کرکے مرہم کی طرح لگائین ایضاً پانچ یا سات جونکین درمیان اور
جڑ اعضائے تناسل مین لگاکے خون ناقص دفع ہونیکے بعد جب خون صالح آئے تو دارچینی اور
آنبہ ہلدی خوب باریک پسی ہوئی شہد مین ملاکے طلا کرکے گرم پنگلیان باندھین تین روز تک
برابر طلا کرین غذا حلوای بیضہ مرغ یا دودھ چھوہارا پیٹھا ہو خوب سا ہو نوش کرین ایضاً پانچ یا
سات جونکین اعضای تناسل کی جڑ اور حوالی مین لگاکے روغن کشید کیا ہوا مالکنگنی کا
اور خون گرم و تازہ مرغ جوان کا مرہم کی طرح ملاکے لگاکے بنگلیان باندھین اون مین تین بار
تین دن تک برابر لگائین ایضاً پانچ سات جونکین معمولی طور سے لگاکے یا بہت باریک
بچھنے لگاکے دارچینی - آنبہ ہلدی - اجوائن خراسانی - مساوی الوزن سُرمہ سا کرکے
تین حصہ کرکے ایک حصہ چھڑک کے اوپر سے پٹی باندھین اور اس پوٹلی سے اطراف
مین حشفہ چھوڑکے سینکین ص اسگندناگوری - مغز چرونجی - تخم تیزک - ہر ایک دو دام
مالکنگنی - سانڈے اور شیر کی چربی دو دو تولہ سب دواؤن کو جدا جدا کوٹ چھان کے چار پوٹلیان
بنائین اور گائے کا آدھ سیر دودھ خوب جوش دیکے پوٹلیان اوسمین ڈال کے ایک ہفتہ تک
برابر سینکین بعدہ یہ روغن طلا کرین ص پارہ چار ماشہ - ہرتال ورقی - ہرتال سرخ
گندھک آملہ سار - سُہاگہ چوکیا سنکھیا سفید - سنکھیا زرد - ایک ایک ماشہ پارہ کے سوا

سب شیر مدار کے چار ماشہ گاۓ کے گھی مین ملاکے ایک بتی یا کئی بتیون کے اندر بھر کے ایک تار
لوہے کا بتی مین باندھ کے بتی کے نیچے ایک پیالہ مین پارہ رکھ کے بتی جلاتین جسقدر تیل بتی
سے ٹپک کے پیالے مین جمع ہو اوسے مدار کی لکڑی سے خوب چلا کے ایکذات کر دین یہ روغن
ایک تی اوپر سے طلا کرین ایضاً جونکین لگا کے یا باریک پچھنے لگا کے اوسپر مدار کا تازہ دودھ
ٹپکا تین تین روز تک وہ کھٹن بھرین نہین اور بخار اور عضو ماؤف کی سوزش اور ورم کی برداشت
کرین تیسرے روز اوسی پر اور تازہ دودھ ٹپکا تین جب اوسے یا زخم پڑ کے زرد زرد پانی یا
خون اوس سے جاری ہو اور جسقدر مواد بلغمی لزج رگون اور پٹھون مین محتبس ہو مترشح
ہو کے نکلے اور اوسکی جگہ خون صالح آجائے جبتک پانی جاری رہے آرام سے بیٹھے رہین
اور کبھی کبھی اوسپر رینڈی کا تیل ٹپکایا کرین کہ تسکین اور یبوست دفع ہو اور اعصاب مین
قوت پیدا ہو دو ہفتہ مین صحت کامل اور ازالہ بکارت کی قوت حاصل ہوگی انتباہ
مدار کا دودھ آخر جاڑون مین عمدہ ہوتا ہے اور ناقص برسات کا جس درخت کی شاخین
پھیلی ہوئی اور جڑ زبردست ہو اور نیچے اوسکی جڑ کے چھید اور زمین بھر اوٹی اور دھنسی
ہوئی اور ریگستان نہو اوسکی جڑ اور پھول کا دودھ عمدہ ہوتا ہے اوسکے استعمال کی
حالت مین سرد ہوا اور سرد پانی سے غسل اور استنجا اور سرد اجزا اور شربت قند اور
کھاسے کے دودھ اور شیرینی اور ترشی سے پرہیز کرین اور اعتدال کی حالت پر رہین روکھی روٹی
اور گڑ تھوڑا سا کھایا کرین ایضاً نمک پانی مین چھوڑ کے حل کرین اور عضو تناسل کو اوس مین
دھو کے موٹے اور سخت کپڑے سے خوب ملین جب سرخ ہو جاسے تھوڑا گاۓ کا مکھن
اوپر سے مل کے حشفہ اور سیون چھوڑ کے مدار کا دودھ ٹپکا کے اوپر سے کچھ کپڑا رینڈی کے
تیل مین تر کر کے اس کپڑے کو پٹی کی طرح باندھین اوسپر گرم روئی باندھین اسی طرح
تین روز تک برابر کرین ایضاً ایک کچے برتن مین مدار کا دودھ بھر کے سایہ مین خشک کر کے
برتن توڑ ڈالین اور خشک دودھ اوسمین سے تھوڑا لیکے گاۓ کے مکھن یا گھی مین لت کر کے
طلا کرے اوپر سے پان یا ارنڈ کے پتے باندھین ایضاً آلہ تناسل کی کجی کی جا باریک پچھنے
لگا کے ایک موٹے کپڑے سے مل کے مدار کے دودھ مین کپڑا تر کر کے اوسپر لپیٹین اوپر سے ایک

مضبوط پٹی سے باندھیں جیب دوسری جگہ نہ لگنے پاوے چار پہر کے بعد کھولکے پھر روئی تر کرکے اوسپر رکھیں تاکہ قرحہ پیدا ہوکے زرد رنگ کا پانی یا خون اوس مین سے جاری ہو آرام سے رہین چلیں پھرین نہیں بعدہ اوپر سے رینڈی کا تیل یا مکھن لگائین کہ زخم اچھا ہوجاوے ایضاً مدار اور سہنوہڑ کا دودھ ایک ایک دام شہد خالص دو دام۔ بھلاوین کا تیل تین دام۔ گاے کا گھی یا مکھن چار دام۔ چار پہر کھرل کرکے رکھ چھوڑین ضرورت کے وقت سپون اور حشفہ چھوڑکے طلا کرین ایضاً مدار کا دودھ ایک دام شہد دو دام رینڈی کا تیل ایک دام بھلاوین کا تیل آدھا دام۔ جدوار تین ماشہ چار پہر کھرل کرکے شیشی مین رکھلیں عندالحاجت طلا کرکے اوپر سے بنگلہ پان باندھیں ایک ہفتہ تک ایسا ہی کرین ایضاً شیر کی چربی مینڈک کی چربی گوہ کی چربی۔ ہر ایک پانچ درم۔ بیر بہوٹی۔ جائفل۔ کیچوے صاف۔ زہر بچھناگ۔ زہر تیلیہ۔ زہر میٹھا۔ گھونگچی سفید۔ جند بیدستر۔ لونگ۔ عاقر قرحا۔ ایک ایک درم۔ جاوتری۔ مالکنگنی آدمی کے کان کا میل شنجرف۔ بیج کنیر سفید۔ مغز نرگس۔ رومی مصطگی ہر ایک دو دام زفت رومی ایک تولہ مغز غوک صحرائی چار عدد۔ جونک خشک سات عدد۔ مغز کنجشک نر خانگی دو عدد بھلاوان ٹوپی دور کیا ہوا چار عدد۔ چربی سانڈہ دو عدد مغز اور چربی نیولے کی دو عدد ان سب چیزون کو ملاکے بارہ پہر تک کھرل کرکے آتشی شیشہ مین معمولی طور پر کشید کرکے طلا کرین ایضاً شیر کی چربی۔ سوس کی چربی۔ مینڈک کی چربی۔ ہاتھی کی بہتی ہوئی مستی کیچوے دھوئے ہوے سیاہ بچھو اور جوان گدھے کے فوطون اور عضو تناسل پر لگائی ہوئی جونین عطر ناگیسر۔ اگر کا چویا۔ دھتورہ کے بیج پیپل مغز سر گنجشک خانگی۔ زہرہ مرغ جوان۔ کوڑیالہ بان لونگ۔ مالکنگنی سیاہ تل۔ ناریل کہنہ۔ مغز بنبہ دانہ۔ موم زرد ہیرا ہینگ مساوی ان سبکو باریک کوٹ کے پھر سب چربیان ملاکے ایک بڑی بڑی مچھلی لیکے پیٹ چاک کرکے یہ سب دوائیں اوسکے پیٹ کے اندر بھرکے اوسکا منہ تپال جنتر کے مقابل کرکے معمولی طور سے تیل کھینچکے طلا کرین غذا عمدہ ہو اور پیادہ چلنے اور کثرت اور زور اور قوت اور صحبت کرنے سے پرہیز کرین ایک ہفتہ مین شفاے کامل ہو ایضاً جونک نو عدد۔ تخم کواچ ابابیل کی بیخال ایک ایک دام۔ گھونگچی سرخ چھ دام۔ رینڈی کا تیل آدھ پاو۔ کڑھی مین پکی جونک

چھوڑکے گرم کرین جب سرخ ہوجائین تو ایک ایک دوا خوب باریک پسی ہوئی چھوڑکے ملاتے جائین آخر کو بابیل کی پھپال ملائین لیپ کی طرح متواتر ایک دن مین کئی بار لگائین طلا یہ ہے ہوبلی پاؤسیر۔ کیچوے دھوئے صاف پون پاؤ۔ جونک پون پاؤ۔ گھونگچی سفید۔ اور ریتیہ ہر ایک تین تولہ روغنی برتن مین مدار کے دودھ مین تر کرین جب دودھ جذب ہوکے خشک ہوجائے اوس ظرف کے پیندے مین سوراخ کرکے تیل کھینچین اور طلا کرین ایضاً گنجا لی سوا سیر۔ کیچوے دھوے صاف اور چھوٹے چھوٹے بردن کے نیچے پختہ و خام چھتے مین کی ہر ایک تین تولہ۔ جونک نو عدد۔ بچھو سیاہ۔ گوہ جوان ہر ایک تین عدد۔ جوز بویہ۔ لونگ۔ بسباسہ دارچینی ایک ایک تولہ شیشے کے ظرف مین رکھ کے نصف نصف مدار اور گاے کا دودھ ڈالین جب دودھ جذب ہوجاسے تیل کشید کرکے طلا کرکے اوپر سے بنگلہ پان باندھین طلاے سفید جلق زدہ اس طلا کا اکثر تجربہ ہوا اور بہت مریضون کو اس سے فائدہ ہوا اصل گنجا ہی۔ جگنو۔ کیچوے دھوے صاف کیے ہوے اور قے کے ملین تو عمدہ ہین بیر بہوٹی۔ جونک۔ مدار کے بوٹ ہر ایک دو تولہ۔ بچھو سیاہ ایک عدد۔ چیونٹے سیاہ بڑے بڑے سو عدد مینڈک کی چربی۔ شیر کی چربی۔ جوان گوہ کی چربی۔ سانڈے کی چربی ایک ایک تولہ۔ رینڈی کا تیل آدھ پاؤ پختہ ایک شیشے مین بھرکے ایک ہفتہ تک بکری کی مینگنیون مین دفن کرین بعدہ نکال کے طلا کرین اور اگر اسمین گھونگچی سفید۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ بھلاون۔ لونگ۔ لوٹی نکالا ہوا آنبہ ہلدی ہر ایک دو تولہ۔ پانچ تولہ بیر بہوٹی اضافہ کرکے آتشی شیشہ مین کشید کرین تو یہ طلا بہت ہی عمدہ ہے روغن غوک سطبری اور تقویت آلہ تناسل کے لیے بینظیر ہے تین چار مینڈک لیکے ایک بڑے ظرف ہوادار مین بند کرکے کیچوے صاف دھوے ہوے کھلائین اور پانی بھی پلائین چالیس دن کے بعد نکال کے قیمہ قیمہ کرکے پانی مین جوش دیکر چربی لین یا تیل خشخاش بزر طلا کھینچ کے لگائین طلاے صفید کنجشک نر خانگی کو ذبح اور صاف کرکے اوسکے پیٹ مین تھوڑی زعفران۔ بسباسہ۔ جوز بویہ۔ سپاری۔ قرنفل مساوی بھرکے ٹانکے دیکے ایک تار مین چھید کے سیاہ و سرخ برکے چھتے کے سامنے لگائین ایک گھڑی کے بعد ہٹالین پھر دوبارہ اور سہ بارہ اوسی طرح گھڑی گھڑی بھر کے بعد اسکے ہٹالین پھر گھی یا تیل مین خوب بھون لین جب جلجاے روغن کا

طلا کرین اور سوختہ کو لا کوٹ چھانکے پرانے گڑ مین ملاکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکے ایک گولی روز کھاوین ایضاً چیونٹے پردار سبز اور زرد سیقدر بیر ون کے نیچے روغن زفت یا روغن نرگس مین ملاکے دھوپ مین رکھکے طلا بناوین ایضاً گھونگچی سفید پوست بیخ کنیر سفید بیخ نرگس موبزج عاقرقرحا مساوی ایک حصہ تخم دھتورہ مالکنگنی ہر ایک نصف جزو گاے کے دودھ مین تر کرکے سایہ مین خشک کرکے ایک لی نگلہ پان پر ملکر قضیب پر چند روز باندھین اور تھوڑا پان مین چھوڑکے چند روز کھاوین طلا بڑا اینڈک کنوی کا کیچوی صاف جونک گوہ ہر ایک کا روغن علیحدہ علیحدہ یا ایکجا کشید کرکے مساوی شریک کرکے طلا کرین اوپر سے انڈ کے پتے باندھین طلا مقوی باہ باہ کو قوت دیتا اور سستی اعصاب و یبوست اور برآمدگی عروق کو نافع ہے ص گھونگچی سفید پوست بیخ کنیر سفید اسگند ناگوری بیج دارچینی عاقرقرحا تال مکھانا تخم اوٹنگن اندر جو اسپند کلونجی تخم پیاز مغز بنیہ دانہ مال کنگنی نرگھوڑی گرم تراتی ہوی ہر واحد چھ ماشہ چرونجی چلغوزہ اونٹ کٹارہ کی جڑ دیودار عود غرقی موصلی سیاہ ہر واحد ایک تولہ اجا ئفل لونگ ریکیور تخم دھتورہ ہر واحد تین ماشہ افیون خالص دو ماشہ کوٹ کے ڈیڑھ چھٹانک بھیڑی یا گاے کے گھی مین ملاکے دس عدد زردی بیضہ مرغ ملاکے چار پہر شیشی مین کشید کرکے طلا کرین رفادہ سستی اعصاب التناسل کیواسطے مفید ہے آنبہ ہلدی باریک پیس کے ایک ایک کپڑا تین بار رنگ کے ہر بار سایہ مین خشک کرین پھر اسی طرح دھتورہ کے عرق مین تین بار رنگکے سایہ مین خشک کرین پھر مدار کے دودھ مین رنگکے پھر گاے یا بھینس کے گھی مین نرم آگ پر پھونکین بتی پر شہد لگاکے اوپر سے ایک تی ہیرا ہینگ پیس کے چھڑک کے تین بتیان تین روز تک باندھین مفید ہین رفادہ تقویت اعصاب التناسل کے واسطے مفید ہے باریک کپڑا اکھوہڑ کے دودھ مین تین بار رنگکے ہر بار سایہ مین خشک کرکے پھر اوسی طرح تین بار پیاز کے عرق مین پھر ایک شبانہ روز السی کے تیل مین ترکرکے سایہ مین خشک کرکے پھر مسکہ مین چرب کرکے بتی باندھین اور تیل سے چرب رکھین تکمید رالی اسپند کے بیج مالکنگنی سیاہ تل ہر واحد پانچ ماشہ باریک کوٹ کے تین پوٹلیان بناکے پاؤ سیر روغن کنجد کرچھے مین گرم کرکے پوٹلیان اوس مین چھوڑکے عضو مخصوص اور کس اور رانون کی جڑ تک سینکین

ایضاً ہاتھی دانت کا برادہ چار ماشہ۔ مالکنگنی چھ ماشہ۔ بکری کی چربی۔ سیاہ تل پانچ پانچ ماشہ
گائے کا دودھ خوب جوش کیا ہوا آدھ پاؤ میں پوٹلیاں بنا کے اوسمین ڈالکے گرم کرکے کس اور اوسکے
اطراف کو خوب سینکیں ایضاً برادہ ہاتھی دانت کا ایک تولہ۔ مالکنگنی۔ آنبہ ہلدی ایک ایک تولہ
عاقر قرحا۔ سات ماشہ کوٹ کے آدھ پاؤ ریندی کے تیل میں قوام غلیظ کرکے پوٹلی میں رکھ کر نیم گرم
سینک کریں ایضاً بیربہوٹی بیس عدد شیشے میں رکھ کے اوپر سے اسقدر ریندی کا تیل ڈالیں کہ
چھپ جائیں پھر منہ بند کرکے گل حکمت کرکے ایک مہینہ تک بکری کی مینگنیوں میں دفن رکھیں
ضرورت کیوقت طلا کریں ایضاً مغز بنولہ کوٹ کے بکری کی چربی میں گرم کرکے طلا کریں

باب تیسرا سرعت انزال کے بیان میں

سرعت کے چار سبب ہوتے ہیں پہلا سبب بسبب برودت و رطوبت کے قوت ماسکہ کا
ضعیف ہونا اور سفید اور رقیق منی کا افراط سے نکلنا اور سرد اور مرطوب ہونا اوسکی علامت ہے
علاج تنقیہ کے واسطے ایارجات دیں اور کس اور اطراف اور انثیین پر روغن زعفران و
روغن آس و روغن نرگس و روغن قسط اور مثل اسکے ملیں اور شراب فنجوش و معجون خبث الحدید
دیں اور قے اسکے واسطے بہت مفید ہے اور شہد اور جوش کرکے شہد ملا کے پلائیں **صفت**
روغن زعفران مر آدھا درم چراتہ پانچ درم۔ زعفران۔ بھلاوان۔ ہر واحد چھ درم
ہر علیحدہ اور زعفران اور چراتہ کو علیحدہ سات روز تک سرکہ میں بھگوئیں چھٹے دن بھلاوان
بھی سرکہ میں بھگوئیں ساتویں دن روغن کنجد ڈیڑھ چھٹانک ملا کے نرم آنچ میں پکائیں کہ سرکہ
جذب ہوکے روغن رہجائے **صفت روغن نرگس** نرگس بیاز ہر واحد آدھا اوقیہ
تھوڑا پانی چھوڑ کے جوش کرے جب گاڑھا ہوجائے دس تولہ روغن کنجد یا روغن
زیتون ملا کے پھر جوش دیں جب پانی جلجائے چھان لیں اگر اس روغن میں زہرہ کنجشک
و زہرہ مرغ خانگی۔ تخم انجرہ۔ عاقر قرحا۔ رائی سرخ چار چار ماشہ عنبر دو ماشہ کھرل کرکے ملائیں
تو بہت عمدہ طلا ہوگا **ترکیب روغن قسط** قسط دس درم۔ فلفل۔ فرفیون ہر ایک تین درم عاقر قرحا
چار درم جند بیدستر اڑھائی درم۔ شراب کہنہ سو درم۔ روغن زیت پچاس درم۔ قسط اور فلفل کوٹ کے

شب و روز شراب مین بھگوکے جوش دین جب نصف رہے چھان لین تیل ملاکے پھر جوش دین جب تیل رہجاے اوتار کے لگائین صفت شراب فنجنوش انگور خام کا عرق چھ رطل سماق۔ مازو۔ گلنار۔ گلسرخ۔ کندر۔ کشنیز خشک۔ صعتر۔ ناگرموتھا ہر واحد دو درم زعفران۔ مرچ پھکری ہر واحد ایک درم۔ خبث الحدید تیس مثقال سب دوائین کوٹ چھانکے انگور کے پانی مین جوش دین جب تیسرا حصہ رہجائے ملائین اور سب حال نوش کرین معجون خبث الحدید ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ سیاہ مرچ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ ناگرموتھا شیطرج ہندی۔ بالچھر ہر واحد دس درم۔ تخم گندنا۔ سوئے کے بیج ہر واحد چار درم۔ خبث الحدید مدبر سو درم۔ کوٹ چھان کے روغن بادام سے چرب کرکے صاف شہد مین ملاکے دو درم مشک ملاکے چینی کے برتن مین چھ مہینے تک کہ چھوڑین بعدہ دو درم یا زیادہ حسب قوت استعمال کرین طریقہ خبث الحدید کے مدبر کرنے کا خبث الحدید چودہ رات دن انگوری سرکہ مین ایسی جگہ ترکھین کہ خاک اور کوڑا نہ پڑے بعدہ خشک کرکے ملائین دوسرا سبب کثرت منی اور خون کا غلبہ باعث سرعت انزال کا ہو اور اوسکی علامت اعتدال قوام کثرت منی اور قوت آلہ تناسل ہے علاج فصد باسلیق کھولین مگر جبتک اچھی طرح معلوم نہوجاسے کہ سرعت انزال بسبب کثرت رطوبت خون کے ہے فصد نہ کھولین نہین تو فصد لینے سے روح حیوانی مین نقصان لاحق ہوکے ضعف باہ عارض ہوگا اور جو چیزین گوشت اور خون بڑھانے والی ہین چھوڑ دین اور سکنجبین اور رب انار پئین اور شربت نارنج اور غورہ پیین اور کثرت سے جماع کرین کہ بہت مفید ہے خصوصًا جب عرصہ تک اتفاق نہوا ہو تیسرا سبب حرکت جماعی سے یا بہ مجرد مباشرت فاحشہ یا مجرد شہوت کے منی حدت اور حرارت قبول کرلے اور حسب قوت اور ضعف کے حدت اور حرقت کی شدت ہو اور اسی سبب سے اوعیہ منی متاذی ہوکے منی کو سرعت سے دفع کرے اور نکلتے وقت لذع اور حرقت ظاہر ہونا اور منی کا رنگ اور قوام اچھا ہونا اوسکی علامت ہے علاج ترطیب و تبرید مع القبض اوسکا علاج ہے شربت خشخاش اور شیرہ جات تخم خرفہ اور تخم کاہو اور تخم حماض مثل اوسکے پیین اور چاول اور مسور مین شیرہ خشخاش ملاکے کھائین اور سرد اور تر دوائین ضماد کرین

چوتھا سبب اعضاء یعنی ضعیف ہون اور انحفین کے اتباع سے تمام اعضا ضعیف ہون اور سرعت عارض ہو اور اکثر اس قسم کی سرعت نقصان باہ کے ساتھ ہوتی ہے اور اوسکی علامت اور علاج ضعف باہ کا علاج ہے انتباہ جیسا قوت اور ضعف باہ مین مروج کی خاصیت ہے سرعت اور اسکے دفع مین بھی دخل تمام ہے مگر اکثر یہی بات ہے کہ جو چیز امساک کرتی ہے باہ کو ضعیف کرتی ہے اسی سبب سے اہل تجربہ کا قول ہے کہ جو شخص مرض سرعت مین گرفتار ہو تو اسکو مقوی بدن اور بارد الموضع سے تربیت کرے اور تحقیق یہ امر ہے کہ اس بارہ مین اختلاف فریقین بڑا ہے مثلاً اگر سبب سرعت حرارت ہو موضع سرد چاہیے کہ حرارت کا تدارک ہو ورنہ بالعکس فائدہ اور جب اختلاف مین متعدد مقامون کا پانا دشوار ہو تو تبدیل کے واسطے مرد طلاے مناسب لگائے اور اسی دوا کا عورت کو حمول کرائے پس تبرید کے واسطے صندل اور کافور اور مثل اوسکے اور گرمی کے واسطے کباب اور عاقرقرحا اور مثل اوسکے کافی ہے

چوتھا باب کثرت درود منی اور مذی اور ودی کے بیان مین

احتلام اور صحبت مین استادگی اور شہوت کے ساتھ جو چیز نکلتی ہے وہ منی اور منی دل لگی اور مذاق مین رقیق چیز جو خارج ہو وہ مذی ہے اور پیشاب کے بعد یا قبل رقیق لعاب دار چیز جو گرتی ہے اوسکو ودی کہتے ہین اور اوسکے چھ سبب ہوتے ہین پہلا سبب بسبب ترک جماع اور اشیاء مولدات منی کے کھانے سے منی زیادہ ہو کے صحبت کیوقت مستوی القوام منی زیادہ نکلے اور باوجود اوسکے ضعف نہ حادث ہو مگر جب بدن اصل خلقت مین ضعیف اور اوعیہ منی قوی ہون کیونکہ جب اعضاے منی قوی تر ہون منی کو بدن سے زیادہ نکالتے ہین اور جب منی زیادہ نکلتی ہے تو ضعیف بدن کو ضعف زیادہ ہوتا ہے علاج تنقیہ کے واسطے فصد باسلیق کھولین اور تقلیل غذا اور صحبت زیادہ کرین اور جو چیزین مقلل منی کی مفسد ہین حسب حرارت اور برودت مزاج کے استعمال کرین دوسرا سبب منی مین حدت اور حرقت پیدا ہو اور اوسکے لذع کے سبب طبیعت اوسکے دفع کے واسطے

مستعد ہو اور علامت اوسکی منی کا زرد ہونا اور سوزش کے ساتھ نکلنا اور اسباب سابقہ گواہ ہونگے اور شاید حرقت بول بھی عارض ہو علاج سرد و تر شربت جیسے شربت نیلوفر یا شربت عناب چھوڑکے۔ گلنار۔ تخم کاہو۔ اسپغول۔ خرفہ۔ بیخ کاسنی۔ دھنیا۔ نیلوفر پیئین اور تبرید اور تقلیل منی کا علاج کرین شیخ رئیس نے اس سفوف کو اس بارہ مین بہت مفید لکھا ہے ص تخم کاہو۔ بزرالبنج۔ تخم خیار۔ تخم کاسنی۔ کشنیز خشک۔ گل نیلوفر۔ کوٹ چھان کے اسپغول مسلم چھڑک کر مین ایضاً تخم سداب۔ انیسون ایک ایک درم۔ گوگھر و چھوٹا۔ جندبیدستر اجوائن خراسانی سفید۔ دم الاخوین۔ طباشیر کبود۔ ہر واحد دو درم۔ گل سرخ۔ گلنار ہر واحد تین درم۔ کوٹ چھان کے دو درم۔ سرد پانی سے پھانکین تیسرا سبب برودت یا رطوبت کے سبب سے ادعیہ منی سست ہو اور اوسی سبب سے ماسکہ اوسکا ضعیف ہو گیا ہو اور حفظ منی نہ کرسکے اور منی خود بخود نکل پڑے علامت اوسکی ادعیہ کا منی کو حفظ نکرنا اور منی خود بخود باہر آنا اور منی مین رقت ہونا اور بغیر شہوت کے نکلنا اور اخراج کے وقت منی مین گرمی نہونا اور علامت سردی کی منی پیدا ہونا فائدہ اگر ماسکہ مین ضعف زیادہ ہو تو جس طرح سے منی ادعیہ مین آئے بغیر اشتادگی کے نکل پڑتی ہے اور ضعف زیادہ نہین ہوتا تو ادنی حرکت کی محتاج رہتی ہے اور یہ حال بھی حسب درجہ بدلتا رہتا ہے کبھی ابتداً انعوذ مین نزول ہوتا ہے یا بعد تمام ہونے یا مباشرت اور ملاقات مین بدون دخول کے بہرحال جو کچھ ہو اس مرض مین سختی اور قوت شہوت نہین ہوتی علاج گرم دوائین جو منی کو کم کرتی ہین جیسے کہ سنبھالو کے بیج اور پودینہ کی پتی اور ناگرموتھا اور گلنار زیرہ اور تخم سداب اور رہراسفنیا اور شہدانہ اور کلونجی اور میعۂ یابسہ اور مثل اسکے اور گرم غذائین کھائین چوتھا سبب ادعیہ منی کے عضلہ مین تشنج عارض ہو اور منی کھنچاؤ اور فشار کے سبب سے سایل ہو اور علامت اوسکی منی کا متواتر شہوت اور سرعت سے نکلنا علاج جو تشنج مین مذکور ہوا استعمال کرین اور سیون اور انثیین پر روغن لگائین پانچوان سبب گردہ ضعیف ہو اور بسبب شدت حرارت اور شہوت یا کثرت جماع سے اوسکی چربی پگھل کے سیلان واقع ہو اور درحقیقت یہ منی نہین بلکہ گردہ کی چربی ہے کہ منی کی طرح نکلتی ہے اور برسبیل مجازاً اسکو سیلان

منی کہتے ہین اور علامت اوسکی یہ ہے کہ بعد صحبت کے جب پیشاب کرے کوئی چیز غلیظ سپید
بافراط بغیر ذوق اور لذت کے نکلنی اور انزال مین بھی منی بہت ظاہر ہو اور سب علامات
جو ضعف گردہ اور سوء مزاج گرم کے ہین پائے جائین علاج جو کچھ دوا ضعف گردہ اور سوء مزاج کو
مفید ہو اس مرض مین بھی مفید ہے اور یہ قسم بدترین اقسام ہے تھوڑے ہی دنون مین انسان کو
ضعیف کر دیتی ہے چھٹا سبب یہ ہے کہ جماع کی باتین سنین اور کثرت فکر دورمنی اور
مذی کا باعث ہو اور ایسا ہوتا ہے کہ اس کام کا خیال اعضای منی بھی حرکت پیدا کرتا ہے پس
اگر حرارت ضعیف ہو مذی خارج اور اگر قوی ہو تو منی سائل ہوگی مگر اسمین یہ شرط ہے کہ منی بہت ہو
یا ماسکہ ادعیہ منی ضعیف ہو یا منی مین حدت ہو اس وجہ سے کہ بدون ان چیزون کے تنہا حرکت
اعضا اخراج منی نہین کرسکتے علاج صحبت کے ذکر اور فکر سے باز رہین اگر مجرد ہو تو متاہل
کرین پس اگر منی بہت ہو کثرت جماع سے فائدہ ہوگا اور منی کی تقلیل کرنے والی چیزین
مفید ہونگی اگر ماسکہ ضعیف ہو تو مشروبات سے اوسکو قوت دین اور آلہ تناسل اور پیرون
اور اطراف کو ادہان مقویہ سے سینکین اور اگر منی مین حدت ہو تبرید کرین انتباہ
کثرت احتلام کے بھی یہی سبب ہوتے ہین دوا کہ دورمنی اور مذی اور ودی کے واسطے
مفید ہے حب تخم سداب - تخم سنبھالو - گلنار - کوٹ چھان کے دو درم مساوی سکنجبین مین
ملا کے چاٹین ایضاً نارنج بریان - شہد مین ملا کے دین ایضاً تخم سداب تین درم
تخم سنبھالو - بیخ سوسن - ہر واحد ڈیڑھ درم کوٹ چھان کے آب غورہ یا
دہی دو درم ملا کے کھائین ایضاً تخم و بیخ کیلا - سنگھاڑہ ہر واحد دو درم
بلوط - تخم کاہو - پوست ناگر موتھا - ہر واحد تین درم - جند بید ستر ایک درم
تخم خرفہ چار درم - پوست ہلیلہ کابلی - پوست بلیلہ - آملہ مقشر ہر ایک سات درم کوٹ چھان کے
سفوف بنا کے کف دست پھانکین سفوف شیخ رئیس تخم کاہو - اجوائن خراسانی - تخم خیار
تخم کاسنی - دھنیا خشک - گل نیلوفر مساوی کوٹ چھان کے اسپغول مسلم اضافہ کر کے سفوف
بنائے دودھ سے پھانکین انتباہ اسپغول بھوسی نکالا ہوا یا کوٹا ہوا جیسا کے کھانا سم ہے ایضاً
تخم سداب - افیون - ہر واحد ایک درم - گوکھرو چھوٹا - جند بید ستر - اجوائن خراسانی سفید

دم الاخوین۔ طباشیر۔ ہر واحد دو درم۔ گلسرخ۔ گلنار۔ ہر واحد تین درم۔ کوٹ چھان کے دو درم
آب سرد سے روز پھانکین۔ روغن عاقرقرحا مسہی اور مقوی اعصاب عضو تناسل اور کثرت
احتلام کے واسطے مفید ہے۔ ص عاقرقرحا۔ فرفیون۔ ہر واحد دو درم۔ قسط۔ زنجبیل۔ بسباسہ۔ پیپل
ہر واحد ایک درم۔ مصطگی۔ جندبید ستر۔ افیون تین تین درم۔ روغن نرگس پانچ درم۔ سب اجزا
کوٹ چھان کے روغن مین ملا کے روز لگائین

پانچوان باب منی الدم کے بیان مین

کبھی منی [illegible] خون آتا ہے اور اس عارضہ کا سبب ہے انثیین کا ہاضمہ ضعیف ہونا کیونکہ انثیین مین
منی [illegible] غلیظ خون کے داخل ہو کے سفید رنگ پیدا کرتی ہے جیسے چھاتی مین [illegible]
احتلام یا صحبت کی حالت مین آتا ہے۔ کہ پیشاب مین اور کبھی کبھی جوش [illegible]
ضعف [illegible] زیادہ ہوتا ہے علاج گردہ اور انثیین کو قوت دین اور اگر ضعف کا [illegible]
اور علامات حرارت ظاہر ہون تو روغن مصطگی بہت مفید ہے ص مصطگی [illegible]
روغن زیت یا روغن گلاب یا روغن کنجد مین ملا کے آتشی شیشی مین رکھ کے پھر آب
دیگچی مین رکھ کے جوش دین جب پانی جل کے مصطگی پگھل جائے کام مین لائین
اور اگر سبب ضعف انثیین حار ہو تو روغن بادام کی مالش کرین اور ہر صباح
ببول کا گوند۔ طباشیر کبود۔ گلنار۔ زہر مہرہ خطائی۔ دم الاخوین۔ گلسرخ۔ گل زرد
باریک پیس کے شربت بزوری بارد ملا کے کھائین

چھٹا باب غدیط کے بیان مین

عجائب الاتخاب مین لکھا ہے کہ یہ ایک مرض ہے کہ صحبت مین انزال کے وقت با ارادہ براز
نکلجاتے اور مقام براز اوسکو روک نہ سکے اور یہ مرض اکثر ایسے آدمیون کو ہوجاتا ہے جنکو
صحبت مین لذت تام حاصل ہو اور اونکی منی انتہا درجہ رقیق اور گرم ہو اور خون بھی رقیق
اور اعصاب سست اور ارواح کم اور عضلات ضعیف اور طبیعت کثیف ہو اور حسیات

لمس نہ یادہ ہون اور ایسے مریض کی اولاد بھی اکثر ناقص العقل ہوتی ہے بخلاف اون لوگون
کے جو لذت صحبت سے متنفر ہون جیسے حکما و فضلا وغیرہ اونکی اولاد کامل فکر و عقیل
ہوتی اور سب قوی درست ہوتے ہین اور یہ مرض اونھین اسباب سے اکثر عورتون کو
بھی لاحق ہوتا ہے علاج دل اور دماغ و اعصاب کو قوت دین اور جماع پر حریص
ہون اور صحبت سے قبل پاخانہ اور پیشاب سے فراغت کرلین اور رامک و گلنار
اور گوند ببول اور کندر کا شیافہ لیا کرین خصوصًا صحبت کے وقت اور روغن بہی روغن
ناردین خصوصًا روغن ابہل پاپخانہ کی جگہ ملنا اور مرہم قوابض پراز کے مقام پر لگانا
مفید ہے صفت روغن ابہل ابہل کی بونڈیان۔ جوز السرد۔ برگ بید۔ عاقرقرحا
مرزنجوش۔ اکلیل الملک۔ بھلاوان۔ اذخر مساوی الوزن کوٹ چھان کے
چہ گنے پانی مین جوش دین جب چہارم رہے چھان کے اور پانی کا چہارم روغن سداب
ملا کے نرم آنچ پر پکائین کہ پانی جل کے روغن رہجاوے بعدہ جند بیدستر اور ابہل مین کے
اوس مین ملا کے رکھ لین مرہم قابض روغن بہی۔ روغن حنا چار چند اور کہربا
اقاقیا۔ برگ حنا ہر واحد ایک حصہ باریک پیسکے روغن مین شریک کرکے مرہم کی طرح
بنا کے ہر روز لگائین چونکہ کثرت لذت اس علت کو بڑھانے والی اور صفائی محل
ازدیاد لذت کا باعث ہے اسواسطے نام غیب اور بارد الموضع عورتون کی صحبت سے
نفع ہوتا ہے یہی دوائین عورتون کو بھی مفید ہین

ساتوان باب فریسموس کے بیان مین

بقول حکیم محمد اکبر ارزانی یونانی زبان مین فریسموس ایک کھلونے کا نام تھا جسکا آلہ تناسل استادہ
بنا تھا اور یہ رواج تھا کہ عروس کو پہلے اوس سے کھلاتے تھے اس سبب سے اس مرض کا
یہ نام رکھا گیا کہ اسمین بھی مریض کا عضو تناسل ہمیشہ سخت اور استادہ رہتا ہے اطبا اسکا
سبب کثرت ریاح غلیظ لکھتے ہین جو آلات تناسل اور اوسکے حوالی مین جمع ہوتے ہین
اور مواد اوسکا رطوبت غلیظ ہے جسکے ساتھ خفیف حرارت بھی ہوتی ہے اور کبھی پوست
قضیب اور انثیین اور اوسکے حوالی کے مسامات بند ہوکے اس علت کا باعث ہوتے ہین

اور مسامات بند ہونے سے ہروقت فضول جمع رہتی ہین اور تحلیل نہین ہوتے اور گاہ گاہ
رگین جو آلۂ تناسل سے ملی ہین اونکا مُنھ فراخ ہو جاتا ہے اور مواد غلیظا اون رگون مین آکے
اس حالت کے مادہ کا مددگار ہوتا ہے اسباب اس بیماری کے غلیظ اور ترش اور
ریاح پیدا کرنے والی غذائین ہین جیسے لوبیا۔ نخود۔ آب انگور۔ نیم برشت زردی بیضۂ مرغ
اور چھیر وغیرہ اور اکثر اوندھا سونا بھی محرک شہوت ہے اور باہ کو برانگیختہ کرتا ہے
اور علت مذکور کبھی تو آرزوے جماع کے ساتھ اور گاہ بلا شہوت ہوتی ہے اور روز بروز
آلۂ تناسل موٹائی اور طول مین بڑھتا جاتا ہے اس مرض کا جلد تدارک کرنا چاہیے کہ گرم ورم
حادث نہونے پائے اور بسبب شدت مشارکت دل اور دماغ کے ہلاکت کی نوبت نہ آئے
صاحب ذخیرہ اس مرض کے تین سبب لکھتا ہے پہلا سبب رطوبت غلیظ کے مادہ کے
سبب سے اوسکی علامت امتلاء بلغمی کے علامات ہین اور جو اوسکے علاج ہین وہی اسکے
واسطے بھی مفید ہین دوسرا سبب خون کے ازدیاد کے سبب سے اور علامت اوسکی
آثار غلبۂ خون اور ملمس گرم اور رنگ سرخ اور جو علاج خون کے کم کرنے والے ہین وہ
مفید ہونگے تیسرا سبب ریاح ہے جسکے سبب سے عضو تناسل کا طول اور ضخامت مین حد سے زائد
بڑھنا اسکے علاج مین غفلت ہونے سے عضو تناسل بے انتہا بڑھ جاتا ہے اور اختلاج
پیدا ہوتا ہے اور اوعیۂ منی کھنچ جاتے ہین اور ورم گرم پیدا ہوتا ہے پیٹ مین پیچ اٹھ جائیگی
اور پسینہ سرد آئیگا اور موت قریب ہوگی سبب اول مین چند بار متواتر اور مبالغہ کے ساتھ قے
کرائین اور نیچے کے اعضا کی مالش کرین اور زنٹون کی طرح اولٹنی کی ریاضت کرین تاکہ وہ
تحلیل اور دفع ہوا اور اوپر کی طرف مائل ہو اور لطیف غذا قلت سے کھائین اور اجزاء مکسر ریاح مقلل
منی کا استعمال کرین اور مفید اور محلل ضماد آلۂ تناسل اور اوسکے حوالی مین لگائین اور صحبت کے
خیال سے باز آئین مگر جب ترک صحبت سے ایسے ضرر پیدا ہونیکا شبہہ ہو جو ترک جماع سے
واقع ہوتا ہے تو جماع کرنا مضائقہ نہین اور دوسرا سبب جو مادہ خون سے ہوتا ہے اوسمین اول
فصد لین بعدہ متواتر قے کرائین تاکہ وہ مقامات علت سے دفع ہوکے اوپر کیطرف پلٹ جائے
اور بیخ نیلوفر اور بیخ اذخر اور سنبھالو جوش کرکے پلائین کہ پیدائش منی کم ہو اور سر کہ

گلاب خرفہ اور کاہو کے پتون کے عرق مین مع مسور پختہ کے پیس کے تفضیب و بگرگاہ اور انثیین اور عانہ پر ضماد کرین اور تخم کاہو اور تخم خرفہ مساوی بالاشتراک یا علیحدہ علیحدہ پانی مین پیس کے پلائین اور جو تدبیرین خون کو لطیف کرتی ہین عمل مین لائین حکیم جالینوس کا قول ہے کہ ایک شخص کو یہ عارضہ ہوا مین نے موم خالص گل روغن مین ملا کے لگایا فضل خدا سے جلد شفا پائی اور دوسرے مریض کی فصد کھلوائی اور نیلوفر کی جڑ اور سنبھالو کے بیج مساوی پیس کے پلائے اور جنگلی بابونہ کا لیپ لگایا اور اچھی طرح پرہیز کرایا اچھا ہو گیا اور انتہا مین اس عارضہ کے واسطے گل سُداب اور تخم سُداب ضماداً اور شرباً مفید ہین۔ اور بو علی سینا اور بعض اطبا نے اس مرض مین جماع سود مند لکھا ہے تاکہ مواد اور ریح دفع ہوتی رہے اور بستر کتان اور برگ گل تر اور برگ بید تر و تازہ پر ننگی پیٹھ سونا اور سیسہ کا ایک ٹکڑا ریڑھ پر کمر کی جگہ باندھنا اور اجزاء محلل کا نطول مفید ہے اور تیسرے سبب کا علاج فصد باسلیق و ہفت اندام اور صافنین کھولنا اور قے کرانا اور بنفشہ خشک اور املتاس اور مکو کے بیج اور ہنسراج سے طبیعت نرم رکھنا اور کشکاب جو پانی اور لسوڑا اور خطمی اور آلو بخارا چھوڑ کے پلانا مفید ہے

آٹھوان باب کثرت شہوت کے بیان مین

زائد خواہش صحبت کو کثرت شہوت کہتے ہین اور اوسکے چند سبب ہوتے ہین پہلا سبب بدن کے ممتلی اور خون اور منی کے زیادہ ہونیکے سبب سے علامت اوسکی قوت بدن اور سرخی رنگ اور باوجود یکہ احتلام اور صحبت مین منی کثرت سے خارج ہو مگر ضعف کم معلوم ہونا پس اگر کثرت شہوت جوانی مین بدن کی قوت اور صحت مزاج کے ساتھ ہو اور صحبت مین ضعف اور ضرر نہو تو اوسکے موقوف کرنیکی تدبیر نکرین اس وجہ سے کہ شہوت کا بلا ضرورت توڑنا مزاج کو ضعیف اور قوت کو سُست اور روح کو کم کرتا ہے ہان اگر ضعف اور ضرر ظاہر ہو تو فرو کرنا اوسکا علاج ضروری ہے علاج فصد اور مسہل لین اور پانی اور غذا مین قلت کرین اور غذا مائل بہ ترشی زیادہ کھائین اور آب عناب یا آب انگور یا آب مسور یا آب غورہ یا آب انار ترش اور سرکہ بالاشتراک یا علیحدہ علیحدہ پلانا مفید ہے اور کاہو کے بیج اور [illegible] کے بیج شاہدانج

دھنیا خشک - اڑدبلوط - نیلوفر - تخم خرفہ - صندل - سماق - گلنار - طباشیر - مسور مقشر -
گلسرخ - کافور - سفوف بنا کے پھانکیں اور جو چیزیں مقلل منی ہیں استعمال کریں اور تبرید
پشت اور گردہ اور رادعہ منی کے واسطے اقاقیا - گل ارمنی - طراثیث - گلنار - آب آس میں
ملا کے پیٹھ اور گردہ پر ضماد کریں اور برگ پالکھان بید یا برگ نیلوفر علیحدہ علیحدہ یا شریک
کر کے بستر پر بچھائیں اور برہنہ پشت اوپر چت سوئیں اور سیسے کا ایک ٹکڑا گردن پر باندھنا
بالخاصیت مسکن شہوت ہے دوسرا سبب بسبب لذع اور ہیجان کے
منی میں حدت پیدا ہو اور اوسکے خروج کے مقصد سے شہوت زیادہ ہو اوسکی علامت
حرقت بول اور سرعت انزال اور اخراج کے وقت حرقت اور لذع محسوس ہونا اور اوسکے بعد
بدن میں ضعف عارض ہونا علاج کدو اور خرفہ اور کاہو اور خیر بریخ اور مثل اونکے جو چیزیں
بارد مقلل منی اور تھوڑی مخدر ہوں جیسے پوست خشخاش اور پوست بھنگ فائدہ
کرتی ہیں اور کھٹا دہی پینا اور سرد پانی میں بیٹھنا اور نہانا نافع تر ہے اور وہی طلا اور ضماد
جو پہلے سبب میں مذکور ہیں تیسرا سبب رطوبتیں جو منی ہونے کے واسطے مستعد ہوں
زیادہ ہوں اور باوصف ضعف بدن اور قلت خون اور فتور قوی کے شہوت غالب رہے
علامت اوسکی بخار اور رقت سفیدی منی اور کثرت نفخ ہے علاج گرم دوائیں جو منی کو کم کرتی ہیں
جیسے کلونجی - تخم سداب - تخم سنبھالو - پودینہ - مرزنجوش - اور مانند اوسکے استعمال کریں
کہ رطوبت تحلیل ہو اور جوارش کمونی بہت مفید ہے اور بادشکن غذائیں جیسے تیتر بٹیر
کبک - اور مثل اوسکے نافع ہیں چوتھا سبب اعضاے منی قوی ہوں حالانکہ اور
اعضاے رئیس ضعیف رہیں اور تھوڑی رطوبت ہو مگر بدن اپنی حالت پر رہے اور ظاہر ہے
کہ جب بدن اپنی حالت پر ہوگا اور منی قوی قوت شہوت ہوگی اگرچہ بعض عضو رئیس
ضعیف ہوں مگر جب عضو رئیس ضعیف ہونگے تو ہمیشہ ایسی حالت میں استفراغ منی سے
ضرر ہوگا مثلاً جس شخص کا دماغ اور اعصاب ضعیف ہوں اور اعضاء منی قوی اگر صحبت
ترک کرے تو منی بہت جمع ہوگی تبخیر کا باعث ہوگی جو کثرت مادہ مرطوب معمول الحرارت کیواسطے
ضرور ہے اور قبول انفعال کے سبب سے کہ جو ضعف کیواسطے ضرور ہے ابخرہ بلند ہونگے

اور وہ ابخرے دماغ مین پہونچینگے تو دماغ ضعیف اور فاسد ہوگا پس اگر جماع پر ملازمت کریگا
تو دماغ اور اعصاب مین ضرر ہوگا اور اس نوع کی علامت کسی عضو رئیس مین ضعف پایا جانا
اور اعضاء منویہ مین قوت کا ہونا پس اگر دماغ مین ضعف ہو تو پریشانی حواس اور
فساد فکر وغیرہ ظاہر ہونگے اور اسی طرح اور آثار ہین کہ ہر عضو ضعف کے واسطے مخصوص ہین
جب ضعف ظاہر ہوگا وہی آثار ظاہر ہونگے علاج اگر اعضاء منی کے ساتھ برودت اور
نفخ ہو نیلوفر برگ کاہو کے پانی مین پیس کے ضماد کرین اور تخم سُداب۔ جند بیدستر
اور اجوائن خراسانی سفید ایک درم آب سرد سے پھانکین ایضاً آب نیلوفر سے
نطول کرین پانچوان سبب بثور یا قروح یا خارش کا اوعیہ اور مجاری منی مین حادث
ہونا اور اوسکے دغدغہ کے سبب سے شہوت ہونا علامت اوسکی صحبت سے شہوت زیادہ اور
انزال بسرعت ہونا اور بعد انزال کے بھی شہوت قائم رہنا اور جب بثور مین قرحہ ہو تو آثار اوسکی
اور درد اور تکلیف ہونا خصوصاً انزال کے وقت اور علامات زخم کے بھی پائے جائین
جیسے چھلکون و پیپ کا پیشاب مین اور یون بھی نکلنا علاج اگر کوئی امر مانع ہو
تو فصد لین اور مواد دفع ہونیکے واسطے مسہل دین اور تعدیل مزاج کے واسطے شیرہ تخم خرفہ۔
تخم کاہو۔ بنفشہ۔ مغز تخم کدو۔ لعاب اسپغول۔ نقوع بنفشہ ملا کے پلائین اور قضیب کو بہت ٹھنڈے
پانی مین ڈبوئے رہین چھٹا سبب بدن مین نفخ زیادہ پیدا ہوکے باعث شہوت ہو جیسا اکثر
مراق والون کو ہو جاتا ہے اور اوسکی علامت شہوت شدید اور مقدم نفاخ چیزون کا کھانا
اور باوصف اوسکے اگر اصل مزاج مین اوس مریض کے نفخ ہو صاحب وسکا سودائی
مراقی مین مبتلا ہو تو اس نوع کے وجود پر دلیل قوی ہے علاج اگر تبخیر اور نفخ کا سبب
قوت حرارت ہو تو مبردات دین جیسے شیرہ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ تخم کاسنی۔ پانی مین پیس کے
پلائین۔ اور اگر سبب وسکا ضعف حرارت اور اکثر رطوبت ہو تو چیزین خشک اور ریاح
تحلیل کرنیوالی ہون اوسکو استعمال کرین اور اگر کثرت سودا اسکا باعث ہو تو استفراغ کے
واسطے فصد باسلیق کھولین اور افتیمون کا جوشاندہ پلائین مقلل منی مولی خام شکر یا نمک سے
نہار کھانا مقلل منی ہے اور جسقدر ترشیان ہین وہ مقلل منی ہین جیسے انبہ اور املی وغیرہ

ایضاً کتیرہ سفوف کرکے پھانکنا یا بھگوکے یا شربت مین شریک کرکے کھانا مقلل منی ہے
مگر کتیرہ بجز گرم مزاج اور جوان کے کمزور اور ضعیف کو ہرگز نہ دین ایضاً کافور مشموماً اور اکلاً
مقلل منی ہے مگر یہ بھی بجز جوان حار مزاج کے ضعیف المزاج کو نہ دیا جاے اور کافور بغیر مسا
کیے ہوے استعمال نکرین اور مساعد کی ترکیب یہ ہے ص پانچ تولہ کافور کو مع ایک لونگ کے
پھول کی تھالی مین بیچ مین رکھکے اوپر سے ایک کٹورا پھول کا اوندھائین اور اطراف کٹورے
کے مٹی یا آٹے سے بند کرین کٹورے کی پشت پر بینڈول مٹی لگائین یا تہ بتہ کپڑا بھگوکے رکھین اور
تھالی کے نیچے چراغ اس طرح سے جلائین کہ نیم چراغ کی کافور کے نیچے رہے اور پشت کٹوری کی
جب خشک ہو پانی کا پوچارا پھیرین یا کپڑا اتر کرین پس جسقدر کافور تھالی سے اوڑکے کٹورے
مین لگجاے وہ کافور مساعد ہے پانچ تولہ مین ڈیڑھ تولہ انتہا دو تولہ نکلتا ہے

نوان باب صحبت کے ضرر کے بیان مین

ابتداے شب مین معدہ پر اور عروق ممتلی ہوتے ہین اسوقت کی قربت مختلف عارضون کا
باعث ہے جیسے لقوہ - فالج - وجع مفاصل - نقرس - عرق النسا - قولنج - ریگ سنگ گردہ
و ریگ سنگ مثانہ وغیرہ اس وجہ سے کہ غیر منہضم غذا عروق مین پہونچتی ہے اور وہی سدہ کا باعث
ہوتی ہے اور جب معدہ خالی ہو تو قربت بدن کا خشک قوی کو ضعیف اور قوت کو زائل کرتی ہے
آخر شب اس کام کے واسطے بہتر ہے یہ اعتدال کا وقت ہے اور حرارت اور برودت اور یبوست اسوقت
درجہ اعتدال پر ہوتی ہے اگر حرارت کے غلبہ مین مباشرت ہو تو اس حالت مین جو حرارت حادث
ہوگی او مین ملکر بدن کو گرم اور تحلیل زائد کرے گی و سردی غالب ہوگی تو جو برودت بعد صحبت
کے حرارت شہوت فرو ہونے سے حاصل ہوگی او مین ملکے سردی کو غالب کرے گی اور یبوست
غالب ہوگی تو جو یبوست بعد قربت کے حاصل ہوگی او مین ملکے خشکی مزاج کا باعث ہوگی اور
درد سر اور تپ پیدا کرے گی اور اگر ان اوقات مین از روے خطا مباشرت کا اتفاق ہو یا اکثر
خلا مین قربت ہو تو امتلا کو حرارت و برودت و یبوست ہوگی اور امتلا معدہ کا ضرر تو کم ہوگا
مگر خلا کا ضرر ان سب سے زیادہ ہوگا کیونکہ خلا معدہ اور یبوست دونون قوت ساقط ہونیکا
باعث ہین اور برودت حرارت غریزی کے منطفی ہونیکا سبب ہے اور یہ ضرر سب سے قوی ہے خلا

معدہ بدہضمی تخمہ ہیضہ ضعف تپ اور اون سب عارضون مین جنکا علاج صحبت نہین ہے اور
مسہل اور حمام اور بول و براز اور بعد احتلام کے بغیر نہائے اور غشی اور ریاضت اور کسل راہ
اور سخت گرمی اور زیادہ سردی اور سرد ہوا اور بدخوابی اور خفقان اور
بدمستی - اور خمار - بڑھیا - اور حاملہ سے - اور احتباس - اور حیض و نفاس - اور بیمار
اور غشی - اور حالت خواب - اور آندھی - اور بارانی - اور غم - اور غصہ - اور سخت اندھیری - بے پردہ
اور میدان - اور چاندنی مین صحبت منع ہے - اور حیوانون - اور مردہ - اور مردون سے فعل کرنا
سخت عارضون کا باعث اور ممنوع ہے - جس جوان عورت کا مدت سے مرد سے اتفاق نہوا ہو
فوراً اوس سے وصل بچانا ہے - بدصورت اور بدمزاج اور دوشیزہ باکرہ عورتون کی صحبت اکثر تکدر
اور ملال کا باعث ہوتی ہے خشک و لاغر اندام اور کمزور کو کثرت سے قربت نکرنا چاہیے کہ رطوبت
اصلی خرچ ہوکے حرارت اعضا مین مستولی ہوکے دق کی نوبت پہونچیگی یا حرارت غریزی اور
رطوبت اصلی ضائع ہوکے دق شیخوخیت ہوجائیگی فربہ اندام بلغمی مزاج اگر کثرت سے مشغول رہیگا
تو وہ اگرچہ دق سے محفوظ رہیگا مگر اور مہلک عارضون مین گرفتار ہوگا بوعلی سینا خلا مین
کثرت صحبت کو زیادہ مضر اور بدتر لکھتا ہے وہ کہتا ہے کہ خلا مین کثرت صحبت سے دیکھا کہ بجائے
منی کے خون استفراغ ہوا اور وجہ اسکی یہ ہے کہ کثرت اور پیہم استفراغ سے جب مثانہ
خالی ہوا تو اوسنے پیہم غذا گردہ سے طلب کی اور گردہ خالی ہوا تو جگر سے غذا کا طالب ہوا
اور جگر خالی ہوکے معدے سے غذا چاہتا ہے اور معدہ پیہم غذا دینے سے عاجز ہوا تو
خام غذا دیتا ہے اور یہ خام غذا طرح طرح کی آفتین ظاہر کرتی ہے جگر مین پہونچی تو
سدہ پیدا کیا اور ورم جگر کا باعث ہوتی اور یرقان یا استسقا ہوجاتا ہے اور جگر سے
جب خون پیدا ہوکے دماغ مین پہونچا تو دردسر - سکتہ - نسیان - فالج - لقوہ - رعشہ
وغیرہ ضعف اعصاب و عوارض دماغ کا باعث ہوگا اور اگر وہ خون خام دل مین وارد ہو تو
اوسکی رطوبت فاسد مثل غلاف کے ہوکے خفقان کا باعث ہوگی اور جب پھیپڑی کی جانب
رجوع کریگا تو نزلہ ضیق النفس سل کا باعث ہوگا اور حجاب مین وارد ہوکے ذات الجنب
ہوگا اور طحال مین سدہ اور ورم صلب اور یرقان اصفر پیدا کریگا اور وہ جوڑون مین

مستحیل ہو کے درد کمر اور پٹھون کے درد اور عرق النسا مین مبتلا کرے گا اور درد گردہ مین باعث ضعف اور امراض گردہ اور مثانہ مین ضعف قوت اور امراض مثانہ اور کثرت کی حالت مین منی الدم مین گرفتار کرے گا اس نظر سے خلا کا استفراغ بدتر ہے اور کثرت صحبت مین رطوبت غریزی کی خرچ اور بدن خشک اور انہین اسباب سے حرارت غریزی قوی اور قوی ضعیف اور بدن کا رنگ زرد اور نحیف ہوجاتا ہے اگر کوئی خلط فاسد پیدا ہووے تو بعد قربت اور اور کبھی قبل لرزہ ظاہر ہوتا ہے پس اعتدال کے ساتھ خط اوٹھانا اور معدہ اور اعضا کی قوتون اور حفظ صحت کا لحاظ رکھنا ضرور چاہیے کہ صحت ہی پر دار و مدار حیات کا ہے جب دماغ اور بصارت اور قلب مین ضعف ظاہر ہو تو اس سے احتراز لازم ہے

دسوان باب منافع اور اوقات صحبت کے بیان مین

قربت استفراغ طبعی ہے اگر خواہش صادق مین اتفاق ہو تو فضلات بدن دفع ہوتے ہین اور بدن سبک اور غذا زیادہ قبول کرنے پر مستعد ہوتا ہے اس وجہ سے کہ ہضم ثالث کے بعد جسم مین اگر کوئی شے کم ہوتی ہے تو طبیعت اوسکی طلب کے واسطے حرکت کرتی ہے اس وجہ سے بھوک بھی کھلجاتی ہے اور ہضم بھی اچھی طرح سے ہوتا ہے اور اعضا معدہ غذا قبول کرتے ہین اور بدن قوت پاتا اور ترقی کرتا اور قوت عصبانی اعتدال پر پھر آتی ہے اور ترک صحبت سے انسان طرح طرح کے مرضون مین گرفتار رہتا ہے مثلا جب انسان باوصف قوت اور خواہش طبعی کے احتراز کرتا ہے تو منی متعفن ہوتی ہے اور اوسکا بخار دل اور دماغ کی جانب جاتا ہے اور اسکے سبب سے درد اور دوران سر اور ضعف بصارت ثقل بدن خفقان قلت اشتہا کثرت بیخوابی اور بڑی بڑی فکرین اور اندیشہ اور اعراض مالیخولیا لاحق ہوتے ہین یا امتلا مواد انثیین اور قضیب اور ورم اور پھنسیون اور قرحون مین مبتلا ہوتا ہے یا اون لوگون کو جنکی حرارت غریزی قوی ہو بخار عارضے دباتے ہین پس یہ سب باتین استفراغ طبعی صحبت سے دفع ہوجاتے ہین بعض شخص ایسے ہوتے ہین کہ مدت تک اونکو استفراغ کا موقع نہین ملتا اور منی اونکی اوعیہ مین مستحیل ہوتی ہے اور بخارات اوسکے

دل و دماغ پر چڑھتے ہین تو ایسے آدمیون کو وہ بیماری جو عورتون کو ہوتی ہے یعنے عارضہ اختناق الرحم کے مانند مردون کو بھی لاحق ہوتا ہے پہلے اعضا مین کسل اور گرانی محسوس ہوتی ہے اور بدن سرد ہو جاتا ہے پھر عارضہ اختناق الرحم عارض ہوتا ہے۔ حکما نے غذا حلق سے معدہ مین پہونچنے کے بعد چار استحالہ مقرر کیے ہین۔ پہلا ہاضمہ غذا معدہ مین پکے عمدہ جب اوسکا کیلوس جو آش جو کے مثل ہوتا ہے کلیجے مین جاتا ہے اور فضلہ امعا قولون سے دفع ہوتا ہے۔ دوسرا ہضم جگر مین ہوتا ہے اور عمدہ اوسکا کیموس ہوکر دل مین جاتا ہے اور فضلہ اوسکا پیشاب ہوکے گردہ کی طرف سے دفع ہوتا ہے اور تیسرا ہضم دل مین ہوکے عمدہ خون بنتا ہے اور تمام اعضا مین پہونچتا ہے چوتھا ہضم اون اعضا مین ہوکے جسم اون اعضا کا بنتا ہے۔ پس حکما نے صحبت کا وقت ہضم اول کے بعد مقرر کیا ہے چونکہ ہضم ہر شخص اور ہر غذا کا یکسان نہین ہوتا اور طبیب کے سوا ہر شخص کو یہ امر جاننا دشوار تھا اسواسطے معتدل الہضم کے واسطے تین گھنٹہ تک فصل مقرر کیا ہے۔ اور بعضے طبیب چار گھنٹہ ہضم کے بعد صحبت کو جائز رکھتے ہین۔ مگر شیخ رئیس انکے خلاف ہین اور بالاجماع اطبا نے اس بات پر اتفاق رای کر لیا ہے کہ غذا ہضم ہو جائے گر معدہ خالی نہونے پائے اور شہوت صادقہ ہو اور عینی منی اور قوت جسم کی سالم اور اعضا تندرست قوی ہون بلا سبب اور بیرونی خیال محبت اور رویت اور لمس اور ملاعبت وغیرہ کے آلات تناسل مین انتشار ہوگا مکان تنہا و تخلیہ کا اور سامان آسایش مہیا ہو معتدل در کیفیات اور بعینہ بھی اعتدال ہو اس وجہ سے اگر غذا اول شب مین کھائی ہو تو [illegible] نصف شب یعنی اتفاق عمدہ ہے او وقت غذا بھی ہضم ہو جایگی معدہ بھی خالی نہوگا اور قوی درست اور طبیعت درست ہوگی اگر ایسی حالت مین قیام حمل ہو تو اولاد دانشمند عاقل تر و تندرست ہوگی اور بلحاظ حد اعتدال کے تفرقہ مین بھی فصل کرنا چاہیے۔ ایک جوان نے کسی طبیب سے پوچھا ہر ہفتہ مین کتنے دن صحبت کرنا چاہیے طبیب نے جواب دیا دو سال کا جوان نے کہا اگر شہوت کے غلبہ و عورتین کرے ایک ایک سال فصل دے پوچھا اگر اس سے آسودہ نہوسکے کہا چاہیے عورتون سے تین تین مہینے فصل دیکے کہا اگر اس سے زیادہ کی قوت ہو جواب دیا کہ بارہ عورتون سے ایک مہینہ فصل دیکے جوان نے کہا اگر کسی شخص کو اس سے بھی سیری نہو اور شہوت بیتاب ہو حکیم نے

کہا باون عورتوں سے ایک ایک ہفتہ کے بعد کہا اگر کسی شخص کو اس سے بھی زیادہ ہوس ہو
کہا کہ ایک شب صحبت کرے دو شب فارغ رہے کہا اگر ایک شب مین چار پانچ دفعہ اتفاق
ہو اکرے طبیب نے کہا در حقیقت ہر شب ایک بار بھی قوت مین نقصان صحت مین
زیان ہوتا ہے اسکو اختیار ہے جو چاہے کرے مگر کفن بھی اپنا ساتھ رکھے غرض صحبت سے
اولاد ہے پس یہ بھی مقصد حاصل نہوگا اور صحت مین بھی خلل ہوگا

گیارھوان باب صحبت کے مضرت کا تدارک

سرد اور خشک مزاج آدمی کے لیے تری بڑھانیوالی تدبیرین عمل مین لائین غذا میدہ کی
روٹی اور گوشت بزد خواہ شوربا خواہ کباب ورہریسہ موافق ہضم کے کھائین اور غذا مین
خشک مصالح مثل سونٹھ۔ دارچینی۔ کالی مرچ اور الائچی ملائین اور گرم اور نرم بستر پر سوئین اور جب
کھانا ہضم ہو حمام کرین اور روغن یاسمین اور روغن خیری ملین اور شور اور ترش غذاؤن سے
پرہیز کرین اور خرما دودھ مین پکا کے شہد مین ملا کے پیین اور قوت یکبارگی ساقط ہو جائے
تو ماء اللحم یا یخنی گوشت مرغ کی اور زردی بیضۂ مرغ نیم برشت تھوڑا شہد اور دارچینی ملا کے
کھائین یا دواء المسک۔ ماء العسل مین ملا کے کھائین اور مشکین لخلخہ سونگھائین
ترکیب ماء اللحم دس سیر گوشت حلوان بکری کا خوب صاف کر کے ایک دیگ مین مع چار سیر
دہی و دھنیا اور اٹمک پاؤ سیر جوز۔ جاوتری۔ دارچینی۔ لونگ۔ الائچی۔ ہر واحد دو تولہ
کوٹ کے پوٹلی باندھ کے گوشت مین چھوڑ دین اور عرق کی طرح کھینچ کے استعمال کرین اگر تھوڑا
گوشت ہو اور چاہین کہ مثل ماء اللحم کے عرق لین تو ایک سیر گوشت اور دسوان حصہ ان اجزا کا
جو اوپر مرقوم ہین لیکے ایک دیگچی کے اندر ایک پیالہ چینی کا رکھکے دیگچی کے منھ پر کپڑا
باندھ کے اوس کپڑے پر سب اجزا مع گوشت کے رکھکے اوسکے اوپر ایک سرپوش آب سرد سے
بند کر کے رکھین اور نیچے سے خفیف کوئلون کی آنچ دین اور دیگچی ایک کونڈی مین ٹھنڈے پانی کے اندر
رکھی جب پانی گرم ہو بدلتے جائین اور خیال رکھین کہ گوشت جلنے نپائے حلواے بیضہ
اس قسم کے جملہ امراض مین بہت مفید ہے دماغ و دل و جگر کو قوت دیتا اور خون اور باہ کا

زیادہ کرتا ہے۔ زردی بیضہ مرغ۔ زردی بیضہ گنجشک نر۔ زردی بیضہ کبوتر۔ ہر واحد سو عدد۔ آدھ سیر
مسکہ گھی۔ زردی مین خوب لت کرکے پاؤ سیر گھی آگ پر چڑھا کے گرم کرکے زردیون کو اوسمین بھون لے
پھر مغز پستہ۔ مغز بادام۔ مغز چرونجی۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ ہر واحد آدھ پاؤ۔ شہد خالص ایک سیر
قوام قند سفید کا ایک سیر ملا کے۔ بعد قوام ہونے کے جاوتری۔ جوز بوا۔ دارچینی۔ عاقرقرحا۔ الائچی سفید
لونگ۔ موصلی سفید۔ کامراج۔ ہر واحد ایک تولہ۔ کشمش۔ چھوہارا۔ ہر واحد پاؤ سیر ملا کے استعمال کرین
صفت ماء العسل شہد خالص ایک حصہ۔ آب صاف دو حصہ نرم آنچ پر جوش دیکے کف نکالین جب
دو ثلث باقی رہے اوتارلین اور بعض طبیب ایک جزو شہد اور چار حصہ پانی کئی دن کا رکھا ہوا جوش
دیکے نصف رکھتے ہین اور بعض ایک جزو شہد اور دس حصہ پانی کئی دن کا رکھا ہوا جوش دیکے ایک ثلث
رکھتے ہین۔ لکھا ہے عاشق یا جنکو جماع کی خواہش زیادہ حاصل ہوتا ہے اور جو مدت سے تارک جماع ہون
اور بھوک اور ماندگی مین جماع کرنا اور بوڑھون اور صاحب سل اور نقیہ آدمیون کے جماع کرنے سے یکبارگی
قوت ساقط ہو جاتی ہے پس جسکی قوت ساقط ہوا گر وہ جوان اور تندرست ہو اور موسم گرما ہو تو سرد پانی
مین بیٹھنا اور اوسی وقت نکلنا اور نہانا سود مند ہے جن لوگونکے جسم مین بعض خلطین سست ہون اور
بسبب حرارت اور حرکت جماعی کے وہ خلطین گرم ہو جائین اور بدن کو گرم کرین تو ابتدائی خواہش مین
لرزہ ہونا اوسکی علامت ہے پہلے خلطون سے بدن کو پاک کرین اور حرارت غریب کو تسکین بخشین اور
سرد اور تر مزاج کے ضعف کا تدارک گرم معجونون سے جیسے مثرودیطوس اور دواء المسک اور
مقوی باہ معجونون سے اور سقوط قوت اور غشی کا تدارک ماء اللحم اور دیگر ادویہ گرم سے کرین اور
کباب اور بریانی اور خشک قلیہ جسمین سونٹھ اور سیاہ مرچ اور دارچینی پڑی ہو کھلائین تا الحرارت
غریب دفع ہو اور رنج و ریاضت سے جو بدن گرم کرے اور گرم غذاؤن اور گرم و خشک معالجے سے
پرہیز کرین اور آسایش چاہین اور غذا میں کدو ترا اور پالک اور دھولی ہوئی ماش کی دال اور
آشجو اور تازہ دہی اور گوشت کا ہی اور حلوان اور مرغ فربہ اور زردی بیضہ مرغ نیم برشت
اور مچھلی تازہ نہایت موافق ہین اور میوون مین انگور پختہ تر و تازہ اور امرود اور سیب کھانا اور
نیم گرم پانی مین بیٹھنا اور روغن بنفشہ اور روغن یاسمین ملا کے ملنا اور باہ کی دواؤن مین سے دودھ اور
ترنجبین نہایت موافق ہے اور دودھ تازہ اور شکر باہم ملا کے جوش کرکے میدہ کی روٹی سے

کھانا سود مند ہے صفت مثرودیطوس مرکی۔ زعفران۔ غاریقون۔ سونٹھ۔ دارچینی کتیرہ
ہر ایک تین تولہ۔ بالچھڑ۔ کندر۔ رائی سفید۔ اگر خام۔ بلسان۔ اسطوخودوس۔ سیسالوش۔
کوٹ۔ کمافیطوس۔ کندر۔ علک البطم۔ پیپل۔ ریش برگد۔ جندبیدستر۔ تیزپات۔ سلارس۔ اذخر
جاوشیر۔ ہر ایک دو تولہ چار ماشہ۔ سلیخہ۔ کچ سفید۔ مرچ سیاہ۔ سورنجان شیرین۔ جعدا۔
استوقوندریون۔ موتھہ۔ اکلیل الملک۔ جنطیانا۔ روغن بلسان۔ حب بلسان۔ اقراص فرفیون
گوگل ہر ایک دو تولہ تین سات ماشہ۔ اشق۔ مصطگی۔ گوند ببول۔ کانفراسالیون۔ بھلاوان۔
سونف۔ افیون۔ گلاب کے پھول۔ مشلطرامشیع۔ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ۔ سونف سوی
بیج۔ تگر۔ خو۔ سکبینج۔ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ اقاقیا۔ ناف۔ سقنقور۔ سوفاریقون۔ ہر ایک
پونے سولہ ماشہ۔ شراب ریحانی اوسیقدر کہ اوسمین گوندھ سکے شہد خالص سب دواؤن کا
دوچند معجون بنائین اور بعد چھ ماہ کے استعمال کرین قوت اسکی سات برس تک باقی رہتی ہے
صفت دواء المسک مصطگی۔ عود خام۔ پوست ترنج۔ دارچینی۔ قرنفل۔ سنبل الطیب۔
سک۔ جوز بوا۔ کبابہ۔ قاقلہ خیر بوا۔ اذخر۔ تخم بادروج۔ تخم فرنجمشک۔ تخم بادرنجبویہ۔
تخم ہنام۔ تخم مرزنجوش۔ مروارید ناسفتہ۔ بسد۔ کہربا۔ ابریشم خام مقرض۔ بہمن سرخ بہمن سفید
ہر واحد دس درم۔ مشک خالص پانچدرم۔ شیرہ قند یا ہلیلہ کابلی مین ملاکے استعمال کرین صفت
دواء المسک تلخ افسنتین رومی۔ صبر زرد۔ زرا وند۔ ہر واحد چھ درم۔ نانخواہ۔ زعفران۔ تخم کرفس
ہر واحد چار درم۔ سنبل الطیب۔ ساذج ہندی ہر واحد دو درم۔ جندبیدستر۔ مشک۔ ہر ایک ایکدرم
کوٹ چھان کے صاف شہد مین ملائین خوراک ایک مثقال۔ شربت گاوزبان کے ساتھ
صفت دواء المسک شیرین زرانباد۔ درونج۔ ہر واحد دو درم۔ مروارید۔ کہربا۔ بسد۔ ابریشم خام
مقرض ہر ایک ڈیڑھ درم۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ ساذج ہندی۔ سنبل الطیب۔ قاقلہ۔ قرنفل۔
جندبیدستر۔ اشنہ ہر ایک چار دانگ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ ہر واحد دو دانگ۔ مشک ایک دانگ
کوٹکے بغیر آگ پر پکے شہد ملاکے چاٹین۔ خوراک ایک مثقال اور گرم مزاجون کو کثرت جماع
مضر ہے اور بعض لوگ ایسے ہین کہ اونکو جماع نکرنے سے وسواس ہوتا ہے اور خیرگی چشم اور
امراض ظاہر ہوتے ہین اور افراط جماع سے خفقان اور غشی اور ضعف معدہ ہوتا ہے اور قوت ساقط

ہوتی ہے سبب اوسکا یہ ہے یا مزاج اونکے اعضا کا مختلف ہوتا ہے اور مزاج آلات تناسل کا گرم اور تر
اور منی بہت پیدا ہوتی ہے اور مزاج معدہ و جگر و دل و دماغ کا ضعیف ہوتا ہے پس انکا علاج
ایسی چیزون سے کرنا چاہیے جو منی کو خشک اور کم پیدا کرین اور جو وہ لوگ یہ علاج ناپسند کرین
اور لذت جماع سے حظ اوٹھانا چاہین تو اونکے دل و دماغ اور معدہ کو معجون جیسے دواء المسک و
مثرودیطوس وغیرہ کھانے اور پینے کی چیزین جو معتدل ہین تجویز کرین اور اگر دل و دماغ بھی گرم ہو اور یہ
معاجین ناموافق ہون تو مفرح معتدل اجزا اور اطریفل کبیر دینا چاہیے اور صندل و گلاب بھی بہت
سونگھا کے دل و دماغ کو قوت دین اور ان اجزا کا استعمال کرین صفت اطریفل بزرگ پوست ہلیلہ کابلی۔
پوست آملہ مقشر۔ تخم کرفس جبلی ہر واحد چہ درم شیطرج ہندی۔ نانخواہ۔ صعتر ہر واحد دو اوقیہ۔ سنبل الطیب
حماما۔ ہیل۔ وج۔ ہر واحد تین درم۔ دارچینی دو درم۔ فلفل سفید۔ فلفل سیاہ۔ نارمشک۔ ملح ہندی۔ ہر واحد
آدھا اوقیہ۔ خردل ڈیڑھ اوقیہ۔ خبث الحدید مدبر تین اوقیہ۔ نوشادر آدھا درم۔ روغن بادام مین چرب
کرکے دواؤن سے سہ چند شہد ملاکے چالیس دن تک جو مین رکھکے استعمال کرین اور بعض آدمیون کا جماع سے
دل کانپتا ہے اور لرزہ یا رعشہ کی سی حالت ہوجاتی ہے تو انکو چند روز جاوشیر دو ماشہ سے ساڑھے
تین ماشہ تک تین تولہ مرزنجوش کے پانی کے ساتھ دین اور اگر اون دواؤن سے جو رطوبت لزج کو خارج کرتی ہین پہلے
تنقیہ کر دین تو مفید اور مناسب ہے اور دماغ کو مشک و عنبر اور روغن بان سے قوت دین اور آلہ تناسل پر
روغن قسط اور روغن ناردین اور روغن سوسن جسمین مشک و عنبر اور موتھا اور ابہل حل کیا ہو ملین صفت
روغن قسط یہ نسخہ حکیم مومن علی خان نے قرابادین کبیر سے نقل کیا ہے قسط تلخ۔ سنبل الطیب ہر واحد بائیس
مثقال کوٹ کے روغن زیتون یا روغن کنجد ایک رطل اور ایک رطل پانی مین جوش دین جب روغن رہجائے پھر
ایک رطل پانی ملاکے جوش دین اسی طرح تین بار پانی ملاکے جوش دین اگر پانی کے عوض عرق بہاکا نارنج یا
سونف کا عرق ملاوین تو بہتر ہے بعدہ جند بیدستر۔ فلفل سیاہ۔ فرفیون۔ میعہ سائلہ ہر واحد دس مثقال
اومین حل کرکے شیشے مین رکھین روغن قسط قسط دس درم۔ فلفل۔ فرفیون۔ ہر واحد تین درم۔ عاقرقرحا
چار درم۔ جند بیدستر ڈیڑھ درم۔ پہلے قسط اور فلفل کو کوٹ کے ایک شبانہ روز سو درم کیوڑے کے پانی
مین بھگوئین بعدہ مل کے چھان کے پچاس درم روغن زیت مین ملاکے نرم آنچ پر رکھین جب پانی جلکے
صرف روغن رہجائے۔ فرفیون وغیرہ پیسکے ملاکے فوراً اوتارلین اور استعمال کرین صفت روغن ناردین

یعنے سنبل رومی قصب الذریرہ - ورق الغار - سعد - عود - بلسان - سنبل رومی - لک مغسول
ساذج - برگ مورد - اذخر - راسن - ابہل - قردمانا - مرزنجوش مساوی نیم کوفتہ ایک شبانہ روز شراب و پانی
مین بھگو کے چھانکے اوسی کے ہموزن روغن کنجد ملا کے جوش کرین جب پانی جل کے روغن رہجاے
ہر روز لگائین صفت روغن سوسن سلیخہ - قسط - حب بلسان - زعفران - رومی مصطکی - ہر واحد
ایک اوقیہ زعفران کے سوا سبکو کوٹکے صاف تین پھول سوسن کے اور ایک من طبی روغن زیتون یا روغن کنجد
ملا کے ایک شیشہ مین چالیس روز دھوپ مین رکھکے ہر روز لگایا کرین صفت روغن سوسن کے
تین پھول زرد رنگ کے علیحدہ کر کے ڈیڑھ رطل روغن کنجد - سلیخہ - حب بلسان - قسط - ہر واحد دس درم - قرفہ
لونگ - مصطکی - ہر واحد پانچدرم - کوٹکے اور زعفران دس درم اوپر سے ملا کے شیشہ مین چالیس دن تک
دھوپ مین رکھکے ہر روز لگائین صفت ایارج فیقرا سنبل - دارچینی - سلیخہ - حب بلسان - عود بلسان
مصطکی - اسارون - زعفران - ہر ایک ایک حصہ صبر سقوطری ایک عدد کے وزن سے دو چند یا سہ چند کوٹ چھانکر
دو درم - دوا شہد مین ملا کے سوتے وقت غذا سے دو گھنٹہ بعد گرم پانی سے کھائین اطلاع فیقرا کے معنی تلخ ہین
اور چونکہ یہ دوا تلخ ہوتی ہے اسلئے اس نام سے مشہور ہے حب قوقایا فیقرا - تربد - سقمونیا - مصطکی - اسطوخودوس
ہر واحد آدھا درم - اندرایچ کے اندر کا جالا تہائی درم ملا کے گولیان بنائین یہ ایک خوراک ہے اور -
جن آدمیون کو بعد جماع کے درد سر اوٹھتا ہے اور آنکھین خیرہ ہوجاتی ہین اونکے بدن مین کوئی خلط
بد ہوتی ہے اوسکے بخارات جماع کی حرکت سے دماغ پر چڑھتے ہین اور بعضے آدمیون کو خمار مین جماع کرنے یا حرکت کرنے
شراب پینے سے یہ مرض ہوتا ہے اونکا اول تنقیہ ایارج فیقرا اور حب قوقایا سے کرین جو پہلے بیان ہوئین روغن گل اور
گلاب اور آب غورہ سے دماغ کو قوت دین اور تھوڑا سرکہ سر پر رکھین اور غذا آب انار و آب غورہ اور شوربا
اسکے سوا اور بعضیا خشک غذا مین داخل کرنا سود مند ہے اور کافور اور گلاب اور صندل سونگھنا اور
اگر برداشت کر سکے تو تھوڑا کافور روغن گل مین حل کر کے ناک مین ٹپکائین اور برگ سیب بہی اور امرود اور گلسرخ
اور تھوڑا بابونہ اور اکلیل الملک جوش دیکے سر دھلائین اور جن آدمیون کو بعد جماع کے ماندگی
ظاہر ہوتی ہو اونکو چاہیے کہ گرم کپڑے سے اپنا بدن چھپائے رہین اور بعد فراغ صحبت
کے سو رہین اور پھر بہت دیر تک سوئین جب بیدار ہون حمام کرین اور غذائین مقوی کھائین
اور آبہاے لطیف اور مقوی حسب مزاج کے اور نان اللحم پیئین اور زردی بیضہ مرغ بریان نیمبرشت

قند یا شہد ملا کے کھائین اور جو چیزین مقوی دل و دماغ ہین نوش کرین

بارھوان باب آداب صحبت کے بیان مین

صحبت استفراغ کلی ہے اور غرض اوس سے طلب اولاد اور بقای صحت ہے ایک طبیب کا قول ہے
کہ ایک ایک قطرہ نطفہ کا ایسا گوہر بے بہا ہے کہ اس سے روح اور جان پیدا ہوتی ہے پس اسکو برباد کرنا ادنون
اور حیوانون کا کام ہے قربت مین اگر مرد اور عورت کا ساتھ انزال نہو طرفین کو لذت حاصل نہین ہوتی
اور نہ قیام حمل کا ہوتا ہے جو خاص غرض صحبت سے ہے بلکہ مرد کی ایسی صحبت عورت کی نفرت طبیعت اور
نقصان کا باعث ہوتی ہے مردون کو اس امر کا ضرور خیال چاہیے کہ مقصد ہاتھ سے بجانے پاوے
حظ صحبت تین باتون پر موقوف ہے ایک دست بازی جیسے آغوش مین زور سے دبانا اپنی طرف کھینچنا دوسرے
ساتھ عضو شہوت عورت کا چھونا اور بوسہ لینا تیسرے طلا یا کھانے پینے کی دواؤن سے آلہ تناسل کا
قوی اور شہوت انگیز اور ممسک کرنا امساک سے اگرچہ ابتدا مین لذت اور لطف زائد حاصل ہوتا ہے
مگر آخر کو باعث ضرر ہوتا ہے اور اکثر جن لوگون کو امساک ہوتا ہے اونکی اولاد نہین ہوتی قبل مباشرت
کے پہلے مرد اور عورت کو بول و براز سے فارغ ہوکے خوشبو ملنا چاہیے اور شب کو گوشہ او تخلیہ مین
باحتیاط تمام اور اطمینان اور دلجمعی سے قربت مین مشغول ہون مرد اور عورت دونون کو شرمگاہون پر
نظر کرنا منع ہے کہ باعث نفرت طبیعت اور ضعف قوت و بصر ہے وصال خواہش صادق مین ہونا چاہیے
قربت بلا اشتہا یا خلاف وضع اور زیادہ کشش اور گرفتاری اور نفرت اور خوشامد اور زبردستی اور
غم و ملال مین قوت او ساقط طبیعت کو متنفر شہوت کو ضعیف انسان کو مریض کرتی ہے بو علی سینا نے ترتیب صحبت
اس طرح پر لکھی ہے کہ اول لطف و ملاعبت اور معانقہ قربت کا مذکور ہو کہ طرفین کی شہوت ہیجان مین آوے
پھر عورت سے ہمکنار ہو اور آہستہ آہستہ دست بازی کرے جب آنکھون مین سرخی نمودار ہو اور عورت کی
شہوت خوب ہیجان مین آئے تو بہترین صحبت اختیار کرے جو قیام حمل کا باعث ہو جب علامات سے
معلوم ہو کہ اب عورت کا انزال ہوا تو آپ بھی موافقت کرے استفراغ کیوقت عورت کو تنگ آغوش مین
کھینچے اور جبتک اچھی طرح فارغ نہووے علیحدہ نہووے اس طرح کی صحبت انعقاد و قیام نطفہ کی
باعث ہے پھر عورت کو تھوڑی دیر تک پیر پھیلا کر چت لیٹا رہنے دے بلکہ سو رہے تو اچھا ہے کہ قیام
حمل ہو اس طریقے کے سوا اور جتنے طریقہ صحبت کے ہین سب واہیات اور باعث ضرر اور مضر صحت ہین

امساک سے اگرچہ صحبت مین حظ زیادہ ہوتا ہے مگر صاحب امساک آخر کو حرقت بول یا سلس البول یا تقطیر البول یا سنگ و ریگ گردہ یا سنگ و ریگ مثانہ اور اکثر ایسے قسم کے مختلف امراض مین گرفتار ہوتا ہے اور مرد اولاد سے محروم اور عورت عوارض رحم مین مبتلا ہوجاتی ہے اور مرد تو افق انزال نچاہے تو آلہ تناسل عورت کے اندام سے باہر نکال کے اپنی سانس کو اوپر روک کے اور تھوڑی دیر تک اوسی طرح سانس کو روکے سکوت مین رہے کہ نطفہ پھر اپنی جگہ پر قائم ہوجائے عورت کے انزال کی علامتین یہ ہین بشاش و شگفتہ ہونا مقام نہانی مین شادابی اور رطوبت ظاہر ہونا۔ خاموش ہوجانا۔ رو دینا۔ آنسو بھر لانا۔ رانین دبانا۔ غش آنا۔ سسکیان بھرنا۔ بیہوش ہوجانا۔ تھوڑی دیر تک اوسی حالت مین رہنا دونون ہاتھ مرد کی کمر مین حمائل کرکے اپنی طرف زور سے کھینچنا۔ ہلنے اور علحدہ ہونے دینا۔ مرد کے چہرہ کی طرف بنظر ندامت و یاس نظر کرنا۔ ہاتھ پیر ڈھیلے کرنا اور پیر پھیلا دینا۔ ادھر اودھر دیکھنا۔ استفراغ کے بعد حمام یا گرم پانی سے غسل کرین اور کوئی چیز شیرین یا کوئی معجون مقوی کھائین۔ مرد کو جوش کیا ہوا گاڑھا دودھ آدھ سیر شہد خالص دو تولہ ملاکے پینا چاہیے ایضاً ایک دانگ مومیائی۔ ایک چھٹانک شہد مین ملاکے چاٹے ایضاً ثمر یا شکوفتہ پاو سیر۔ دودھ ڈیڑھ سیر مین چھوڑ کے جوش کرین جب ایک ثلث رہجاے نوش کرین معجون یہ مقوی بصر ہے اور اعضا رئیسہ کی تقویت کے واسطے بہت مفید ہے۔ دارچینی۔ سنبل الطیب پستہ کے اوپر کا چھلکا۔ جوز بوا۔ مغاث۔ خولنجان۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل۔ دودوماشہ۔ پوست بلیلہ بادرنجبویہ۔ گاوزبان۔ ہر ایک تین درم مصطگی۔ زرنب۔ ہیل۔ سونٹھ۔ لونگ۔ اسارون۔ سنبل۔ فلفل۔ کباب چینی۔ پوست ترنج۔ درونج۔ رومی مصطگی۔ زرانباد۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ حب القلقل انیسون۔ نعناع۔ بسباسہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ بوزیدان۔ زعفران۔ ماہ قرفین۔ کہربا۔ مروارید ناسفتہ۔ مرجان کھرل کیے ہوے ہر واحد دو درم۔ سعد کوفی۔ ورق گلسرخ ہر واحد چار درم۔ ماہی روبیان۔ خصیۃ الثعلب تودریین۔ ہر واحد پانچ درم۔ مشک آدھا مثقال۔ عنبر اشہب ایک مثقال۔ ورق طلا تیس عدد۔ ورق نقرہ پچاس عدد۔ قند و شہد مساوی الوزن سب دواؤن سے چند معجون تیار کرین اور پیسے ہوے اور مغز لائین خاکینہ بوعلی سینا نے اس نسخہ کو بمنزلہ اکسیر کے لکھا ہے مغز کنجشک۔ مغز کبوتر بچہ۔ ہر واحد پچاس عدد۔ زردی چڑیا کے انڈون کی تیس عدد۔ زردی مرغ کے تخم کی دس عدد۔ ماء اللحم۔ جو جوان بکری کے گوشت کا ہو دس سیر عرق خالص پیاز کا صاف نو تولہ لین۔ آب ترہ تیزک پندرہ تولہ گاے کا گھی تین چھٹانک

گرم مصالح اور نمک وغیرہ داخل کر کے کھانا گینہ تیار کر کے کھائیں ایضاً ایک سیر دودھ جوش دیکے جب نصف رہجائے
ایک ماشہ خولنجان اور ایک ماشہ دارچینی چھڑک کے پئیں ایضاً گاے کا دودھ ایک سیر شہد آدھ پاو۔ مصطگی دو ماشہ۔
زعفران ایک ماشہ۔ سونٹھ۔ لونگ۔ پیپل دو دو ماشہ ایک پوٹلی مین باندھ کے دودھ مین ڈالکے جوش دین
جب نصف رہجائے پئیں ایضاً تخم گندنا ایک تولہ کوٹ کے ایک سیر گاے کے دودھ مین جوش دیکے آدھ پاو شہد
ملا کے پئیں لڈو مقوی یہ معجون قوت اور جریان اور باہ کیواسطے مفید ہے بعد فراغ غسل اور کمزوری کی
حالت مین روز استعمال کرین جس چھوہارہ چھالیہ چکنی پاو سیر چھوہارہ نشاد آٹا آدھ سیر مکھانا آدھ پاو۔ دس سیر
گاے کے دودھ مین جوش کرین جب نرم ہو جاے اوتار کے۔ گوندبول گھی مین بھنا ہوا پاو سیر نشاستہ گھی مین
بھنا ہوا پاو سیر میدہ مونگ کا گھی مین بھنا ہوا آدھ پاو مغز بادام آدھ سیر مغز پستہ پاو سیر مغز چرونجی آدھ پاو
کھوئے مین ملا کے آگ سے اوتار کے پھر میدہ گوکھرو کا آدھ سیر۔ ثعلب مصری۔ دارچینی لونگ۔ الائچی چھوٹی
سونٹھ چار چار دام۔ جائفل دو تولہ بسباسہ ایک تولہ جاوتری ایک تولہ چنیا گوند پاو سیر۔ گل پستہ ایک دام
گل سپاری ایک دام۔ ناریل پاو سیر میدہ ببول کی چھال کا باریک میدہ ارجن کی چھال کا باریک میدہ سیمل کی
چھال کا باریک ہر واحد ایک تولہ ریشہ کاہولی چھ ماشہ کوٹ کے دو سیر قند کے قوام مین ملا کے گھونٹے اور سب اجزا کو ملا کے
لڈو بنائین جب چھالیہ مین نشہ ہو دماغ کو قوت دیتی ہین اور قوت زائل کو پھیرتی ہین مغز کنجشک
کی سیحان بیحد قوت نکالا ہو شقاقل مصری تخم پیاز سفید ہر واحد ایک تولہ میدہ خرما پانچ تولہ کوٹ کے شہد مین
ملا کے گولیان بنا کے کھائین اوپر سے گاے کا دودھ جوش دیا ہوا جب نصف رہجاے پئیں قرابادین گنج بادآورد
صاحب قرابادین مین دودھ کے جوش دینے کا نسخہ سب انواع سے عمدہ لکھا ہے دو سیر گاے کا دودھ خولنجان
ایک تولہ سونٹھ ڈیڑھ تولہ۔ اور کسیرو تولہ چھوٹے کے جوش دین اور ایک چمچی سے آہستہ آہستہ چلاتے جائین جب
ایک ثلث رہجائے ایک شیشہ گلاب عمدہ اسمین ملا کے جسقدر شیرینی چاہین قند یا شہد ملا کے اوتار لین اور
شیشہ مین بھر رکھین مقوی از مجربات حکیم حیدر علی رودونتی کوٹ کے مساوی شکر ملا کے پھانکین اوپر سے
جوش دیا ہوا دودھ پئیں ایضاً بیج سرس سفید منہ مین رکھین امساک ہے ایضاً مہندی کے پھول برانے گرد کے
شربت مین جوش دیکے مٹر کے برابر گولیان بنائے صحبت سے ایک گھنٹہ قبل دودھ سے ایک گولی کھائین
ایضاً گھونگچی کی بیج خوب باریک پیسکے آدھے آدھے درم کی گولیان بنا کے ایک گھنٹہ قبل دودھ سے
ایک گولی کھالین انعقاد نطفہ ہوگا ایضاً تخم کونچ۔ چھوٹا گوکھرو۔ تخم تلمکھانا ہر ایک آدھ پاو۔ دو سیر

دودھ مین جوش دیکے خشک ہونے پر کھرل کرکے تین تین درم کی گولیان بناوین ایک گولی گاوی گھی آدھ سیر
کچے دودھ مین کھاوین حلوا ماش کی دال دھوئی ہوئی پاؤ سیر پیسکے اڑھائی سیر گاوی کے دودھ مین جوش دین
جب سب دودھ کھپ جائے پھر میدہ پوست ادا خام خشک دو تولہ گھی مین بھونکے آدھ سیر گھی سے اور گھی ملاکے شکر
اور مغز میوون کے چھوہارے کے حلوا تیار کرین بعد ہر استفراغ کے صبح کو ہمیشہ کھایا کرین۔ مرقادہ ملٹی پانی مین
پیسکے ایک پایہ پر لگا کے پٹی کی طرح لپیٹ لین ایک ساعت کے بعد قوت باہ پیدا ہوگی طلا خرگوش کا پتہ۔ مردا سنگ
کھرل کرکے طلا کرین قوت باہ زیادہ ہوگی ایضاً زردی بیضہ مرغ و زردی بیضہ گنجشک۔ روغن گاو اور
روغن تلخ بیون ملا کے طلا کرین مبہی اور مجرب ہے سفوف مجرب حکیم حیدر علی صاحب موصلی سیاہ۔ سیلا جول
گوند ببول۔ گوند سنبھل۔ گوند ارجن۔ ہر واحد ایک تولہ مصری سبکے مساوی ملا کے سفوف بناوین اور
دودھ گاوی کا سوا سیر اوسمین مغز ناریل۔ پوست غر یا نگوفتہ۔ اخروٹ۔ جوز۔ سونٹھ۔ ادرک ہر ایک تین
درم چھوڑکے جوش دین پہلے بھنگی پھانک کے اوپر سے یہ دودھ پیوین ایضاً ملیلہ نو درم۔ تخم نیواڑ بیس درم
بھنگرہ ساٹھ درم چیتہ کی جڑ بائیس درم کوٹکے قند سیاہ۔ گھی اڑھائی سیر خوب ملا کے تین سو ساٹھ گولیان
بناوین تمام سال ایک گولی ہر روز گاوی کے دودھ یا شہد سے کھاوین اسدوا کے فائدے اتنے ہین کہ لکھے ہوئے نہین
مقوی لگاو کا پتہ۔ پیاز نرگس۔ عاقر قرحا۔ مویز منقیٰ مساوی کوٹ چھانکے مرغ کے پتہ مین ملاکے طلا کرین
مقوی بوزہ دار چینی آدھا درم پیسکے شہد مین ملاکے آلہ تناسل اور انثیین اور اوسکے اطراف مین طلا کرین
تماشائے عجیب دیکھین عورت کے اندام مین طلا کرنے سے بھی لطف حاصل ہوتا ہے مقوی کباب۔ عاقر قرحا موصلی
موصلی سیاہ۔ خولنجان۔ بہمن سفید۔ تخم اوٹنگن۔ تخم کرفس۔ کھمادانہ زعفران۔ قرنفل۔ جوز بوا۔ دارچینی
مساوی الوزن ایک ایک تولہ پیسکے تھوڑی سونٹھ یا ادرک۔ پیاز زیرہ سفید ملاکے کل اجزا کے نصف افیون خام
کرکے کل دواکا آٹھوان حصہ افیون ملاکے جنگلی بیر برابر گولیان بناوین عند الضرورت ایک گولی کھاوین اور
قدرت خدا کی ملاحظہ فرماوین افیونی وغیرہ کیواسطے یہ دوا نہین ہے مقوی منتظر روغن حصورہ قضیب اور
جونک شہوت اوسکی بیجہ ملین ایضاً لخلخہ گاو آلہ تناسل اور انثیین اور اوسکے اطراف مین ملین مطولات و مبکرات
آلہ تناسل خراطین پاؤ سیر صاف روغن کنجد مین جوش دیکے حمام مین عضو تناسل آب گرم سے دھوکے موٹے کپڑے سے
آہستہ ملین جبکہ سرخ ہوجاوے یہ روغن خشفہ چھوڑکے طلا کرین ایضاً عاقر قرحا دو درم۔ پیاز سفید دس درم کھرل کرکے
طلا کرین ایضاً گدھی کا مغز روغن کنجد مین جوش دیکے عضو تناسل پر طلا کرین سطبر اور بہت زیادہ ہو ایضاً خراطین۔

پاک صاف سایہ مین خشک کرکے پانچ درم۔ مولی کا عرق آدھا درم۔ جائفل آدھا درم پیسکے روغن گاؤ مین
بھون کے سوراخ چھوڑکے تمام عضو پر طلا کرین ملذذ ہو۔ مصطگی ایک درم۔ مشک خالص ڈیڑھ درم۔ لونگ
آدھا درم۔ قسط پانچ درم خوب پیسکر ادرک کے عرق مین ملاکے چنے کے برابر گولیان بناکے وقت حاجت کے
ایک گولی منھ مین رکھکے آہستہ آہستہ رال گھونٹا کرین گردہ اور مثانہ کی قوت اور بستگی اور نعوذ کیواسطے مجرب ہے
ملذذات دارچینی۔ کباب۔ عاقرقرحا۔ جوزبخ۔ ہر واحد آدھا درم۔ باریک پیسکے شہد اور سونٹھ اور تھوڑا مشک
ملاکے مٹر کے برابر گولیان بناکے ایک گولی تھوک مین گرکے طلا کرین لذت حاصل ہو ایضاً خون سفید مرغ کا مساوی
شہد مین ملاکے دو گھڑی قبل طلا کرین عورت شیفتہ ہو ایضاً جنگلی کوے کا پتہ چنبیلی کے تیل مین ملاکے دو گھڑی قبل
تین بار بعد خشک ہونے ایک دوسرے کے طلا کرین عورت عاشق ہو ایضاً دارچینی کباب۔ سونٹھ مساوی کوٹکے
برابر شہد ملاکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکے چباکے طلا کرین اور ایک منھ مین رکھین ایضاً لونگ زعفران
دارچینی۔ عاقرقرحا۔ ہر واحد پانچ درم باریک پیسکے مساوی شہد اور تھوڑا مشک ملاکے آدھے درم کی
گولیان بناکے ایک گولی منھ مین رکھین ایسی لذت حاصل ہو کہ عورت عاشق ہو ایضاً بہدانہ کادل خشک شکر
مساوی ملاکے تین روز تک برابر دودھ سے کھائین اور دو گھڑی قبل مباشرت کے بھی دودھ سے کھائے
شہوت زیادہ ہو اور عورت فریفتہ ہو ایضاً سیر ہولی کا بکے گھی یا رینڈی خواہ زیتون کے تیل مین خفیف
جوش دیکر ایک گھنٹہ قبل تین بار طلا کرکے خشک ہونے کے بعد مشغول ہو لذت و لطف زیادہ ہو ایضاً عاقرقرحا کوٹکے
مرغ کے انڈے کی زردی کے تیل مین ملاکر طلا کرین لذت زیادہ حاصل ہو ایضاً عاقرقرحا۔ دارچینی باریک پیسکے
گھوڑے کے لعاب مین حل کرکے طلا کرین لذت حاصل ہو ایضاً قسط پیپل جنگلی کبوتر کی بیٹ کی سفیدی لاہوری نمک
شہد خالص مین حل کرکے تین بار طلا کرکے مشغول ہون لذت زیادہ حاصل ہو ایضاً کچھوے کی چربی تین بار طلا کر
عورت جبتک زندہ رہے غیر سے سیر نہو ایضاً قضیب بھیڑیے کا خشک کوٹکے شہد ملاکے تین بار طلا کرے
لذت زیادہ حاصل ہو اسی طرح پتہ بھیڑیے کا اور شہد بھی ملذذ ہے ایضاً مینڈھے کا پتہ تین بار طلا کرے لذت
بے انتہا حاصل ہو ایضاً مغز کنجشک خانگی۔ مغز بیدانجیر آگ پر پگھلا کے تھوڑی دیر قبل صحبت کے پیر کے انگوٹھے اور
قضیب مین ملے امساک و لذت حاصل ہو ایضاً پارہ۔ کافور۔ سہاگہ ایک ایک درم شہد مساوی ملاکے تین بار
طلا کرے امساک و لذت زیادہ ہو اور عورت کا مقام ضیق ہو مجرب ہے ایضاً مازو سیاہ گل حکمت کرکے تھوڑی دیر
آگ مین دبادے بعدہ ایک کپڑے مین نچوڑ لے جو عرق اوسمین سے نکلے اوسمین تین چیل تین شبانہ روز خوب تر کرکے

بعدہٗ نکال کے کوٹ چھان کے شہد ملا کے تین بار طلا کرے لذت حاصل ہو ایضاً کچلی کا پتہ پیپل باریک پیس کے
طلا کر کے مرد سے قربت کرے لذت بے انتہا حاصل ہو ایضاً جائفل۔ سیاہ مرچ۔ عاقرقرحا۔ سونٹھ۔ بالچھڑ۔ خولنجان
مساوی تھوڑا مشک باریک پیسکے پہلے شہد میں سونٹھ و شقاقل مصری خوب کھرل کر کے مساوی کل اجزا ملا کے
صحبت کے آدھ گھنٹہ قبل تین بار طلا کریں لذت حاصل ہو ایضاً شکر طبرزد۔ کبابہ۔ عاقرقرحا۔ بالچھڑ۔ سونٹھ۔ لونگ
عرق حنا۔ حج۔ زفت۔ باریک کوٹ چھان کے سبز سونف کے عرق میں ملا کے شہد میں قوام کر کے جنگلی بیر کے
برابر گولیاں بنا کے ایک گولی منہ میں رکھیں اور لعاب دہن سے طلا کریں ملذذ بیشبیہ جونک۔ شہد
میں کھرل کر کے طلا کریں ایضاً ارزیانہ۔ مرچ۔ پیپل۔ سونٹھ۔ عاقرقرحا۔ دارچینی۔ پانچ پانچ ماشہ۔ ہیرا ہینگ
سکبینج۔ کافور۔ جائفل۔ لونگ۔ مصری۔ سات سات ماشہ باریک پیسکے بسکو برگ تلسی کے عرق میں ایک شیشہ
کے ظروف میں دو تین روز رکھیں ہر روز دو تین بار حرکت دیا کریں ایک گھنٹہ قبل تین بار طلا کریں ممسک اور
ملذذ ہے ایضاً تھوڑی ہیرا ہینگ سوراخ میں رکھے امساک اور لذت حاصل ہو ممسکات مرتبان کی طرح
مینڈک کے سر پر دو غدود ہوتے ہیں اونکے دبانے سے جو کچھ نکلتا ہے اوسے چمچ میں لے لیتے ہیں اوسکو مینڈک کی مستی
کہتے ہیں مینڈک کی مستی۔ ہاتھی کی مستی۔ آدمی کے کان کے میل کے ساتھ لت کر کے تین بار طلا کرے امساک
کیواسطے مجرب ہے ممسک کوانچ کی جڑ ایک انگل تراش کے منہ میں رکھے جبتک نکالے فارغ نہو ایضاً
پوست خشخاش۔ شمدلی گل دھاوا تین تین درم پانچ سیر پانی میں جوش کرے جب آدھ سیر رہے۔ سہاگہ۔ بسباسہ۔
عاقرقرحا۔ ہر واحد چار درم چھوڑ کے طلا کریں امساک کو مجرب ہے ایضاً پانچ تولہ تخم دھتورہ چھ سیر گائے کے دودھ میں
جوش کریں جب تین سیر رہے صاف کر کے دہی جما کے تھوڑا پانی ملا کے گھی نکال کے پھر چار جائفل کے چار چار ٹکڑے
کر کے بھدرے پتہ میں بھگو کے پھر اوسے گھی میں بھگو کے سب گھی کھپا کے ایک گھنٹہ قبل دو چاول اوس میں سے کھا کے
اوپر سے جوش کیا ہوا دودھ پئیں جبتک لیموں نہ کھائیں فارغ نہوں ایضاً تخم دھتورہ تخم پنواڑ۔ بابچی۔ رینڈی
چھلی ہوئی تین تین ماشہ۔ آدھ سیر گائی یا بکری کے دودھ میں جوش دے جب گاڑھا ہو جاوے ایک ماشہ کی گولیاں
بنا کے کھائے پھر دودھ چھوہارے میں جوش دیا ہوا پیے جبتک ترشی نکھائے انزال نہو ایضاً جونا ایک گھونگا اندر سے
خالی کر کے چنے کے برابر افیون اوس میں بھر کے اوپر سے وہی ٹوپی جونک کی بند کر کے اوسی طرح تین حصہ خالی کر کے
اوس میں جوز بویا گل حکمت کر کے بھوبل میں پکا کے نکال کے جائفل اور دھتورہ باریک پیسکے پان برداشت کے
موافق کھائے ایضاً کنیر سفید سایہ میں خشک کر کے کوٹ چھان کے بغیر کاٹے ہوئے پوست دانت کو

پانی مین بھگو کے ملکے وہ سفوف ملا کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کے ایک گولی پانی مین گھسکے تین بار ملا کر ایضاً
نیکولی اور دھتورہ کے بیجون کا علیحدہ علیحدہ تیل نکال کے پارہ اوسمین ملا کے تین پہر کھرل کر کے پندرہ دن تک
زمین مین رکھے بعدہ نکال کے تلودن مین لگانے جب منھ مین تلخی معلوم ہونے لگے مصروف ہو اور کیفیت دیکھے
ایضاً تین پاو گای کے دودھ مین پانچ چھٹانک زیرہ سیاہ سے بھر کے جوش دے جب نصف رہے چار درم زیرہ سیاہ
کھاتے جبتک بین پرہیز رکھیگا انزال نہوگا ایضاً سیاہ دانہ ایک ماشہ پیسکے تین درم شہد مین ملا کے چاٹنے امساک
زیادہ ہو ایضاً بیربہوٹی بیٹھری کے تیل مین چھوڑ کے چراغ روشن کر کے صحبت مین اوسکی طرف جبتک دیکھتا رہیگا
استفراغ نہوگا ایضاً سپند سوختی پانچ درم۔ تصفت خام نصف بھون کے۔ پوست خشخاش سفید دو درم۔
سیاہ تل چھ درم۔ پرانا گڑ اکیس درم۔ خوب باریک کوٹ کے ملا کے سات گولیان بنا کے مباشرت سے ایک گھنٹہ
قبل دودھ اور شہد ملا کے ایک گولی کھائے جبتک ترشی نکھائے گا استفراغ نہوگا ایضاً اگر عورت ایک ہفتہ
تک پانی بہت پینے کی عادت ڈالے اور کھانا کم کھائے بعد طہر کے ایک وقت صبح سے زوال دن تک یا شام سے
صبح تک کچھ نکھائے اور مرد سے قربت کرے حاملہ ہو ایضاً اگر خرگوش کا پتہ مشک اور روغن بنفشہ ملا کے عورت
حمول کرے اسکے بعد چار گھنٹہ کے قربت کرے حاملہ ہو ایضاً السن خشک یا تر روغن کنجد مین اسقدر جوش کرے
کہ گاڑھا ہو جائے پھر اوسے پیسکے حمول کرے اور چار گھنٹہ کے بعد قربت کرے حاملہ ہو ایضاً ہاتھی دانت کا
برادہ ہموزن مصری ملا کے ایام حیض مین خام گاو دودھ سے کھائے بعد فراغ مرد سے قربت کرے حاملہ ہو ایضاً
پنیر مایہ خرگوش خشک پیسکے شہد ملا کے فرزجہ کرے یہی فائدہ بعض اوقات جنین پیٹ مین مرجاتا ہے اور باعث ہلاکت
عورت کا ہوتا ہے علامت اوسکی حالت غشی اور کرب شدید اور درد شکم اور ہاتھ و پیر اور شکم و لمس سرد اور اوبھن اور
دم پھولتا ہے اسواسطے چند اجزا اسقاط مرقوم ہوئے ایضاً شورہ آدھا درم صبح کو پھانکے ایضاً منہ پیسکے شیاف کرے
اور بندال کے شیاف سے بھی اسقاط ہوتا ہے ایضاً اندرائن کے عرق مین روئی تر کر کے حمول کرنیسے اسقاط ہوتا ہے
ایضاً گاجر کے بیجون کی دھونی مسقط ہے ایضاً سانپ کی کینچل۔ کبوتر کی بیٹ کی دھونی سے مردہ جنین کا اسقاط
ہوتا ہے ایضاً دوا ہے کلاسین۔ اندرائن۔ گندھک۔ سقمونیا۔ تھوڑی سی کوٹ کے چیر کے تیل مین ملا کے گولیان بنائے
ایک گولی کھائے فوراً اسقاط جنین مردہ و زندہ ہو مدر اور ادرار حیض کے واسطے سریع التاثیر ہے صنعی چونی کی
ڈیڑھ ماشہ شکر سفید چہرچیرہ کے بیج ایک تولہ کوٹ کے ابتدای ایام حیض سے تین روز تک پھانکین ایضاً سونف
ماہی برنگ ایک ایک ماشہ بھروزہ گجراتی ایک ماشہ باریک پیسکے ابتدای حیض سے تین روز تک پین ادرار ہو

ایضاً مولی کے بیج کوٹ کے ایک کفدست پھانکیں غایت درجہ مدر ہے ایضاً جند بیدستر فوتنج نہری مساوی
پھانکنے سے اوراجنین مردہ کا اخراج ہوتا ہے ایضاً اجوائن خراسانی ادرار کیواسطے مفید ہے ایضاً مدار کا دودھ
روئی [illegible] ترکر کے فرزجہ کرنے سے ادراحیض ہوتا ہے ایضاً تھوڑی رائی اور ہینگ پیسکر سرکہ کے ساتھ شیر گرم
پلانے سے جنین مردہ وزندہ کا اخراج وادراحیض ہوتا ہے حابسات ترش انار کی چھال کوٹ چھان کے سرکہ
میں ملا کے پشت شکم اور زہار پر ضماد کرنے سے حیض بند ہوتا ہے ایضاً گلنار چھ ماشہ گندھک آملہ سار دو درم
گائے کے دودھ سے پھانکیں یا صرف گندھک کوٹ کے ساتھ لاہوری نمک کے دودھ سے پھانکیں حیض بند ہو
ایضاً خبث الحدید گلنار تین تین درم کوٹ کے لاہوری نمک کا پانی ملا کے فرزجہ کرنے سے حیض بند ہوتا ہے
ایضاً مازو سنبل کندر ایک ایک درم پیسکے تین ہفتہ تک نہار منہ پھانکیں مفید ہے استاد کی دخفت پستان
اس علاج [illegible] جیرہ اعظم سینہ بند کھینچ کر ہوا رکھنا ہے اور بچوں کو دودھ پلانا ہو تو سفید مدار کا دودھ گائے کے
گھی [illegible] ملا کر اور سینہ بند کسے ہے ایضاً پستان [illegible] بزرگ کو خربزہ [illegible] سخت کرے
[illegible] روز تک [illegible] شہد ملا کے لیپ [illegible] پانی [illegible] پیسکے ضماد کریں
ایضاً [illegible] میں ملا کے رکھیں [illegible]
سات [illegible] ضماد کریں [illegible] سینہ بند [illegible] ایضاً [illegible] پانی میں
جوش کریں [illegible] شیر گرم طلا کریں [illegible]
حالت ہو ایضاً پوست انار [illegible] پوست بیخ [illegible] ماشہ [illegible]
رہ جائے پستان و سر پستان پر لیپ مثل دوشیزہ عورت کے ہو جائیں ایضاً خشک [illegible] صاف
شورہ قلمی مساوی سانپ کی چربی میں ملا کے تین روز تک ہر دن میں تین بار پستان پر ضماد کریں مالہ
کی طرح ہوں ایضاً گھونگچی پال خنزیر میں کشید کر کے طلا کریں سخت اور کوتاہ ہوں طلا جونک کی ہینگنیاں
انگوری سرکہ میں ملا کے تین روز تک دھوپ میں رکھیں بعدہ [illegible] سرکہ [illegible] گائے کے دودھ میں [illegible] طلا کریں [illegible]
ایضاً پوست انار شیریں پختہ شگوفتہ روغن تلخ ملا کے ضماد کریں ایضاً پوست بیخ [illegible] دو درم تخم [illegible]
کافور ایک ایک درم باریک پیسکے شہد ملا کے ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنا کے ایک کٹوری میں ایک گولی
کا لیپ تین بار کافی ہے ایضاً بیر بہوٹی ایک دام روغن کنجد یا بینڈی کا تیل یا بادام [illegible] انگلیاں چھوٹے
کف پا میں تین بار طلا کریں امساک ہو انتباہ ایک مشہور نامی گرامی بید بالکشن قنوجی سے بوعلی سینا نے

چند عمدہ نسخہ پاتے تھے وہ مجربات بوعلی سینا سے لکھے گئے کتنا ایک جائفل کا سر تراش کے تھوڑا کھودا اوسکے
اندر سے نکال کے ایک تولہ پارہ اوسکے اندر بھر کے پھر کھودا اوسکے اندر خوب بھر کر اوپر سے پھر وہی ٹکڑا جائفل کا
جما کے اور گل حکمت کر کے ایک بکری کی کھال تراش کے وہ جائفل اوسکے پیٹ کے اندر چھوڑ کے ایک بڑے
تنور اور خوب تیز انگاروں کی آنچ میں اوسے چار پہر دم دی بعدہ گوشت نکال کے جوز کو نکالے اوسکے
اندر سے پارہ بستہ نکلیگا وقت حاجت کے منہ میں رکھ لے جبتک نکالیگا انزال نہوگا ایضاً پارہ اور
خالص چاندی کا برادہ سوہن کیا ہوا ہر واحد ایک تولہ خوب ملا کے گولی بنا کے آٹے میں جوان مرغ کو
کھلائے صبحکو مرغ کو ذبح کر کے وہ گولی بستہ نکال لے جبتک منہ میں رہے امساک ہو اور خمار اور درد سر
رفع کرتا ہے اور دم پھولنے اور دانتوں کی جڑوں کے استحکام کیلیے مفید ہے ایضاً تین درم پارہ زندہ چھوٹی مچھلی کو
کھلائے دوسرے دن اوسکے پیٹ سے پارہ بستہ نکلیگا اوسے منہ میں رکھنے سے امساک ہوتا ہے منزلات نساء سہاگہ
ایک ماشہ شہد چھ ماشہ کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کے سر حشفہ چھوڑ کے مرد تمام عضو پر طلا کرے دو تین
ادخال میں عورت فارغ ہو منزل گھونگچی کی پتی خوب باریک پیسکے آدھے آدھے درم کی گولیاں بنا کے ایک
ایک کھلائیں تو اتفاق انزال ہو ایضاً پارہ ایک ماشہ گائے کا گھی چھ ماشہ بنگلہ پان چار عدد کھرل کر کے چنے کے
برابر گولیاں بنا کے عورت کو ایک گولی پان میں کھلائیں عورت فوراً فارغ ہو ایضاً بیل کے بیج ستاور
ہموزن شہد میں کھرل کر کے مرد اپنے وجود پر لگائے لذت حاصل ہو ایضاً سعد مالہ نزاک کوٹ چھان کے
سعد کو گرم کر کے آدھا چاول عورت کی اندام نہانی میں لگائیں پھر قدرت خدا ملاحظہ کریں انزال اور
لذت اور شہوت سے بیقرار ہو مجرب و مفید ہے ایضاً پارہ ایک درم شنگرف و کتھا ہر واحد دو درم لیموں
کے عرق میں کھرل کر کے مٹر کے برابر گولیاں بنا کے جس عورت کو دو گولیاں کھلائیں تو تین ادخال سے منزل
ہوگی ایضاً اثرن بڑی الائچی گائے کے کچے دودھ میں کھرل کر کے مرد ذکر پر طلا کرے مشغول ہو ایضاً خون
مرغ جوان نو درم شہد ایک درم مٹی کے ظرف میں رکھکے مٹر کے برابر گولیاں بنا کے لعاب دہن سے گھس کر
طلا کریں ایضاً تخم دھتورہ پیپل شہد میں کھرل کر کے ذکر پر طلا کریں لذت بہت حاصل ہو ایضاً گل کنیر سفید
سایہ میں خشک کرائے بعدہ پوٹلی باندھ کے پانچ سیر دودھ میں نرم آنچ پر پکائیں جب نصف سے کم رہجاوے اوتار کے
پوٹلی خوب دودھ میں ملکے اوسکا دہی جما کے متھ کے مکھن نکالیں ضرورت کیوقت تھوڑا کا قوت دوا تھوڑا مکھن میں ملا کر
سر حشفہ چھوڑ کے طلا کریں اور مشغول ہوں تماشا عجیب دیکھیں مجرب اور ممسک ہے ایضاً جنگلی کبوتر کی بیٹ شہد ساوکی

تھوڑا اسفید لاہوری نمک ملاکے کھرل کرکے مکرر طلا کرین ایضاً لونگ۔ عاقرقرحا مساوی ادرک کے عرق مین کھرل کرکے
مٹر کے برابر گولیان بناکے عند الضرورت ایک گولی لعاب دہن مین گھسکے طلای مکرر کرین مغزل پارہ۔ سہاگہ مساوی ملاکے
لیموون مین باریک تسلیخ کرکے اوسمین بھرکے سوراخ بند کرکے ہاتھ مین لیکے مشغول ہون جب عورت کو سونگھا تین انزال ہو
مجففات ومبکرات ومضیقات مشک تبت۔ عنبر اشہب۔ عود ہندی۔ ہر واحد دو درام۔ سوس کی
چربی مین گرم کرکے ریشم یا نرم اون یا کپڑے مین لت کرکے آدھا گھنٹہ قبل صحبت سے حمول کرین مضیق در
معطر ہو مجرب ہے مضیق مرغ کا پتہ سوس کی چربی مین حل کرکے حمول کرین ایضاً مرغ کا پتہ عورت اپنی
اندام مین لگائے باکرہ ہوجائے ایضاً جوز پوست انار کوٹ چھان کے فرزجہ کرے باکرہ ہو ایضاً
گائے کا پتہ مکرر فرزجہ کرے یا کھائے باکرہ ہوجائے ایضاً پوست بکاین سایہ مین خشک کرکے پیس کے
چھان کے شیاف کرے تنگ ہو ایضاً مازو۔ شہد۔ کافور ملاکے مکرر طلا کرے بڑھیا بھی باکرہ ہو ایضاً
سمندر پھین۔ مغز تخم ہلیلہ ملاکے شیاف لین بہت تھوڑی دیر مین تنگی ہو ایضاً بیر بہوٹی گائے کے
گھی مین کھرل کرکے تین روز تک اندام نہانی مین لگائے تنگ ہوجائے ایضاً بھنگرہ۔ پوست انار مساوی
باریک پیسکے فرزجہ کرے تنگی ہو ایضاً مازو۔ حب بلوط۔ گلنار مساوی جوش دیکے آبدست لین رطوبت
خشک ہو مجفف مایین۔ کتھہ۔ مالچھر۔ پانی مین جوش دیکے آبدست لین رطوبت خشک ہو ایضاً مالچھر۔
پھٹکری۔ ناگرموتھہ۔ مایین مساوی کوٹ چھان کے سوس کی چربی مین خمیر کرکے شیاف کرین ایضاً
ببول کی چھال۔ مازو۔ مالچھر۔ پانی مین جوش دیکے آبدست لین رطوبت عورت کی خشک ہو

تیرھوان باب جو مرد اور عورتین قابلیت اولاد کی رکھتی ہون اونکی پہچان اور شناخت

حمل کے بیان مین

صنعت آتالیق ادب نے لکھا ہے کہ جس مرد کے اولاد جلد جلد اور کثرت سے ہوا اوسکو فسس اور ایسی عورتون کو
مفرہ کہتے ہین ایسا مرد بزرگ اندام فربہی اور لاغری اور قوت معتدل و جسم پر گوشت اور نرمی اور سختی
مین جلد اور گوشت معتدل گو نہ سختی مائل ہڈیان چوڑی سخت اور مضبوط انثیین گول نہ بڑی ہوتی ہین اور اوپر رگین
سرخ رنگ کی ظاہر اور آلتناسل کی رگین سخت اور پھولی ہوئی ہین اور جلد سُست نہین ہوتا جماع پر حریص اور
بہ نسبت اور لوگون کے جلد بالغ ہوتا ہے اور زہار پر بال گھنے ہوتے ہین اور عورت کا جسم اور گوشت اور سختی
اور نرمی اور گوشت اور رنگ مین معتدل چہرہ شگفتہ معدہ قوی اور کھانا اچھی طرح ہضم اور حیض وقت معین پر

خون معتدل القوام بہت گاڑھا سیاہ رنگ کا نہ بہت پتلا بلکہ جلد ارہتا ہے کسلمند اور سست نہین ہوتی ہوش و
حواس درست اور خشاش و بشاش رہتی ہے اور بہ نسبت اور عورتون کے جلد جوان اور وقت پر بالغ ہوتی ہے اور جس طرح
ربلعالمین نے صحیح مردون اور عورتون وصال سے اولاد پیدا ہونیکا قاعدہ مقرر کیا ہے اوسی طرح شناخت حمل کی
اور حمل لڑکے لڑکی کی پہچان بھی تجربہ پر معین کردی ہے جب مرد کا نطفہ عورت پر غالب آتا ہے تو لڑکا ہوتا ہے ورنہ لڑکی
ہوتی ہے یا معتدل ملکون اور معتدل موسمون مین حیض سے فارغ ہونیکے بعد معتدل مزاجون کا شمالی ہوا اور
بعد فراغ ایام کے طاق شبون مین اگر اتفاق صحبت کا ہو تو فرزند نرینہ ورنہ لڑکی کا حمل ہوگا اطبا کا اس قول پر
اتفاق ہے کہ مرد کی منی اگر داہنی طرف سے زیادہ آئے اور داہنی طرف رحم مین بھی قیام کرے تو فرزند نرینہ ہوگا
اور اگر بائین طرف گرے تو لڑکی ہوگی مگر عادتین اوسکی مردون کے مانند ہونگی اور اگر بائین طرف سے زیادہ آوے
اور بائین طرف رحم مین گرے تو لڑکی ہوگی اور بعض طبیب لکھتے ہین کہ فراغ حیض کا دن طاق ہے اُس
روز اور اوسکے بعد طاق شبون مین اگر صحبت کا اتفاق ہو تو فرزند نرینہ ہوگا اور دوسرا روز جفت ہے اوس
روز اوسکے بعد جفت شبون مین لڑکی ہوگی مگر حکیم جالینوس اور بعض طبیب اس قول کے خلاف ہین اونکا
قول ہے کہ اول روز لڑکا اور اوسکے بعد پانچوین روز تک لڑکی پھر اوسکے بعد آٹھوین روز تک لڑکا پھر اوسکے بعد
گیارھوین روز تک مرد نطفہ قائم ہوتا ہے اور گیارہ دن کے بعد قیام حمل نہین ہوتا لڑکے کے حمل مین عورت
کا رنگ خوب نکھرا ہوا صاف اور بول رنگین ہوتا ہے پستان راست چپ سے کسیقدر بڑی اور سر پستان سرخی مائل
اور لطیف غذاؤن کی خواہش اور طبیعت محظوظ رہتی ہے اور علامات حمل داہنی طرف سے ظاہر ہوتے ہین حرکت رحم
داہنی طرف سے محسوس ہو اور ابتدا مین نبض داہنی طرف کی ممتلی اور متواتر اور زیادہ ہوتی ہے اور کھڑی ہوکے جب عورت
چلنے کا ارادہ کرتی ہے پہلے داہنا پیر اوٹھاتی ہے اور داہنا ہاتھ ٹیک کے اوٹھتی بیٹھتی ہے اور داہنی پلک بائین سے
جلد چلتی ہے اور جنین تین مہینے کے بعد حرکت کرتا ہے مگر لڑکے کے حمل مین ضعف اور بدحالی زائد ہوتی ہے
اور لڑکی کے علامات اسکے برعکس ہین اور وہ چار مہینے کے بعد حرکت کرتی ہے حاملہ عورت کے قارورہ مین
دھنکی ہوئی روئی کے سے ریشے معلوم ہوتے ہین اگر حمل مین شک ہو تو زراوند طویل کوٹ کے شہد مین
ملا کے نیلے رنگ کے سوت مین لت کرکے صبح کو فرزجہ کرے تین پہر کچھ کھائے پیئے نہین تین پہر کے بعد اگر
منہ مین مزا معلوم ہو تو حمل ہے ورنہ نہین شیرین مزا ہو تو لڑکا اور تلخ ہو تو لڑکی ہے

چودھوان باب عورتون کی اقسام کے بیان مین

حکماے ہندی نے عورتون کی چار قسمین بیان کی ہین پدمنی چترنی ہستنی سنکھنی ہر دون کو اونکی اوضاع اور عادات سے واقف ہونا ضرور ہے اس نظر سے صرف مختصر حال لکھا جاتا ہے اول پدمنی یہ عورت اپنے جملہ اقسام سے بہتر ہے۔ سر گول۔ بال سیاہ لمبے۔ گھونگھر والے بہت باریک۔ دراز قد۔ پوست جسم کا نرم نازک چمکدار نیلوفر سا رنگ پیشانی کشادہ۔ اور صاف بلاشکن۔ ابرو خمدار سیاہ اور صاف ہرن سی آنکھ ڈھیلے خوب سیاہ اور موتی کی طرح سفید رسیلی ڈورے اوسمین لال لال رخسارہ شگفتہ کان متوسط۔ لوین باریک اور نازک۔ بلند بینی۔ اونٹھ باریک دانت چھوٹے چھوٹے موتی کی طرح چمکدار زبان باریک سرخی مائل خوشبودار نرم گوشہ دار۔ چہرہ لمبا۔ گردن صراحی دار سینہ متوسط بہت چوڑا نہ اوبھرا نہ بالکل سوکھا پستان بلند انار کیطرح اوبھری ہوئین شکم صاف ہموار جیسے ترشی نکمین بھی ہون ناف پست نرم شانہ بلند بازو اور ساعد پر گوشت سڈول گول لمبی ہتیلی برابر جیسین گدا ہو۔ اونگلیان ہاتھ کی نرم اور نازک پورین لمبی۔ ناخن صاف خمدار سرخی مائل کمر پتلی نازک سُرین پر گوشت۔ رانین گداز تمام جسم مین بال بہت ہی کم۔ اونگلیان پیر کی لمبی پتلی ہوئین۔ ناخن پیر کے صاف اور پیر زمین پر ہموار رہے۔ عرق اوسکا خوشبودار ہووے۔ دانشمند سلیقہ شعار بے طمع۔ باحیا۔ کم خوراک۔ خوش مزاج خلیق ہلکا رنگ بھینی بھینی خوشبو۔ صاف لباس۔ صفائی پسند ہو ہنسنے مین مسکرائے آواز بلند نہو۔ زیادہ چلنا پھرنا بیکار کام پسند نہین کرتی مرد کے آرام کرنے کے بعد سوئے علی الصباح سب سے پہلے سو کے اوٹھے۔ بیدار ہوتے ہی فوراً اوٹھ بیٹھے۔ غمگین اور پژمردہ نہین رہتی شوہر پر شیفتہ رہتی اور اطاعت اور خدمتگاری سے اوسے رضامند اور فریفتہ رکھتی۔ شوہر کی رضا مقدم سمجھتی اوسکی غیبت مین افسردہ رہتی اور صورت دیکھنے سے شگفتہ ہو جاتی ہے نزاکت کے باعث مباشرت کثیر کی تحمل نہین ہو سکتی۔ اور شب مین وصال پر راغب ہوتی اور اولاد کو بہت عزیز رکھتی۔ ہنسی دل لگی۔ حسد۔ طمع۔ فتنہ اور عیبون اور بد فعلون سے احتراز کرتی ہے ایسی عورت خانہ داری کا اہتمام نہایت خوبی اور سلیقہ شعاری اور ہوشیاری سے کرتی ہے اور خوش نصیب ہوتی ہے اور شوہر اوسکا بلیات اور مکروہات دنیا سے آزاد رہتا ہے پدمنی کو بوے ریاحین پسند ہوتی ہے اور گل نیلوفر کو دوست اور چنبیلی کی خوشبو سے زیادہ شوق رکھتی ہے دوسری چترنی یہ عورت باقی دونون اقسام سے اچھی ہوتی ہے۔ سر کسیقدر لمبا۔ بال سیاہ لمبے باریک۔ میانہ قد۔ پوست جسم کا نرم اور نازک چمکدار۔ رنگ سرخی مائل۔ پیشانی کشادہ اور صاف ہرن سی آنکھ اور رسیلی۔ لال لال ڈورے ہون اور آنکھ کے ڈھیلے سیاہ ہون سفیدی موتی کیطرح رخسارہ شگفتہ گلابی

کی طرح - کان متوسط - لوین چپٹی - ناک بلند - ہونٹھ باریک - دہانہ تنگ - دانت چھوٹے چھوٹے صاف چمکدار موتی
کی طرح - زبان باریک - سرخی مائل - خوشبودار - چہرہ اور زنخ گول - گردن صراحی دار - سینہ متوسط - چوڑا ابھرا ہوا - پستان بلند انار
کی طرح - شکم بلند - شکن دار - ناف پست - شانہ بلند - بازو اور کلائی گداز - سڈول - اوسط - ہتیلی موٹی - بلند - انگلیان ہاتھ کی
متوسط - کسیقدر موٹی - برابر رکھنے سے ہتیلی کے بیچ کی جگہ خالی رہے - ناخن گول صاف سرخی مائل - کمر گداز
سرین زیادہ پرگوشت - رانین خوب گول - تمام جسم پر بال بدرجہ اوسط - انگلیان پیر کی لمبی پھیلی ہوئی گول گداز
ناخن پیر کے صاف سرخی مائل - پیر زمین پر ہموار نہین رہتا ہے بلکہ کسیقدر بلند - پسینے مین بساہند آتی ہے -
دانشمند اور سلیقہ مین بدرجہ اوسط - مطیع - باحیا - کم خوراک - ہمیشہ طالب راحت - زود رنج - زود خشم - چاپلوسی پسند
ذراسی بات مین خوش - ذراسی بات مین ناراض - تیز خوشبو - شوخ رنگ - کھیل کود اور ناچ اور باجا اور صاف
لباس اور صفائی پسند ہوتی - آواز سے ہنستی - بیکار ادہر اودہر پھرتی - ایک حیثیت پر نہین رہتی - مرد سے
پہلے سوتی اور دیر کو سوکے اوٹھتی - بیدار ہونیکے بعد بھی تھوڑی دیر بستر پر پڑی رہتی - کبھی طبیعت خوش اور
کاہے خود بخود پژمردہ رہتی - شوہر سے محبت کرتی اور بدرجہ اوسط اوسکی خدمتگذاری اور اطاعت مین رہتی اور مرد کے
حاضر اور غائب حالت اوسکی یکسان رہتی - ہنسی ٹھٹھا دل لگی مذاق زیادہ پسند کرتی - حسد اور طمع سے احتراز کرتی ہو
سخت مزاج - تندخو - سعادت اور نحوست اور اہتمام خانہ داری کمتر بدرجہ اوسط اور گانا بجانا اور کھیل کود
اور خوشبو اور رنگ وغیرہ بہت پسند کرتی ہو - تیسری ہستنی - یہ عورت اقسام مذکورہ بالا سے بدتر ہے - چپٹا اور گول
متوسط بال کم سیاہ یا بھورے موٹے - میانہ قد - جسم کا پوست موٹا سخت کم سرخ سیاہی مائل - پیشانی تنگ پرشکن
پر دین چپٹی ہوئی - آنکھین چھوٹی چھوٹی کرنجی یا کم سیاہ - گال پھولے ہوے - کان بدہیئت - بڑی لوین - ناک موٹی
اور ٹیڑھی موٹے گردہ سے - دہانہ بڑا - دانت بڑے بڑے میلے - زبان موٹی - ٹھوڑی گول اور ٹیڑھی - گلا پھولا ہوا
گردن فربہ - شانہ بلند - قبضے خوب بھاری - بازو اور ساعد خوب موٹے - ہتیلی موٹی چوڑی اوبھری ہوئی برابر نہ بیٹھے
انگلیان میانہ موٹی - ناخن چھوٹے اور موٹے - سینہ بہت چوڑا خوب ابھرا ہوا پر گوشت - پستان بڑے بڑے
پیٹ بھی بڑا لٹکا ہوا - ناف اوبھری ہوئی - کمر بہت موٹی - سرین فربہ پیچھے کی طرف اوبھرے ہوئے اور پنڈلیان
خوب تیار - پیر کے تلوے زمین پر برابر نہ بیٹھے - پنجہ تنگ - انگلیان پیر کی بھدی چھوٹی ملی ہوئی - ناخن میلے
پسینے مین بدبو - بیوقوف گنوار - بدسلیقہ - بیحیا - غبی - پیٹو - بدخو - جنگجو - زود خشم - زود رنج - مباشرت سے
سیر نہو - چاپلوسی اور خوشامد پسند ہو سکتا - میٹھا پسند ہو - نہایت شوخ رنگ اور تیز خوشبو مین اور

واہیات باتین اور میلا کچیلا لباس اور راحت پسند ہو صفائی مزاج مین بہت کم ہو۔ بلند آواز سے ہنسنا ایک جگہ
پڑی رہے۔ غافل اور بہت سوتے۔ بہت دیر کو سوکے اوٹھے۔ بیدار ہونیکے بعد بھی برابر پڑی رہا کرے خوش بہت کم
پژمردہ زیادہ رہے۔ شوہر کی اطاعت و خدمتگزاری مین پہلوتہی کرے۔ کسی بات کا لطف اور حظ اوسکی طبیعت مین نہو
حاسد اور طامع اور سخت مزاج اور تندخو۔ ایسی عورت سعادت اور نحوست مین بدرجہ اوسط ہوتی ہے اور اہتمام خانہ داری
اوس سے ٹھیک نہین ہوتا ہمیشہ نقصان پہنچتا رہتا ہے۔ چوتھی سنکھنی یہ عورت جملہ اقسام سے بدتر ہے۔ میانہ سر۔ بال سیاہ
موٹے دراز قد۔ لاغر اندام۔ پوست جسم کا نرم باریک میلا۔ پیشانی پر شکن جیسے چین بر جبین کہتے ہین گرہ دار اور
کشیدہ۔ ابرو پھیلے ہوے۔ بڑی بڑی آنکھین ڈھیلی یا میلی۔ پتلی نیلی یا بھوری۔ گال دھنسے۔ بڑے کان۔ لوین
پتلی لٹکی ہوئین۔ چپٹی ناک یا بہت پتلی کم بلند۔ لب باریک دہانہ پھٹا ہوا۔ دانت میلے بڑے بڑے
زبان لمبی باریک مائل بسیاہی۔ منھ مین بساہند۔ چہرہ لمبا اور خشک۔ ٹھوڑی لمبی۔ گردن بہت پتلی
شانہ اور ساعد اور بازو نہایت سوکھے ہوے۔ پتلی ہاتھ کی چوڑی اور ہتھیلی مین غار زمین پر برابر نہ لگے۔ اونگلیان
لمبی پتلی پتلی سینہ چوڑا بہت ابھرا ہوا۔ پستان بہت چھوٹے چھوٹے نرم۔ پیٹ پتلا بہت جھکا ہوا۔ ناف گہری
کمر بہت پتلی۔ سُرین ٹیڑھی پیچھے کی طرف زیادہ اوبھرے ہوے۔ رانین اور ساق بڑی لمبی اور لاغر اور ان پر
بہت گھنے بال۔ اونگلیان پیر کی لمبی پھیلی ہوئی۔ ناخن میلے۔ پیر زمین پر رکھنے سے ہموار نہ ہو۔ تھوڑا اٹھالی پسینہ
انتہا سے زائد بدبو۔ جنگجو بدخو خشمگین کینہ ور زود رنج مکار بے وفا بیحیا۔ پیٹو۔ بہت کھانا پسند۔ نمک
بداندیش۔ شور و غلغو۔ رنگین اور سفید اور میلے کپڑون کی کچھ پروا نہین کرتی۔ قہقہہ مارکے بہت ہنستی اور بہت روتی ہر وقت
صحبت پر حریص رہتی ہے اور امور خانہ داری مین کاہل و سست اور کم عقل ہوتی ہے جس عورت کو زینت کا
زیادہ خیال ہو اور سرمہ لگانے سے اوسکی آنکھین سرخ ہو جائین وہ حریص شہوت ہوتی ہے اور جس عورت کو فکر اور
اندیشہ زیادہ ہو اور ہمیشہ بناؤ سنگار کیے اور ہر وقت منھ اور سر کھولے رہا کرے اور بہت جھوٹ بولے اور اپنے شوہر سے
خصومت اور جنگ کرے اوسکا دل دوسرے مرد کی طرف مائل ہوگا۔ اور جو عورت ادھر اودھر بہت پھر کر
اور بہت ہنسے اور راحت اور عیش دوست ہو بدکاری کا اوس سے سرزد ہوگی۔ اور جو عورت شرمگین ہو نیچی نگاہ کیے
اور منھ اور جسم ہمیشہ چھپائے رہے ہنس مکھ ہو مگر ہنسی کی آواز بلند نہو اپنے شوہر سے زیادہ محبت کرے
اور لڑکو زیادہ عزیز رکھے اور بہت پیار کرے پاک چشم اور پاکدامن ہے جس عورت کو اپنی حرکات اور عادات کی
کچھ پروا نہو اور منھ اور سر چھپا نہ رہے اور سینہ اوبھرا ہو اور اپنے محرمون کے سامنے بیگانہ مردون سے ہنسی اور مزاح کرکر

وہ لائق اعتبار کے نہین ہے اور ایسی عورتون کو خودرائی اور تنہا چھوڑنا نامناسب ہے

پندرھوان باب حرقت بول یعنے سوزاک کے بیان مین

حرقت بول پیشاب کی جلن کا نام ہے عوام اسکو سوزاک کہتے ہین اور یہ مرض اکثر چار سببون سے ہوتا ہے- پہلا سبب جرب گردہ یا جرب مثانہ یا اوسکی ریم کے سبب جو قرحہ گردہ یا مثانہ سے نکلتی ہو پیدا ہوتا ہے ایسی حالت مین قروح گردہ مثانہ کا تدارک کرنا چاہیے دوسرا سبب جگر گرم اور صفرا غالب ہوا اور اوسی سبب سے بول مین حدت اور حرقت پیدا ہو علامت اوسکی بول رنگین اور اوسکے ساتھ پیپ و چھیلکون کا نکلنا اور آثار حرارت پیدا ہونا اور گرم دواؤن اور غذاؤن وغیرہ کے استعمال کا اوسپر گواہی دینا علاج لعاب اسپغول بہدانہ شیرہ تخم خرفہ - تخم کاہو - شربت خشخاش یا شربت بنفشہ اور بنادق البزور بارد اور ماء الشعیر اور شیرہ تخم خیارین اور مثل اوسکے ہین صفت بنادق البزور - تخم خربزہ - مغز تخم کدوے شیرین - اجوائن خراسانی [illegible] تخم خرفہ - تخم خطمی - مغز بادام مقشر کتیرا - نشاستہ - رب السوس - تخم کرفس - تخم خشخاش سفید دو درم مغز تخم خیارین پانچ درم گوشت چھوہارہ [illegible] کے لعاب بہدانہ ملا کے ایک ایک درم کی گولیان بنائین اور تین گولیان دو تولہ شربت خشخاش یا شربت بنفشہ سے روز کھایا کرین یا پانی مین بھگو کے یا مصری کے شربت سے کھائین مفید ہے اگر [illegible] خشک [illegible] پانی [illegible] تمام رات بھگو کے صبح کو آب زلال [illegible] شربت بنفشہ یا مصری سے [illegible] کھانے سے [illegible] فائدہ کرتا ہے اور زردی بیضہ مرغ نیم برشت اور روغن بادام اور روغن [illegible] کھانا [illegible] بہتر ہے انتباہ جماع اس مرض مین [illegible] اور اس مرض کے علاج مین زیادہ اہتمام کرنا چاہیے کہ دیر تک رہنے سے قرحہ قضیب اور قرحہ مثانہ پیدا ہوتا ہے اور جب مادہ زیادہ ہو اور تعدیل کفایت نکرے تو حسب حاجت فصد لین اور قے اور [illegible] کرین اور اگر تیز مادہ کے علامات حرقت و سوزش بول کا باعث ہون تو پہلے قے کرالین پھر حرقت [illegible] استطلاق [illegible] اسکو ہون اونھین پر اکتفا کرین اور بعدہ فصد باسلیق لین اور اگر کوئی سبب ظاہر [illegible] ادویات ابعض عورت کے دودھ یا روغن گل یا روغن بادام مین حل کر کی احلیل مین [illegible] اور جب [illegible] شدت ہو تو تھوڑی افیون - اجوائن خراسانی بنادق البزور مین ملا کے تیسرا سبب رطوبت [illegible] جو بول کی تعدیل اور تغریہ کیواسطے پیشاب کے راستے پر چھائی ہوئی ہے جسکو عربی مین [illegible] کہتے ہین وہ بسبب شرب مدرات قوی اور حارکے یا بسبب شور تلخ و تیز اور چھیلنے والی چیزون سے

استعمال کرکے نیست ونابود ہوجاتے اور سارا بول کی برہنہ رہجائے یا ایسی مباشرت جو اوس طبیعت کی
تحمل حد واقع ہو جیسے کثرت جماع اور رشل اوسکا اور علاوہ اوسکے ایسے اسباب کا مقدم ہونا اور بدن خشک اور آثار حرارت
کے مزاج مین ہونا علاج بعد قطع سبب کے واسطے تقریۂ بول کے شیاف ابیض عورت کے دودھ کے ساتھ
مجری بول مین ٹپکائین اور لعاب مغزیات جو اوپر مذکور ہین کھائین اور یہ شیاف مفید ہے ص پوست خشخاش
بباسہ۔ رُب السوس۔ سفیدی بیضۂ مرغ شیاف بنائے بکری کے دودھ مین حل کرکے ٹپکائین چوتھا سبب
مجری بول مین قرحہ واقع ہوکے حرقت بول کا باعث ہو اور ظاہر ہے کہ جب بول قرحہ پر گزریگا لذع پیدا کریگا
اور پیپ کا پیشاب کے ساتھ آنا اور قرحہ مین حکہ اور موضع قضیب مین درد لازم ہونا اوسکی علامتین ہین اور قرحہ
قضیب اور قرحہ مثانہ مین یہ فرق ہے کہ جب مثانہ مین قرحہ ہوتا ہے تو پیشاب قلیل المقدار اور کثیر العدد ہوتا ہے اور
قرحہ قضیب مین ایسا نہین ہوتا ہے بوعلی سینا لکھتا ہے کہ سوزاک اکثر چھ سببون سے ہوتا ہے ۱ اوس عورت
کی قربت سے جسکے سوزاک ہو ۲ مجالست اور موانست مرد کی مرد سے ۳ مباشرت کے وقت دفعتاً تخلیہ مین
کسی تیسرے شخص کے داخل ہونے سے ۴ شراب بغیر پانی ملائے پینے سے ۵ مزاج مین حرارت زائد ہونے سے
۶ لنگوٹ باندھے ہوئے سونے مین احتلام کی حالت مین کلیۃً استفراغ نہونے سے اور اس مرض کا خاص علاج
پچکاری ہے اور یہی ہمیشہ مفید اور زود تاثیر ہے زرورق کہ قرحہ قدیم وجدید سوزاک کے واسطے مفید ہے ص
پھٹکری بریان ایک تولہ۔ توتیا بریان چھ ماشہ۔ ایک سیر پانی سے ایک شیشے مین خوب حل کرین اور ہر روز چار
پانچ بار پچکاری لین یا پانی مین پکا کے پچکاری لین ایضاً ببول کا گوند کتیرا نشاستہ۔ گہر یا چاندی کی
ایک ماشہ۔ مغز تخم خیارین۔ کشتہ قلعی کا ہر ایک دو ماشہ۔ شیر خشت چھ ماشہ ملا کے شیاف بنائین ضرورت کے
وقت عورت یا بکری کے دودھ مین گھس کے پچکاری لین ایضاً سوزاک کے قرحہ کیواسطے بے نظیر ہے ص
سفیدہ کاشغری۔ کندر۔ پھٹکری بریان۔ ببول کا گوند۔ نشاستہ۔ دم الاخوین مساوی سب کے سبز پتون کے
عرق مین کھرل کرکے گولیان بنائین ایک گولی عورت یا بکری کے دودھ مین حل کرکے پچکاری لین ایضاً
سفیدہ کاشغری۔ گل ارمنی ایک تولہ۔ افیون خالص نو ماشہ۔ توتیا سبز چھ ماشہ سرما سا کرکے دودھ یا پانی مین
حل کرکے ہر روز چار پانچ مرتبہ پچکاری لین ایضاً پھٹکری سفید۔ گیہون کا نشاستہ۔ کشتہ قلعی کا
مساوی سرمہ سا کرکے عورت یا بکری کے دودھ مین حل کرکے پچکاری لین ایضاً ہڑ سبز۔ سپیرہ
شگوفتہ مساوی پانی مین بھگو کے یا جوش دیکے چھانکے پچکاری لین ایضاً ایک بزرگ کا تجربہ نسخہ

اچھا ہوگیا اور بہت مریضون کو اسکے استعمال سے فائدہ ہوا مجرب ہے ص شہر بیہڑو۔ املہ نیلو تھہ مساوی پھٹکری
بریان توتیا سبز گھی مین بھونا ہوا ہر ایک وا کا بارھوان حصہ تین شبانہ روز پانی مین بھگو کے خوب ملا مین
جب مل جاوے چھان کے پچکاری لین اور گندہ بروزہ کا ست دو رتی روز ایک بتاشے مین کھائین
شیاف جو قرحہ سوزاک کو مندمل و صاف کرتی ہے ص توتیا سبز دھویا ہوا دو ماشہ مردا سنگ
سنگ بصری۔ لوبان کوڑیا پھٹکری بریان۔ مازو سبز۔ گلنار۔ اقاقیا۔ دم الاخوین۔ غنچہ انار ترش کاغذ
سوختہ۔ گوند ببول تین تین ماشہ شیاف بنا کے کام مین لائین ایضاً دانہ الائچی سفید تین ماشہ۔ توتیا دھویا ہوا
مردا سنگ ہر ایک ایک ماشہ۔ گیرو دو ماشہ شیاف بنائین ایضاً سنگ جراحت۔ گیرو۔ کوڑیا لوبان تین تین ماشہ
مہندی کی پتی۔ ببول کی کونپل ہر دو دو ماشہ سیب کے پتون کے عرق مین کھرل کرکے شیاف بنائین جب
سوزاک کے واسطے مفید ہے ص قلعی کا کشتہ۔ ست سلاجیت۔ کتیرا۔ گل ارمنی۔ دانہ خشخاش سفید۔ ببول کا گوند
مغز تخم خیارین۔ تخم خرفہ مقشر۔ مغز کدوی شیرین۔ مساوی اسپغول کے لعاب مین گولیان بنائین اور گائے کے
دودھ کے ساتھ کھائین قطور سوزاک و قروح مثانہ کیواسطے مفید ہے ص انزروت۔ دم الاخوین۔ کندر۔ قلعی کا کشتہ
نشاستہ۔ افیون مساوی پانی مین گھول کے پلائین یا پچکاری لین ایضاً ببول کا گوند دو ماشہ۔ گیہون کا نشاستہ چار ماشہ
عورت یا بکری کے دودھ مین حل کرکے پلائین یا پچکاری لین ایضاً پوست خشخاش۔ نشاستہ۔ رب السوس [illegible] دودھ عورت
یا بکری کے دودھ مین کھرل کرکے پچکاری لین یا پلائین سفوف گائے کا دودھ پانچ سیر پختہ خوب جوش کرین جب
گاڑھا ہو جاوے تو اسمین شکر [illegible] سیر شاہی اور برنج اور پستہ ہر واحد ڈیڑھ ٹانک۔ ناگیسر ایک ٹانک الائچی خورد
اڑھائی ٹانک مصری آدھ سیر کوٹ چھان کے اوس دودھ مین چھوڑ کے خوب حل کرین جب مثل خاک کے ہو جاوے ہر روز
ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک دودھ کے ساتھ پھانکا کرین مجرب ہے ایضاً مجلون۔ زیرہ سبز ہر واحد ایک سیر شاہی خوب
کوٹ کے روز کھائین یہ ایک خوراک ہے ایضاً کاسنی کی جڑ سبز نہایت تمام شب پانی مین بھگو کے صبح کو پئین
ایضاً نشاستہ دو تولہ پانی مین حل کرکے مٹی کے ظرف مین تمام شب رکھ کے صبح کو نوش کرین ایضاً
کتیرا۔ مصری مساوی کوٹ کے صبح و شام کو ایک کف دست گائے کے دودھ سے پھانکین مرچ و تیل
و گرم ترشی سے پرہیز کرین ایضاً سیدھی آنب کے اندر کی چھال کوٹ کے پانی مین بھگو کے آدھ سیر
شاہی عصارہ آنب کا ملا کے رات کو رکھ چھوڑین صبح کو تھوڑا چونہ ملا کے تھوڑی دیر رکھین پھر پئین
ہو جاوے سنا [illegible] سے ایضاً [illegible] کوپر کے درخت کی اوپر کی چھال پیپل کے سوراخ کرکے ایک ظرف

اوسکے برابر رکھین تمام رات جسقدر پانی اوسمین جمع ہو صبحکو نوش کرین ایضاً کچھ چنے ایک مٹھی تمام رات پانی مین
بھگوکے صبح کو دودھ تو ر شہد ملاکے نوش کرین ایضاً مصطگی ڈیڑھ مثقال کوٹ کے تھوڑے پانی مین بھگوکے تمام رات
شبنم اور ہوا مین رکھین صبحکو نوش کرین ایضاً دھنیا خشک سونف ہر واحد دو مثقال کوکنار ایک یا آدھا
مثقال کوٹ کے کورے برتن مین ڈیڑھ پاؤ پانی سے بھگوکے صبح کو ملکے چھان کے پیین ایضاً تخم خرفہ
تخم خیارین تخم بستان افروز ہر واحد دو مثقال باریک کوٹ کے پوٹلی باندھ کے ایک پیالہ پانی مین تمام رات
رکھکے صبح کو نچوڑ کے پیین اور اگر اوسمین سپیاوشان تین مثقال بڑھائین تو زیادہ نافع ہو اور شیاف ابیض سفیدہ
تخم مرغ مین حل کرکے احلیل مین ٹپکائین اور اسی طرح عورتون کا دودھ احلیل مین ٹپکانا اور قرص کاکنج شیرہ خرفہ
کے ساتھ کھانا بہت مفید ہے ایضاً مغز تخم خربزہ بیس درم خیارین مغز تخم کدو خرفہ مقشر خشخاش سفید
ہر واحد دس درم نشاستہ کتیرا رب السوس ہر واحد تین درم اجوائن خراسانی سفید دس درم مساوی
سبکے شکر سفید ملاکے تین درم صبح اور تین درم شام ایک عرق یا شربت بنفشہ ملاکے چاٹین ایضاً کچلون شیرہ خمار
ایک ایک سیر شاہی کوٹ چھان کے اسکی تین خوراکین یا چھ خوراکین کرکے ہر روز ایک خوراک صبح کو [illegible]
سے پھانکین نہایت مفید اور مجرب ہے صدہا غریبون کو اس سے فائدہ ہوا مگر یہ علاج امیرون کے لائق
نہین ہے ایضاً الایچی جوا کھار پھٹکری پیپل پاکھان بید ایک مثقال کوٹ چھان کے نو درم
پانی سے دھوکے ایک چاول ہر روز کھائین ایضاً میتھی انار دانہ [illegible] ایک ایک درم ایک پیالہ [illegible] مین
شام کو سوراخ کرکے کسی برتن مین تمام رات کا عرق اوسکا لیکے اوس سے صبح کو پھانکین اور کیلے کی جڑ [illegible] مین
ایضاً مغز تخم خیار دس درم افیون اجوائن خراسانی تخم کتان تخم خرفہ ہر واحد ایک درم کوٹ چھان کے
ہر روز صبح کو ایک درم پھانکین ایضاً مغز تخم خربزہ تخم خیار مغز کدو ہر ایک بیس درم گل ارمنی [illegible] گوند
کتیرا دم الاخوین ہر واحد دس درم افیون تین درم تخم کرفس دو درم سفوف بناکے ایک [illegible] آب [illegible] خواہ
[illegible] سے پھانکین ایضاً قلعی کا کشتہ دس درم انزروت تین درم نشاستہ کتیرا ایک ایک درم افیون [illegible]
کوٹ چھان کے آب [illegible] دودھ سے پھانکین سفوف گوندی تمام سایہ مین خشک کرکے کوٹ کے برابر مصری ملاکے
دودھ سے پھانکین ایضاً [illegible] ریٹھہ خام سایہ مین خشک کرکے کوٹ کے اوسی کے برابر مصری ملاکے پھانکین
ایضاً [illegible] کوٹ کے اوسکے برابر مصری ملاکے پھانکین ایضاً گندہ بروزہ کا ست ایک [illegible] ہر روز
بتاشے مین رکھکے کھائین اوپر سے دودھ پیین [illegible] تخم سرس مغز [illegible] مغز تخم کاسنی تخم تالمکھانا ایک [illegible]

کوٹ چھان کے سفوف بنائیں اور دو تولہ تخم کتان رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو چھان کے ایک تولہ کچی شکر ملا کے
پیلے سفوف ایک تولہ پھانک کے اوپر سے اوسکا لعاب پئیں تین چار روز میں اگر کچھ آرام نہ معلوم ہو تو وہی سفوف
برگد کے دودھ میں تر کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کے دو گولی روز صبح کو کھائیں اوپر سے اوسکے لعاب
کتان میں آدھ سیر گائے کا دودھ ملا کے پئیں۔ سرخ مرچ اور ترشی و بادی چیزوں سے پرہیز کریں
پچکاری کباب چینی۔ دار چینی۔ کھیا۔ خنداں۔ مردا سنگ۔ الائچی چھوٹی۔ طباشیر کبود سب چیزیں
تین تین ماشہ۔ توتیای سبز ایک رتی باریک کر کے آدھ سیر دہی میں ملا کے ایک کپڑے میں باندھ کے لٹکائیں جسقدر
اوسمیں سے پانی ٹپکے اوس پانی کی تمام دن میں تین چار بار پچکاری لیں پچکاری رسوت ناگوری۔
کتھ سفید۔ چھال ببول۔ چھال گوندنی۔ چھال کچنال۔ مغز گیکوار دو دو تولہ پھٹکری سفید ایک ماشہ
کوٹ کے دو سیر پانی میں جوش کریں صبح کو اوسمیں کا آدھ سیر پانی نتھار کے اوسکی دو تین بار دن میں پچکاری
لیں سفوف کتیرا سفید۔ ریتا بیج سفید۔ مصری سفید۔ تخم تالمکھانا سفید۔ طباشیر سفید۔ طباشیر کبود
زہر مہرہ خطائی۔ دم الاخوین ایک ایک تولہ باریک پیس کے ایک تولہ روز پھانک کے اوپر سے پاؤ سیر یا آدھ سیر
گائے کا دودھ پئیں یا ایضاً الریب سرخ مائل حجر الیہود۔ کباب چینی۔ شورہ قلمی۔ مصری سفید۔ الائچی سفید
زیرہ سفید۔ سنگجراحت۔ مصطگی۔ پھٹکری سرخ۔ دم الاخوین ایک ایک تولہ باریک پیس کے ایک تولہ
روز آدھ سیر گائے کے دودھ سے پھانکیں پہلے دودھ چاول کھا کے بعدہ جو جی چاہے کھائیں۔ لال مرچ
اور ترشی سے پرہیز کریں پچکاری ایضاً دونوں آٹھ ماشہ اسپغول مسلم تخم خطمی مسلم تخم ریحان
مسلم۔ تخم کنوچہ مسلم ایک ایک تولہ۔ رسوت چھ ماشہ آدھ سیر پانی میں بھگو کے ملکے چھان کے بکری کا آدھ سیر دودھ
اتنا ہی دودھ سے پھٹ کے اوسمیں ملائے۔ کافور۔ دم الاخوین۔ باریک کر کے اوسمیں حل کر کے ایک شیشہ
میں ڈال کے خوب ہلا کے اوسکی دن میں تین چار بار پچکاری لیں ایضاً توتیای سبز۔ کوڑیاں زرد
نیل و لاجی۔ دم الاخوین سفیدہ کاشغری خوب باریک پیس کے دو ماشہ آدھ سیر پانی یا بکری کے دودھ میں
حل کر کے پچکاری لیں سفوف کباب چینی۔ ریوند چینی۔ دانہ الائچی خرد چھ چھ ماشہ شورہ قلمی ایک تولہ
مصری دو تولہ کوٹ کے بکری کے دودھ سے پھانکیں اوسکے بعد دو چند دودھ اوسمیں پچکاری
شہد خالص بکری کے دودھ میں حل کر کے پچکاری لیں ایضاً ہڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ دھنیا ایک ایک تولہ سنگجراحت
رال چھ چھ ماشہ۔ توتیای سبز تین ماشہ دہی کے توڑ میں رات کو بھگو کے صبح کو آب صاف لیکے دن میں تین تین تبہ

ہر واحد بیس بیس دانہ تین ملی پانی میں جوش دیکر جب نصف رہی چھانکر گلقند آفتابی دس درم مغز خیار شنبر ترنجبین
ہر واحد پندرہ درم ملاکے دو دام روغن بادام اضافہ کرکے پیوین **صفت مرہم** شادانہ شادانج تیس عدد۔ کندر
انزروت ہر واحد ایک مثقال روغن گل بارہ درم موم سفید ڈیڑھ درم مرہم بنالیں **صفت ذرور** انزروت
انزروت شادانہ۔ اقاقیا۔ گلنار۔ کندر۔ دم الاخوین۔ زراوند دراز سرمہ کی طرح باریک پیسکے زخم پر چھڑکیں
صفت معجون شاہترہ شاہترہ سات مثقال سنا مکی تین مثقال پوست ہلیلہ زرد و کابلی ہر ایک پانچ مثقال
پوست آملہ آٹھ مثقال ریوند دو درم گلسرخ چار مثقال باریک پیسکے منقے تخم نکالے ہوئے یا کشمش نو مثقال
ملاکے معجون بناکے استعمال کریں تین روز میں صحت حاصل ہو **دوسرا سبب** جو صفرے کے باعث سے
عارض ہو علامت اسکی منہ اور آنکھوں کی زردی اور بدن کی لاغری اور منہ کا تلخ ہونا اور تشنگی اور
ناک اور زبان میں خشکی اور سرعت نبض اور اعضا میں سوزش اور سرخی قارورہ میں آنکھوں کے آگے کھٹکا سا
معلوم ہونا اور بدن پر پھوڑا مائل بزردی اور سوزش کے ساتھ ہونا اور اکثر ادویہ سے زرد پانی بہنا علاج اشربہ
اور سرد غذاؤں سے تبدیل مزاج کرنا چاہیے اور جن چیزوں سے صفرا پیدا ہو اور بخار دماغ میں پہونچے جیسے
لہسن و پیاز اور گندنا وغیرہ بہت ان سے پرہیز کریں اور شربت نارنج اور لیموں اور آب نارنج وغیرہ اور اسکو
پلائیں اور اگر کوئی سبب مانع نہو تو فصد کھلوائیں نہیں تو پچھنے لگائیں اور یہ مسہل اسکے واسطے مفید ہے صفت پوست
ہلیلہ زرد سنا مکی شاہترہ پانچ پانچ درم۔ الو بخارا ہر واحد پندرہ درم تخم کاسنی نیکوفتہ تخم خطمی نیکوفتہ مکو خشک
زراوند دراز نیکوفتہ۔ گلسرخ ہر واحد ایک درم۔ عناب۔ سپستان آٹھ آٹھ دانہ۔ شیرخشت یا ترنجبین بیس درم
جوش دیکے شیرگرم میں [illegible] پانی ملاکر پلایا ہوا یہ بہت حکمی ہے صفراء سوختہ کو نکالتی ہے اور اگر منہ
اور سر میں پھوڑا ہو تو گل ارمنی [illegible] درم کافور آدھا دانگ۔ زعفران آدھا درم
مردار سنگ دو مثقال باریک کوٹکے آب ... سرکہ میں ملاکے لگائیں تو زخموں کو بہت جلد خشک اور
گوشت کو پیدا کرتا ہے جیسے حمام میں جاکے زخموں کو خوب دھویں بعدہ ذرور چھڑکیں صفت کندر۔ مر۔
انزروت دم الاخوین برابر سرمہ سا کرکے زخموں پر چھڑکیں مفید ہے **تیسرا سبب** جو بلغم عفن کے سبب سے عارض ہو
علامت اسکی جوڑوں میں درد اور جلد سرد اور بہت نیند اور بول کا سفید اور شورہ ناک معلوم ہونا اور منہ کا مزا
شوریت کے ساتھ اور زخموں میں رطوبت زائد اور خفیف زرد رنگ پانی مائل بسفیدی نکلنا اور ناک اور منہ
سے پانی بہنا اور سر اور آنکھوں کا بھاری ہونا اور سرد ہوا اور سرد چیزوں سے تکلیف پہونچنا علاج

حب ایارج اور حب قوقایا سے تنقیہ کرین صفت اوسکی پہلے لکھی گئی ہے اور ہفتہ مین ایکبار قے کرین غرغرہ سکنجبین
اور ربکا مین عاقرقرحا گھس کے ملا کے غرغرہ کرین مفید ہے ضماد مسور گلاب کے پھول ملٹھی اندرائن کا جلا
پانی مین جوش دیکے اور آب کرفس ملا کے حمام مین ملنے سے فائدہ ہوتا ہے موم روغن بید روغن گل روغن بابونہ
مغز ساق گاو یا اوسکا روغن اور بط کی چربی اور موم ان سبکا موم روغن بنا کے عاقرقرحا قسط تلخ مرمکی
اوسمین ملا کے زخمون اور جوڑون پر ملنا مفید ہے اور مفاصل کے درد کو بھی فائدہ کرتا ہے ذرور کندر مر
انزروت مردا سنگ دم الاخوین ایلوا برابر باریک پیسکے زخمون پر چھڑکیے اور جو چیز بلغم زیادہ کرتی ہیں
نکھاین خصوصاً گائے کا گوشت طلا کندش [illegible] دو مثقال ہلدی ایک مثقال لیکے
اور میویزج ایک مثقال مرمکی کے روغن گل ملا کے طلا کرنا بہت مفید ہے چوتھا سبب جمع خلط سودا سے
عارض ہو اور علامت اوسکی چہرہ کا بھاری [illegible] خشکی [illegible] اور ناک مین خشکی اور بیخوابی اور بدن اور
جلد کا [illegible] اور نبض کا دقیق [illegible] اور انگلیون کے [illegible] اور فاسد فکرین اور
رنگ [illegible] اور [illegible] کا مائل بسیاہی اور خشکی زخمون پر غالب [illegible] اور یہ مرض اگر دیر مین اچھا ہوتا ہے اگر علاج کرنا چاہیے
اور [illegible] علاج [illegible] مطبوخ افتیمون [illegible] سے تنقیہ مفید ہے صفت مطبوخ
افتیمون [illegible] گل سرخ
[illegible] افتیمون [illegible]
[illegible] روغن بادام ایکدرم
[illegible] معجون [illegible] ترکیب پہلے لکھی گئی ہے [illegible] مفید ہے غرغرہ سکنجبین عسلی
[illegible] اور ایارج فیقرا [illegible] پانی مین ملا کے غرغرہ کرنا مفید ہے ضماد کندش
اقلیمیا [illegible] مرداسنگ [illegible] دو دو مثقال [illegible] مثقال [illegible] تین مثقال ہلدی
[illegible] ایک ایک درم خوب باریک پیسکے [illegible] روغن گل ملا کے حمام مین [illegible]
مرداسنگ کندر سفید گل ملتانی گلاب کے پھول انزروت باریک پیسکے زخمون پر چھڑکین فائدہ [illegible]
[illegible] اور بدن کا تنقیہ کرین [illegible] معجون [illegible]
زائل [illegible] استعمال سے صحت [illegible] کابلی آملہ ترید [illegible] شاہترہ
پانچ پانچ مثقال کملیہ چار مثقال افتیمون تین مثقال قند سو مثقال کے قوام مین [illegible] دوائین [illegible] وزن

کشمش مین کوٹ کے ملا کے دو درم سے دو مثقال تک ہر روز کھائین فائدہ جب آبلہ فرنگ اخلاط مرکب کے
سبب سے عارض ہو تو کھانے اور پینے اور دوا مین بھی اون خلطون کی رعایت رکھنا چاہیے اور اگر کوئی امر مانع ہو
فصد اون اقسام کے واسطے مفید ہے اور یہ دوائین جو لکھی جاتی ہین جملہ اقسام کے واسطے مفید ہین جیسے لونگ
کباب چینی - عاقرقرحا - سنا مکی - پوست ہلیلہ زرد - پوست ہلیلہ سیاہ - پوست آملہ ہر ایک دو تولہ رسکپور کو
تاشی کے صاف عرق مین دو پہر کھرل کرے بعدہ اور اجزا باریک پیسکے اوسمین ملا کے مرچ کے برابر
گولیان بنا کے کھائین آتشک کے واسطے مفید ہے مغز بنولہ - مغز جمال گوٹہ - کھوپرہ - ہر ایک
دو تولہ روغن نکال کے پانچ چھ قطرہ بتاشہ مین کھائین دستون سے فراغت کے بعد غذا بھی خشکہ
کھائین اگر دست زیادہ آئین تو دہی زیادہ پلائین اور اگر اس سے بند نہون تو لعاب بہدانہ - لعاب ریشہ خطمی
پیئین اور یہ مسہل درد مفاصل اور جذام کے واسطے بھی مفید ہے ایضاً جند بیدستر - گندھک زرد ہر ایک دو درم
لبان [illegible] - ریوند چینی پانچ درم - ماہ فرفیون مجرب [illegible] مثقال گلاب - لیمون کے عرق مین پیسکے برابر
گولی بنا کے ایک صبح ایک شام کھائین دودھ اور ترشی و مچھلی و بادی چیزون سے پرہیز کرین ایضاً [illegible]
سہاگہ - اسگندھ ناگوری - مغز [illegible] سیاہ - اسپند - چھوٹی بڑی مائین مساوی کوٹ کے جو دو ٹکیان بنائین ایک
ہفتہ تک ایک صبح یا شام اور ایک صبح کو حقہ مین بھر کے تمباکو کی طرح پیئین اور غذا بھونے چنے بے نمک کھائین اور
آٹھوین دن گیہون کی روٹی گاؤ کے گھی سے چرب کر کے یا گاؤ کے دودھ مین بے نمک کے شیر برنج کھائین [illegible]
جو چاہین کھائین اس دوا کے استعمال سے دست آئینگے یا منہ آجائیگا اگر منہ آجاوے یا دس سیر بھربیری کی جڑ
پانی مین جوش کرین جب نیم گرم رہے اوس سے کلی کرین ایضاً پرانا گڑ دو تولہ - مردار سنگ چھ ماشہ -
سفیدہ [illegible] ماشہ - جمال گوٹہ ایک تولہ کوٹ کے گولی بنائین اور ایک گولی صبح اور ایک شام کو کھائین غذا مالیدہ
یا شب چیری ہوائی روٹی بے نمک و بے شکر کے کھائین ایضاً کاٹی کی جڑ - ریوند چینی - اندرائن کی جڑ
کوٹ چھان کے ہر ایک [illegible] ایک تولہ مریض کو دیجاوے جلاب ہوگا بعد جلاب کے اور دوا مین بھی
کھلائین ایضاً فرنگ [illegible] اور آتشک کے واسطے مفید ہے رس پارہ ڈیڑھ ٹانک - اجوائن تین ٹانک بھلاوان
ایک ٹانک و بعد ایک جا کوٹ چھان کے اوسیقدر پرانے گڑ مین ملا کے سات گولیان بنا کے ایک گولی روز
کھائین سات روز تک خشک موٹھ کے سوا اور کچھ غذا نہو بعدہ آٹھوین روز گاے کا دودھ خشکہ کھائین
ایضاً پارہ تین درم - افیون خالص دو درم - پرانا گڑ چھ درم ایک ظرف مین کھرل کر کے تین بار اچھی طرح سے

عرق لیموں کھپائیں پھر ایک درم شنگرف ملا کے خوب حل کریں کہ ایک ذات ہو جاوے تین گولیاں بنا کے صبح شام
ایک ایک گولی کھائیں مچھلی اور ترشی سے پرہیز کریں حب جدوار مجربات حکیم سعد اللہ گیلانی کے تمام امراض
بارد اور اوجاع مفاصل وغیرہ کے واسطے مجرب ہے صفت تخم کرفس - اسپند - انیسون - زعفران مصطگی ایک
ایک درم سکبینج - مقل ازرق ہر واحد ڈیڑھ درم آملہ - ہلیلہ سیاہ - ہلیلہ کابلی دو دو درم - پودینہ نہری
فطر اسالیون - فقاح اذخر - اسارون - قسط - مر کچور ہر واحد آدھا درم - جدوار آدھا مثقال کوٹ چھان کے
گندنا کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنا کے ایک گولی نہار کھائیں مسہل جو بے زحمت مواد کو نکالے اور آتشک کو
نفع کرے پارہ - گندھک آملہ سار ہر واحد ایک ماشہ گیرو آدھا ماشہ مرمکی جمال گوٹھہ سبزی نکال کے تین ماشہ پہلے پارہ اور
گندھک ملا کے کھرل کریں بعد اوسکے اور اجزا پانی میں کھرل کر کے قرص بنا کے برتن میں رکھے اوسمیں
پانی بھر کے آگ پر رکھدیں جب ذائب ہو جاوے نکال کے تین لی آدھ سیر دودھ کے ساتھ کھائیں حب مسہل
آتشک جمال گوٹھہ ہر ایک درم آملہ چار درم کوٹ چھان کے لیموں کے پانی میں سات پہر کھرل کر کے چنے کے
برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک گولی سے تین گولی تک افق مزاج مریض کے اور بعضے نسخوں میں لکھا ہے
کہ جمال گوٹھہ برابر ہلیلہ سیاہ ہر واحد ایک حصہ اور دو حصہ لیموں کے پانی میں کھرل کر کے ریٹھہ کے برابر
گولیاں بنائیں خوراک ایک گولی شربت حنظل یعنے اندرائن کا شربت مواد سوداوی کا اخراج کرتا اور
آتشک کو نافع ہے اندرائن کا چار او دو حصے تین حصے پانی میں جوش دیں جب تیسرا حصہ رہے چھانکے شکر سفید برابر
ملا کے قوام کریں خوراک دو درم سے بیس درم تک نسخہ منضج شیرہ برگ شاہترہ دو درم - بادیان ڈیڑھ درم گلقند
دو تولہ ملا کے پییں چوتھے روز حب النیل بریان کوٹ چھان کے شکر برابر ملا کے پھانکیں اس طرح تین مسہل لیں
دو مسہل کے درمیان ایک تولہ ریشہ خطمی کا لعاب پیویں پھر حقہ پلائیں آدھا درم شنگرف باریک پیس کے
ایک دام افیون ملا کے قرص بنائیں اور تین روز تک ایک قرص صبح ایک دوپہر ایک شام کو اپلے ترکالو کے پیر کے
کوتوال سے مٹی کے حقہ میں نرقل کے نیچے میں بیٹھیں جب خوب جلیا ہو اوسکو صبح کو بلا دیکھ اوسی حقہ کے اندر ڈالیں
اور تین روز تک برابر ایسا ہی کریں اور اوسی حقہ میں پیا کریں غذا فقط جو کے آٹے کی روٹی بے نمک تین
روز تک پھر چوتھے روز ملائم کھچڑی دو ایک روز کھائیں بعد اوسکے اختیار ہے اور اگر منہ آجاوے کچنال کی چھال
جوش دیکے کلی کریں ایضاً مسہل جو مادہ بلغم اور صفرا کا اخراج بخوبی کرتا ہے صفت پارہ گندھک آملہ سار
ایک ایک درم سہاگہ شیطرج سیاہ مرچ سونٹھہ ہر ایک تین درم جمال گوٹھہ سبزی نکالا ہوا گیارہ درم

باسی پانی مین کھرل کرکے ایک ایک گولی روز کھائین ایضاً گندھک صوفی ہوئی۔ پارہ صاف۔ سہاگہ۔
سونٹھ۔ جمال گوٹہ مدبر برابر کوٹ چھان کے گائے کے دودھ مین کھرل کرکے دو دو رتی کی گولیان بنائین
خوراک ایک گولی گرم پانی کے ساتھ کھائین اور جسقدر گرم پانی پئین گے اوسیقدر دست آوینگے ایضاً مسہل
بید انجیر اس مرض مین بہت مفید ہے روغن آتشک کے واسطے مفید ہے۔ اندرائن کی جڑ آدھ پاؤ جوکوب دو سیر
پانی مین جوش دین جب آدھ سیر رہے ملکے چھانکے آدھ سیر رنڈی کے تیل مین ملاکے نرم آگ پر جوش دین جب پانی
جل کے روغن رہے شیشی مین رکھین اور صبح کو ایک دام گائے کے دودھ مین ملاکے پئین اور مونگ کی کھچڑی کھائین
دو تین روز مین مرض دفع ہوجاتا اور یہ دوا مادہ آتشک دفع کرتی ہے سفوف مجرب کتول کوٹ چھانکے
پہلے روز ایک ماشہ دوسرے روز دو ماشہ علی ہذا القیاس سات روز تک سات ماشہ پھانکین الکیار سے
اور اسہال ہونگے ترشی سے پرہیز کرین ایضاً مدار کی لکڑی کا کوئلہ پیسکے چھان کے برابر شکر ملاکے دو دو دام
گھی ملاکے سات روز تک کھائین غذا قلیہ پھلکا ایضاً تلسی کی سبز پتیان چار دام۔ توتیا سبز ایک دام
پارہ ایک ماشہ کوٹ کے بیر کے برابر گولیان بناکے صبح کو ایک گولی گرم پانی سے کھائین غذا کھچڑی بے نمک
سفوف رسکپور نو ماشہ۔ سیاہ مرچ اکیس عدد کوٹ چھان کے سفوف بناکے سات حصے کرین ایک
حصہ ایک صبح ایک شام بکری یا گائے کے دودھ کے ساتھ پھانکین غذا سات روز تک شیر برنج
نیم کچنال کی چھال مازو چنبیلی کی پتیان اسگند کی پتیون کے جوشاندہ سے کلی کرین بعد اوسکے
کلیا بچہ جوش دیکے کلی کرین ایضاً پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ سیاہ۔ توتیا بریان کوڑی سوختہ
لیمو ... تھوہر کے لوہے کے برتن مین سولہ پہر کھرل کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بناکے ایک گولی
پان مین پندرہ روز تک کھائین اور ایک گولی پیسکے کاغذ پر لگاکے زخم پر لگائین اگر منھ آئے کچنال کی چھال کا
جوش دیکے کلی کرین جوشاندہ آتشک کے واسطے مجرب ہے منھ بھی نہین آتا ہے پرہیز بھی ایسا نہین ہے اگر پرہیز کرین
تو قلیہ اور خشکہ کھائین جلد آتشک کھو دیتا ہے۔ کچنال کی چھال اندرائن کی جڑ ببول کی پھلی چھوٹی
کٹائی مع جڑ اور پتون کے پرانا گڑ ہر ایک آدھ پاؤ تین سیر پانی مین جوش کرین جب تہائی رہے
چھان کے شیشی مین بھر رکھین اور سات خوراک کرین انشاء اللہ تعالی جلد مرض دفع ہوجاتا ہے ایضاً بڑی
کٹائی کی جڑ۔ مدار کی جڑ۔ دھتورے کی جڑ۔ شنگرف مساوی سبکو پیسکے پانچ گولیان بناکر تماکو کیطرح بھر کر ایک گولی
روز پیا کرین اور غذا شیر برنج کھائین حب سیماب پارہ۔ کتھ۔ باوبرنگ۔ اجوائن۔ سیاہ مرچ۔ چھوٹی پیپل

ایک حصہ پرانا گڑ سب دواؤن کے برابر ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کے ایک گولی صبح ایک شام کو پانی
سے کھائین اور بیسن کی روٹی بے نمک کھائین ایضاً پارہ - عاقر قرحا - اجوائن - موچرس ہر ایک چھ ماشہ
بھلاوان سات عدد - تل سیاہ بھلاوین کے ہموزن گڑ سب دواؤن کے برابر ملا کے چودہ گولیان بنا کے
ایک گولی صبح اور ایک شام کو دہی کے ساتھ کھائین ایضاً آتشک اور جوڑون کے درد کیواسطے مفید ہے
پارہ - اجوائن خراسانی بھلاوان ٹوپی نکالا ہوا - لاجوردہ - اسپند ہر ایک تین ماشہ - گڑ دو دام کوٹ چھان کے
جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کے ایک صبح ایک شام حلق مین رکھکے باسی پانی سے اوتارین دانت نہ لگنے پائے
غذا کھچڑی مونگ کی اور دال بے نمک خشکہ اور گیہون کی روٹی ترشی اور بادی سے پرہیز کرین ایضاً دوسے کی
جڑ کی تازی چھال پیس کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کے ایک گولی روز گھی کے ساتھ کھائین ایضاً پارہ
اجوائن دیسی - اجوائن خراسانی - بھلاوان ایک ایک دام - بھنگرہ کے عرق مین کھرل کر کے خشک کر کے
دہی کے برابر گڑ ملا کے ایک ایک ماشہ کی گولیان بنا کے ایک ہفتہ انتہا دو ہفتہ تک ایک گولی روز کھائین
اگر منھ آجائے تو کچنال کی چھال جوش کر کے کلی کرین ایضاً اجوائن کی بھوسی - رائی سیاہ مرچ ایک ایک دام
کوٹ چھان کے پانی مین تر کر کے ریٹھے کے برابر گولیان بنا کے کھائین ایضاً آتشک اور جوڑون کے درد
کے واسطے بہت مفید ہے - شنگرف - افیون - پارہ ہر واحد دو دو دانگ - اجوائن خراسانی پرانا گڑ پانچ پانچ
دانگ - بھلاوان ٹوپی دور کیا ہوا سات دانگ پارہ اور شنگرف ادرک کے عرق مین باہم کھرل کر کے اور سب
دوائین کوٹ چھان کے ملا کے ادرک کے عرق مین تین پہر کھرل کرین اور سات گولیان بنائین ایک گولی
نہار منھ باسی پانی سے کھائین ایضاً پارہ کتھا ایک بہلولی - پارہ چار ماشہ - پرانا گڑ تین بہلولی پیس کے
سات گولیان بنا کے ایک گولی روز کھائین ایضاً پارہ گندھک - ہڑتال - سہاگہ ایک ایک درم سیاہ مرچ
دو درم کوٹ چھان کے لیمون کے عرق مین ملا کے گولیان بنائین خوراک ایک گولی صبح ایک شام کھائین
ایضاً پارہ - اجوائن - موصلی سیاہ ہر ایک دو دام بھلاوان ایک درم گڑ پرانا سو درم گیارہ گولیان بنا کے
ایک گولی روز صبح کو دہی کے ساتھ کھائین حب آبلہ فشک آتشک کو دفع کرے بعد تنقیہ و قبل تنقیہ کے بھی
کھانا مفید ہے ص ہلیلہ سیاہ ایک تولہ - طباشیر چھ ماشہ نیلا تھوتھا تین ماشہ پارہ آدھا آب لیمون مین کھرل کر کے
بقدر کنار دشتی کے گولیان بناوین اور ایک ایک صبح و شام کھائین اور ترشی سے پرہیز کرین ایضاً
سیماب - اجوائن خراسانی - کتھہ سفید آٹھ آٹھ ماشہ - لونگ آٹھ عدد پانی مین کھرل کر کے گولی جنگلی بیر

کے برابر بناوین اور ایک صبح و ایک شام دہی کے پانی کے ساتھ کھاوین اور دال مونگ و گڑ و دہی و دودھ سے
پرہیز کرین ایضاً واسطے دفع آتشک کے واسطے مجرب ہے نسخہ ہلیلہ سیاہ خرد چھ تولہ نیلا تھوتھا مردار سنگ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ
سفوف کرکے ظرف آہنی مین دستہ چوب نیب سے جسمین ایک پیسہ تانبے کا جڑا ہو عرق لیمون کاغذی
صاف ڈال کے اسقدر رگڑین کہ سوا سیر عرق جذب ہوجاوے اوسکے بعد کشتہ قلعی کا چار ماشہ مخلوط کرکے
رگڑین اور بقدر نخود کلان کے گولیان بناوین سات روز ہم صبح کو ایک ایک گولی قدرے عرق لیمون کے
ساتھ نگل لین مطبوخ کہ واسطے دفع آتشک کے مجرب مفید ہے نسخہ پوست درخت نیب ۔ پوست درخت
کچنال ۔ بیخ حنظل ۔ منڈی ۔ بیخ وچوب کٹائی خرد ۔ قند سیاہ کہنہ ایک ایک چھٹانک تین سیر پانی مین جوش
کرین جب چہارم حصہ رہے چھان کے ایک شیشے مین رکھین اور بقدر برداشت طبیعت کے پیا کرین مرہم
انزروت ۔ مصطگی ۔ رال ۔ موم ۔ سہاگہ دو حصہ ۔ پارہ صاف ایک حصہ گاے کے دھوے ہوے گھی مین مرہم بناکے لگاوین
مرہم مجرب کہ ایک وزن ملاوین اور آتشک کے زخمون کو خشک کرتا ہے نسخہ گردہ چوب چینی کا دو ماشہ
شنگرف نو ماشہ ۔ توتیا دھویا ہوا ایک تولہ ۔ خاکستر پارچہ گزی جسمین پارہ بدفعات چھان کے سیاہ کیا ہو تین ماشہ
زردی تخم مرغ جسکو چوکھل مین بریان کیا ہو دو عدد ۔ روغن گاو اسقدر کہ مرہم ہوجاوے سب باہم ملاکے
کھرل کرین **ایضاً** مرہم دفع آتشک نسخہ زنگار ۔ سیماب ایک ایک تولہ ۔ کندر ۔ ایلوہ چھ چھ ماشہ
روغن گاو چھ تولہ مین کھرل کرکے مرہم بناوین بخور آتشک کے واسطے مفید ہے نسخہ سونٹھ آدھا درم تخم حرف ایک درم
عاقرقرحا ۔ پوست بیخ سنبھالو ہر واحد ڈھائی درم ۔ سدا بہار کی جڑ کا گودا نو درم باریک پیسکے آٹھ ٹکیان بناکے ایک
ہنڈیا مین دو سیر پانی اور ایک ٹکیا چھوڑے اوسکے منہ پر ایک سوراخ اور سرپوش آٹے سے بند کرکے
بیر کی لکڑی کی آنچ دین جب دھوان چلنے لگے ایک چادر یا کمبل اوڑھ کے نرقل سے نیچے دھوان مثل
حقہ کے پیین اگر پسینہ زیادہ آوے اندر ہی پونچھ لین بدن کھولین نہین اور اسی طرح اوڑھ لپیٹ کے سو رہین
سات دن تک ایسا ہی کرین اگر منہ آجاوے تو کچنال کے چھال کی کلی کرین اور نمک نکھاوین غذا دہی چاول
بہت خفیف شیرین بخور آتشک کو مفید ہے شنگرف ۔ مازو ۔ عاقرقرحا ۔ اسگند ناگوری ۔ موصلی سیاہ
موصلی سفید ۔ گوکھرو خرد مساوی سفوف کرکے آتش کنار صحرائی پر ڈال کے تمام بدن پر بخور کرین اور ہر روز
بدفعات اسی طرح کرنے سے ایک ہفتہ مین آتشک زائل کرتا ہے **ایضاً** عاقرقرحا ۔ مازو ۔ شنگرف ۔ سہاگہ خام ۔
ہر ایک پانچ پانچ ماشہ کوٹ کے پانی مین ملاکے چار حصہ کرکے چار دفعہ بتفاریق تمام شب مین حقہ پر رکھکے

مثل تماکو کے پیوین اور تمام شب بیدار رہین صبح کو غسل آب سرد کرکے شوربا مرغ اور نان گندم کہا کے سو رہین اِمین اکثر گرمی بہت معلوم ہوتی ہے اور اکثر قے اور اسہال بھی ہوتے ہین لیکن ایک ہی بار مین قرحے تک خشک ہو جاتی ہین ایضاً توتیا ی سبز بریان ۔ پوست ہلیلہ کلان ۔ پوست ہلیلہ سیاہ ہر واحد ایک ایک جزء خرمہرہ زرد چار جزء لیمون کے عرق مین تین روز کھرل کرکے بقدر نخود کے گولیان بنا کے ایک گولی ہر روز کہائین اور کسی چیز سے چندان پرہیز نکرین حب ہرہم روغن کنجد سفید مین برگ نیم کوفتہ پکا کے روغن چھان کے موم زرد گداخت کرکے سفوف سنگریزہ سنگجراحت کات سفید سپاری سوختہ ملا کے مرہم بنا کے لگانا قرحے کو خشک کرتا ہے فائدہ اس مرض مین اگر منہ آتا ہے ۔ برگ چنبیلی اور پوست درخت کچنال جوش کرکے مضمضہ کرنے سے دفع ہوتا ہے نقوع دو عدد بنڈال آدھ پاو پانی مین بھگو کے صبح چھان کے پیوین ایضاً کو انچ کی تی دس درم پانی مین پیسکے سات روز تک نہار منہ پیوین ایضاً سرس کی چھال ۔ ببول کی چھال ۔ نیب کی چھال ہر ایک سوا سیر چھ سیر پانی مین جوش دیکے جب ایک سیر رہجائے چھانکے شیشے مین کھین سرکہ نہار منہ آدھ پاو غذا بیسنی روٹی بے نمک ایضاً گلروندہ کی پتیان پانچ درم سیاہ مرچ ایک درم پیس کے پیوین غذا بے نمک ایضاً شنجرف ۔ توتیا ۔ ہر ایک اڑھائی دام ۔ برنگ کابلی پانچ ماشہ ۔ مداکے جڑ کی چھال دس ماشہ اور اگر مقوی مزاج ہو بیس ماشہ کوٹ پیس کے قرص بنائین اور بے پانی کے حقے مین بھرکے تماکو کی طرح پیکے دھوان اوسکا تھم پر چھوڑین اور گل اوسکا شل راکھ کے تھوک ملا کے زخم پر لگائین ایضاً ماقرقرحا ۔ نیب کا گوند ۔ شنجرف ۔ مازو ۔ سہاگہ ایک ایک دام جوکوب کرکے سات پڑیان بنائین ایک پڑیا چلم مین بھرکے پیوین اگر قے آے تو کچھ مضائقہ نہین دن مین تین مرتبہ پیا کرین ۔ غذا حلوا اگر منہ آئے چنبیلی کی پتیان جوش کرکے کلی کرین ایضاً شنجرف ۔ پھٹکری ۔ اسبند ۔ اجوائن ایک ایک ٹانک کوٹ کے آدھا آدھا ٹانک کی آگ سے تماکو کی طرح بھر کے پیوین مکان بند رہے ہوا خارجی بدن کو نہ لگنے پاوے غذا بیسنی روٹی خشک بے نمک ۔


خاتمہ بعض مطالب ضروری کے بیان مین اور یہ شامل اوپر دو فصلون کے ہے

پہلی فصل اون امور ضروری کے بیان مین جو مریضون کے علاج اور پرہیز سے متعلق ہین اور جنکا مریضون کو اچھی طرح خیال رکھنا چاہیے ورنہ اپنی غفلت سے پشیمان اور صحت سے مایوس ہونگے ۔ صحت موجودہ کا حفظ اور صحت زائلہ کا استرداد یعنے جو قوت اور تندرستی کہ موجود ہو

اوسے بدپرہیزی سے ضائع و برباد نکرین اور جو قوت اور صحت بے اعتدالی کے سبب سے برباد و ضائع
ہوگئی ہو اوسکو پرہیز اور علاج سے حاصل کرلین اس غرض کیواسطے جو پرہیز اور تدبیرین عندالموقع
مذکور ہین اوسکی پابندی بھی مقدم اور ضرور ہے یاد رکھین کہ ضعیف مریض کی ایکبار کی بدپرہیزی ایک
سال کی قوت زائل کردیتی ہے ایک بڑے طبیب تجربہ کار کا قول ہے کہ مریض کو ایک حصہ علاج اور سو حصہ پرہیز
کرنا چاہیے علاج مریضون کا دو طرح پر ہے ایک دوا اور غذا دوسرے پرہیز یعنے جو اسباب قوت کے ہین اونسے
قوت پہونچانا اور جو امر مضر ہین اونسے محفوظ رکھنا مثلاً نقصان باہ مین دل اور دماغ اور جگر کو دوا اور
غذا سے قوت پہونچائین اور تا حصول قوت وصل و قربت سے پرہیز کرائین حسین اور نوجوانون کی
صحبت رکھین اور حیوانون کی جفتی وغیرہ کو دکھلائین اور جن امور سے دل کو وحشت اور نفرت ہو
اونکو دفع کرین جیسا کہ اوپر مذکور ہوا ہے استرخا و خضخضہ والے مریض کو تنہا نہ چھوڑین اور نہ خالی
مکان مین رہنے دین جب استرخی یا خضخضہ والے مریض کے اعضاے تناسل مین تجھنے یا جوکین لگائین
اور جو مواد فاسد اوس مین سے خارج ہو وہ دوسری جگہ نہ لگنے پائے ورنہ اوس سے چھوٹے چھوٹے آبلہ
پڑینگے اور رفتہ پیدا کرینگے اور ہلین ڈولین نہین ورنہ زخم پھٹ جائیگا تکلیف برداشت کرکے تسکین سے رہین
اور ایسے مریض کو تا حصول صحت قربت بمنزلہ سم کے ہے مردون کو بازاری اور فاحشہ عورتون کی
قربت سے بھی احتراز ضرور ہے کہ اونکی صحبت و قربت بیشک طرح طرح کی آفت و مضرت کا باعث ہے
جو امور آداب صحبت مین مذکور ہین یا عندالموقع جو بعض نسخے لکھے گئے ہین وہ صرف آگاہی پر حفظ خاص و عام
کیواسطے مرقوم ہین کچھ یہ غرض نہین کہ لوگ اوسکے پابند ہون امساک کی دواؤن کا زیادہ استعمال
انسان کو اولاد سے محروم قوت کو ساقط صحت کو زائل اور رفتہ رفتہ منی کم اور شہوت کم کرتا ہے اور
ریگ اور سنگ گردہ یا ریگ و سنگ مثانہ یا سوزاک یا جریان کا باعث بھی ہوتا ہے اسی طرح عورتون کو حابسات
اور مجففات اور مضیقات کی دواؤن کا زیادہ استعمال مضر ہے معمولی طریقہ کے سوا مختلف آسنون سے
صحبت یا اختلاف وضع حمل اور اغلام وغیرہ کے ضرر اور خلاف اصول صحت اور صحبت کی بخوبی جوان تندرست
صحیح المزاج آدمی کو ہر صحبت مین تین شانہ روز فصل چاہیے اگر کسی شخص سے ضبط نہو سکے تو جب دماغ و
نظر اور قوت مین ضعف محسوس ہو یا سر مین دھمک یا بدن مین لرزہ یا گرمی معلوم ہو یا کوئی امر علامات
صحت کے خلاف ظاہر ہو تو ترک کرے استقاط کے نسخون کا استعمال بمجبوری اوس وقت مین

چاہیے کہ کوئی طبیب یا ڈاکٹر میسر آئے اور حاملہ کے پیٹ مین لڑکا مرجاوے علامت اوسکی یہ ہے کہ درد
موقوف یا بہت ہی خفیف ہو اور ہاتھ پیر سرد اور الجھن اور بےچینی زیادہ اور جنین کا پھرنا موقوف ہوجاوے
اوس وقت مین جان بچانے کے واسطے اگر ان دواؤن کا استعمال ہو تو کوئی حرج نہین ہے ۱۲ آتشک کے
مریض کو زیادہ پرہیز کرنا چاہیے کیونکہ یہ مرض بدترین امراض ہے اور اکثر مہلک عارضے اسی مرض کے
سبب سے لاحق ہوجاتے ہین اور دوا بھی بہت سمجھ بوجھ کے کھانا چاہیے اور ان اصول پر بھی ضرور
لحاظ کرنا چاہیے اول جس دوا مین پارہ پڑا ہو اوسکا بہت کم استعمال ہو کہ باعث فساد خون اور وجع
مفاصل ہے اور ایسی دوا کو دانتون سے بھی چبانا نچاہیے کہ درد کرتے اور گر جاتے ہین پارہ اگرچہ نہایت
مقوی اور عمدہ علاج ہے مگر استعمال سے اوسکے بعد چندے اعضا مین درد پیدا ہوتا ہے اگرچہ کیسا ہی
قلیل المقدار ہو اور کشتہ پارے کا خون مین فساد پیدا کرتا ہی دوم اگر پارہ کا استعمال ہو تو صاف کیا جاے
اور صاف پارہ چمکدار سفید مثل چاندی کے ہوجاتا ہے اور پھر سیاہی نہین مارتا نہ ٹھیکری کے رگڑے سے
سیاہی دیتا ہے اور صاف کرنیکی ترکیب یہ ہے کہ پرانی اینٹ سرمہ سا کرکے کپڑے مین چھان کے پارہ کو چینی کے
ظرف مین رکھکے ایک چٹکی وہی خاک اوسپر چھڑک کے اونگلی سے خوب رگڑین سیاہی پارہ کی چھوٹکے
جملہ اوس صاف ہوتا جاتا ہے جب سیاہی بالکل نہ چھوڑے تو جانو کہ وہ پارہ صاف ہوگیا اسی طرح
تلسی کے عرق مین پارہ کھرل کرنے سے صاف ہوجاتا ہے اور نقصان نہین کرتا سوم گندک کو بغیر دھوئے
استعمال نکرین اور اوسکے دھونیکی ترکیب یہ ہے کہ گندک کو جوکوب کرکے چینی کے ظرف مین لیکر اوپر سے
سرد پانی بھردین اور چار گھڑی کے بعد آہستہ آہستہ وہ پانی نکالڈالین اس ترکیب سے ایک شبانہ روز
مین صاف اور سرد ہوجاتی ہے چہارم خام لاکھ بھی بغیر دھوئے ہوئے استعمال نکرین اوسمین جو مادہ
جو لاکھ کا رنگ ہے سم ہوتا ہے اور وہ چار یا پانچ پانی سے آہستہ آہستہ ملکے دھونے سے نکل جاتا ہے اسی
سبب سے جہان کہین نسخہ مین لاکھ لکھی ہے وہ چپڑا لاکھی ہے کہ دھوکے صاف کرکے بنائی جاتی ہے
اسی طرح شنجرف بھی دھویا جاتا ہے پنجم پارہ یا رسکپور بغیر اصلاح کے چھوٹین [illegible] کے عرق مین کھرل کرنے سے
اوسکی اصلاح ہوجاتی ہے **دوسری فصل** کشید عرق و طلا وغیرہ کے بیان مین عرق کشید کرنے مین [illegible]
کا لحاظ رکھنا چاہیے عرق کا رنگ مثل پانی کے صاف اور خوشبو [illegible]
کی یا جلی ہوئی بو نہ آنے پائے اگر جلی ہوئی یا دھوین کی بو آئے [illegible]


عرق جل کے خراب ہوگیا اور رنگ آئے تو سمجھو کہ پانی زیادہ ہونے کے سبب سے دوا اوبل گئی
آنچ دیگچی کے نیچے نہ بہت تیز ہو نہ بہت کم آہستہ آہستہ ہو جس دوا مین پھول یا پتیان ہون
وہ صرف ایک شب اور جسمین جڑین اور تخم ہو وہ ایک شبانہ روز تر کی جائین اور جو دوا ہلکی
مثل گاوزبان یا خاکسی وغیرہ کے ہو اوسکی پوٹلی باندھ کے چھوڑی جائے ورنہ دوا بخارات
کے ساتھ کھنچ کے قرع انبیق یا نیچے مین بھر جائیگی اور عرق نکلنا موقوف یا کم ہوجائے گا
کھینچا ہوا عرق ایک شبانہ روز کھلا رکھا رہے تب شیشے یا قرابہ مین بھرا جائے اور قرابہ یا شیشہ
تھوڑا ضرور خالی رہے لبالب نکر دیا جائے اور کم سے کم ایک ہفتہ کے بعد اوس عرق کا استعمال ہو
الف۔ قرع انبیق اس آلہ کی صورت ذیل مین درج ہے اسکے دیگچی کے اندر نصف دوا
اور پانی بھرتے ہین اور نصف خالی رکھتے ہین اور تین چار ہلکی کوڑیان بھی چھوڑ دیتے ہین
کہ جبتک پانی رہتا ہے وہ کھٹ کھٹ بولتی ہین پھر اوپر سے سرپوش ڈھک کے چکنی مٹی
یا آٹے یا کپڑے سے اوسے خوب وصل کرتے ہین کہ سانس نہ رہے سکے اوسکے سرپوش
مین دو ٹونٹیان ہوتی ہین ایک کا سوراخ اندر کیطرف جسمین سے عرق آتا ہے دوسرا باہر کی
طرف جسمین ڈھکنے کا گرم پانی نکالا جاتا ہے دیگچہ چولھے پر چڑھا کے دوسری ٹونٹی جو ڈھکنے کا
پانی نکالتی ہے بند کرکے ڈھکنے مین سرد پانی بھر دیتے ہین اور دیگچی کے نیچے دھیمی آنچ
کرتے ہین پس جسقدر بخارات بلند ہوکے دیگچی کے سرپوش تک آتے ہین وہ
اوپر کے سرد پانی کے سبب سے بخار ہوکے کھلی ٹونٹی سے مقطر ہوتے ہین اوس ٹونٹی
کے نیچے ایک ظرف عرق ٹپکنے کے واسطے ایک ظرف رکھدیتے ہین اوسمین عرق ٹپکتا ہے
اگر اوس مقطر عرق کا خوشبودار کرنا منظور ہوتا ہے تو خوشبو ایک پوٹلی مین باندھ کے
اوس ٹونٹی مین اس طرح لٹکاتے ہین کہ عرق ٹپک کے پوٹلی پر سے گرتا ہے اور ظرف مین
جمع ہوتا ہے دیکھو شکل پہلی اسمین **شکل الف** دیگچہ نصف دوا سے بھرا ہوا ہے اور ب
ڈھکنہ اوسپر آٹے سے خوب وصل ہے اور ج ٹونٹی ڈھکنہ کا پانی خالی کرتی ہے
د کھلی ٹونٹی سے دیگ مین سے عرق ٹپکتا ہے اور س پوٹلی خوشبودار دوا کی
اور ف ظرف جسمین عرق آکے جمع ہوتا ہے




صورت اوسکی یہ ہے

شکل ب دیگ بھپکا یہ

عرق کے کشید کا دوسرا آلہ ہے
ایک بیز کونڈے کی پشت پر
سوراخ کرکے اوسی دیگ پہ
ڈھانپتی ہین پھر اوس سوراخ مین
نیچہ وصل کرتے ہین اور دیگ کے
مقابل ایک گھڑے کے محاذی
نیچے کا مونھ رکھتے ہین اور گھڑی کا
مونھ کھلا رکھتے ہین یا نیچہ کو گھڑی کا
مونھ مین وصل کرکے گھڑی کا مونھ بھی بند کردیتے ہین اور اوس گھڑی کو ایک ناندہ مین سرد پانی بھر کے
رکھتے ہین اور گرم ہونیکے بعد ناندہ کا پانی بدلتے جاتے ہین یہ نیچہ قرع انبیق کی اوس ٹونٹی کے مثل ہوتا ہے
جسمیں سے عرق آتا ہے اور قرع انبیق کے ڈھکنے کی پشت مین سوراخ کرکے اوسمین نیچہ وصل کرکے کشید کرتے ہین
اور اسیطرح قرع انبیق کی ٹونٹی مین خوشبودار پوٹلی لٹکاتے اوسیطرح نیچہ مین بھی خوشبودار پوٹلی باندھتے ہین
اور یہ کام مثل قرع انبیق کے ہوتا ہے دیکھو شکل
دوسری صورت اوسکی یہ ہے




الف دیگ کے منہ پر ب کونڈا جسمین ط سوراخ ہین د نیچہ وصل ہے اور د نیچہ کا دوسرا سرا
حی مصاحب برف کھری مین وصل ہے اور ہ خوشبو کی اوسکے اندر لٹکتی ہے اور ق ناند کے
سرد پانی مین گھرا رکھا ہوا ہے جسمین عرق آتا ہے شکل چہارم ایک دیگچہ کے اندر ایک چینی کا پیالہ
رکھکے پھر دیگچہ کے منہ پر ایک دبیز کپڑا باندھ کے کپڑے پر پھول یا پتیان یا گوشت مصالح اور
نمک مرچ وغیرہ ملا ہوا یا جس چیز کا عرق لینا ہو برابر چن دیتے ہین اور اوسکے اوپر طباق
اونٹا رکھکے آٹے یا چکنی مٹی سے وصل کرکے طباق کی پشت پر کولون کی خفیف آنچ
کرتے ہین اور ایک ناند مین ٹھنڈا پانی بھرکے دیگچہ اوسکے اندر رکھ دیتے ہین جسقدر
عرق پیالے مین آتا ہے پھر خفیف آنچ پر رکھنے سے پھاڑکے چھان کے استعمال کرتے ہین
اس ترکیب سے عرق نہایت عمدہ قوی اور عمدہ نکلتا ہے۔ دیکھو شکل تیسری الف




پانی سے بھری ہوئی ناند رکھی ہے
اوسمین ایک ج پتیلی رکھی ہے اور
پتیلی کے اندر د ایک پیالہ رکھا ہے
اور منہ پہ پتیلی کے دبیز کپڑا بندھا ہے
اوسپر اجزا رکھے ہین اور اوپر سے
و طباق وصل کیا گیا ہے
اور طباق کی پشت پر کولون کی
ہلکی آگ ہے اس ترکیب سے
اجزا کا خالص عرق د پیالہ مین جمع
ہوتا ہے۔ اسی طرح کبھی ایک مٹی کے کٹورے یا چینی کے پیالے کے منہ پر ایک کاغذ
وصل کرکے اوسپر دوا باریک پھیلاتے ہین اور اولٹا طباق یا توا اوس دوا پر رکھتے ہین
پھر طباق یا توے مین کولون کی خفیف آگ رکھتے ہین تو روغن اوس دوا کا پیالے یا کٹورے
مین جمع ہوتا ہے تیل ٹپکانے کی ترکیب شکل د ایک بتی مین دوا بھرکے بتی بناتے ہین پھر اوسے
ایک تار کے حلقہ کے اندر کسکے جلاکے اور بتی کے نیچے ایک پیالہ رکھتے ہین اوسی پیالہ مین

بتی سے روغن ٹپکتا ہے اور کبھی اسی تار کے حلقہ مین سوس یا سانپ یا کسی اور جانور کو باندھ کے اوسکے نیچے ایک پیالے یا کڑاہی مین تیل بھر کے گرم کرتے ہین اور چمچی سے اوسپر گرم تیل چھوڑتے جاتے ہین یا اوسے گرم تیل مین اوسکو غوطہ دیتے ہین دیکھو شکل پہلی اور دوسری مین بھی ترکیبین ہین



اور اگر ایسے کے روغن کے اوپر کی کوئی چیز لینا ہوتی ہے تو اوس کو چمچے مین س نشان سے لا مظروف مین لیتے ہین دوا اوڑانے کی ترکیب شکل ایک پھول کی تھالی مین دوا رکھکے اوسپر پھول کا کٹورہ اوندھا کے چکنی مٹی سے چارطرف کٹورے کو بند کرکے پشت پر بھی مٹی لیس دیتے ہین پھر اوس تھالی کو چار اینٹون پر رکھ کے تھالی کے نیچے دوا کے مقابل چراغ جلا دیتے ہین اور کٹورے کی پشت پر ایک کپڑا پانی مین تر کرکے رکھ دیتے ہین جسقدر دوا کٹورے مین آجاتی ہے وہی متصاعد ہوتی ہے لوبان اور کافور وغیرہ اسی ترکیب سے متصاعد ہوتا ہے دیکھو شکل اوسکی ذیل مین ہے




الف تھالی کے اندر ج مقام پر دوا رکھ کے اوپر سے ب کٹورہ وصل ہے اور ب کی پشت پر ص
مقام پر کپڑا تر رکھا ہے س جگہ پر دوا متصاعد ہو کے جمتی ہے اور ط چراغ تھالی کے نیچے جلتا ہے
شکل ص ایک پیالے کے منھ پر کپڑا یا کاغذ لپیٹ کے اوسپر باریک دوا رکھ کے اوپر سے
طباق یا توا اولٹا پشت کی طرف سے رکھ کے توے کے اندر بہت خفیف آنچ کو آنے کی




دیتے ہین اور جسقدر دوا پیالے کے اندر آتی ہے
اوسے لیکے استعمال کرتے ہین دیکھو شکل اوسکی یہ ہے
الف ایک طباق ہے جسکے اوپر آگ جلتی ہے
اور اوسکی پشت یعنے ب دوا سے ملی ہے
اور وہ دوا ج کاغذ پر رکھی ہے اور ج کاغذ
س پیالے کے منھ پر بندھا ہے اور پیالہ کے اندر
ط جگہ پر عرق جمع ہوتا ہے شکل ع ایک صراحی مین دوا رکھ کے اوسکا منھ دوسری بوتل کے شکم
مین سوراخ کر کے اوس سے مستحکم وصل کر کے اوس بوتل کے منھ کے مقابل ایک پیالہ رکھتے ہین اور
پھر صراحی کے نیچے موافق مقدار کے آنچ کرتے ہین جسقدر عرق پیالہ مین آتا ہے وہی استعمال
کیا جاتا ہے شکل اوسکی ذیل مین ہے ......




شکل ف ایک گھڑی کا منھ خوب گھس کے
اوسکے اندر دوا بھر کے دوسرے گھڑے کا بھی
منھ گھس کے پہلے گھڑے کے منھ سے وصل
کرتے ہین پھر دوسرے گھڑے کے پیٹ مین
سوراخ کر کے اوسکے مقابل پیالہ رکھتے ہین
اور پہلے گھڑے کے پیٹ مین خفیف آنچ
مقدار سے کرتے ہین جسقدر روغن پیالہ مین
ٹپکے وہ استعمال کیا جاتا ہے صورت
اوسکی یہ ہے ......





شکل ق ایک گھڑی مین دوا بھر کے اوسکا منھ بند کرکے پینڈی مین سوراخ کرکے ایک بڑے گڈھے کے اندر ایک چھوٹا گڈھا کھود کے چھوٹے گڈھے مین ایک پیالہ رکھ کے اوسکے اوپر گھڑا جسل کرکے بڑے گڈھے مین پاس احتیاط سے گچ پیٹ کی آنچ دین کہ خاک ہوجائے اور آگ وغیرہ پیالے والے گڈھے مین نہ گرنے پائے شکل اوسکی ذیل مین ہے۔




باقی اور آلات کی صرف صورتین بتاتے ہین شائقین اوسکی شکل سے سمجھ لین۔
















ترکیب نکالنے جوہر ادویہ کی اول دو ہانڈیان گلی برابر کی لین اور دونون کے منہ گھسکے برابر کرلین تاکہ خوب وصل ہو جاوین بعد اوسکے ایک ہانڈی نیچے رکھکے اوسمین پہلے گیرو یا ملتانی مٹی بقدر نصف آنچ کے بچھا کے اوسپر وہ ادویہ جسکا جوہر اوڑانا منظور ہو آہستہ سے رکھدین اس طرح سے کہ دوا گیرو مین مخلوط ہونے پاوے اور اوسپر دوسری ہانڈی منہ کے بل رکھکے دونون ہانڈیون کے منہ سن سے مضبوط باندھکے گل حکمت کردین بعد اسکے شبانہ روز دھیمی دھیمی آنچ نیچے والی ہانڈی کو دیتے رہین آٹھ پہر بعد آنچ موقوف کردین جب ہانڈیان سرد ہو جاوین تو اوپر والی ہانڈی کو آہستہ سے کھولین اور جسقدر جوہر جمع ہوا ہو وسے صاف برتن مین جھاڑ لین اگر سنگ یا تیز دوا کا جوہر اوڑانا منظور ہو تو گیرو یا ملتانی مٹی کا ضامن نہین اگر کسی تیز دوا کا مثل شورہ وغیرہ کے جوہر لینا منظور ہو تو بجاے مٹی کی ہانڈی کے تانبے کی قلعی دار پتیلی مین اوڑاوین ورنہ دوا کے زور سے ہانڈی ٹوٹ جاوے گی صورت یہ ہے۔



ترکیب نکالنے روغن ادویہ کی اول انگیٹھی مین سوراخ بقدر منہ آتشی شیشی کے کرین اوسکے بعد ادویہ کی گولیان بناکے شیشی مین بھردین اور شیشی کے منہ مین پیچدار تار لگا کے اسقدر منہ شیشی کا بند کردین کہ دوا نہ گرے اور تیل ٹپک آوے پھر انگیٹھی مین دھان کی بھوسی بھرکے آگ دیدین اگر دھان کی بھوسی نملے تو بنوا کنڈے یا مثل اسکے دوسری شے سے آگ دین مگر زائد تیز آنچ نہو ورنہ دوا جلکے روغن خراب ہو جاوے گا صورت یہ ہے۔





ایضاً دو شیشیان آتشی جنکے منہ برابر کے ہون لاکے بقدر طول ہر دو شیشی کے زمین کھودین اور نیچے والی شیشی کو خالی رکھکے زمین مین دفن کردین اور اوپر والی شیشی مین دوا کی گولیان بناکے بھردین اور دوا والی شیشی کو خالی شیشی پر منہ سے منہ ملاکے



رکھکے گل حکمت کریں اور اوپر والی شیشی کے گرداگرد
بنوا کنڈے کی آگ روشن کریں صورت یہ ہے۔


ایضاً مٹی کی ہانڈی یا قلعی دار تانبے کی پتیلی کے پیندے
مین پہلے چھید کرکے بیچ مین دوسرا ظرف جسکا منھ چھوٹا ہو دوا یا جس جانور کا روغن کشید کرنا منظور ہو
اوسے مسلم یا ٹکڑے ٹکڑے کرکے اوس ظرف مین رکھکے
ظرف مذکور کو بیچ ہانڈی مین اس طرح سے رکھدین
کہ ہانڈی کے چھید سے کچھ اونچا رہے اور ہانڈی کے منھ پر
کوئی برتن جس سے منھ ہانڈی کا بالکل بند ہو جاوے
رکھکے گل حکمت کریں بعد اوسکے اوپر والے برتن پر
پیالہ آگ روشن کریں اور ہانڈی کے پیندے مین جو چھید
کیا ہے اوسمین چھید دار تار کا ایک سرا لگا کے اسی پیالہ مین
دوسرا سرا تار کا اوتار دین تو بہت آسانی سے روغن






کشید ہو آوے گا صورت اوسکی یہ ہے۔

ترکیب نکالنے رس کی جس آلہ کا نقشہ نیچے ذیل ہے یہ اکثر لوہے کا ہوتا ہے اول دوا کو گرد و غبار
سے پاک صاف کرکے تھوڑی نمی پانی یا کسی عرق کی
دیکے موٹے اور مضبوط کپڑے کی تھیلیوں مین بھرکے
منھ تھیلیوں کا سی دین اور دونون بیلنون کے
بیچ مین دیکے چرخی کو گھمادین مگر تھیلیون مین دوا
زیادہ نہ بھرین تھیلی کا کپڑا ڈھیلا رہے ورنہ دب کے
تھیلی پھٹ جاوے گی صورت یہ ہے



ترکیب نکالنے تیل کی اگر روغن دار ادویہ کا
تیل مثل تل یا بادام وغیرہ کے نکالنا منظور ہو
اور وزن بھی زیادہ ہو تو کولھو کے ذریعے سے تیل اوسکا نکلوالین صورت

اوسکی یہ ہے



ایضاً اگر دوا کی مقدار کم ہو تو اول دوا کو ہاون دستہ مین خوب باریک کوٹ کے پتھر کے سل پر پیس لین بعد اوسکے کسی قلعی دار برتن مین مثل تشتری کے رکھ کے دھیمی آگ پر رکھین جب دوا گرم ہو جاوے تو تشتری کو ایک جانب جھکا کے دوسری [illegible]

دوا کو کسی پتھر کے ذریعے سے دبا مین جسقدر روغن نکلے اوسے [illegible] [illegible]

مصری کے ضامن دینے سے تیل [illegible]

خاتمہ مین

شائقین سے یہ بھی عرض کر دینا ضرور ہے کہ عمدہ طلا بعد تیاری نہایت ہی خفیف [illegible] اور آنچ اسقدر خفیف ہو کہ پہلا قطرہ [illegible] گھنٹہ کے بعد [illegible] آنچ [illegible] اکثر دھان کی بھوسی کی آنچ عمدہ ہوتی [illegible] بہت دیر مین سلگتی ہے [illegible] آگ کی مہک رہتی ہے یا اور کوئی برادہ [illegible] دھان کی بھوسی [illegible] جب [illegible] ذرا تیز دیتے ہین تو شیشہ بالو کے حجاب مین رکھتے ہین تا کہ وہ جلنے نپاوے جس طلا مین جلی ہوئی بو نہ آئے اور رنگ اجزا کے جل کے سیاہ و خراب نہو وہی عمدہ [illegible] باقی پکا پس روغن پکانے مین آنچ کی بہت احتیاط کرین اور اچھی طرح خیال رکھین کہ جسے آنچ جس روغن کے واسطے مناسب ہو اوسیقدر خفیف آنچ دیا کرین اب شائقین کی خدمت مین دست بستہ التماس ہے کہ جب اس کتاب کو ملاحظہ فرمائین اور اسکے نسخون سے حظ اور فائدہ حاصل کرین تو مولف اور صاحب فرمایش کو دعا سے محروم نفرمائین

یا الہی خاتمہ با ایمان اور انجام بخیر ہو

اشتہارات

ترجمۂ قانونچہ

اُردو زبان مین قانونچہ کا ترجمہ کراکے طبع کیا گیا اور جسقدر مشکل مقامات تھے اون کی شرح بھی کرادی ہے تاکہ کم استعداد طلباء کے کام آوے قیمت فی جلد ۶ر محصولڈاک ۱ر

زبدۃ الحکمۃ

طب کی کتابون مین یہ رسالہ بھی کم خرچ بالانشین ہے قیمت فی جلد ۱ر محصولڈاک ۰ر

علاج الامراض

اس کتاب میں چار دواء ہون طب سے بحث کی گئی ہے کم استعداد طلباء کے واسطے یہ کتاب بہت ضروری ہے حکیم مرزا محمد مہدی صاحب نے عمدہ طریق سے شیخ کے قانون کا خلاصہ کرکے اس کتاب کو مرتب کیا ہے قیمت فی جلد ۱۲ر محصولڈاک ۲ر

علاج الغربا

مع تحفہ جات و رسالہ اصطلاحات الاطباء و رسالہ قارورہ و رسالہ نبض و رسالہ میزان الادویہ آسان زبان عام فہم میں چھپی ہے یہ کتاب دیہات اور قصبات کے طبیبوں کے واسطے مفید ہے دوسری کتاب ایسی مختصر اور کارآمد نہیں ہے قیمت فی جلد ۱۰ر محصولڈاک ۲ر

تشریحات قطبیہ

اس کتاب کو مطبع نامی نے علم طب کی مبسوط کتابوں سے خلاصہ کرکے مع تصاویر اعضا وغیرہ تالیف کرایا ہے اور ہر ایک اعضا کی تصویر تا امکان ڈاکٹری کتابوں سے بھی تطبیق دے لی ہے قیمت فی جلد ۴ر محصولڈاک ۰ر

خلاصۃ الامراض

یون تو طب کے اردو رسالون مین بہت سے رسالے ہین مگر جیسا مختصر اور مفید رسالہ یہ ہے دوسرا اس درجہ کا دیکھنے میں کم آیا ہے قیمت فی جلد ۲ر محصولڈاک ۰ر

موضح القانون (ترجمہ) موجز القانون

دنیا مین شاید کوئی ایسا ہو جسکو علم طب کا شوق ہوا ہو اور اوسنے کتاب موجز کو یاد سے نہ پڑھا ہو جو صد ہا شرحیں آجتک اس کتاب کی مشہور ہو چکی ہین مگر اسوقت تک ترجمہ اُردو زبان مین نہ ہوا تھا بغرض فوائد عام مطبع نامی نے اس کتاب مفید انتساب کا ترجمہ اُردو زبان مین کراکے طبع کیا ہے قیمت فی جلد ۸ر محصولڈاک ۱ر

(رسالۃ الفصد) (دقائق الحکمۃ) (برء الساعۃ)

انمین اول رسالہ فصد کے بیان مین شیخ الرئیس کے تالیفات سے ہے اور دوسرا رسالہ حکیم ارسطاطالیس کا ہے اور تیسرا رسالہ علامہ محمد بن زکریا رازی کا ہے طبیبوں کے واسطے یہ تینوں رسالے عمدہ مدد دینے والے ہین قیمت فی جلد ہر رسالہ ۱ر محصولڈاک ۰ر

فوائد القطبیہ فی تحقیق اوزان الطبیہ

اس کتاب میں جسقدر اوزان طب کے ہیں وہ ردیف وار لکھ کے ہندوستانی مروجہ اوزان سے بغرض سہولت اطبا مطابق کر دیے ہیں کتاب سیدی قیمتی کاغذ کے ساتھ یہ کتاب بلا قیمت حاضر کیجاتی ہے اور جو صاحب منگا طلب فرمائینگے اونکے واسطے قیمت فی جلد ۲ر محصولڈاک ۰ر

شفاء الاسقام

یہ چھوٹا سا رسالہ طب میں قصباتی طبیبوں کے واسطے بہت اچھا ہے قیمت فی جلد ۱ر محصولڈاک ۰

التماس

یہ جملہ کتب قیمت ارسال ہونے سے یا بذریعہ ویلیو ایبل ارسال ہو سکتی ہیں اور ہر قسم کا کام مطبع میں طبع ہوتا ہے۔ جسکا نرخ خط و کتابت سے دریافت ہوگا۔ فہرست کتب موجودات کتبخانہ تجارتی مطبع نامی و دیگر اشیا کی علیحدہ دفتر میں موجود ہے شائقین کی ...

اعلان

تاجران مسیحا دم و طالبان عالی ہمم کو
مسرت تازہ و بشارت بے اندازہ ہو کہ اس زمان
صحت آوان مین کتاب لاجواب مخزن ادویہاے مجربہ
و قانون نسخہاے ممتحنہ مقبول ہر فرد بشر مطبوع انام تریاق اکبر نام
بتصحیح تمام و تکمیل مالا کلام جناب مصنف صاحب سلمہ و بعد
اندراج حق تالیف و تصنیف و تکمیل حصول اجازت طبع وائمی کے
چھپوائی ہے بڑی کوشش و صرف زر کثیر سے نیت غیر مترقبہ ہاتھ آئی ہے
لہذا کوئی صاحب بلا حصول اجازت راقم بار دگر قصد چھاپنے یا
چھپوانیکا نفرمائین نفع کی امید مین نقصان نہ اوٹھائین۔

العبد

رواحسنا قطب الدین احمد عفا عنہ مالک مطبع نامی لکھنؤ
گذر ذابو تراب خان مکان نمبر (۵۴)
جمادی الثانی سنہ ۱۳۱۲ ھ

تریاق آتشنا اُردو

جس میں

تمام و کمال جلق یعنی ہتلس اور کجی عضو

تناسل کا بیان مع معالجات مرقوم ہے

جسکو

نراین داس جنگلی مل تاجر کتب دہلی بازار دریبہ

کلاں نے بصرف زر کثیر بامحاورہ اُردو ترجمہ کراکے

خاص و عام کے فائدہ کے واسطے

مطبع افتخار دہلی میں منشی محمد ابراہیم کے اہتمام سے چھپوایا

فہرست کتب موجودہ دوکان مخزن الحکمت [illegible] تاجر کتب [illegible] دریبہ کلاں

تجربات بوعلی سینا مترجمہ [illegible] الحاذقین

یہ کتاب ایک ایسا مجموعہ ہے کہ ہر ایک شخص کو جان سے زیادہ عزیز سمجھنا چاہیے جس کو طب میں کمال اور شغف ہو اور حکمت میں اکمل جو خیال میں آ جاتا ہے — یہ وہی مجربات ہے جس کی تعریف میں قلم تاصر و زبان عاجز ہے — یہ وہی مجربات ہے اپنی خوبیوں کے باعث تمام مجربات پر سبقت لے گئی ہے۔ یہ کتاب تین بزموں پر منقسم ہے — پہلی بزم میں ایک ساغر اور چھ جام ہیں — دوسری بزم میں ایک جلوہ اور چھیس آئینے ہیں تیسری بزم میں ایک آسا ایش اور تین تجلیاں تحریر کی گئی ہیں یا خاص شراب کے پینے کے نفع و نقصان — جلوہ میں شہوانی امراض سے جو صحبت ہونے کا تذکرہ ہے اور لذتوں کا کیا بیان کیا بیان کیا جائے کہ اس میں کیا کیا عجیب غریب اور نئی چیزیں اور جاتی ہیں تمام مجربات کو ختم کر دیا ہے — غرض یہ کتاب ہے اس کتاب کی خوبیوں کا اگر بیان کیا جائے تو ایک دفتر ہو جائے صرف اسی پر اکتفا کیا جاتا ہے کہ مجربہ خوشی سے زندگی بسر کرنا اگر منظور ہو تو کوئی کتاب تلاش کرو تو اس کے سوا نہ پاؤ گے باایں ہمہ خوبی قیمت فی جلد صرف [illegible]

